In addition to the May's Parliamentary Practice and the authorities quoted above I have also consulted "Introduction to the Procedure of the House of Commons" (1947 edition) by Campion wherein at page 217 it has been laid down that amendments proposing amendment of the Acts to be continued, or proposing to make them permanent, are out of order.

It is, therefore, clear that in case of an ordinance or a bill which seeks to extend the life of an expiring law only those amendments would be in order which seek to amend the provisions of the continuance bill or ordinance. Khawaja Muhammad Safdar has contended that we have been dabating the entire principles of the basic Acts while discussing the continuance bills or ordinances in the past. I must remark that the discussion of an original Act or ordinance would be in order for the purpose of approving or disapproving the continuance bill or ordinance, but the amendments in the original Act or ordinance would be out of order as they would be beyond the scope of the continuance bill or ordinance. By discussing the principles of the basic law one can make out one's case for the approval or disapproval of the continuance bill, but to allow an amendment in the sections of the original Act which have not been referred to in the continuance bill would be clearly outside the scope of the continuance bill or ordinance.

In view of the above discussion and the authorities cited above, I hold that an amendment sought to be moved in a continuance bill or ordinance in respect of the section of the original Act or the ordinance, which have not been touched by or referred to in the continuauce ordinance would be beyond the scope of the continuance ordinance or the bill. I, therefore, uphold the point of order raised by the Law Minister and hold that the amendment given notice of by Malik Muhammad Akhtar printed at serial No.4, which seeks to introduce a new section in and amend different sections of the original Act of 1947, is out of order.

خواجہ محمد صفدر - جناب سپیکر - میں آپ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے اس مشکل مسئلہ کے متعلق نہایت محنت اور کاوش سے دو چار روز میں بہت سی کتابوں کے مطالعہ کے بعد نتیجہ پر پہنچ کر ایوان میں رولنگ پیش کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ رولنگ لیجسلیٹو اسمبلی کی تاریخ میں ایک land mark ہوگا -

(نعرہ ہائے تحسین)

اگر چہ یہ میرے خلاف گیا ہے لیکن آپ نے جس کوشش محنت کاوش اور جانفشانی سے یہ رولنگ دیا ہے میں اس کے لئے آپکو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Thank you very much.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker Sir, I will also rise and join in the compliments, which have been given by the Leader of the Opposition. It is indeed a remarkable ruling that has been given by this Chair and will remain in the memory of the parliamentary debates for a long time to come in future. I am sure, Sir, all this has happened because of the provocation caused by the Leader of the Opposition and but for his efforts, it would not have been possible for any of us to put in such effort. Therefore, he has also indirectly contributed and I congratulate him too.

مسٹر سپیکر ۔ اس پوائنٹ آف آرڈر کے متعلق وزیر قانون اور قائد حزب اختلاف نے جو دلچسپی لے کر میری امداد فرمائی ہے میں اس کے لئے بے حد مشکور ہوں یہ ان کی امداد کا نتیجہ ہی تھا کہ میں کسی نتیجہ پر پہنچ کر یہ رولنگ دے سکا ہوں ۔

ORDINANCES

THE RAILWAYS (TRANSPORT OF GOODS) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1967 (*Resumption of Discussion*)

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967. First amendment is from Mr. Farooqi. He is not present and the amendment lapses. Next amendment is from Haji Sardar Atta Muhammad. He is not present and this amendment also lapses. Yes Malik Sahib.

ملک محمد اختر (لاہور۔ ۲) جناب سپیکر ۔ میں یہ گذارش کروں گا ۔ کہ چونکہ Railways (Transport of Goods) Act 1947 کے تحت جس کو اس آرڈیننس کی دفعہ ۲ کے ذریعہ extend کیا گیا ہے سنٹرل گورنمنٹ

نے ریلوے افسران کو احکامات جاری کئے ہیں کہ مال کی loading میں priority دیں یا انکار کر دیں ۔ میرا اندازہ ہے کہ ۱۹۴۷ء سے باربار ترامیم آتی رہی ہیں ۔ اب موجودہ ہنگامی حالات میں مرکزی حکومت نے ڈیفنس آف پاکستان رولز کی دفعہ ۱۳۱ کے تحت یہ قانون سازی کی ہے ۔ میں اس رول کو پڑھ دیتا ہوں ۔

"131. General Control of Industry, etc. - (1) In this rule, any reference to "article" shall be construed as including a reference to electrical energy,....."

(2) The Central Government so far as appears to it to be necessary or expedient for securing the defence of Pakistan or the efficient prosecution of war, or for maintaining supplies and services essential to the life of the community, may by order provide—

(a) for regulating or prohibiting the production, treatment, keeping, storage, movement, transport, distribution, disposal, acquisition, use or consumption of articles....."

جناب سپیکر ۔ اور جو قانون بنایا گیا ہے وہ ہے ۔

Essential Commodity Control Ordinance, 1965.

اس کی دفعہ ۱۹ کے تحت جو دیا گیا ہے اس کا Heading یہ ہے ۔

Section 19 of the Essential Commodities Control Order, 1965.

"Restriction on the movement of essential commodities.—No person shall export and transport, or accept for transport any importep essential commodities from East Pakistan to any other part of Pakistan or vice versa.....

vice versa کا مطلب ہے کہ مغربی پاکستان بھی

except on a written permit issued in this behalf by the Controller-General."

اب جناب والا ۔ جب سنٹرل گورنمنٹ نے ہنگامی حالات کے تحت ایک ایسا قانون نافذ کیا ہوا ہے جس کی دفعہ ۱۹ کو میں نے پڑھا ہے تو ان حالات میں جو restrictions لگائی گئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریلوے میں بھی priority دینے کے لئے جو قانون نافذ کیا گیا ہے

وہ کوئی عام چیز نہیں ۔ صرف ان کو preference دیا جانا مطلوب ہے ۔

ان حالات میں سنٹرل گورنمنٹ کا ایک قانون موجود ہے مگر یہ ہنگامی حالات کب تک رہیں گے کوئی نہیں جانتا ۔ فوری طور پر تو ختم ہوتے نظر نہیں آتے ۔ صوبائی حکومت کو قانون بنانا واجب نہیں تھا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے ریلوے ایکٹ سے ایک اور مثال پیش کرنی ہے ۔ میں اسکی operative دفعہ عرض کر دیتا ہوں جسکا مطلب یہ ہے کہ ریلوے اتھارٹیز کا جو ریلوے ایکٹ ہے اس کے تحت سنٹرل گورنمنٹ ہمیشہ ہدایات جاری کرتی ہے ۔ جن سے کسی شخص کو priority دی جائے یا prohibit کیا جائے ۔ ان دو قوانین کی موجودگی میں تیسرے قانون کو نافذ قرار دینا واجب نہیں ۔

اس کے بعد میں صرف ایک اور بات عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ اس ایکٹ کا جو شیڈول ہے اس کے تحت آپ دیکھیں کہ یہ ایک فرسودہ شیڈول ہے ۔ کیا اچھا ہوتا اگر لا منسٹر صاحب اس شیڈول کو تبدیل کر دیتے ۔ انہوں نے کوشش کی ہے کہ شیڈول میں تمام چیزوں کو شامل کیا جائے ۔ لیکن اس میں ماڈرن چیزیں بھی ہیں ۔

X-Ray Films

Sewing Machines

Batteries

Printing Ink

Infant Goods

Glucose

Surgical Instruments

Imported Drugs and Medicines

ان کو وضاحت کے ساتھ شامل نہیں کیا گیا ۔ آگے چل کر جو شیڈول میں نیوز پرنٹ کو شامل کیا ہے اس کے لئے علیحدہ سنٹرل گورنمنٹ کا قانون موجود ہے ۔ اس سے بھی یہ دفعہ غیر ضروری ہو جائے گی ۔ اس اس طرح سے اس میں اور بھی بہت سی چیزیں ہیں ۔ مثلاً parts of machinery ایسی چیزوں کو شامل نہیں کیا گیا ۔ اور یہ جو چیز آپ کے سامنے پیش کی ہے در اصل یہ میں نے Essential Commodity Control Ordinance, 1963 اور ریلوے ایکٹ کو compare کر کے جو چیزیں رہ گئی ہیں ان کو اس ہاؤس میں پیش کیا ہے ۔ میری مودبانہ گذارش یہ ہے کہ اگر جناب وزیر قانون جب قانون سازی کریں یا جس کسی سابقہ قانون کو دوبارہ نافذ کریں یا con inue کریں تو ان کا اولین فرض ہے کہ اس کا نفاذ کرتے وقت قانون سازی کے جدید تقاضوں کا خیال رکھیں ۔ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ ایسی دفعات ریلوے ایکٹ ۱۸۹۰ء میں موجود ہیں اور Essential Commodities Control Ordinance میں بھی موجود ہیں اور شیڈول میں دی گئی ہیں ۔ wagons کو ترجیح دینے کے effect far reaching ہوں گے ۔ اس لئے یہ نہایت ہی اہم چیزیں ہیں جس کے لئے مثال بھی موجود ہے اور یہ چیزیں Essential Commodities آرڈیننس میں موجود ہیں ۔ اس طرح انہوں نے قانون سازی کے جدید تقاضوں کو نظر انداز کیا ہے اگرچہ یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں ہیں مگر ان کو یہ مدنظر رکھنی چاہئیں ۔

Minister of Law (Mr. A. B. Akhund): I may make a submission that the reference made by the learned Member is to an Ordinance, that is the Essential Commodities Ordinance which is only in force as long as the emergency lasts. Therefore, it is not proper to wait and allow this to lapse in order to bring in an other Act. This objection of my friend is not well-founded. So far as referece to the Schedule of the Act is concerned, I might draw the attention of the learned Member, through you, that the Provincial Government have the

power to include any item in the Schedule at any time. A reference to section 3, sub-section (a) (i) will make this immediately clear—

> "The Provincial Government or any person authorised in this behalf by the Provincial Government by notification in the Official Gazette may, by general or special order, direct any railway administration—
>
> (a) to give, subject to such conditions or restrictions as the Provincial Government or the person so authorised may impose special facilities or preference—
>
> (i) for the transport of the goods specified in the second column of the Schedule, on compliance with the conditions, if any, set out in the corresponding entry in the third column thereof....."

Therefore, this power exists with the Government and actually the Schedule, which is appended to the Act, in consequence of these powers could always be amended, added to and modified. Hence, any modern goods or commodities which are considered essential and in connection with which action is needed, the Government will be alive to the situation and will always add them to the Schedule.

I request that the Assembly do pass the resolution to approve the Ordinance as it only extends the life for a period of three years which also coincides with the Third Five-Year Plan.

Mr. Speaker : I will now put the resolution to the vote of the House.

The question is—

> That the Assembly do approve of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on thh 24th March, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The next resolution given notice of by Malik Muhammad Akhtar stands rejected under sub-rule 7 of rule 89-A.

THE KARACHI CONTROL OF DISORDERLY PERSONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1967

(Resumption of discussion)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967. Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - میں اپنی پچھلی amendment پر بولتا هوا کل کراچی disorderly persons کے اس قانون کو جسکو تحفظ دیکر مستقل کرنا مقصود ہے یہ عرض کر رہا تھا کہ پروسیجر جو ہے وہ قابل اعتراض ہے اور بنیادی حقوق سے متصادم ہے - میں نے دفعہ ۱۰ کے متعلق کل مختلف حوالہ جات دئے تھے - اب مجھے دفعہ ۱۱ کے متعلق یہ عرض کرنا ہے کہ اس میں ایک نہایت ہی اہم omission کیا گیا ہے میں اسکو دھراؤں گا کہ قانون سازی کے وقت جو omission کیا جاتا ہے جناب سپیکر - آپ بھی اس سے اتفاق فرمائیں گے کہ ہمیں ایک قانون کی میعاد بڑھاتے وقت جدید تقاضوں اور نئے تجربات سے جو ہمیں حاصل ہوں انحراف نہیں کرنا چاہئے میری مراد یہ ہے کہ جب یہ قانون ۱۹۵۲ء سے چلا آ رہا ہے تو کیا ۱۹۵۲ء سے ۱۹۶۷ء تک ۱۵ سال میں ایسے حالات پیدا نہیں ہوئے کہ انہیں کسی قسم کی ترمیم کی ضرورت پیش آتی مثلاً جیسا کہ اس ایوان کے اکثر دوست مجھ سے اتفاق کریں گے ان کی دفعہ ۱۱ جو ہے اس کی سرخی،، "Joint Proceeding" ہوگی - یعنی جہاں دو اشخاص اکٹھا کسی جرم کا ارتکاب کریں تو اس کی proceedi. g یہ separately کرنا چاہتے ہیں جناب والا - اس سے میں سمجھتا ہوں کہ ان مقدمات میں اضافہ ہوگا اور ہماری executive کو cases کے disposal میں کافی difficulty ہوگی ویسے ہی cases کا disposal بہت ہی کم ہے - آپ نے اخبارات میں دیکھا ہوگا کہ cases کا disposal کم ہونے کی وجہ سے مرکزی حکومت نے ایک قانونی کمیشن کا قیام کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہم گہری نظر کے مطالعہ سے دن بدن کی مشکلات کو ختم کر سکتے ہیں لیکن جس وقت ہم قانون سازی کیلئے بیٹھتے ہیں تو اس ہاؤس میں معزز اراکین کو associate کیا جاتا ہے اور وہ ان چیزوں کی نشاندہی کرتے ہیں اس میں ترمیم کرتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ

میں اس اصول سے بنیادی طور پر اتفاق کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں کہ جہاں پر دو اشخاص associated ہوں انکا علیحدہ علیحدہ trial کر کے cases کے نمبر کو اور صوبے میں جرائم کی تعداد کو بڑھایا جائے ۔ جناب والا ۔ میں اب اس دفعہ کو چھوڑتا ہوں اور دفعہ ۱۲ ۔ کی طرف آتا ہوں جو declaration of disorderly persons and dangerous disorderly persons کے متعلق ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ کوئی شخص immoral purposes کے لئے prostitutes کے پاس جاتا ہے اسے بھی disorderly person قرار دیا ہے مگراس سلسلےمیں سب سے پہلےمیں جناب وزیرقانون سے براہ راست یہ سوال کرتا ہوں کہ کیا ہمنے supression of Prostituation Laws پاس نہیں کئے تھے جن کا نفاذ گذشتہ اسمبلی کے دوران میں کیا گیا تھا اور ۱۹۶۴ء میں اس کی ترمیم کی گئی تھی ؟ مجھے یہ بتایا جائے کہ کیا houses of prostitutes اس وقت بھی مغربی پاکستان میں exist کرتے ہیں اور اگروہ کراچی میں exist کرتے ہیں تو اس قانون کو لانے کی بجائے انہوں نے executive کے خلاف کیا کاروائی کی ہے ۔جناب سپیکر۔ اس کے بعد ایک اور دفعہ ہے ۔

Generally appears in public while drunk.

جناب والا ۔ ہماری حکومت کا وہ دعویٰ اس قانون سازی کے بعد باطل ہو جاتا ہے کہ ملک میں مکمل طور پر prohibition ہے جناب سپیکر میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے قول و فعل میں تضاد ہے ۔ وہ کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ مجھے یہ عرض کرنا ہے سیگرٹ نوشی اور افیم خوری کے متعلق بتائیے اگر کوئی شخص اس کا عادی ہوجائے تو وہ کیاکر سکتا ہے لیکن ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ اس قدر گراں ڈیوٹی افیم پر حاصل کرتی ہے اور اس طرح کرکے اس نے لائسنسوں کی فروخت کی اجازت دے رکھی ہے ۔

منشیات کے ٹھیکے دینے والی حکومت اور اس سے ریونیو حاصل کرنے والی حکومت کو کوئی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ ایسی قانون سازی کرے اور جو لوگ منشیات کے عادی ہوں ان کے خلاف اس قسم کے شدید اقدامات کئے جائیں میں حکومت کے اس دعوے کو باطل قرار دیتا ہوں کہ ملک میں اسلامی قوانین رائج کئے جا رہے ہیں میں تو کہتا ہوں کہ اگر اس وقت ملک میں اسلامی قوانین رائج ہیں تو کئی باتیں ایسی ہو رہی ہیں جو شرع کے منافی ہیں اور جس کے لئے لائسنس جاری کرتے ہیں ۔ ان حالات میں میں لا منسٹر صاحب سے مطالبہ کروں گا کہ میری اس تقریر کے جواب میں ان چیزوں کی وضاحت فرمائیں کہ پاکستان بننے کے بعد ایسی غیر شرعی چیزوں کو کیوں کالعدم قرار نہیں دیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ disorderly person کے متعلق ایک اور جملہ ہے ۔

Uses obscene and abusive longuage in public.

تو جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے اور جاہل لوگ ۔ مزدور طبقہ اور امیر طبقہ بھی میں کہوں گا کہ ایسی زبان اکثر استعمال کرتا ہے ۔ یہ تو جو ملک کا قانون ہے اس سے deptrt کرنا ہے اور اس بنا پر ایک شخص کو disorderly person قرار دے دینا جس کی ضمانت بھی نہیں ہوسکتی اور اس سے اچھے کردار یا رویے یا چلن کا Bond لیا جانا میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے حکومت کے پاس کوئی وجہ جواز نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ ایک دو دفعات اور ایسی ضرور ہیں جن پر مجھے اعتراض نہیں ۔ مثلاً

Make further corruption in the name of charity.

واقعی ان چیزوں کا انسداد ہونا چاہئے لیکن کیا ہی اچھا ہوتا کہ ایک یا دو دفعات جنکا میں نے ذکر کیا ہے یہ ان کو رکھ لیتے ۔ اور قانون کو اسقدر exhaustive بنا کر نہ لاتے کہ جس کو چاہیں disorderly

person قرار دیدیں ۔ جناب عالی ۔ اس قانون کی اور بھی دفعات ہیں مثلاً ۱۲ (۲) لیکن میں ان کو نہیں دھراؤں گا ۔ وہ کم وبیش ۱۸ ایسی چیزیں ہیں وہ تعزیرات پاکستان کے تحت جرم ہیں اور حقیقتاً جرم ہیں ۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ ان جرائم کا سد باب نہایت ضروری ہے تو جناب سپیکر میں دفعہ ۱۲ (۲) کو لیتا ہوں اس میں ان جرائم کو شامل کیا گیا ہے جس میں کہ عادتاً شراب نوشی و قمار بازی ہے اغواہے یا کسی عورت کی insult کرنا شامل ہیں اس میں مجھے اعتراض نہیں لیکن جناب والا اس میں ایک چیز قابل اعتراض ہے جس کو میں دفعہ ۱۷ کہوں گا ۔ میں مانتا ہوں کہ پی پی سی ایک مکمل جامع قانون ہے اور اس میں یہ دفعات تمام کی تمام قابل تعزیر قرار دی گئی ہیں ان کی بڑی سزائیں ہیں تو اس میں یہ نہیں ہے کہ وہ تین ماہ کی ہوگی یا چھ ماہ کی ہوگی ۔ ایک اور چیز ملاحظہ فرمائیں کہ محض ایک انسپکٹر کی اطلاع پر بلا شہادت اگر وہ اپنی رپورٹ پیش کر دے تو اس کی بھی تردید نہیں ہو سکتی ۔ شہادت کو مخفی رکھا جاتا ہے اور گواہان کے نام بھی نہیں بتائے جاتے ۔ کاپیاں بھی نہیں مہیا کرتی تو جناب سپیکر یہ چند ایسی باتیں ہیں اور میں ان حقائق کو بے نقاب کرنا چاہتا ہوں جو اس قانون کو مستقل کرنے کے متعلق ہیں ۔ کراچی کے باشندے ان کی نظر میں ناقابل اصلاح شہری بن چکے ہیں ۔ اب دیکھئے کہ پی پی سی میں مختلف دفعات ہیں جو کہ قابل دست اندازی پولیس جرائم سے تعلق رکھتی ہیں لیکن اس قانون میں disorderly person قرار دیکر ملزم کو شہادت کی دفعات سے محروم کر دینا اور اس کو ایسا کر دینا کہ اپیل بھی نہ ہو سکے یہ کہاں کا انصاف ہے تو جناب سپیکر اس وقت میں اتنا ہی عرض کروں گا کہ یہ ایسی سزائیں ہیں جن سے میں اتفاق نہیں کرتا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ابھی تو میں نے اور کہنا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ ان کی پہلی تقریر ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ سارے آرڈیننس پر بحث کر سکتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے کہنے دیجئیے اگر میں irrelevant ہو جاؤں تو مجھے بتا دیجئیے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے تو یہ فرمایا ہے کہ میں اسی پر اکتفا کروں گا ۔ کیا آپ اب اپنی تقریر ختم کر چکے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ تو دوسری تقریر کی بات کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ مجھے جناب سپیکر اسی پر کہہ لینے دیجئیے ۔

مسٹر سپیکر ۔ فرمائیے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں دفعہ ۱۳ کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ آپ سارے قانون کو پڑھیں ۔ بیگم صاحبہ یہ آپ کے محکمہ کے متعلق ہے ۔ آپ میری تقریر کی حمایت فرمائیں ۔ کسی شعر سے ہی حمایت کر دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کسی شعر سے شیر کی حمایت کر دینی چاہئیے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں اب تیزی سے عرض کروں گا کیونکہ میں باقی وقت ایوان کو دینا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے ایک اچھی دفعہ بھی رکھی ہے ۔ مجھے ان کے حق میں کلمہ خیر بھی کہنے دیجئیے جناب والا ۔ دفعہ ۱۳ میں انہوں نے disorderly person سے ایک bond مانگا ہے جو کم از کم تین سال کے لئے ہوگا ۔ یہ نیک چلنی کا bond ہوگا ۔

جو اسے غنڈہ قرار دینے کے بعد اس سے لیا جائیگا ۔ اس کے بعد اگر دفعہ ۳۲۳ کے جرم میں اس کا چالان کیا جائیگا تو وہ bond ختم ہو جائیگا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)۔

جناب شاہ صاحب پہلے تو مجھے یہ بڑی تکلیف ہے کہ آپ نے میرا پانی بند کر دیا ۔ بہر حال یہ آپ کا رول ہے مجھے جناب قائد ایوان سے یہ عرض کرنا ہے ۔۔

اس قفس کے قیدیوں کو آب و دانہ ہے منع

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جو تین سال کے لئے اس سے bond حاصل کیا جائیگا نیک چلنی کا اگر وہ دفعہ ۳۲۳ کا کوئی جرم کرے ایسا جرم جس کی سماعت چیئرمین کرتے ہیں اور جس کی تعداد پانچ دس یا پچاس روپیہ جرمانہ تک ہوتی ہے تو اس کا وہ بانڈ ختم ہو جائیگا۔ جناب سپیکر ۔ آپ یہ اندازہ لگائیے یہ کس قدر زیادتی ہے آپ disorderly persons کو کنٹرول کیجیئے میں آپ کے ساتھ ہوں مگر عام قانون کے تحت اور عام procedure کے تحت یہ وہی بات ہے یعنی حکومت وہی کرنا چاہتی ہے جو کسی شاعر نے کہا ہے ۔

ذبح کے وقت تڑپنے سے قاتل روٹھ گیا
لہو دوڑا ہوا جاتا ہے منانے کے لئے

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان) ۔ حمزہ صاحب کے شیر شعر کو ذبح کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ انہیں قتل بھی کرنا چاہتے ہیں ۔ انہیں حق بھی نہیں دیتے ۔ بیگم صاحبہ یہ میں آپ کی نمائندگی کر

رہا ہوں ۔ یہ میری زبان ہے لیکن جذبات آپ کے ہیں ۔ یہ میں آپ کی ترجمانی کر رہا ہوں ۔

اب میں اگلے نکتے پر آتا ہوں ۔ میری گزارش ہے کہ disorderly person کے لئے انہوں نے یہ قانون جو بنایا ہے یہ بنیادی حقوق سے براہ راست متصادم ہے ۔

"13 (2) (a) The Tribunal... "may direct that his movements shall be restricted to any area specified in the order;"

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ کسی شخص کو جرم کرنے سے تو بند کیا جا سکتا ہے مگر اس کی movements پر پابندی نہیں لگائی جا سکتی ۔ بنیادی حقوق کے تحت یہ بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔ اسی طرح اس پر یہ پابندی لگا کر کہ وہ کراچی چھوڑ کر چلا جائے یعنی اسے کراچی سے شہر بدر کر دینا اس کا یہ مطلب ہے کہ یہ ایسے اشخاص کو سارے صوبے میں بھیجنا چاہتے ہیں ۔ تو جناب سپیکر یہ بڑی قابل اعتراض دفعہ ہے ۔ میں اب اس کی آخری شق پر آتا ہوں ۔

"(b) The scene of any public meeting or procession or any assemblage of the public, whether in an enclosed place or otherwise, in connection with any public event or festival or other celebration."

جناب والا ۔ مجھے یہ بتائیے کہ یہ سیاسی دفعہ نہیں تو کیا ہے ۔ حکومت کسی کو بھی disorderly شخص قرار دے کر کسی سیاسی اور سماجی کارکن کو ہدایت کر سکتی ہے کہ وہ کسی جگہ تقریر نہ کرے اور اس طرح ان پر بالواسطہ اپنا hold رکھ سکتی ہے ۔ خدا را لاء منسٹر صاحب اگر آپ اس کا ذرا سا مطالعہ کر لیتے تو آپ اسے اس میں شامل نہ کرتے ۔ بلا شک و شبہ یہ سیاسی دفعہ ہے ۔

The cat is out of the bag.

میں اس دفعہ پر شدید احتجاج کرتا ہوں ۔ اس کے مطابق کسی

بھی شخص کو direct کیا جا سکتا ہے کہ وہ کسی سماجی میٹنگ یا اسمبلی میں تقریر نہ کرے ۔

In connection with any public event.

جناب والا ۔ پبلک event یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مثلاً آج جیسے اسرائیل نے عربوں کے خلاف ایک جنگ شروع کر دی ہے اور پاکستان میں ہر طرف ایک ہیجان ہے اور جہاد کی spirit پیدا ہو گئی ہے ۔ یہ کسی کو direct کر سکتے ہیں کہ وہ ایسی meetings میں نہ جائے جہاں مثلاً رضا کار بنانے کے لئے نام لکھے جا رہے ہوں ۔ ایسے قوانین کو دیکھ کر میرا تو دماغ جواب دے گیا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے یقین کامل ہے کہ ہمارے یہ لاء منسٹر صاحب اگر اگلے سیشن تک رہے تو یہ پھر اس قانون کو لائیں گے ۔ پھر اس کا نفاذ تمام مغربی پاکستان میں ہو گا ۔ جناب والا ۔ یہ Karachi Control of Disorderly Persons Act, 1952 نہیں یہ Karachi Control of Public Workers Act ہے (تالیاں) اس کی آڑ میں یہ سیاسی اراکین کو سیاسی وجوہات کی بنا پر آنے سے روک دیں گے ۔ یہ قانون بھی پنجاب غنڈہ ایکٹ ہی کے مشابہ ایک قانون ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there be a count. (*count was taken*). The House is in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے . . . . . .

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزیر قانون سے التجا کروں گا کہ ابھی ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ قانون کی یہ دفعہ دیکھ کر ان

کا دماغ جواب دے گیا ہے ۔ اگر آپ نے اس کو مغربی پاکستان پر مسلط کر دیا جیسا کہ ان کو خدشہ ہے تو ہمیں شدید خطرہ ہے کہ کہیں ان دماغ ہمیشہ کے لئے جواب نہ دے جائے ۔ آپ ہمیں اس کے متعلق یقین دلائیں ۔

وزیر قانون ۔ نہیں کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ اعتراض ہے ۔ کہ Karachi Control of Disorderly Persons Act, 1952, کے تحت (اگر اجازت ہو توکہوں) شہادت ۔ نقل ۔ proceedings ۔ اپیل سب کا طریق کار مختلف کر دیا گیا ہے ۔ اب مجھے دفعہ ۱۳ (۲) شق (vi) کے تحت disorderly persons کو discuss کرنا ہے ۔

"the scene of any public meeting or procession of any assemblage of the public, whether in an enclosed place or otherwise, in connection with any public event or festival or other celebration."

مجھے واقعات مجبور کرتے ہیں کہ میں یہ کہوں کہ یہ کراچی کنٹرول آف پولیٹیکل ورکز ایکٹ ہے ۔ یہ Karachi Control of Disorderly Persons Act نہیں ہے ۔ پولیٹیکل میٹنگ کے لئے جو اکٹھے ہوتے ہیں ۔ Procession کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں public gathering کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں جس کے لئے حکومت نے لائسنس جاری کیا ہے کہ یہ سب اس قانون میں قابل گرفت ہیں ۔ پبلک میٹنگ وہ ہوتی ہے جس میں اسرائیل جیسا بین الاقوامی مسئلہ زیر بحث لایا جائے ۔ پبلک میٹنگ میں داخلی معاملات کے متعلق اکٹھے ہوتے ہیں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ پولیٹیکل لوگ ہیں یا Pakistan Democractic Movement کی میٹنگ میں شرکت کیلئے لوگ کراچی آئے ہیں . . . .

مسٹر سینیٹر ڈپٹی سپیکر ۔ اختر صاحب ! آپ relevant نہیں

ھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب آپ سنیں تو سہی ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کو چاھئے کہ وہ جناب سپیکر کا حکم سنیں اور اس پر عمل کریں ،مجھے افسوس ھے جناب سپیکر نے انہیں ٹوکا ھے کہ یہ relevant نہیں ھیں اور انہوں نے نہیں سنا ھے یہ کوئی طریقہ نہیں ھے ۔ یہ پارلیمانی آداب کے خلاف بات ھے ۔ ان کو چاھئے کہ وہ جناب سپیکر کے حکم کو ھر وقت ماننے کے لئے تیار ھوں اور قواعد کے اندر رہ کر جو کچھ فرمانا ھو فرمائیں ۔

چودھری انور عزیز X X X X *

میاں معراج الدین ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کے متعلق جو کچھ کہا گیا ھے وہ قابل اعتراض ھے ۔ وہ اس ھاؤس کے ایک معزز رکن ھیں اور لاھور کے شیر ھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ الفاظ حذف کر دیئے جائیں تو زیادہ بہتر ھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : These words are expunged from the proceedings of the House.

مسٹر حمزہ ۔ جناب یہ الفاظ ھی نہیں بلکہ انور عزیز صاحب کے جو ریمارکس ھیں ان کو بھی حذف کیا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Remarks made by Mr. Anwar Aziz are also expunged.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔

---

*Expunged as ordered by Mr. Senior Deputy Speaker.

آپ نے فرمایا ہے کہ ان ریمارکس کو حذف کردیا جائے اب وہ محض مجرم ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ اس سے زیادہ اور زیادتی ہے ۔ یہ زیادتی ہی زیادتی کی جارہی ہے ۔ یعنی میں اس پروسیجر کو نہیں دھراؤں گا ۔ اس پروسیجر کے تحت یہ ہے کہ اس شخص کو disorderly person delcare کرکے اس کا نام notify کر دیا جائے ۔ انگریزوں کے وقت میں یہ تھا کہ سول پروسیجر کوڈ کی دفعہ ۱۱۰ کے تحت ایسے لوگوں کو undesirable declare کرکے تھانوں میں ان کی فہرست لگا دی جاتی تھی ۔ یہاں نوٹیفیکیشن ہوگی وہ نوٹیفیکیشن سفارت خانوں میں بھیجی جائے گی ۔ اگر ایسے شخص کی نوٹیفیکیشن کی گئی تو اس کے متعلق پاکستان کی ساکھ پر کیا اثر پڑے گا ۔ اس بچارے پر کیا گزرے گی ۔ اگر ایک خاندان میں ایک شخص گناہ کرتا ہے تو اس سے اس سارے خاندان کی ساکھ کو نقصان ہوگا اور ان کی شہرت میں کمی واقع ہوگی ۔ میں نہیں سمجھتا اگر میں یہ کہوں تو حق بجانب ہوں گا کہ کسی وقت کسی افسر نے نہایت ہی برے موڈ میں اس قانون کو دیکھا ہے اور یہ ۱۹۵۲ء سے اب تک سال بسال چلا آ رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اب میں تھوڑی سی speed کو تیز کرنے کے لئے یہ دفعہ پڑھوں گا ۔ دفعہ ۱۵ کو چھوڑتے ہوئے دفعہ ۱۶ پر آتا ہوں جو زیادہ ضروری ہے ۔

"No appeal shall lie from any order made by the Tribunal, but in relation to any such order section 4, or section 12, or section 15, the High Court may call for the record of the case, and if the Tribunal appear :—

(a) to have exercised a jurisdiction not vested in it by law,

(b) to have failed to exercise a jurisdiction so vested, or

(c) to have acted in the exercise of its jurisdiction illegally,

"the High Court may make such direction as it may deem sufficient for the rectification of the error or omission and the Tribunal shall conduct itself accordingly."

جناب سپیکر ۔ میں procedure کو repeat نہیں کرتا اس سے ہاؤس واقف ہوچکا ہے ۔ مجھے جو apprehension ہے اس کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ کلاز (بی) کے تحت یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ فلاں پولیٹیکل ورکر disorderly person ہے تو وہ اپیل بھی نہیں کر سکتا ۔ یہ کہتے ہیں کہ ملک میں پولیٹیکل پارٹیاں نشو ونما پا سکیں ۔ یہ کہتے ہیں کہ سیاست کو فروغ حاصل ہو ۔ اسی قانون کے پیش نظر اور اس دفعہ کے پیش نظر جس کو بڑا ہی repressive کیا گیا ہے ۔ یہ پولیٹیکل ورکرز کے خلاف دفعہ رکھی گئی ہے ۔ مجھے مودبانہ گزارش کرنا ہے کہ ان سے اپیل کا حق بھی چھین لیا گیا ۔ جتنے بھی آپ کے سخت قوانین ہیں یا ہنگامی قوانین ہیں مثلاً پریس پبلیکیشن لاز ۔ وہاں پر بھی جب forfeiture کرتے ہیں اور وہاں پر بھی گورنمنٹ کے سیکرٹری کو حق دیتے ہیں کہ وہ اپیل سنیں ۔ میں کرمانی صاحب سے عرض کروں گا اور وہ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اس طرح سے یہ ہائی کورٹ کی original jurisdiction سے متصادم ہے ۔ جہاں یہ قانون بنیادی حقوق کے خلاف اور مناقی ہے وہاں یہ ہائی کورٹ کی original jurisdiction کے لئے بھی ایک کھلا چیلنج ہے اور آئین کے آرٹیکل نمبر ۹۸ سے متصادم ہے ۔ آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ

"No appeal shall lie from any order made by the Tribunal.

آپ بتائیے کہ وہ ٹریبونل جو بلا شہادت لئے کسی کا گلا کاٹ سکے ، وہ ٹریبونل جو اپنی کارروائی کو مخفی رکھ سکے ، وہ ٹریبونل جو اپنے فیصلہ جات یا شہادت کی نقول بھی مہیا نہ کرے ۔ اور اس کے خلاف کیا

ہوگا ۔ "No appeal shall lie."

جناب والا ۔ مجھے معاف فرمائیں ۔ اگر میں اپنے جذبات کی رو میں بہتے ہوئے یہ کہہ دوں کہ کیا اس کے بعد یہ کہا جاسکتا ہے کہ پاکستان میں شہری آزادی ہے ۔ کیا یہ حکومت شہری آزادی کا تحفظ کرنے کا دعویٰ کرسکتی ہے ایسی شدید دفعات شامل کرنے کے بعد۔کیا یہ حکومت کہہ سکتی ہے کہ یہ قانون صدر مملکت کے اپنے منشور کے منافی نہیں ۔ ہے ۔ اور یہ وہاں پر نافذ کیا جا رہا ہے جو آپوزیشن کے مضبوط علاقے یا حصے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے دفعہ نمبر ۱۷ کے متعلق عرض کرنا ہے جو کہ میرے نزدیک سب سے زیادہ ضروری دفعہ ہے ۔

"Notwithstanding anything contained in the Pakistan Penal Code, the Whipping Act, 1909, or any other law for the time being in force, when a dangerous disorderly person is convicted under an Act mentioned in the first column of the Schedule to this Act for an offence punishable under any of the sections of that Act mentioned against it in the second column of the said Schedule, the maximum punishment that may be awarded, on such conviction shall be that appearing in the corresponding entry in the third column thereof".

جناب والا ۔ اس قانون کا سب سے زیادہ قابل اعتراض جو حصہ ہے وہ یہی ہے یعنی شیڈول میں جس کا عنوان ہے ۔ See section 17 ۔ اس میں جہاں دفعات نمبر ۱۴۳ ، ۱۴۴ ، ۱۵۱ اور ۱۵۴ کی سزا چھ ماہ ہے وہاں پر یہ ٹریبونل یا کوئی اور عدالت اس شخص کو جس کو کہ جو disorderly person declare کرے ۔ دو سال کی سزا دے سکتی ہے ۔ یعنی چھ ماہ کی سزا کی بجائے یکلخت چارگنا زیادہ کرکے دو سال کی سزا کردی گئی ہے ۔ اس شخص کو جس کو کہ disorderly person یا gross disorderly person کا title دیا گیا ہے ۔ چھ ماہ کی سزا تعزیرات پاکستان میں چھوٹے چھوٹے جرائم کی سزا ہوتی ہے ، اس کو بڑھا کر دو سال کردینا ، بتائیے یہ بنیادی حقوق کے خلاف بات نہیں ہے تو اور کیا ہے ۔

"All citizens of Pakistan are equal in the eyes of Law".

جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے سیکشن نمبر ۱۵۳ (a) کے متعلق عرض کرنا ہے ۔ تعزیرات پاکستان میں اس کے تحت دو سال سزا ہے لیکن اب اسے پانچ سال کردیا گیا ہے ۔ سیکشن نمبر ۱۵۷ اور نمبر ۱۵۸ میں چھ ماہ کی سزا ہے جسے بڑھا کر تین سال قید بامشقت کردیا گیا ہے ۔ دفعہ نمبر ۱۶۰ میں تعزیرات پاکستان کے تحت صرف ایک ماہ کی سزا ہے لیکن یہاں disorderly person کو دو سال کی قید بامشقت ہے یعنی سزا چوبیس گنا زیادہ کردی گئی ہے ۔ اسی طرح دفعات نمبر ۱۷۲، نمبر ۱۷۳، نمبر ۱۷۴ اور نمبر ۱۸۲ میں چھ ماہ کی سزا ہے جسے بڑھا کر ایک سال کردیا گیا ہے ۔ سیکشن نمبر ۱۸۶ میں تین ماہ کی سزا تھی ۔ اسے بڑھا کر دو سال کردیا گیا ہے ۔ تعزیرات پاکستان کی دفعات نمبر ۲۲۴ اور نمبر ۲۲۵ میں دو سال کی سزا کو پانچ سال کردیا گیا ہے اور دفعہ نمبر ۲۲۵ (b) میں چھ مہینے کی سزا کو دو سال کر دیا گیا ہے ۔ یعنی آپ دیکھئے کہ کہیں بھی چارگنا سے کم سزا نہیں بڑھائی گئی بلکہ ایک جگہ تو ایک ماہ کی سزا کو بڑھا کر دو سال یعنی چوبیس گنا زیادہ کردیا گیا ہے ۔ دفعہ نمبر ۲۴۱ میں چھ ماہ کی سزا کو ایک سال کر دیا گیا ہے ۔ دفعات نمبر ۲۴۲ تا نمبر ۲۴۶ اس لحاظ سے خوش نصیب دفعات ہیں کہ ان میں سزا نہیں بڑھائی گئی ہے لیکن ان میں Whipping in addition to the punishment کردی گئی ہے دفعات نمبر ۲۹۲، نمبر ۲۹۳ اور نمبر ۲۹۴ میں تین ماہ کی سزا کو بڑھا کر دو سال کردیا گیا ہے اسی طرح سے دفعہ نمبر ۳۵۲ میں بھی تین ماہ کی سزا کو بڑھا کر دو سال کردیا ہے ۔ دفعات نمبر ۳۵۳ تا نمبر ۳۵۶ میں سزا تو نہیں بڑھائی گئی لیکن ان میں بھی Whipping in addition to that punishment کردی گئی ہے ۔ دفعہ نمبر ۳۵۷ میں ایک سال کی سزا کو بڑھا کر دو سال کر دیا گیا ہے اور دفعات

نمبر ۳۶۳ تا نمبر ۳۷۶ جو کہ abduction کے متعلق ہیں وہاں سزا تو نہیں بڑھائی گئی لیکن وہاں بھی whipping شامل کردی گئی ہے ۔ آپ یہ دیکھیں کہ یہ لوگ کتنی غیر متوازن باتیں کرتے ہیں ۔ اس کے بعد دفعات نمبر ۳۸۴ ، نمبر ۳۸۵ اور نمبر ۳۸۶ ہیں ۔ یعنی جوں جوں سنگین جرائم کی طرف چلتے جاتے ہیں وہاں ہر سزاؤں میں اضافہ نہیں ہے لیکن جہاں چھوٹے سیکشن ہیں اور جن کی سزائیں چھوٹی ہونی چاہئیں وہاں پر بھاری سزائیں تجویز کرتے ہیں بلکہ ایک آدھ جگہ تو چارگنا سے لیکر چوبیس گنا زیادہ تک کی سزائیں تجویز کی ہیں ۔ اس کے بعد دفعہ نمبر ۴۶۵ میں دو سال کی سزا کو بڑھا کر پانچ سال کردیا گیا ہے ۔ نمبر ۴۰۵ سے نمبر ۴۰۹ تک کی دفعات پھر سیاسی دفعات ہیں ۔ یعنی اگر کوئی شخص کسی کو defence کرے جس میں پریس بھی شامل ہے آپ ایک صحافی کو disorderly person قرار دے کر Whipping in addition to the punishment provided under the Pakistan Penal Code کی سزا دے سکتے ہیں ۔ یعنی صحافیوں کو آپ کے قانون کے تحت کوڑے بھی لگائے جاسکتے ہیں ۔

(اس مرحلے پر وزیر اطلاعات ملک محمد اختر کے پاس جا بیٹھے)

اسی طرح دفعہ نمبر ۴ ، نمبر ۵ اور نمبر ۱۲ میں ایک سال کی سزا ہے ۔ ۔ ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ کرمانی صاحب نے ملک اختر صاحب کا switch off کردیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے

کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

نوابزادہ رحمدل خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جب ملک

محمد اختر صاحب تقریر فرما رہے تھے اور جناب کرمانی صاحب ان کے پاس جاکر تشریف فرما ہوئے تو وہ کس پارلیمانی اصول کو مد نظر رکھ کر اپنی تقریر ختم کر کے بیٹھ گئے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar: In respect to a man who has always been very kind to me.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب ملک محمد اختر صاحب نے یہ جو ارشاد فرمایا ہے کہ کرمانی صاحب ہمارے گھر میں آئے ہیں ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ کیونکہ وہ تو اپنے گھر میں آئے ہیں ۔ وہ تو زیادہ عرصہ اس طرف بیٹھے رہے ہیں اس لئے یہ ان کا اپنا گھر ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ کیا آپ نے تقریر ختم کر لی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جی نہیں ۔ میں نے ابھی ابتدا ہی کی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ سیکشن ۱۸ میں میاں معراج الدین صاحب شاید زیادہ دلچسپی لیں جو Bombay Prevention and Gambling Act میں ہے وہاں ایک سال کی سزا رکھی ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ اگر یہ نافذ ہو جائے تو آپ کے علاقہ میں جو habitual gamblers ہیں ان کا صفایا ہو جائے گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ ان سے خطاب نہ کریں ۔

میاں معراج الدین ۔ ملک صاحب اپنے گریبان میں منہ نہیں ڈالتے ۔ غالباً وہ گوالمنڈی کے علاقہ کو بھول چکے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میرے نزدیک باغبانپورہ اور گوالمنڈی دونوں معزز علاقے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: You are not relevant.

Malik Muhammad Akhtar: I apologise Sir.

جناب والا ۔ آبکاری ایکٹ میں معمولی سی سزا ہے ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ملک محمد اختر صاحب تقریر کرتے کرتے اور ہم سنتے سنتے تھک گئے ہیں - شاید اس لئے ہاؤس میں کورم نہیں رہا -

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum; let the bells be rung (*bells were rung*) the House is now in quorum. Yes, Malik Sahib.

ملک محمد اختر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۸۷۸ء سے ۱۹۶۷ء تک بمبئی آبکاری ایکٹ کے تحت معمولی سزائیں دی گئی ہیں ان کو آپ نے 5 years R. I. میں تبدیل کر دیا ہے - پھر Opium Act کی دفعات ۴۵ اور ۴۶ کو تبدیل کر دیا ہے - اور یہ کہتے ہیں کہ opium کی licenced sale ہے - میں نے اس لئے اختلاف کیا ہے کہ unauthorised طریقہ پر جو افیون لائی اور بیچی جاتی ہے یہ licenced prostitution ہے - کیا اسے برداشت کرنے کو تیار ہیں - آئین کی کتاب میں جو حال ہی میں ترمیم کی گئی ہے - اس کتاب کا نام Constitution of Islamic Republic of Pakistan ہے - اول تو میں اس کتاب کا قائل ہوں جو ہمارے خداوند کریم نے ہمارے Holy Prophet پر نازل فرمائی - اس کے بعد رائج الوقت قانون کو لے لیں ۱۹۶۲ کے آئین میں یہ provide کرنے کے بعد جو قانون سازی ہو گی میں نہیں سمجھتا کہاں تک درست ہو گی -

جناب والا - Fundamental Rights کے مطابق موجودہ قوانین کے ساتھ قتل عام کیا جا رہا ہے - میری مراد ان Fundamental Rights سے ہے جن میں freedom of assembly and association ہے اور اس میں freedom of speech بھی آ جاتی ہے - میری مراد اس کے principles of policies کے متعلق ہے - آئین کے صفحہ ۱۱ پر ہے -

No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah.

Explanation.— In the application of this principle to the personal law of any Muslim sect, the expression "Quran and Sunnah" shall mean the Quran and Sunnah as interpreted by that sect.

اس کے بعد (اے) ۱ ہے یہ زیادہ relevant ہے ۔

Islamic Way of Life.

1. The Muslims of Pakistan should be enabled, individually and collectively, to order their lives in accordance with the fundamental principles and basic concepts of Islam, and should be provided with facilities whereby they may be enabled to understand the meaning of life according to those principles and concepts.

2. The teaching of the Holy Quran and Islamiat to the Muslims of Pakistan should be compulsory."

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ ایسی دفعات کا نافذ کرنا اس چیز کا اعتراف کرنا ہے کہ آئین پاکستان میں نشہ آور اشیاء کی sale جو licenced ہے ابھی تک جاری ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو فوری طور پر ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب کی زبان توتلی ہے ۔ prostitution اور constitution کہتے وقت ان کو محتاط رہنا چاہئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: This is no point at order.

Malik Muhammad Akhtar: Sir I strongly resent it and this should be expunged. I request him to withdraw the words.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ان کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں جو انہوں نے ملک صاحب کے متعلق ارشاد فرمائے ہیں ۔ کیونکہ ملک صاحب کو غالباً یہ بھی پتہ نہیں کہ وہ لائسنس پر بول رہے ہیں یا آئین پر ۔

ملک محمد اختر ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ قانون ایک ظلم کے تحت نافذ کیا جا رہا ہے ۔ یہ گناہ تو پاکستان بھر میں موجود ہے ۔

اس کے لئے ایسی سزا ہونی چاہئے کہ اس کا قلع قمع ہو جائے ۔ اس میں ہے ۔

Procedure where a person absconds or conceals himself.

جناب سپیکر ۔ میں اس کی دفعات کو نہیں پڑھوں گا ۔ میں صرف اس کا ذکر کروں گا کہ اگر کوئی انسپکٹر میجسٹریٹ کے پاس جاکر رپورٹ دے دے کہ فلاں شخص دفعات ۸۷ - ۸۸ - ۸۹ - سی پی سی کے تحت abscond کر گیا ہے تو اس کی جائیداد ضبط کی جا سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ چونکہ ان دفعات کا کریمینل پروسیجر کوڈ میں شمار کرنا ضروری ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری نہیں ہے لیکن وہاں پر باقاعدہ FIR مرتب کر کے سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجنے اور ضمنی شہادت لے لینے کے بعد کسی شخص کی پراپرٹی پر ہاتھ ڈالا جا سکتا ہے اور وہاں پر محض انفارمیشن کے basis پر اور معمولی معمولی باتوں پر کسی شخص کی عزت اور کسی شخص کی ذات اور املاک غیر محفوظ نہیں ہوتی ہے لیکن جناب والا میں یہاں عرض کروں گا کہ یہاں پر بنیادی حقوق کی breach ہوئی ہے ۔ جناب والا ۔ صفحہ ۸ ۔ پر آپ Property Rights ملاحظہ فرمائیں ۔

"Subject to any reasonable restrictions imposed by law in the public interest, every citizen shall have the right to acquire, hold and dispose of property."

Protection of property rights—

"(1) No person shall be deprived of his property save in accordance with law....."

No person shall be deprived of his property save in accordance with law.

میں اس قانون کو قانونی الفاظ دینے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔ دفعہ ۸۷ - ۸۸ - ۹۹ کے تحت درج ہے کہ اگر مقدمہ زیر تفتیش ہو تو اسے disorderly person قرار دے دیا جائیگا خواہ وہ سیاسی اختلاف کی بنا پر ہی

کیوں نہ ہو اور اس طرح اسکی جائیداد کو acquire کر لیا جائے گا ۔ یہ نہایت زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دفعہ ۱۸ کے تحت کسی بھی شخص کو ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ملک صاحب کیا مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ دفعہ ۸۷ ۔ اور ۸۸ کے تحت کسی کی جائیداد قرق کی جا سکتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ قرق نہیں ہو سکتی اگر وہ شخص حاضر ہو جاتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے لفظ "ضبط" استعمال نہیں کیا ۔ رانا صاحب کریمینل پروسیجر کوڈ سے واقف نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ اگر کوئی شخص abscond کرے اور پولیس کے سامنے appear نہ ہو تو اس کی جائداد attach کی جا سکتی ہے ۔ تو ان دفعات کو Disorderly Persons ایکٹ میں من وعن شامل کر دیا گیا ہے ۔ اور کوئی تحفظ اس قانون میں کسی شخص کو حاصل نہیں ہے ۔ اور اگر کوئی انسپکٹر کسی شخص سے ناراض ہو جائے تو اس میں ضمانت کا بھی پراویژن نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ مجھ سے یہ فروگذاشت ہو گئی ہے اور میں نے ابتک یہ نہیں بتایا کہ اس قانون میں اپیل کا پراویژن نہیں ہے اور نہ ضمانت کا پراویژن ہے اگر انسپکٹر صاحب چاہیں تو اس کی ضمانت لیں اور اگر وہ چاہیں تو اس کو جیل میں رکھیں یا اگر کوئی شخص قانونی چارہ جوئی کے لیے روپوش ہو تو اس کی تمام کی تمام جائیداد جس میں میں سمجھتا ہوں کہ immovable پراپرٹی نہیں بلکہ movable پراپرٹی بھی مثلاً کسی کا گھوڑا یا کسی کا ہاتھی بھی ضبط کیا جاسکتا ہے آپ اندازہ کیجئے کہ سول پروسیجر کوڈ ۱۹۰۸ء کے تحت کسی کا گھر اور اس کا تمام bag and baggage حتیٰ کہ سوئی تک قرضے کی

صورت میں مستثنیٰ ہے لیکن اس دفعہ کے تحت وہ عارضی طور پر ہی سہی لیکن attach کی جا سکتی ہے ۔ آپ اندازہ فرمایئے کہ اس کے لئے tribunal ایک ڈائرکشن جاری کرسکتا ہے پھر اس کے بعد ایک اور قابل اعتراض بات ہے اور ۱۸ (بی) میں ہے یعنی یہ چیز آفیشل گزٹ میں چھاپی جائے گی کہ فلاں شخص فلاں عدالت میں اس tribunal کے ڈائرکشن کے تحت پیش ہو اور اگر وہ نہیں حاضر ہوا تو اس کی جائیداد کو دفعہ ۸۷ - ۸۸ - اور ۹۹ - کے تحت attach کیا جا سکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ اگر میرے متعلق اسطرح کا گزٹ notify کر دیا جائے تو کیا یہ طریقہ درست ہوگا اور کیا ہمارے اسمبلی کے ممبران گزٹ پڑھتے ہیں اور کیا ان کو گزٹ پڑھنے کے لئے وقت ہے یا یہ گزٹ پڑھنے کے لئے وقت نکال سکتے ہیں اگر میرے لئے گزٹ میں یہ نکال دیا جائے تو میں کیا گزٹ پڑھتا ہوں میرے پاس گزٹ پڑھنے کے لیے وقت ہی نہیں ہے ۔ بہر حال اگر میرے لئے گزٹ notification کر دیا جاتا ہے کہ تم فلاں جگہ حاضر ہو اور اگر حاضر نہ ہو گے تو تمہارے خلاف دفعہ ۸۷ - ۸۸ - اور ۹۹ - کے تحت کارروائی کی جائے گی میں نہیں سمجھتا کہ یہ قانون کس نے لکھا اور کیوں بنایا ہے اور اس کا کیا purpose تھا ۔ کیا کراچی میں لوٹ کھسوٹ جاری تھی - ۱۹۵۲ء میں الیکشن کا دھندا ضرور تھا تو اسوقت سابق بدنام سیاستدانوں نے جو ان کی نظر میں بدنام سیاستدان ہیں انھوں نے اس کو نافذ کیا ہوگا اور آج یہ نیک نام سیاستدان اس قانون کو continue کرنا چاہتے ہیں جس میں نہ تو کسی کا شخصی تحفظ ہے اور نہ کسی کی جائیداد کا تحفظ ہے اور سزائیں ہر جگہ کم وبیش چار گنا بڑھا دی گئی ہیں بلکہ ایک ماہ کی دو سال کر دی گئی ہیں اور اکثر سزائیں دو سال سے بڑھاکر ۵ سال کر دی گئی ہیں ۔ کریمینل پروسیجر کوڈ میں کوئی ایسی دفعہ

موجود نہیں ہے کہ کسی کو اس طرح notify کرکے پکڑا جا سکے ۔ اور bailable یا non-bailable وارنٹ بھی جاری کیا جا سکے یا اگر کوئی abscond کرے گا تو اس کی جائیداد کو ضبط کیا جا سکے گا ۔

اس سے بھی بری دفعہ ۱۹ ہے ۔ ۔ ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ملک محمد اختر اس وقت relevant نہیں ہیں کیوں کہ وہ اس پر بولنے کے بجائے original ایکٹ پر بول رہے ہیں یہ بالکل غلط ہے کہ وہ ہر دفعہ کو علیحدہ علیحدہ لے کر تقریر کریں میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے ۔ چونکہ اس آرڈیننس میں صرف ایک فقرہ کو replace کیا گیا ہے اس کو وہ زیر بحث نہیں لاتے ہیں اور اس کے بجائے وہ تمام ایکٹ کو اور اس کی تمام دفعات کو زیر بحث لا رہے ہیں میرے خیال میں یہ غلط ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں کہا گیا ہے کہ دفعات پر مکمل بحث کی جا سکتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے آج جو رولنگ دی ہے اس میں آپ نے اس حق کو مانا ہے ۔ یعنی وہی دفعات جن پر بحث کی جا سکتی ہے یہ وہ ہیں جن پر انہوں نے ترمیم کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے مگر وہاں انہوں نے operative clause پر مکمل بحث کا حق دیا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ یہ چاہتے ہیں کہ وہ disapproval کے باوجود بھی بولیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں اس کے لئے بھی حاضر ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ۔ رائے منصب علی خان کا مطلب ہے کہ آپ refer کر سکتے ہیں بول نہیں سکتے ۔

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - disorderly person کے متعلق پھر وہ یہ فرماتے ہیں کہ اس کی فوٹو اور finger print لئے جائیں گے - یہ کن کے لئے جاتے ہیں ان لوگوں کے کہ جن کے خلاف کریمنل پروسیجر کوڈ یا تعزیرات پاکستان کے تحت کسی عدالت میں نالش کی گئی ہو - شکایت کی گئی ہو اور عدالت مقدمہ کی سماعت کے بعد ملزم کو سزا دے دیتی ہے - تو جناب سپیکر - اس قانون کے تحت کسی بیان پر بلا شہادت کے کسی کو disorderly person کر کے نہ صرف اس کو notify نہیں کیا جائے گا بلکہ اس کے فوٹو اور finger print بھی حاصل کئے جائیں گے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس بے گناہ شخص کو victimize کرنا ہے - آپ جناب سپیکر - پولیس کی پاورز اس قدر وسیع کر رہے ہیں کہ جن کی وجہ سے آزادی کا نام و نشان کراچی میں ختم ہو کر رہ جائے گا - جناب سپیکر - اس کے بعد میں اگلی دفعہ پر آتا ہوں - وہ ذراسی دفعہ ہے اور وہ دفعہ ۲۰ ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - انشا اللہ آپ اسی طرح آہستہ آہستہ دفعہ ۱۱۰ پر بھی پہنچ جائیں گے -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - اس دفعہ کی اجازت دیں -

Section 20 of the Karachi Control of Disorderly Persons Act, 1952.

> "Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, every offence punishable under this Act, shall, within the meaning of the Code of Criminal Procedure, 1398, be cognizable and non-bailable."

جناب سپیکر - قابل دست اندازی پر مجھ کو اختلاف نہیں ، مگر مجھے جرم کے ناقابل ضمانت ہونے پر اعتراض ہے - کسی نحش لٹریچر کو کسی وقت بھی چھاپہ مار کر پکڑا جا سکتا ہے مگر جو شخص disorderly گردانا جا چکا ہے اور اگر اس کا کوئی جرم ہے اور اس کو سزا دی جا

چکی ہے تو اس کے جرم کو ناقابل ضمانت بنانا یہ بہت سخت بات ہے ۔ میں تمام دفعات کو دھرانا نہیں چاہتا ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آخر اسے کیوں ناقابل ضمانت بنایا جا رہا ہے ۔ پھر کوئی safeguard نہیں ہیں محض انسپکٹر کی اطلاع پر اسے prosecute کرنا اور جرم کو ناقابل ضمانت بنانا اور انسپکٹر کی اطلاع پر prosecute کرنا یہ محض زیادتی ہے ۔

چلئے ہم آپ کے مفروضہ سے اتفاق کرتے ہیں کہ انسپکٹر کو یہ اختیارات دے دئے جائیں ۔ کلکٹر اور ڈی ۔ ایم کراچی میں دو اچھے بھلے calibre کے افسر ہوں گے جو اس پر کارروائی کرینگے ۔ جب آپ اسے قابل دست اندازی پولیس جرم قرار دیتے ہیں ۔ چلئے وہ تو کوئی بات نہیں لیکن اس کے ساتھ اسے ناقابل ضمانت جرم قرار دینا شہری آزادی پر سرا سر چھاپہ ہے اور آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق سے انحراف ہے ۔ یہ چیز نہایت ہی قابل اعتراض ہے ۔ اب تو شاید ہم اس میں ترمیم نہیں لا سکیں گے ۔ مگر یہ جو ناقابل ضمانت کے الفاظ ہیں اس پر مجھے بڑا اعتراض ہے ۔ اب جناب والا ایک اور دفعہ ہے دفعہ ۱۶ ۔ اس میں یہ ہے کہ اس کے خلاف کوئی اپیل نہیں ہو گی ۔ جناب سپیکر ۔ پھر یہ کہتے ہیں کہ اس ایکٹ کے تحت جو بھی دیوانی یا فوج داری کارروائی کی جائی گی جیسے کسی کی شخصی آزادی یا کسی کی جائیداد کے متعلق تو action لینے والے کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جا سکے گی ۔ اس سے تو بہتر تھا کہ وہ کراچی میں Frontier Crimes Regulation Act لگا دیتے پھر مجھے کوئی اعتراض نہ ہوتا کیوں کہ اس میں بھی کچھ تحفظات موجود ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا اگر تو یہاں پر یہ لفظ ہوتے ۔

In respect of any property.

پھر تو معاملہ ٹھیک ہوتا ۔ یعنی اس دفعہ کے متعلق

any action taken cannot be challenged.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب کون سی دفعہ کے متعلق فرما رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر دفعہ ۲۱ کے تحت کوئی افسر کوئی action لے تو اس کے حکم کو کسی دیوانی یا فوجداری عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا ۔ میری مراد یہ ہے کہ سرکاری افسروں کو کریمنل پروسیجر کے تحت یہ تحفظ دیا گیا ہے

'for action taken in good faith'

مگر یہاں پر وہ الفاظ lacking ہیں ۔

It may be taken in bad faith. It may be taken maliciously or it may be taken dishonestly.

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کسی ایسے افسر کو یہ تحفظ دینا جو اپنی رپورٹ کی بنا پر کسی شخص کی شہری آزادی یا جائیداد کو سلب یا ضبط کر سکتا ہے بہت نامناسب ہے ۔ فرض کیجئے وہ کسی کی ایک لاکھ کی movable پراپرٹی ضبط کرتا ہے اور اس میں سے وہ افسر ۲۵ ہزار کی پراپرٹی خورد برد کر جاتا ہے تو اگر وہ دفعہ ۲۱ کے تحت یہ کہے کہ اسے یہ تحفظ حاصل ہے اور اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جا سکتی تو میرے خیال میں وہ حق بجانب ہے ۔ یہ شہری حقوق پر ایک بہت بڑا کلہاڑا چلا دیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میرا پوائنٹ یہ ہے کہ اگر کوئی افسر m.licio.sly اور dishonestly کسی کام کو کرے تو بھی اس دفعہ کے تحت اس کے خلاف کوئی دیوانی یا فوجداری کارروائی نہیں کی جا سکتی ۔ میرے خیال میں اس قانون کو کسی ایسے شخص نے مرتب کیا ہے جسے یہاں کے حالات سے واقفیت

نہیں ہو گی ۔ یا یہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے وقت کا کوئی قانون ہوگا جس کا انہوں نے چربہ اتارا ہے ورنہ دوسرے قوانین میں یہ واضح دفعہ موجود ہے کہ اگر کوئی افسر in good faith کوئی کام کرے گا تو اسے ایسا تحفظ حاصل ہو گا ۔ لیکن یہاں پر بغیر ایسی شرط کے سرکاری افسروں کو مامور کر دیا گیا ہے کہ ان کے خلاف کوئی سول یا کریمنل کارروائی نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ۔ اب میں اس دفعہ کو بھی چھوڑتا ہوں ۔ آگے اس سے بھی زیادہ over-riding دفعہ ہے اور یہ دفعہ ۲۲ ہے اور وہ یہ ہے کہ اس قانون کی دفعات یا جو Order یا Act اس قانون کے تحت جاری کیا گیا ہو ۔ یہ دفعہ میں ساری نہیں پڑھ رہا ۔ غالباً چوتھی لائن سے پڑھ رہا ہوں ۔

> ".....notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any enactment, other than this Act, for the time being in force, and in any instrument having effect by virtue of any such enactment other than this Act."

یعنی اس ایکٹ کے تحت جہاں افسروں کو مامور کر دیا گیا ہے وہاں یہ بھی کر دیا گیا ہے کہ ہر وہ آرڈر جو اس قانون کے تحت پاس کیا جائے گا خواہ وہ دوسرے قوانین کے خلاف جائے یا ان سے ٹکرائے وہ over-ride کرے گا ۔ گویا اس قانون کو کراچی میں باقی تمام نافذ العمل قوانین پر فوقیت حاصل ہوگی ۔

کریمنل پروسیجر کوڈ اور سول پروسیجر کوڈ کی دفعات جو ہیں ان سے میری مراد نہیں یہاں ۱۲۳ میں پروانشل لاز کو over-ride کیا جاتا ہے ۔ کراچی میں جو پروانشل لاز اس وقت inforce ہیں ان کو بھی غیر موثر کردیا گیا ہے ۔ اس میں inconsistency ہے ۔ یہ سراسر زیادتی ہے ۔ جتنی اس قانون کی دفعات ضروری ہیں اتنی ہی وہ دفعات

harsh ہیں اور اصولوں سے انحراف کرتی ہیں ۔ اب جناب والا ۔ دفعہ ۲۳ کے متعلق عرض کروں گا ۔ جو یہ ہے ۔

"23.-(1) A breach of any order made under clause (1) (c) or clause (2) (a) or clause (2) (b) of section 13 shall be punishable with imprisonment of either description which in the case of a disorderly person may extend to one year and in the case of a dangerous disorderly person to three years."

اب مجھے تھوڑا سا reference دفعہ ۱۳ کا بھی دینا ہوگا ۔ اس میں بہت سی پابندیاں ہیں کہ وہ شخص علاقہ سے باہر نہ جائے یا اس کو شہر بدر کردیا جائے ۔ اگر ایک شخص ان پابندیوں کی خلاف ورزی کرتا ہے تو اس کو مزید ایک سال کی سزا دی جاسکے گی میں سمجھتا ہوں یہ معاملہ انتہائی غیر جمہوری ہے ۔ اور آپ کو اس کے لئے یہ دفعہ حذف کرنی چاہیئے دفعہ ۲۴ یہ ہے کہ ایک گزیٹڈ پولیس آفیسر کو پروبیشن آفیسر مقرر کیا جائے گا اور اس پروبیشن آفیسر کا کام یہ ہوگا کہ وہ disorderly person یا dangerous disorderly person کو prevent کرے کہ وہ دوسرے usefull شہریوں کے ساتھ associate نہ کرسکے ۔ جناب والا ۔ آپ بتائیں کہ ایک آدمی جس کی بدبختی یہ ہے کہ واقعی عادی مجرم ہے اگر اس نے کوئی function attend کرنا ہے یا کسی جنازہ میں جانا ہے تو پروبیشن آفیسر جب اس کو اجازت دے گا تب وہ function attend کرسکے گا ۔

نوبزادہ رحمدل خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کا بنیادی اعتراض اس ترمیم میں یہ ہے کہ تمام ایکٹ میں "equality before law" نہیں ہے ۔ اور یہ آئین قران و سنت کے بھی خلاف ہے ۔ میں حاجی عطا محمد صاحب کی وہی آیت دہراتا ہوں جو وہ پڑھتے ہیں "لما تقولون مالا تفعلون" (آپ وہ بات نہ کریں جس پر خود عمل نہ کرتے ہوں) ہم ۱۵۵ ممبر ہیں اور یہ تمام دن بولتے رہتے ہیں کیا یہ

equality ہے ۔ (قہقہہ)

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر آپ یہ یقین دلائیں کہ آپ آئندہ باقاعدہ اسمبلی کی کارروائی میں پوری دلچسپی لیا کریں گے اور اپنے ضمیر کی آواز بیان کیا کریں گے تو میں ملک اختر صاحب سے ضرور التجا کروں گا کہ وہ اپنی تقریر مختصر کیا کریں ۔

وزیر خزانہ ۔ یہ ''ضمیر'' کا لفظ واپس لیں That should be withdrawn.

رانا پھول محمد خان ۔ ان کو قابلیت کی بدھضمی ضرور ہے ۔ میں کہتا ہوں سب لوگ قابل ہیں ۔ ضمیر ہمارے ساتھ ہے ۔ اپنے ضمیر کی آواز ہی بلند کرتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حمزہ صاحب ''ضمیر'' کے متعلق جو الفاظ آپ نے کہے ہیں ان کو آپ واپس لیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں وہ حصہ واپس لیتا ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ایک ''نگران'' مقرر کر دیا گیا ہے ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ آنریبل ممبر نے غلط بیانی کی ہے ''مکران'' کراچی میں نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ رانا صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں عرض کررہا تھا کہ پروبیشن آفیسر یہ watch کرے گا کہ good behaviour کا جو بانڈ دیا ہوا ہے اس کی execution پوری ہو رہی ہے یا نہیں ۔ جب وہ satisfy ہو جائے گا تو وہ سفارش کرے گا کہ اس کا behaviour درست ہو گیا ہے اور اس

disorderly person کو ڈسچارج کر دیا جائے گا ۔ جناب والا ۔ مکمل hold تو A to Z پولیس کا ہے ۔ چالان کرے پولیس ۔ آگے ٹریبونل میں سزا دلوائے پولیس اور وہ شخص ایک زندہ لاش کی طرح پولیس کے ہاتھوں میں دے دیا جائیگا ۔ جس کو disorderly person قرار دیا جائیگا ۔ مجھے اس امر سے اختلاف ہے جب آپ اتنے وسیع اختیارات پولیس کو دینا چاہتے ہیں تو کیا پروبیشن آفیسر علاقے کے مجسٹریٹ کو مقرر نہیں کیا جاسکتا ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو پروبیشن آفیسر مقرر نہیں کیا جاسکتا ۔ سیشن جج کو پروبیشن آفیسر مقرر نہیں کیا جاسکتا ۔ پولیس پر زور دینے کے متعلق میں کہوں گا کہ

وہی قاتل وہی شاہد وہی منصف ٹھہرے
اقربا میرے کریں خون کا دعویٰ کس پر

وہ پروبیشن افیسر سفارش کرکے periodical report دفعہ ۲۵ کے تحت کرے گا ۔ بلکہ وہ شخص جہنم میں ہی رہے گا ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب معزز ممبر صاحب غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں ۔ اس قانون میں کہیں یہ چیز درج نہیں میں سمجھتا ہوں اس ہاؤس میں غلط بیانی کرنا درست نہیں یہ کہنا کہ جہنم میں رہے گا اس میں جہنم کا کوئی ذکر نہیں ہے ۔ اور نہ ہی جہنم کی کوئی سزا ہے ۔ اس لئے آپ انہیں فرمائیں کہ وہ غلط بیانی سے کام نہ لیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ انہوں نے مثال کے طور پر فرمایا ہے ۔ ملک صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

کتابیں میں نے پڑھی ھیں ۔ میں انہیں یہاں اردو کا سب سے زیادہ محافظ گردانتا ھوں لیکن میں سمجھتا ھوں اگر میں اس سے بھی پیچھے جاؤں تو اس وقت ۳۰ دسمبر ۱۹۰۶ء میں نواب وقار الملک کی صدارت میں میٹنگ ھوئی مسلم لیگ جس نے پاکستان بنایا سب اس کے followers ھیں ۔ اب کوئی کنونشن لیگ کے نام پر ھے کوئی کونسل مسلم لیگ کے نام سے ھے ۔ اس وقت ریزولیوشن کا سب سے بڑا حصہ اردو کے تحفظ کے لئے تھا ۔ مسلمانوں کی تہذیب اور مسلمانوں کی ثقافت کو بچانے کے لئے تھا ۔ ۱۹۲۹ء کی بدنام نہرو رپورٹ جس نے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچائی جس کے جواب میں ۱۴ نکات حضرت قائد اعظم نے پیش کئے ۔ وہ بھی مسلمانوں کی ثقافت اور مسلمانوں کے حقوق علیحدہ مانگتے تھے جس میں جداگانہ انتخاب بھی شامل تھا ۔ اس کی بنیاد بھی یہی تھی کہ ھماری ھی نہیں بلکہ ھندوؤں کی اور ھماری مشترکہ زبان اردو تھی جس پر ھندوؤں نے انگریز کی شہ پر انگریز کے بل بوتے پر مخالفت شروع کر رکھی تھی ۔ ان ۱۴ نکات میں اگر آپ دیکھیں تو آپ یہ پائیں گے کہ حضرت قائد اعظم نے قومی زبان کے تحفظ کے لئے کیا اقدامات کئے ۔ علامہ اقبال سب سے زیادہ اس زبان کے حامی تھے ۔ ان کی تمام شاعری اردو میں بھی ھے اور فارسی میں بھی ھے لیکن انہوں نے اس کے متعلق مقالے لکھے ۔ انہوں نے متعدد بار ان اصولوں پر زور دیا کہ اردو زبان کا تحفظ اور بقا ضروری ھے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد میں یہ گذارش کروں گا کہ ۱۹۳۵ء میں ھماری مسلم لیگ کا جو منشور تھا ۔ (میں اس کی تفاصیل میں نہیں جاتا

کیونکہ قائد حزب اختلاف ان تفاصیل پر بات کر چکے ہیں) ۔ اس منشور میں واضح طور پر اردو کا تحفظ موجود تھا ۔ جداگانہ انتخاب اور اردو کا تحفظ دو ایسی چیزیں تھیں جو ۱۹۴۰ء کے ریزولیوشن کا باعث بنیں کیونکہ ۱۹۴۰ء میں ہماری قوم نے ایک علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے بعد ۱۹۵۸ء میں ایک کمیشن بنایا گیا جو اپنی رپورٹ پیش کر چکا ہے اور اس پر تاحال گزشتہ آٹھ نو سال سے عمل نہیں ہوا ۔ میں نہیں سمجھتا اور مجھے آج دکھ اور افسوس ہوا ہے (میں جنرل پرنسپل کے متعلق وضاحت کر چکا ہوں) اب اس ترمیم کے متعلق بات نہیں کروں گا جو حکومتی طبقہ کی طرف سے پیش کی گئی ہے میری مراد اس ترمیم سے ہے .....

مسٹر سپیکر ــ ملک صاحب آپ بات کرنا بھی نہیں چاہتے ہیں اور کر بھی رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ میں عرض کرتا ہوں کہ .....

Mr. Speaker : That is not the principle of the bill.

ملک محمد اختر ــ بہت اچھا جناب ۔ اگر برسر اقتدار طبقہ حکومت کی اکثریتی پارٹی اب بھی صف میں نہیں تو یہ ترمیم میرے ہاتھ میں ایک زندہ ثبوت ہے کہ وہ نہیں چاہتی ہے کہ اردو کو رائج کیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس سے زیادہ ایوان کا وقت نہیں لینا ہے اور مجھے

صرف یہ گذارش کرنی ہے کہ مجھے ان اصولوں سے اتفاق ہے ۔ قائد حزب اختلاف نے اس فروگذاشت کی جو ہمارے منہ پر ایک کھلا طمانچہ ہے نشاندھی کی ہے ۔ آج ان لوگوں کی روحیں ان لیڈروں کی روحیں جو اردو کی بقا اور ترقی کے لئے چلاتے رہے ہیں اور جبکہ پاکستان بن چکا ہے وہ ہمارے متعلق کیا کہتے ہوں گے اور دنیا ہمارے متعلق کیا کہے گی اگر ہم نے اس میں ذرا سی بھی تاخیر کی ۔ اس لیے میں اس بارے میں خواجہ صاحب کا ہمنوا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور—٦) ۔ جناب سپیکر ۔ ١٩٦٤ء میں اس معزز ایوان کے ایک معزز رکن نے جن کو کہ اس بل کو اس ایوان میں پیش کرنے کا شرف حاصل تھا ۔ یہ فرمایا تھا کہ ''اردو زبان کا بل حکومت کے حلق میں اٹکا ہوا ہے ۔ نہ یہ اسے اگل سکتی ہے اور نہ ہی نوکر شاہی اسے ہضم کرنے دیتی ہے''۔

جناب سپیکر ۔ بعض اوقات انسان ایسی باتیں کہہ دیتا ہے کہ کئی سال گذرنے کے بعد وہ بالکل درست اور صحیح ثابت ہوتی ہیں ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ حزب اختلاف کی طرف سے اس قسم کی شکایت کہ ملک کے ہر حلقے کی طرف سے ایکہ متفقہ مطالبہ کے باوجود ہماری حکومت ہمارے اس ملک کے اہم ترین مسئلے کو حل کرنے کے لیے آج بھی تیار نہیں ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ بعض مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ ان پر انتہائی ٹھنڈے دماغ کے ساتھ سوچنا ہوتا ہے اور اسکے تمام پہلوؤں کا

جائزہ لینا ہوتا ہے ۔ لیکن محض اسکے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کا بہانہ کرکے کسی اہم مسئلے کو ہمیشہ ٹالتے رہنا اور خاص طور پر ایک قومی زبان کے مسئلے کو اس سے بڑی زیادتی قوم کے ساتھ اور کوئی نہیں ہو سکتی ۔ میرے نزدیک قومی زندگی میں بعض ایسے مواقع آتے ہیں جبکہ ہمیں مصلحت کو یا مصلحت پرستی کو چھوڑ کر حقائق سے دو چار ہو کر ایک خاص فیصلہ کرنے کے لیے لازمی طور پر تیار رہنا چاہیے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ اکثر لوگ زمانے کے ساتھ چلنے کو کامیابی سمجھتے ہیں ۔ لیکن دنیا میں انہی لوگوں یا انہی قوموں کو رہنے کا حق حاصل ہے جو زمانے کے ساتھ محض بزدلانہ چلنا پسند نہیں کرتے ہیں بلکہ زمانے کو اپنے ساتھ چلاتے ہیں ۔ میرے خیال میں کسی شخص کو بھی اس بات سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ہماری اسلامی جمہوریہ پاکستان میں انگریزی زبان کو جو بھی مقام حاصل ہے وہ غلامی کے زمانے کی یادگار ہے اور یہ انتہائی دکھ کا مقام ہے کہ ہماری حکومت غلامی کے زمانے کی یادگار کے پھٹے کو گلے میں لٹکائے رکھنا اپنے لیے باعث عزت سمجھتی ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جیسا کہ قائد حزب اختلاف کی طرف سے پیش کردہ مسودہ قانون سے ظاہر ہے کہ اگر ہم اردو زبان کو ایک سال کے بعد سرکاری زبان بنا دیں گے تو اس سے قومی زندگی میں بہت ہی اہم مسائل پیدا ہونگے ۔ لیکن میرے نزدیک کسی اہم مسئلے کا فیصلہ اس لیے نہ کرنا کہ اس فیصلے سے بہت سے مسائل پیدا ہوں گے اور خاص طور پر ایک ایسا مسئلہ جو کہ زندگی کے تمام پہلوؤں کو اپنے گھیرے میں لئے ہوئے ہو

جس سے کہ قوم کی ذہنی نشو و نما رکی ہوئی ہو - جس سے کہ قومی وقار کو ٹھیس پہنچی ہو - جس مسئلے کے حل نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا قومی ذہن غلامی کا شکار ہوا ہو محض چند مسائل کی نشاندھی کرکے اس کو ٹالتے جانا انتہائی زیادتی ہے - چند افراد نے ، چند اقوام نے بعض چیزوں کو اپنی قومی زندگی کے لیے مناسب سمجھا اور انھوں نے تمام خطرات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ اگر اس مقصد کو جس مقصد کے لئے وہ لڑتے رہے ہیں - حاصل کرنا بیحد ضروری ہے اور خاص طور پر وہ مقصد جو بہت عظیم ہو ، اس کے لئے چھوٹی موٹی قربانی یا مشکل سے بھاگنا ایک آزاد اور باوقار مملکت کے اور اس کی آبادی یا حکومت کے لیے باعث عزت نہیں ہے - آج ہمارے ہاں اس قسم کے لوگوں کی کمی نہیں ہے کہ جو انگریزی اور صرف انگریزی کو اپنے لئے اور اس قوم کے لئے دنیا اور عقبیٰ کی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں - اور حکومت نے جس طرح اس مسئلے کو روز بروز ٹالنے کی کوشش کی ہے اس سے ظاہر ہے کہ وہ لوگ جو اسے اپنی دنیا اور عقبیٰ کی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں حکومت ان کے ہاتھ میں کھیل رہی ہے - ہماری حکومت کو یہ احساس ہونا چاہیے کہ اگر یہ ملک اپنے آپ کو سیاسی طور پر ایک آزاد مملکت کہلوانا چاہتا ہے یا یہ کہ آزاد مملکت کہلانے کا دعویدار ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اگر ہم صحیح معنوں میں انگریزوں کی ذہنی غلامی سے آزادیٔ حاصل نہ کریں گے تو ہمیں ایک آزاد مملکت کہلانے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے ہم اور ہمارے حکمران بلکہ ساری قوم ، نہ صرف مغرب پرستی کا شکار

ہے بلکہ عملاً سب لوگ مغرب زدگی کا بھی شکار ہیں اور میں یہ انتہائی افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ آج اس ایوان میں جب ہمارے قائد ایوان جناب ملک خدا بخش بچہ صاحب تقریر فرما رہے تھے تو ہمیں یہ خوشخبری بھی سننی نصیب نہیں ہوئی کہ اردو زبان کو جو کہ ہماری قومی زبان ہے اس کو مناسب اور جائز مقام ہی دے سکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے قومی وقار کے لیے بھی یہ لازمی ہے کہ ہم اردو کو فوری طور پر قومی زبان بنا لیں ۔ جناب قائد ایوان کو یہ علم ہوگا اور میں یہ حقیقت بیان کرتے ہوئے ان کے علم میں اضافہ نہیں کر رہا لیکن میں ان کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اسرائیل نے جو کہ ایک بہت ہی چھوٹی مملکت ہے اس مملکت کے قیام کے بعد دس سال کے اندر اندر عبرانی یونیورسٹی قائم کی اور یہ مملکت جب معرض وجود میں آئی تو اس وقت صرف بارہ افراد ایسے تھے جو کہ عبرانی زبان جانتے تھے ۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کو یہ بھی یاد ہوگا کہ ہمارے عظیم دوست ہمارے دینی بھائی ترک جب انہوں نے انگریزوں سے ٹکر لی اور قومی وقار اور عزت کے لیے جنگ لڑی اور جب مصطفیٰ کمال برسر اقتدار آئے تو انہوں نے ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر ترکی زبان کو وہی مقام دے دیا جو اس کو حاصل ہونا چاہئے تھا ۔ وہ محض قومی زبان نہیں تھی بلکہ اس کو دفتری زبان بھی بنایا گیا ۔ ان لوگوں نے ایسے اقدامات کئے کہ آج تک تاریخ میں ان کو نیک الفاظ سے یاد کیا جاتا ہے ۔

میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں التجا کروں گا کہ قومی زبان

کے سلسلہ میں زبانی جمع خرچ سے کوئی فائدہ نہیں ۔ وہ قومیں جو دنیا میں انتہائی کٹھن حالات اور مشکلات میں تھیں اور دشمنوں سے گھری ہوئی تھیں انھوں نے قومی وقار کے لیے جدوجہد کی اور تمام قسم کی مشکلات اور مصائب کو نظر انداز کرکے چھلانگیں لگاتے ہوئے آگے بڑھ گئیں ۔ انھوں نے ایسے حالات سے جنگ کرنے کو اپنا فرض سمجھا ۔ کیونکہ یہ زیست کے لیے لازم تھا ۔ چنانچہ وہ تمام مشکلات پر عبور حاصل کر کے کامیاب ہوئیں اس کے ساتھ ساتھ جناب قائد ایوان کو علم ہوگا کہ انڈونیشیا جو ایک اسلامی ملک ہے جس کے ساتھ ہمارے گہرے تعلقات ہیں ۔ اگر آپ ان کی تاریخ کو دیکھیں اس کو آزاد ہوئے پاکستان کے مقابلہ میں کم عرصہ گذرا ہے ۔ آزاد ہوتے ہی سب سے پہلے جو اقدامات کئے وہ قومی لحاظ سے نہایت اہم تھے ان میں اولین مسئلہ انڈونیشی زبان کو قومی اور دفتری زبان بنانا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے جب یہ مسودہ قانون اس ایوان میں پیش کیا گیا تو حکومت نے مختلف محکموں کو مختلف اداروں کو یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں کو اور ہائی کورٹ کے ججوں کو ارسال کیا تاکہ ان سے رائے لی جائے کہ اس قانون کے نفاذ سے اردو کو قومی زبان بنانے کے سلسلہ میں جو مسائل درپیش ہوں ان کے بارے میں ان کی کیا رائے ہے اور یہ کہ اس کے لئے کتنا عرصہ مناسب سمجھتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جہاں تک میرا ذاتی خیال ہے اگر اس وقت میں یہ

کہتا ہوں کہ حکومت اس مسودہ قانون کو مختلف اداروں یا افراد کے پاس محض اس لیے بھیج رہی ہے کہ وقتی طور پر ٹال دیا جائے تو مجھ پر الزام لگایا جاتا کہ حکومت کی نیت پر حملہ کیا ہے ۔ لیکن آج یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ حکومت نے اس مسودہ قانون کو محض اس غرض سے اداروں اور افراد کے پاس بھیجا تاکہ اسے ٹالنے اور نافذالعمل نہ کرنے میں کامیاب ہو ۔

جناب سپیکر ۔ جناب قائد ایوان اور معزز ارکان کو علم ہوگا کہ مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں نے ہائی کورٹ کے ججوں کی بڑی اکثریت نے تعلیم کے ماہرین نے بھی اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے یہ رائے دی تھی کہ ہماری حکومت جتنی جلدی اردو کو قومی زبان بنائے گی ہمارے ملک کو اس سے اتنا ہی فائدہ ہوگا ۔ لیکن تعلیم کے ماہرین ہی نہیں نوکر شاہی کے بڑے بڑے نمائندوں نے جن کے دلوں میں قومی درد تھا جن کو قومی مفاد عزیز تھا یہ فرمایا تھا کہ علامہ رحمت اللہ ارشد نے جو مسودہ قانون اردو زبان کو دفتری زبان بنانے کے لئے پیش کیا ہے وہ نہایت ضروری ہے ۔ ملتان ڈویژن کے کمشنر صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ اس میں اردو کو جو دفتری زبان کا درجہ ایک سال کے اندر اندر دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے یعنی ۱۹۶۴ء میں اردو کو مکمل طور پر دفتری زبان بننا چاہئے ایک سال کی بجائے تین سال کر دیا جائے یا وقفہ بڑھا دیا جائے۔ وہ چاہتے تھے کہ ۱۹۶۴ء کی بجائے ۱۹۶۶ء میں مکمل ہو جائے ۔ لیکن افسوس ہے کہ ۱۹۶۶ کی بجائے آج ہم ۱۹۶۷ء میں زندہ ہیں اور حکومت

یہ چاہتی ہے کہ ابھی ہم کم از کم یہ طے کر لیں کہ ۱۹۷۲ء تک اردو کو یہ مقام دے دیں - معلوم ہوتا ہے وہ شاید یہ وقفہ بھی مقرر کرنے کو تیار نہیں - پھر خدا جانے بیسویں صدی کے اختتام تک اردو کو دفتری زبان بنائیں گے یا نہیں - اس سے بڑی زیادتی اور کیا ہو سکتی ہے -

وہ اس چیز کی ضمانت چاہتے ہیں کہ ۱۹۷۲ء تک اس کو وہ مقام نہ دیا جائے جس کی وہ مستحق ہے اس لیے ہماری حکومت اردو کو وہ مقام دینے کے لیے وقت مقرر کرنا نہیں چاہتی -

جناب سپیکر - اس سلسلہ میں کمشنر خیر پور کی رائے پڑھ کر سناتا ہوں جو انہوں نے ۱۹۶۳ء میں دی تھی -

"Since Urdu has been recognised as the national language of Pakistan, it would be only in keeping with our national prestige and dignity to make it an official language. The change over from English to Urdu will, of course, take some time and for that a reasonable time-limit should be fixed to avoid confusion. I feel that serious thought should have been given to this issue and a start made, where feasible, with the establishment of Pakistan. If such a course had been adopted then, and systematically pursued, all the bottenecks, hurdles and difficulties in the way might have been removed or overcome by this time. We cannot bank on English for all times to come. In view of its international importance, however, this language may be made an important secondary language in our institutions and taught to the students. In fact I would even add that side by side with English, all important international languages like French, German, Russian and Chinese should also be taught in our colleges and Unversities wherever possible. Urdu is not only commonly understood in Pakistan but it was a lingua franca of India as a whole when this sub-continent was undivided. Urdu, therefore, deserves to be made official language in West Pakistan, if not in the country as a whole. The time has now

come when we should atleast make a start in this direction and do something about it. The final task may be accomplished after some years but there will be, I think, consolation in the fact that a good beginning has been made."

جناب سپیکر ۔ میں کتاب سے کمشنر خیر پور کی رائے پڑھ رہا ہوں ۔ اگر میں نے پہلے یہ نہ بتایا ہوتا کہ یہ ان کی رائے ہے تو آپ یا اس ایوان کے معزز ارکان یہ سمجھتے کہ یہ کسی آپوزیشن کے ممبر کا قول پڑھ رہا ہوں ۔ مجھے یہ بات انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتی ہے کہ محض عوام میں نہیں محض عام افراد ہی نہیں بلکہ تعلیم کے ماہرین ، جج صاحبان اور ہمارے افسران اور وہ افسران جنہیں قومی غیرت اور حمیت کا احساس ہے جو کہ قوم کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں اور جو قوم کے گلے سے غلامی کا پٹہ اتارنا چاہتے ہیں ان کا بھی یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ حکومت فوری طور پر ایک مسودہ قانون بنائے اور مقررہ مدت کے اندر اندر اردو کو دفتری زبان بنائے ۔ لیکن ہماری حکومت کا طریقہ کار اس سے بالکل مختلف ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس میں شک نہیں کہ جب اس پر عمل کیا جائے گا تو اس میں بعض قباحتیں ضرور ہوں گی اور اس سے بعض مشکلات ضرور پیدا ہوں گی لیکن اس معزز ایوان کے ارکان کو یہ علم ہو گا کہ اس سے ہماری قوم کو جو فائدہ پہونچے گا وہ ان مشکلات کے مقابلہ میں کم سے کم ہزار گنا ہوگا ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں مشکلات کو نظر انداز کرنا چاہئے جہاں ہماری قومی غیرت کا سوال ہو اور ان مشکلات کو بیان کرنا ہماری قومی غیرت کے منافی ہے ۔ گورنمنٹ کو پتہ ہوگا کہ آج سے ۱۰—۲۰ یا ۴۰ سال پہلے اور گذشتہ دور میں اردو کو جب رائج کرنے کا مسئلہ آیا تھا تو اس

سلسلے میں عثمانیہ یونیورسٹی کی مثال آپ کے سامنے ہے اور کراچی میں اردو کالج کے قیام کے بعد میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی شخص کو اب اس حقیقت کے ہوتے ہوئے کسی قسم کا کوئی اعتراض کرنے کی کوئی گنجائش نہیں کہ اردو کو ہم پاکستان میں ایک دفتری زبان کے طور پر اپنا سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ہمارے حکمران ٹولہ کو یہ علم ہونا چاہئے کہ عثمانیہ یونیورسٹی نے اردو کی خدمت کے سلسلے میں جو کچھ بھی کیا ان ایام میں کیا جن ایام میں انگریز ہندوستان پر قابض تھے انگریزوں کے یہاں ہوتے ہوئے ۔ اور ان تمام مشکلات و مصائب اور عملی مجبوریوں کے ہوتے ہوئے جو ایک غلام قوم کو لاحق ہوتی ہیں غرضیکہ اس کے باوجود تھوڑے عرصے میں عثمانیہ یونیورسٹی نے جو کام اردو کی خدمت کے سلسلے میں کیا وہ ہماری حکومت کی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی ہے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری حکومت نے قومی وقار اور قوم کے مطالبہ کو بری طرح نظر انداز کیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس یونیورسٹی کی کارگذاری کی یہ حالت تھی اور اس کی خدمات کا اندازہ آپ اس حقیقت سے لگا سکتے ہیں کہ تھوڑے ہی عرصہ میں چار سو ٹیکنیکل کتب کا اردو میں ترجمہ کیا ۔ ان ٹیکنیکل کتب میں ۲۷۵—اشخاص کی کتابیں تھیں اور اس یونیورسٹی نے تھوڑے ہی عرصہ میں جو افراد پیدا کئے ، انہیں سے بہت سے افراد بعد میں پروفیسر ڈاکٹر انجینرز اور سول آفیسر بنے اور وہ اس وقت بھی پاکستان میں خدمات سر انجام دے رہے ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو کہ ہم اب

بھی سوسائٹی کے بہترین دماغ تصور کرتے ہیں یہ وہ افراد ہیں جن کی قابلیت کے بارے میں کسی شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور ان کی ذہنی تشوونما ان افراد کے مقابلہ میں جنھوں نے انگریزی کالجوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔ کسی لحاظ سے بھی کم نہیں بلکہ کئی لحاظ سے بہتر ہے۔

جناب سپیکر۔ اگر حکومت یہ کہتی ہے کہ اُردو کو رائج کرنے میں بہت مشکلات ہیں تو میں حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کی دو ع لی اس چیز کا بین ثبوت ہے کہ حکومت زبان سے تو کچھ کہتی ہے لیکن ان کا عمل کچھ اور بتاتا ہے آپ کو علم ہوگا کہ حکومت پچھلے سالوں میں مغربی پاکستان میں ان سکولوں کی جہاں ذریعہ تعلیم انگریزی ہے پوری حوصلہ افزائی کر رہی ہے لیکن اس وقت تمام قوم کے مطالبہ کے باوجود حکومت اس قسم کے اداروں کی پوری حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔ بلکہ دوسرے جو عوامی ادارے ہیں جہاں کہ اُردو ذریعہ تعلیم ہے ان کو نظر انداز کرکے ان اداروں پر غیر ضروری نوازشوں کے ساتھ انگریزی کو رائج کرنے کے لئے بڑی بڑی امدادی رقومات دے رہی ہے۔

جناب سپیکر۔ اس بل میں جو مطالبہ کیا گیا ہے وہ ہمارے حالات کے عین مطابق ہے۔ ہم اُردو کو جو اس کا مقام دینا چاہتے ہیں اس سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کرنا چاہئے کہ ہم انگریزی کو جو ایک بین‌الاقوامی زبان ہے اس کے مقام سے گرانا چاہتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ انگریزی کو

جو دنیا میں مقام حاصل ہے ہم اس کو نظر انداز کرکے اپنی قوم کا نقصان کریں گے لیکن میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر ہم اردو کو جو اس کا مقام ہے اور جو مقام اسے حاصل ہونا چاہئے اگر وہ مقام دینے کے لئے تیار نہیں ہیں تو اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہماری قوم کے لاکھوں بچے اپنی ذہنی نشوونما میں اس سے بہت ہی رکاوٹیں پاتے ہیں ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ سائنس کے مضامین میں جب تک آپ کے پاس متبادل اصطلاحات کو استعمال کر سکتے ہیں ۔ میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ نہ ہوں آپ وقتی طور پر انگریزی کی اصطلاحات وہ بچے جن کو کہ آپ غیر ممالک میں اعلیٰ تعلیم کے لئے بھیجنا چاہتے ہیں آپ ان کو بھی انگریزی سکھانے کا انتظام کر سکتے ہیں ۔

آپ ان افراد کو جنہیں بین الاقوامی کانفرنس میں جانا ہو آپ ان کو بھی انگریزی زبان سکھانے کے لئے کچھ نہ کچھ انتظامات کر سکتے ہیں لیکن آپ کے پاس کوئی وجہ جواز موجود نہیں کہ آپ فی الحال مغربی پاکستان میں اردو کو دفتری زبان نہ بنائیں کیوں کہ آپ نے اسمبلی میں بھی فرمایا ہے کہ ہماری قوم ذہنی لحاظ سے دو کشتیوں میں سوار ہے ۔ ہمارے اکثر و بیشتر ارکان اسمبلی جب اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں تو ان کی زبان ٹوٹی پھوٹی ہوتی ہے ۔ ایک دو فقرے انگریزی میں بولتے ہیں اور ایک دو اردو میں اور جو انگریزی میں بولتے ہیں وہ بھی اس میں پوری طرح صحیح معنوں میں اپنے خیالات کا اظہار نہیں کر سکتے ۔ اکثر اوقات وہ غلط سلط بول جاتے ہیں میں پوچھتا ہوں کہ آپ اس بوجھ کو ساری قوم پر

کیوں مسلط کر رہے ہیں اور اس قسم کی زبان جو کہ ان کی اپنی نہیں جو کہ عہد غلامی کی یادگار ہے اور وہ زبان جو غیروں کی ہے اس کے سیکھنے میں قوم اپنی قوت ضائع کر رہی ہے - پہلے تو وقت زبان سیکھنے میں ضائع کریں اور پھر اس کے بعد دوسرے علوم حاصل کرنے میں - جناب سپیکر - اسی طرح دفتروں میں جب آپ کے سامنے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی رائے ہے اور آپ کو یہ علم ہو گا کہ انگریزی کے اس ملک میں آنے سے پہلے اردو کو دفتروں میں وہ مقام حاصل تھا جو کہ اس وقت حاصل نہیں ہے - پاکستان کو معرض وجود میں آئے آج بیس سال گزر گئے ہیں - اگر میں یہ بات کہوں کہ پہلے گیارہ سال تو حکمران پارٹی نے ضائع کر دیے اور اصل ترقی و تعمیر کا کام ۱۹۵۸ء کے بعد شروع ہوا . . . .

وزیر زراعت:- جزاکہ اللہ !

مسٹر حمزہ - سن ۵۸ سے لے کر تقریباً ۱۰ سال گزر گئے ہیں آج اتنے سال گزر چکے ہیں اور حالانکہ بقول حکمرانوں کے تعمیر و ترقی کا کام بہت تیزی سے ہو رہا ہے صدر ایوب جن کو بہت ہی بلند مقام حاصل ہے ، جنہوں نے پاکستان کا نام ساری دنیا میں اونچا کر دیا ہے کے ہوتے ہوئے آپ جیسے لوگ جب کہ حکومتی پارٹی کے ساتھ ہیں، جن کے ذہن بھی صاف ہیں جن کو کہ قومی تقاضوں کا پورا علم ہے جو کہ اپنے آپ کو صحیح معنوں میں عوام کے نمائندے سمجھتے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ جو عوام چاہتے ہیں ہم وہی کرتے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ ہم نے

بین الاقوامی میدان میں ایسے کارھائے نمایاں سر انجام دئے ھیں جن کا پہلے کسی کو خواب بھی نہیں آیا تھا تو پھر کیا وجہ ھے کہ پچھلے ۹—۱۰ سال میں برسر اقتدار رھنے کے باوجود آپ کی حکومت نے جو پہلے کے کئے ھوئے گناہ تھے ان کو ختم نہیں کیا بلکہ آپ نے آگے قدم کیوں نہیں رکھا ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے یہ تاریخی کلمات اس لیے عرض کیے ھیں کہ حکومت کی طرف سے ھمیشہ اس قسم کا دعویٰ کیا جاتا رھا ھے اور میں یہ جانتا ھوں کہ حکومت یہ کام چاھے ھم ان کی جتنی بھی تعریف کریں کرنے کو تیار ھے لیکن میں نے یہ ذریعہ اس لیے اختیار کیا ھے کہ ھمارے حکمران عام طور پر ایک ھی قسم کی بات سننے کے عادی ھوتے ھیں بلکہ اگر ان کی طبع نازک کے خلاف اگر کوئی بات کر دی جائے تو وہ محض ناراض ھی نہیں ھوتے بلکہ وہ اکثر گالیوں پر اتر آتے ھیں جناب قائد ایوان کے بارے میں میں نے کہا ھے ۔ آپ حکمران ھیں لیکن میرا اشارہ اس فرد کے بارے میں ھے جو کہ صحیح معنوں میں اس وقت حکمران ھے ۔ اس لیے میں حکومتی پارٹی سے التجا کروں گا کہ یہ ٹھیک ھے کہ آپ ایک ایسی پارٹی سے تعلق رکھتے ھیں کہ جس کی وجہ سے بعض پابندیاں آپ پر عائد ھیں لیکن میں آپ کو یاد دلاتا ھوں کہ آپ میں جو کوئی بھی ھوں وہ قوم کے افراد ھیں آپ کا تعلق اسی سر زمین سے ھے ۔ پاکستان سے آپ تعلق رکھتے ھیں لیکن اگر آپ قومی وقار کو سامنے نہیں رکھیں گے اگر آپ اپنی ضمیر کی آواز پر نہیں چلیں گے اگر آپ قوم کی آواز جو کہ اس کے

ضمیر کی آواز ہے اس کو نہیں اٹھائیں گے تو ٹھیک ہے کہ کچھ عرصہ کے لیے آپ ہر سر اقتدار رہیں گے آپ کو کچھ عرصہ تالیاں نصیب ہو جائیں گی لیکن آپ کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ آپ قوم کے جسم میں اس قسم کے زخم کر رہے ہیں کہ آپ اس قوم کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے نہیں دیتے ۔ آپ کے اس کردار سے ہماری قوم کے لاکھوں بچوں کی ذہنی نشو و نما میں بہت بھاری رکاوٹ پیدا ہوتی ہے ۔ یہ اقتدار تو آنی جانی چیز ہے ۔ آپ کو یہ پتہ ہے کہ پچھلی دفعہ جب کہ میں بھی اسمبلی کا ممبر تھا تو دیگر معزز ممبران جو اس وقت اس اسمبلی کے ممبر تھے جب دوبارہ انتخابات ہوئے تو ان کا ایک تہائی حصہ بھی منتخب ہو کر اس ایوان میں نہیں آ سکا ۔ خدا معلوم کہ آئندہ آپ کو اس اسمبلی میں لوگوں کی نمائندگی کرنے کا موقع نصیب ہوتا ہے یا نہیں ۔ مجھے تو بہ حیثیت انسان کے یہ بھی یقین نہیں ہے کہ میں کل اس اسمبلی میں زندہ آؤں گا یا نہیں آیا ہمیں کل کا دن زندگی کا نصیب ہوتا ہے یا نہیں ۔ اس سے آپ کا بھی بڑا تعلق ہے آپ ایک قوم سے تعلق رکھتے ہیں ۔ آپ نے اس قوم کی ترقی میں ایک بڑا اہم کردار ادا کرنا ہے ۔ آپ چھوٹی چھوٹی چیزوں کو نظر انداز کیجیئے قوم اور حالات کا تقاضہ ہے کہ آپ چھوٹی چھوٹی پابندیوں کو بلا طاق رکھیں اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اردو کو اس کا جائز مقام دینا ضروری ہے تو اس کے لئے قدم بڑھانا چاہیے ۔ میں مانتا ہوں کہ قائد حزب اختلاف جو کہ میرے لیڈر ہیں انہوں نے ایک سال سے یہ معاملہ یہاں اٹھایا ہوا ہے اور ایک سال کی مدت سے ان کا مطالبہ چلا آرہا ہے لیکن اگر گستاخی

نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ جب ہم ۲۰ سال بہ حیثیت ایک آزاد قوم کے گزار چکے ہیں تو یہ ہماری توہین ہے کہ ہم ایک سال کا بھی مطالبہ کریں ۔ اگر آپ ہمیں کہیں کہ فلاں مشکلات ہوں گی تو ہمارا اس کے لیے تعاون موجود ہے ۔ کوئی آدمی بغیر پانی میں چھلانگ لگائے کیسے تیرنا سیکھ سکتا ہے ہو سکتا ہے کہ آپ کو ۲ یا ۳ غوطے آ جائیں ہو سکتا ہے کہ آپ کے اندر تھوڑا سا پانی چلا جائے لیکن جب تک آپ تھوڑا بہت خطرہ مول نہ لیں گے آپ دنیا میں کوئی کام نہیں کر سکیں گے ۔ یاد رکھئے اگر آپ نے زندگی میں اہم کام کرنے ہیں اگر آپ نے کچھ بڑے کارہائے نمایاں سر انجام دینے ہیں تو آپ کے لیے لازم ہے کہ آپ اتنے بڑے خطرات مول لیں اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ ساری قوم کو بزدل بنائیں گے آپ اس کی ذہنی نشوو نما کو روکیں گے ۔ اگر قوم آزاد نہیں اس کا ذہن آزاد نہیں تو قوم آزاد کہلانے کی حقدار نہیں ہے اور میں یہ ببانگ دہل کہتا ہوں کہ وہ قوم جو اپنی زبان نہیں رکھتی اور وہ قوم جو غیروں کی زبان استعمال کرتی ہے اور اس کا استعمال کرنا باعث فخر سمجھتی ہے وہ ایک آزاد قوم نہیں ہے (نعرہ ہائے تحسین) ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں قائد حزب اختلاف کے مجوزہ بل کے متعلق توضیح و تشریح کروں ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں چند ابتدائی گزارشات پیش کروں ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اردو یا قومی زبان کا مسئلہ ہے اس پر اب کسی طرح کا کوئی اختلاف موجود نہیں ۔

ہر مکتب فکر کے لوگ اور بالخصوص موجودہ حکومت اس بات پر نہ صرف آمادہ ہے بلکہ اس بات کے لیے کوشاں ہے کہ اردو کو جلد از جلد اس کا صحیح مقام میسر آ جائے۔ حکومت کی پالیسی اس بات سے واضح ہے کہ موجود آئین کی خصوصی دفعہ کی روسے یہ بات اب کسی ابہام اور اختلاف کی متقاضی نہیں رہی کہ اردو ہماری قومی زبان ہے۔ اب سوال جناب والا یہ اٹھتا ہے کہ جب اصول کے متعلق اختلاف نہیں تو پھر موجودہ حزب اختلاف اور موجودہ حزب اقتدار کے راستہ میں اس بل کو منظور کرنے میں کیا مشکلات درپیش ہیں۔ جناب والا۔ میں اس سلسلہ میں آپ کی توجہ چند امور کی طرف دلانا ضروری سمجھتا ہوں۔ میرے دوستوں کے نزدیک ۱۹۵۶ء کا آئین بہترین دماغوں کی ایک بہترین تخلیق ہے اور قومی تقاضوں اور قومی امنگوں کا آئینہ دار ہے۔ آئیے ذرا اسے دیکھ لیں کہ اس کی متعلقہ دفعہ کی روسے کیا راستہ مقرر کیا گیا تھا۔ یعنی ۱۹۵۶ء کے آئین میں جناب والا۔ یہ شرط لگا دی گئی تھی کہ بیس سال تک انگریزی کو ہٹایا نہیں جا سکے گا۔ اس چیز سے مجھے ان کی کسی قسم کی مذمت مقصود نہیں۔ بلکہ میں اس چیز کا اظہار ضروری سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بھی اپنی صوابدید اور تجربہ کی بنا پر سوچنے کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ بیس سال کے طویل یا مختصر عرصہ میں اردو زبان اس قابل ہو سکے گی کہ اسے سرکاری زبان بنا دیا جائے اور اس وقت تک یہاں انگریزی زبان کو رائج رہنا چاہئیے تاکہ قومی تقاضے بطریق احسن پورے ہو سکیں۔

جناب والا۔ جہاں تک ہمارے آئین کا تعلق ہے۔ ۱۹۶۲ء کے آئین کا

تعلق ہے ہم نے اس میں ایک خاص دفعہ کی رو سے صورت حال اس سے بہت بہتر کر دی ہے جو صورت ۱۹۵۶ء کے آئین کے مطابق تھی ۔ بہر حال یہ تو اس بہترین آئین کے متعلق اور بہترین دماغوں کی بہترین تخلیق کے متعلق نہایت ادب اور احترام سے گزارش کی گئی ہے کہ انہوں نے بھی ضروری سمجھا تھا کہ فوراً یا جیسے میرے دوست حمزہ صاحب کہتے ہیں آج ہی اسی وقت قومی زبان کو اپنا لینا چاہیے ــــ ان کے نزدیک بھی یہ مناسب یا قابل عمل نہ تھا ــ اور اس کے لیے ایک وقفہ کی ضرورت سمجھی گئی ۔ دیکھنا یہ ہے کہ میرے دوست حمزہ صاحب نے جن کا میرے دل میں ۔ حد احترام ہے ــــ کمشنر خیر پور کی رائے پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنے موقف کو تقویت دینے کی خاطر ایک ایسی دستاویز سے جو یقیناً اس ایوان کی ملکیت ہے چند ایک اقتباس پیش کئے ۔ انہیں چاہیے تھا کہ ایک متوازن دماغ رکھنے والے شخص کی طرح وہ ان کی وہ رائے بھی اور وہ چیز بھی اس ایوان کے سامنے پڑھ دیتے جو کہ اس میں ان کے موقف کے خلاف یقیناً مندرج ہے ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب جو میرے نہایت ہی واجب الاحترام دوست ہیں ان کے بل کا مختصر طور پر یہ تقاضا ہے کہ یکم جولائی ۱۹۶۸ء سے عدالتی اور دفتری زبان اردو قرار دی جائے اور ساتھ ہی ساتھ ذریعہ تعلیم بھی اردو قرار دیا جائے ۔ میں جناب کی اجازت سے ان کی تینوں یا تین علیحدہ علیحدہ لوں گا ۔ سب سے پہلے ان کا ارشاد ہے کہ عدالتی زبان اردو ہوجانی چاہیئے اس کے متعلق میں ان کی خدمت میں آپ کی وساطت سے اپنے موجودہ ہائی کورٹ کی رائے کو پڑھنے کی جرات کروں گا ۔

The Chief Justice and Judges have observed :

> "That although it is very much desirable that national language should replace, at the earliest, the foreign language used in offices, Courts and educational institutions but far too many considerations exist which outweigh the aims and objects of the Bill under consideration. It is, however, not necessary for this Court to express any opinion on a subject which may embrace a political controversy. Suffice it to say that Urdu is already the language of Subordinate Courts". Urdu is already the language of Subordinate Courts "but it is not practicable at this stage to make it the language of the High Court.".

قطع نظر اس نہایت ہی موقر اور معزز رائے کے میں اپنے دوستوں سے نہایت ادب سے سوال کرنا چاہتا ہوں حضور والا کہ قوانین کی کتابیں اس وقت انگریزی میں ہیں ۔ ان کی interpretation انگریزی زبان کے الفاظ سے معرض وجود میں آ رہی ہے ۔ اس وقت تک ان کے ترجمے موجود نہیں ۔ اور اگر ان قوانین میں ترمیم بھی کرنی پڑی تو جناب والا وہ اردو میں ممکن نہیں ۔ میں خواجہ صاحب سے جن کے متعلق میرے دل میں بے حد احترام ہے نہایت ادب سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ اس موجودہ صورت حال میں کیا وہ یہ ممکن سمجھتے ہیں کہ ایک سال کے عرصہ میں عدالتی زبان نیچے سے اوپر تک اردو ہو سکتی ہے ؟ جب کہ قوانین کی کتاب اردو میں موجود نہ ہو اور نہ ان کی interpretation اردو میں ہو سکے ۔ اس سے پہلے جناب والا ایک confusion یا انتشار اور chaos یا افراتفری تو پیدا ہو سکتی ہے اور شاید اس میں کسی کی کوئی جذباتی یا نفسیاتی تسکین بھی ہو جائے ۔ کیا وہ یہ ممکن سمجھتے ہیں کہ اس تھوڑے سے عرصہ یا وقفہ میں تمام قوانین کا ترجمہ اور ان کا نفاذ ہو سکتا ہے ۔

دوسری بات جو خواجہ صاحب کے مجوزہ قانون میں درج ہے وہ یہ ہے کہ ذریعہ تعلیم اردو ہونا چاہیئے ۔ جناب والا ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے اور صرف ان کی یاد دہانی کے لئے یہ عرض کروں گا اور مجھے امید ہے کہ وہ اس سے اتفاق فرمائیں گے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے یعنی گیارہ سال کے عرصہ میں اردو کو بطور ذریعہ تعلیم کیا مقام اور منصب حاصل ہوا ۔ اور ۱۹۵۸ء کے بعد جناب والا ۔ اردو کو کیا منصب اور مقام حاصل ہو چکا ہے ۔ یقیناً ان کے علم میں ہوگا اور اگر وہ چاہیں تو میں ان کی خدمت میں عرض بھی کر سکتا ہوں کہ اس وقت اردو کو جہاں تک humanities اور سوشل سائنس کے مضامین ہیں ان میں وہ مقام حاصل ہو چکا ہے جس کا ان کا بل متقاضی ہے ۔ صرف سائنس اور ٹیکنیکل مضامین کے سلسلہ میں کتابوں کا فقدان ہے ۔ حضور والا ۔ سمجھا یہ جاتا ہے کہ ترجمے سے مشکل حل ہو جاتی ہے ۔ دراصل ترجمے سے مشکل حل نہیں ہوتی ۔ نصاب کے لئے کتابوں کی تخلیق اور خیالات کا اجتماع قومی رجحانات کے مطابق نہایت ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا اور میرے خیال میں وہ اس کے اعتراف میں بخل نہیں فرمائیں گے ۔ اگر اس میں کوئی تکلیف ہے تو میں ان کے سامنے پڑھ سکتا ہوں کہ ہم کہاں سے کہاں تک پہنچ گئے ہیں ۔ اور یہ حکومت کی پالیسی ہے جس کو میں یہاں پڑھنے میں خوشی محسوس کرتا ہوں ۔ پیشتر اس کے کہ میں حکومت کی پالیسی کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں میرے لئے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں

خواجہ محمد صفدر صاحب کی خدمت میں اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں ان دو کمشنوں کی رائے جنہوں نے تعلیم کے مسئلہ پر بڑی چھان بین اور بڑے غور و خوض کے بعد ان ماہرین کی جماعت نے متفقہ رائے قائم کی ۔ ان کا خیال ہے جیسا کہ آپ کو بھی معلوم ہے National Commission of Education یعنی شریف کمیشن کی کیا رائے ہے . . . . . .

خواجہ محمد صفدر — وہ رائے میں پڑھ چکا ہوں ۔

وزیر زراعت — وہ رائے پڑھ چکے ہیں لیکن وہ رائے اسی طرح پڑھی ہوگی جس طرح حمزہ صاحب نے document پڑھا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — وہ رائے میرے حق میں جاتی ہے ۔

وزیر زراعت — جناب والا ۔ میں اور جگہ سے پڑھتا ہوں ۔ وہاں سے بھی پڑھا جا سکتا ہے ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ

"It is, therefore, necessary . . "

اب اس کے الفاظ شروع ہوتے ہیں ۔

". . . that they were in favour of progressive shift . . ."

لفظ progressive ہے ۔ میری اردو ذرا کمزور ہے اور انگریزی بھی

". . . from English to the National Language in the media of instruction, but prudently cautioned (Khawaja Sahib may remember.) that the

changes should be introduced after careful planning and preparation, as it was not unmindful of the great importance of English in our national life."

اس کے بعد پھر حمودالرحمن کمیشن کی رپورٹ ہے وہ بھی اس کا تجزیہ کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ :—

"While we fully appreciate that we are committed to effect the change in the media of instruction from English to the National Languages and that there is a pressing demand from some enlightened opinion and quarters to implement this change forthwith, we cannot help regretting that some of our Universities should have preferred to be swayed by sentiment than by a dispassionate judgment in accelerating the pace of change-over beyond all reasonable proportion."

Now, Sir, I was mentioning about the books, and what does the Commission say about that ? It says—

"The difficulty of providing text books in the National Language is also a very real one. We apprehend (and they go on to say) that it cannot be done over-night or within a year. (And they then recommended ;) The National Languages are being used for school education and their respective domains. Provision should further be made for school institutions and examination in both those languages."

جناب والا ۔ ان دو کمشنوں نے اس رائے کا اظہار کیا ہے ۔ خواجہ صاحب کی یہ ابتدائی بحث ہے یا وہ اس بحث کے متعلق پڑھتے ہیں اور ان کے نتائج سے ، ان کی سفارش کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانے سے عمداً یا ارادتاً گریز کرتے ہیں یا پھر اتفاق نہیں کرتے ۔ دونوں کمشنوں کی اگر رائے یہ ہے کہ اس وقت medium of instructions کے متعلق صورت حال ایسی ہے کہ جہاں تک ہم چل سکے ہیں جس قسم کی progressive shift ہو رہی ہے ۔ تدریجی ارتقائی صورت ہو رہی ہے وہ نہایت ہی مناسب ہے اور اسی کا تقاضا ان کے ۱۹۵۶ء کے آئین میں تھا اور اسی کا تقاضا

ہمارے آئین میں بھی ہے ۔ یہ کہا جائے گا کہ یہ تو سرکار کی طرف سے مقرر شدہ ایک کمشن تھا جیسے میرے دوست حمزہ صاحب ہمیشہ جائز طور پر یا ناجائز طور پر ہر شخص کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھنے کے عادی ہیں کہہ سکتے ہیں کہ یہاں آپ نے چن چن کر ایسے آدمی رکھے ہیں ان کو پہلے ہی ایسا کہہ دیا ہے ۔ ان سے سازش کی ہے لہذا ان کی بات ہمیں نہیں ماننا چاہیئے ۔ جب ان کے دل کی دھڑکن قوم کے دل کی دھڑکن ہے ۔ جب ان کی صوابدید قوم کی صوابدید ہے تو انکو ان کی بات ماننا چاہئیے ۔

جناب والا ۔ دراصل بات یہ ہے کہ حزب اختلاف کو ایک فوقیت حاصل ہوتی ہے ۔ ان کو بڑی فضیلت حاصل ہوتی ہے وہ بات کہہ سکتے ہیں ۔ ان کو گرفت نہیں ہو سکتی ۔ ان کو فضیلت ہوتی ہے ۔ ان کو فوقیت ہوتی ہے کہ جو بات چاہیں کہہ دیں جس context میں کہہ دیں جس جگہ چاہیں کہہ دیں ان کے پاس اس وقت اقتدار اس بات کا نہیں ہوتا کہ وہ اس کی تکمیل کرکے اس وعدہ کی صورت کو پورا کر سکے لہذا ان کو فضیلت ہوتی ہے ۔ ان کو فوقیت ہوتی ہے ۔ کسی شخص نے کہا تھا

"Responsibility divorced of power and power divorced of responsibility are dangerous situations."

میں اس سے آگے کچھ نہیں کہوں گا کیوں کہ میرے اور ان کے درمیان جذبہ احترام موجود ہے ۔ میرے خیال میں وہ میرا مطلب سمجھتے ہیں آگے بات چلانے کی ضرورت نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ میں بھی ایک خادمان اردو میں سے ہوں۔ مجھے بھی اس بات کا شرف حاصل ہے کہ میں بھی اردو میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی تھوڑی بہت اہلیت رکھتا ہوں مگر سب سے زیادہ یہاں علمبردار اردو زبان کا کون ہے ؟ وہ مرد مجاہد ۔ وہ خاموش سید جو کتبے اٹھائے مال روڈ پر پھرتا رہتا ہے جس کو ڈاکٹر سید محمد عبداللہ کے نام سے پکارتے ہیں آئیے ذرا اس کی بھی رائے لیں کہ وہ اس سلسلہ میں کیا فرماتے ہیں ۔ جب یہ بل ان کے پاس گیا تو پنجاب یونیورسٹی نے ایک سب کمیٹی مقرر کر دی کہ اس بل کا تجزیہ کرنے کے بعد آپ ہمیں اپنی رائے دیں کہ ہم اس کے متعلق کیا کریں ۔ ان تین علمبرداران اردو نے جس میں ڈاکٹر سید محمد عبداللہ صاحب اس کمیٹی کے چیئرمین تھے دوسرے میری طرح اردو کے خادم قاضی سعیدالدین احمد صاحب ہیں تیسرے پروفیسر شیخ عبدالرشید صاحب ہیں ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ جہاں تک object of bill کا تعلق ہے ہمارا اس سے اتفاق ہے ۔

"The Members of the Committee were, however, of the view or opinion that the implementation of this bill should be by stages, under a phased programme, carefully worked out and spread over a number of years."

اس کے بعد ہے :—

"The change over to Urdu, however desirable, was not possible within a year as contemplated by the framers of the bill."

It is, Sir, as the saying goes, being "more loyal than the King" or "out-heroding Herod."

اگر کوئی شخص میرے پاس آ کر یہ کہے کہ میں ڈاکٹر سید محمد

عبداللہ یا قاضی سعیدالدین احمد صاحب سے زیادہ اردو کے متعلق جانتا ہوں۔ یا میں اردو کے متعلق زیادہ سوجھ بوجھ رکھتا ہوں ۔ یا اردو کو زیادہ سمجھتا ہوں یا اردو کی ان کے دل میں تڑپ نہیں ہے تو میں اس کے ساتھ اختلاف کروں گا ۔ سوچنے سمجھنے کے بعد ۔ طویل تجربہ کے بعد وہ استادوں کے استاد ہیں ۔ وہ فرماتے ہیں کہ قومی غیرت کا یہ تقاضا ہے کہ اردو کو جلد از جلد نافذ کیا جائے لیکن قومی ضروریات کا یہ تقاضا ہے کہ اگر اس سے انتشار ۔ اضطراب اور غیر یقینی صورت حال پیدا ہو تو اس سے کیا نتائج پیدا ہوں گے ۔ کس کو نقصان ہوگا قوم کو نقصان ہوگا ۔ قوم کے بچوں کو نقصان ہوگا ۔ قوم کہاں رہ جائے گی ۔ آج کل کیا ہو رہا ہے ۔ آج آپ space age میں رہ رہے ہیں ۔ آج آپ technological age میں رہ رہے ہیں ۔ آج اگر آپ اپنے ذریعہ تعلیم کو اس وقت switch over کرتے ہیں جیسا کہ میرے دوست نے کہا ہے کہ انہوں نے ۲۴ گھنٹے میں کر دیا تھا کاش وہ اس تحریک کو سارا سمجھا دیتے کہ ۲۴ گھنٹے میں کیا ہوا تھا ۔ وہ مجھے بھی معلوم ہے اور ان کو بھی معلوم ہے ان کی زبان نہیں بدلی تھی بلکہ انہوں نے صرف رسم‌الخط بدلا تھا اور یہ رسم‌الخط کس طرح بدلا تھا۔میں نہیں سمجھتا کہ حمزہ صاحب اس کو قابل تعریف سمجھیں گے کیوں کہ اگر یہ قابل تعریف ہوتا تو ترکی پر آج وہ پارٹی برسراقتدار نہ ہوتی جو آج کل برسراقتدار ہے ۔ وہ بڑے عظیم انسان تھے لیکن میں ان کی اس بات کی پیروی اس لئے نہیں کر سکتا کہ انہوں نے رسم‌الخط بدل کر تمام عالم اسلام سے رشتہ اخوت منقطع کر لیا ۔ انہوں نے اسلامی روایات

سے برگشتہ ہو کر اسلامی قوم سے رشتہ توڑ لیا تھا ۔ میں ان کی یہ بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کیوں کہ میں ہر اس چیز کی مخالفت کروں گا جو بنیادی چیز یعنی اسلامی اقدار کےخلاف جاتی ہو۔ انہوں نے صرف رسم‌الخط کو بدلا تھا اور انہوں نے خود پلیک بورڈ سے بدلا تھا۔ مجھے حیرانگی ہوتی ہے اور خاص طور پر اگر حمزہ صاحب مجھے ذرا احترام سے ہٹ کر اجازت دیں ۔ کیوں کہ وہ تو جذبات میں فرماتے ہیں ۔ اگر وہ جذبات سے فرماتے ہیں تو میرے دل میں اس کی قدر ہے اور اگر وہ غصے میں فرماتے ہیں تو میں معذرت خواہ ہوں ۔ جناب والا ۔ جوں جوں جمہوریت کا ذکر ہوتا ہے ۔ ۔ ۔ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ یہ اتفاق پیش نہیں آیا کہ میں اس بات پر کچھ سوچ رہا تھا کیوں کہ میری پارٹی نے یہ فریضہ میرے سپرد کیا ہے کہ آپ کی وساطت سے میں اس معزز دوست کی خدمت میں ان کا نقطہ نظر پیش کروں تو ایک دوست آ گئے۔ میں نے ان سے ذکر کیا کہ میں اس بات کے متعلق سوچ رہا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب آپ یہ فرماتے ہیں کہ آپ اپنی پارٹی کا نقطہ نظر پیش کر رہے ہیں تو آپ کی جانب بیٹھنے والے بہت سے معزز ممبران مسکراتے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ اور آپ بھی تو ہنس رہے ہیں ۔ ۔ بہرحال تو میرے اس دوست نے مجھ سے کہا کہ آپ صرف ایک بات کہہ کر خاموش ہو جائیں ۔ میں نے پوچھا کہ کیا بات کہہ کر خاموش ہو جاؤں تو وہ فرمانے لگے کہ آپ یہ کہہ دیں کہ تم جمہوریت تو انگریز کی پسند

کرتے ہو لیکن انگریزی زبان سے ناراض ہوتے ہو ۔ میں نے ان سے کہا کہ میں اس قسم کی باتیں کہنے کا عادی نہیں ہوں کہ جس سے کسی کی دل آزاری ہو ۔ لیکن چونکہ انہوں نے یہ فریضہ میرے سپرد کیا تھا اس لئے میں نے یہ عرض کر دیا ہے لیکن ان الفاظ کے کہنے کے بعد میں ان کو واپس بھی لے لیتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ چوں کہ آپ بزرگ ہیں ورنہ میں یہ عرض کرتا کہ انگریزی کی جو خدمت ان میں سے بعض لوگوں نے کی ہے وہ تو خود انگریزوں نے بھی نہیں کی ہوگی ۔ مجھے ڈر ہے کہ اس قسم کی باتوں سے آپ کا احترام کہیں مجروح نہ ہو . . . .

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر زراعت ۔ یہ درست ہے ۔ ۔ ۔ بہرحال میں نے آپ کے سامنے ڈاکٹر سید عبداللہ اور دوسرے بزرگوں کی رائے پڑھ دی ہے اور جہاں تک اس کے پسندیدہ ہونے کا سوال ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں اس سے کسی کو بھی کوئی اختلاف نہیں ہے ۔ اب میں یہ بھی عرض کر دوں کہ اس حکومت نے بقول حمزہ صاحب کے اس سلسلے میں کوئی اقدام نہیں کیا ۔ تو میں ان سے اور ان کے ضمیر سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے گیارہ سال تک اردو کے لئے جو اقدامات کئے گئے تھے اور ۱۹۸۵ء سے اب تک جو اقدامات اردو کے لئے کئے گئے ہیں وہ ان سے تقابل اور موزانہ کر لیں اور اگر اس کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچیں کہ

ہم نے اس سلسلے میں کوئی اقدامات نہیں کئے ہیں تو پھر میں یقیناً ان کی بات ماننے کے لئے تیار ہوں ۔ بہرحال اس وقت کتابوں اور اساتذہ کرام کا سوال ہے ۔ اس وقت سوال ہے سائنسی تعلیم اور فنی کتابوں کا ۔ اس سلسلے میں ایک یونیورسٹی نے اس کا یہ حل تلاش کیا ۔ (میں اس پر اعتراض نہیں کرنا چاہتا) کہ پروفیسر صاحبان اپنے لیکچر اردو میں تیار کرکے اس کو cyclostyle کر کے طلبا کو دیا کریں ۔ اور اس طرح انہوں نے یہ سمجھا کہ اس سے یہ مسئلہ حل ہو جائیگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی یہ کوشش انتہائی ادھوری اور نا مکمل تھی ۔ بالخصوص اس زمانے میں جبکہ علم کی گہرائیاں اور وسعتیں ناپیدا کنار ہیں اور میرے خیال میں اس قسم کی کوشش ہماری آئندہ آنے والی نسل سے ایک طرح کی بے انصافی ہوگی ۔ ہمیں کوشش یہ کرنی چاہئیے اور ہم کر بھی رہے ہیں ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ مرکزی اردو بورڈ کا قیام عمل میں آچکا ہے ۔ سائنس کے لیے اور زراعتی یونیورسٹی میں اردو cell کا قیام ، پنجاب یونیورسٹی میں اردو cell کا قیام ، کراچی یونیورسٹی میں اردو cell کا قیام ، یہ سب چیزیں اور اس قسم کے اقدام اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اردو کی جانب جلد از جلد جانا چاہتے ہیں ۔ لیکن سردست میرے لئے یہ ممکن نہیں ہے کہ میں خواجہ صاحب کی اس تجویز سے اتفاق کرلوں اور ان کے حکم کی تعمیل میں یہ کہہ دوں کہ یکم جولائی ۱۹۶۸ء سے انگریزی کے بجائے اردو آ جائے ۔ ان کو بھی اس بات کا علم ہے کہ ہم نے بہت سے مقامات سے اس کا اجراء کر دیا ہے ۔ یعنی اردو

بطور ذریعہ تعلیم بی ۔ اے میں optional ہو گیا ہے اور ایف ۔ اے تک
تو جناب بھی جانتے ہیں کہ اس صورت حال میں جہاں تک ممکن ہے ۔
اور ہم بتدریج اور ارتقائی طور پر اس منزل کی طرف گامزن ہیں جو
ان کا اور ہمارا نصب العین ہے ۔ دوسری چیز جس پر وہ اس کا اطلاق
کرنا چاہتے ہیں ۔ وہ یہ ہے کہ اردو کو دفتری زبان ہو جانا چاہئے تو
ہماری پارٹی کا موقف بھی یہی ہے کہ ضرور ہو جانا چاہئے ۔ میں ان کے
تجربے سے اور ان کی روشن ضمیری سے ایک سوال کرتا ہوں کہ کیا
وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ایک سال کے عرصہ میں سٹینوگرافروں کی ایک
فوج ظفر موج اور ٹائپسٹوں کی ایک فوج ظفر موج اور تمام ضابطوں کے
متراجم اور ساتھ ہی ٹائپ رائیٹرز بھی مہیا کر سکتے ہیں ۔ وہ تو یہ کہہ
سکتے ہیں کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے کیونکہ ان سے پوچھنے والا کوئی
نہیں ہے ۔ اگر وہ حزب اقتدار میں ہوتے تو کوئی حمزہ صاحب ان سے
سوال کر سکتا تھا کہ تم نے یہ کہا تھا اور ایسا کیوں نہیں کیا
مگر میں جس پوزیشن میں ہوں ۔ وہاں سے میں کوئی ایسی بات نہیں
کہہ سکتا جس کی تکمیل کے قابل نہ ہوں ۔ میرے پاس اس قسم کے اردو
ٹائپ رائیٹرز نہیں ہیں ۔ جناب کو بھی اس کا وسیع تجربہ ہے اور جناب
خواجہ محمد صفدر صاحب کو بھی اس کا وسیع تجربہ ہے اور اس ایوان کے
معزز اراکین بھی جانتے ہیں کہ یا تو کام رک جائے گا ۔ کام نہیں چلے
گا اور اس کام میں ایک خلا پیدا ہو جائیگا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم
ہے کہ اردو ٹائپ رائیٹر کی بھی ایک تکلیف ہے اس کی ترویج کے لئے

وقت درکار ہے - یہ درست ہے کہ اردو سٹینوگرافروں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہو رہا ہے لیکن اس قدر نہیں کہ جیسا کہ میرے دوست نے فرمایا ہے کہ ۱۹۶۸ء تک کا وقت مقرر کر دیا جائے تو جہاں تک فی‌الحال اردو زبان کو دفتری زبان قرار دینے کا تعلق ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس وقت اردو زبان کو دفتروں میں رائج کر دیں تو یہ مفاد عامہ کے خلاف ہو گا - میں اس بات کا بار بار اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری پارٹی کا یہ ایک سوچا سمجھا موقف ہے - صرف ہماری پارٹی کا ہی سوچا سمجھا موقف نہیں ہے بلکہ ہمارے آئین کا بھی یہی تقاضا ہے اور اگر ہماری پارٹی کا تقاضا بھی دیکھنا چاہتے ہیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری حکومت نے تعلیم کے متعلق جو فیصلہ کیا ہے وہ یہ ہے

> The Government nevertheless accepted as its policy that it was essential to develope Urdu and Bengali, the official languages of Pakistan, and remove their deficiencies with regard to scientific and technical things so that they may become an effective media of instruction.
>
> The Commission recommended that it would require 15 years.

تو جناب والا میں نے دفتری زبان کے متعلق اپنی گذارشات پیش کر دی ہیں - اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ اردو ہماری قومی یک جہتی ، ہماری ثقافتی اور تہذیبی بقا اور ہمارے ذہنی بلکہ دینی اور اسلامی معارف کا ایک اہم مقصد ہے اور ہم اس بات کے لئے کوشاں ہیں کہ ہماری زندگی میں اردو کو جلد از جلد اس کا صحیح مقام حاصل ہو جائے - اردو سے ہمارا گہرا جذباتی تعلق ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اسے جلد از جلد اس کا اپنا مقام حاصل ہو جائے لیکن ہم یہ نہیں کرنا

چاہتے کہ جس سے ایک افراتفری ، مایوسی اور غیر یقینی سی صورت حال پیدا ہو جائے اب میں خواجہ صاحب کے بل کی طرف ذرا آپ کی توجہ منعطف کرانا چاہتا ہوں ۔ خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ اردو کو ۶۸—۷—۱ سے انگریزی کی جگہ لینی چاہئے اور ساتھ ہی یہ explanation دیا ہے کہ The provisions of this Act shall not affect the existing use of any Regional Language ہم تو اس بات کی کوشش میں ہیں کہ ہماری قومی زبان اردو نشو و نما پا کر صحیح مقام حاصل کرے اس بل کا یہ تقاضا ہے کہ Regional Language بھی اپنا ایک مقام حاصل کرے گی ۔ اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح اردو کبھی قومی زبان نہیں بن سکتی ۔ ان حالات میں اس سارے purpose of the Bill اور سارے قانون کے مقصد کو یہ explanation ساقط کر دے گا ۔ اور پھر اس بل کا پاس ہونا بے معنی ہوگا ۔

میں جناب کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک اردو کو قومی زبان بنانے کا تعلق ہے ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ اس کو جلد از جلد وہ مقام حاصل ہو لیکن اس کی راہ میں کچھ مشکلات حائل ہیں ۔ جیسا کہ ”بے خطر کود پڑا“ والی بات ہے میں تو عشق کی صورت اختیار نہیں کر سکتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کا خاص قسم کا عشق ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ لیکن ان کے پاس عشق نہیں مشک ہے ۔

وزیر زراعت ۔ یہ تو آپ کی آپس کی exchange of courtesies ہیں ۔ میں تو اس سے بے نیاز ہوں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ فی الحال یہ ناقابل عمل ہے ۔ اگرچہ ہر ادارے نے کمشنر خیر پور کے علاوہ یونیورسٹیوں نے ماسوائے ایک کے سب کمشنروں نے ہائی کورٹ کے ججوں نے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے متفقہ طور پر رائے دی ہے کہ قومی امنگوں اور آرزوؤں کا یہ تقاضا ہے کہ اردو کو یہ مقام دیا جائے لیکن میری یہ گذارش ہے کہ اس وقت یہ نہیں ہو سکتا ۔ جیسا کہ میں نے چند اقتباسات پیش کئے ہیں نیشنل کمشن آف ایجوکیشن اور کمشن آف ایجوکیشن اور یونیورسٹیوں کے ارباب بست و کشاد نے رائے دی ہے ان حالات میں یہ عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب زیادہ مضمر نہ ہوں اس کے لئے ایک راستہ اور ایک نصب العین متعین ہو چکا ہے ہم اس پر رواں دواں ہیں ۔ ممکن ہے ہماری رفتار اتنی نہ ہو جتنی وہ چاہتے ہیں ۔ جب ہم اس پر چل رہے ہیں اور رواں دواں ہیں تو پھر اس طریقہ سے اس بل کو منظور کرنے کی ضرورت میری سمجھ میں نہیں آتی ۔

اردو جب عدالتوں میں موجود ہے ۔ تعلیمی اداروں میں medium of instruction ہے اور ہم اس مرحلہ میں کافی آگے جا چکے ہیں تو پھر خواجہ صاحب اس بل کو اس مرحلہ سے نہ دیکھیں جب علامہ ارشد صاحب نے اسے پیش کیا تھا ۔ اگر موجودہ حالات کو مد نظر رکھ کر اس کو دیکھیں گے تو مجھے یقین ہے کہ وہ بھی اسی نتیجہ پر پہنچیں

گئے کہ اس وقت یہ غیر ضروری اور ناقابل عمل ہے ۔ الذین حالات حکومت ان الجھنوں کے باعث اور ان مشکلات کے پیش نظر فی الحال اسے منظور نہیں کر سکتی ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں گذارش کروں گا کہ question put کیا جائے اور اس کے مطابق فیصلہ کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱)۔ جناب والا ۔ تقریباً ۵ سال کے بعد اس بل کی قسمت میں آج پہلا موقع ہے کہ سرکاری پارٹی کے ترجمان بلکہ قائد ایوان کی طرف سے اس بل پر اظہار خیال کیا گیا ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ بل ۱۹۶۲ میں اس ایوان میں پیش ہوا تھا ۔ میرے محترم اور معزز دوست جن کا قائد ایوان نے بھی ذکر کیا ہے ۔ علامہ ارشد صاحب نے یہ بل پیش کیا تھا ۔ میں نے اس اسمبلی کے پہلے اجلاس میں اس کو دھرا دیا تھا کیونکہ پچھلی اسمبلی کے تین سالوں میں جن خیالات اور جذبات کا قائد ایوان نے اظہار کیا ہے اس کے برعکس نہ صرف یہ کہ اس کو التوا میں ڈالے رکھنے کی کوشش کی جاتی رہی بلکہ کامیاب کوشش کی جاتی رہی ہے ۔ اسے پہلے تین سال تک التوا میں رکھا گیا اور اب دو سال سے یہ پھر التوا میں ہے ۔ کون نہیں جانتا کہ جب بھی یہ بل پیش ہوا ۔ ہمارے دوست جو حزب اقتدار سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے ایسا طریقہ اختیار کیا ہے جس سے ایوان اس بل پر کوئی رائے نہ دے سکے ۔ یہاں تک کہ کئی بار ایوان سے اٹھ کر چلے گئے تاکہ کورم نہ ہو بلکہ کورم کے متعلق خود ہی point out بھی کر دیتے تھے مقصد صرف یہ تھا کہ مزید بحث نہ ہو سکے ۔ محترم قائد

ایوان نے جو دلائل دئے ہیں خصوصیت سے ان کی تقریر کے آخری فقروں میں انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم نے جب سے یہ بل پانچ سال پہلے ایوان میں پیش ہوا اس کے بعد اردو زبان کو کتنی ترقی دے دی ہے اور جو مقام اس بل سے حاصل کرنا مقصود تھا اسے اس حد تک حاصل کر چکے ہیں - پھر ان کے اپنے الفاظ میں اس ترقی کے پیش نظر یہ بل غیر ضروری ہو گیا ہے - کیونکہ اس کا جو اصل مقصد تھا وہ حاصل ہوچکا ہے - یا بیشتر حصہ حاصل ہو چکا ہے - اسی سانس میں قائد ایوان یہ بھی فرماتے ہیں کہ یہ بل ناقابل عمل ہے - لطف کی بات ہے کہ ایک ہی سانس میں دو باتیں کہی ہیں - انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس مقصد کے حصول کے لئے ہم نے انتہائی کوشش اور جد و جہد کی ہے - ان کے پیش روؤں نے اس مسئلہ کے متعلق کچھ نہیں کیا تھا - ان کے دور میں اردو زبان کئی ارتقائی منازل سے گذر چکی ہے - مثلاً ایف - اے میں اردو رائج ہے اب بچے ایف اے کے مختلف مضامین کا امتحان اردو میں دے سکتے ہیں اسی طرح بی اے میں کئی امتحانوں میں اردو میں جوابات لکھنے کی اجازت ہے اور طالبعلم اردو میں امتحان دے سکتے ہیں جہاں تک درس و تدریس کا تعلق ہے انہوں نے خود فرمایا ہے کہ ہم نے بہت حد تک مسافت طے کر لی ہے اور جو باقی ہے وہ بھی جلدی طے کر لیں گے - پھر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ اردو کے رائج کرنے کے لئے بہت سا کام ہو رہا ہے تو آپ ہی بتائیں کہ اس میں کونسی ناقابل عمل بات ہے -

جناب والا - جہاں تک قائد ایوان نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ چیف

جسٹس مغربی پاکستان اور مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے جج صاحبان نے جو رائے دی ہے اور یونیورسٹیز کے وائس چانسلروں نے اور ہمارے بعض عمائدین نے جو اظہار خیال کیا ہے اس کے پیش نظر ابھی اردو کو دفتری اور عدالتی زبان بنانے میں مشکلات ہیں ۔ میں نے بھی ان آرا کا مطالعہ کیا ہے ۔ مجھے ان کی رائے کا بہت احترام ہے لیکن جناب والا رائے میں اختلاف ہو سکتا ہے آپ فرماتے ہیں کہ ابھی اردو میں اتنی سکت نہیں ہے کہ وہ ہائی کورٹ کے level تک ہماری مدد کر سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے محترم جج صاحبان جن کا تعلق مغربی پاکستان سے ہے یہ ان کا ارشاد ہے اور چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس کارنیلیس جن کا رتبہ ان سے یقیناً قانون کے لحاظ سے اونچا ہے وہ فرماتے ہیں کہ اردو زبان میں بڑی وسعت ہے یہ زبان قانونی اور دوسری تعلیمی ضروریات کے لئے کافی ہے ۔

جناب والا ۔ مجھ سے قائد ایوان عمر میں بڑے ہیں ان کو یاد ہوگا کہ یہ ہائی کورٹ پہلے چیف کورٹ ہوا کرتا تھا تو اس کے نہ صرف قانون اردو میں شائع ہوتے تھے بلکہ اس کی رپورٹ بھی اردو میں شائع ہوتی تھی ۔ ۱۹۱۹ء سے پہلے جب اسے ہائی کورٹ کا موجودہ درجہ دیا گیا تو اس سے پہلے سارا کاروبار اردو میں ہوتا تھا اگر اس وقت اردو میں سکت تھی تو کیا وجہ ہے کہ اس میں آج وہ سکت باقی نہیں رہی ۔ اگر ہم عرصہ دراز تک چیف کورٹ اور ہائی کورٹ کی سطح تک جب اردو میں کاروبار کر سکتے ہیں اور تمام رائج الوقت قوانین کو اردو

کا جامہ پہنا سکتے ہیں ۔ تو کیا وجہ ہے کہ ہمارے وکیل یا ہمارے جج صاحبان اپنی مادری زبان میں اپنے جذبات و خیالات کا بحیثیت وکیل موکل کی جانب سے اور بحیثیت جج فیصلہ لکھتے وقت اظہار نہیں کر سکتے ۔ میں جناب قائد ایوان کی اس دلیل سے اتفاق نہیں کرتا اور نہ صرف یہ کہ یہ منطقی طور پر درست نہیں ہے بلکہ جو دلیل انہوں نے پیش کی ہے اس کے لئے میں نے ان سے بڑی اتھارٹی کا حوالہ دیا ہے اور اب دوبارہ ان کی یاد دہانی کے لئے اور حوالہ دے رہا ہوں ۔

جناب والا ۔ انہوں نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ تیسرا مقصد جو اس بل کا ہے وہ یہ ہے کہ اس کو دفتری زبان بنایا جائے اس سلسلے میں انہوں نے فرمایا ہے کہ اس میں بہت مشکلات ہیں ۔ کسی زمانے میں آج سے چار سال پیشتر اس کمیٹی نے جس کے پاس پہلے رپورٹ کے لئے اس معزز ایوان نے یہ بل بھیجا تھا ان مشکلات کے متعلق جن کا ذکر آج قائد ایوان نے فرمایا ہے چیف سیکرٹری اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری حکومت مغربی پاکستان سے نہ صرف رائے طلب کی تھی بلکہ ان سے پوچھا تھا کہ وہ کیا اقدامات کرنے ہوں گے کہ اردو جو ہماری قومی زبان ہے وہ ہماری دفتری زبان بھی بن جائے تو انہوں نے اعداد و شمار مہیا کئے وہ ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ یہ رپورٹ ۲۵—دسمبر سنہ ۱۹۶۴ کو موصول ہوئی اس میں ان کے خیالات اور آرا بھی درج ہیں ۔ اس میں انہوں نے جو اعداد و شمار دیئے ہیں ان سے لاکھوں اور کروڑوں روپے کا خرچہ ظاہر نہیں ہوتا ۔

The total number of English Stenographers, Steno-Typists and Typists furnished by the Additional Chief Secretary to Government of West Pakistan in his Memorandum No : SO VI-14-2/63

Dated 6th June, 1964 is as follows :

English Stenographers and Steno-Typists.	—	1,500
English Typists	—	3,000

جناب والا ۔ اسی کے ساتھ ہم نے ان سے پوچھا تھا کہ صوبہ بھر میں کس قدر کمرشل انسٹیٹیوٹ ہیں جہاں سٹینو گرافرز اور ٹائپسٹ کو ٹریننگ دی جا سکتی ہے تاکہ وہ اپنا کاروبار احسن طریقہ پر دفتروں میں سر انجام دے سکیں تو ہمیں یہ معلوم ہوا کہ اس صوبے میں ۲۰ انسٹیٹیوٹ ہیں (جناب والا ۔ یہ آج کے اعداد و شمار نہیں ہیں یہ ۱۹۶۳ء کے اعداد و شمار ہیں) جناب والا ۔ میں نے ان افسروں کے مہیا کئے ہوئے اعداد و شمار پیش کئے ہیں جن کے متعلق کوئی شک و شبہہ ہی نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ دفتروں کے متعلق ماہر ہیں ۔ چنانچہ پھر یہ طے پایا کہ اگر اس زمانے میں ۲۰ کے بجائے ۴۰ انسٹیٹیوٹ بنا دئے جائیں تو ایک سال کے اندر اندر تمام سٹینوگرافرز اور ٹائپسٹ جو مختلف دفتروں میں کام کر رہے ہیں ان کو ایک refresher کورس کے ذریعہ اردو سٹینوگرافرز میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ سٹینوگرافرز کا کام phoneties پر منحصر ہے اور phoneties کے اعتبار سے اردو اور انگریزی میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ جناب یہ میری ذاتی رائے نہیں ہے بلکہ یہ ماہرین کی رائے ہے تو اس لحاظ سے جس مشکل کا اور جس افراتفری کا جناب قائد ایوان نے

ذکر فرمایا ہے اور کہا ہے کہ یہ افراتفری صرف ہمارے دفتروں ہی میں نہیں بلکہ قوم میں بھی افراتفری پیدا ہو جائے گی ۔ مگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ قوم میں افراتفری کیسے پڑ جائے گی ۔ جب کہ ڈپٹی کمشنر کے دفتر تک لازمی طور پر اہلکاروں کو اردو میں کام کرنا پڑتا ہے اور اردو زبان استعمال کرنی پڑتی ہے اور میرا یہ ذاتی علم ہے کہ بعض کمشنر حضرات نے اپنے دفتروں میں اردو کو از خود رائج کر دیا ہے ماسوا ان چٹھیوں کے جو انہیں سیکرٹریٹ میں بھیجنا پڑتی ہیں یا کسی ایسے دفتر میں جو ان کے متعلق نہ ہو اور ایسی خط و کتابت یا دفتری noting وغیرہ جو ان کے اپنے ماتحت دفاتر کے متعلق ہے سب اردو میں ہوتی ہے اور اگر ممکن ہوا اور ممکن ہو سکتا ہے تو ملحقہ محکمہ جات میں بھی جو کہ کمشنر کی سطح سے ہر لحاظ سے کم درجہ کا دفتر ہے وہاں بھی اردو میں چٹھیاں جاتی ہیں لیکن اگر یہ کہا جائے کہ سیکریٹریٹ کے طریقہ کار کو بیرونی زبان کے بجائے اپنی قومی زبان میں تبدیل کر دیا جائے تو اس کے لئے قائد ایوان نے یہ فرمایا ہے کہ ساری قوم میں افراتفری پڑ جائے گی ۔ میں کم سے کم ان کے اس ارشاد کو نہیں سمجھ سکا اس سے زیادہ میں کچھ کہنے سے قاصر ہوں ۔

جناب والا ۔ میری ذاتی رائے اس وقت یہ ہے کہ ہم جس دور سے گذر رہے ہیں ہم اس دور کو افراتفری کا دور کہہ سکتے ہیں ۔ اس وقت ہم بیک وقت چھوٹے اور بڑے دفتروں کو ملا کر دو زبانیں استعمال کرتے ہیں اور دو زبانوں کی وجہ سے جو مشکلات پیدا ہو رہی ہیں وہ ان پر واضح ہیں ۔ جناب والا ۔ اگر ان کے دوستوں کو انگریزی سے ذاتی دلچسپی

ہے اور وہ تعلیم کی غرض سے ترک نہیں کرنا چاہتے تو میں یہ نہیں کہتا کہ وہ اس کو ترک کر دیں ۔ کوئی مجھ کو غلط نہ سمجھے ۔ میری عرض یہ ہے کہ انگریزی کو ذریعۂ تعلیم نہیں رکھنا چاہئے ۔ میں انگریزی کو بطور زبان ضرور سیکھنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ بین‌الاقوامی زبان ہے اور اس کو سیکھے بغیر بہت سے علوم پر قابو پانا اور اس پر قادر ہونا مشکل ہے ۔ لیکن ہمارے سکول اور کالجوں میں ذریعہ تعلیم کیا ہے مسئلہ یہ نہیں ہے کہ انگریزی کا پڑھنا چھوڑ دیا جائے ۔ مسئلہ صرف یہ ہے کہ ذریعہ تعلیم کون سی زبان ہو ۔ جناب والا ۔ ذریعہ تعلیم وہی ہو سکتا ہے جس زبان میں ہم آسانی سے اظہار خیال کر سکیں جس کے سیکھنے میں ہمارے ۱۰ ، ۱۵ ، ۲۰ سال صرف نہ ہوں اور ہم اس مدت دراز کے بعد بھی ۔ اس سے نا بلد ہی نہ رہ جائیں ۔ اگر ہم اپنی مادری زبان پر قادرالکلام نہ ہوں گے تو کم از کم اتنا تو ہوگا کہ اس کو ہم لکھ سکیں اور بول سکیں ہمارا امرا کا طبقہ انگریزی نہیں چھوڑنا چاہتا وہ اپنے بچوں کو اول جماعت سے انگریزی پڑھانا شروع کر دیتے ہیں اور ان کو اردو سے کوئی سروکار نہیں ۔ مجھے علم ہے کہ ہمارے بعض دوستوں کے ایسے بچے ہیں کہ جن کو اردو کا قاعدہ تک پڑھنا نہیں آتا اور وہ اس وقت کالجوں میں پہنچے ہوئے ہیں محض اس لئے کہ انہوں نے اس زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا جو کہ ان کے لئے اجنبی تھی ۔ اپنی زبان کو انہوں نے میں پوچھتا ہوں کیوں چھوڑا ۔ جناب والا ۔ مجھے ایوان سے پوچھنا ہے ۔ ڈاکٹر سید عبداللہ خدا ان کی عمر دراز کرے وہ اردو زبان کے اس وقت اہم ترین خادموں میں سے

ھیں وہ ایک عظیم ترین عالم ھیں ان کی رائے میرے لئے ایک مسلمہ حقیقت کی حیثیت رکھتی ھے ۔ یہ ایک ٹریکٹ انہی کا ھے جو انہوں نے تحریر فرمایا ھے ۔ پچھلے سال انہوں نے انجمن ترقی اردو کی جانب سے شائع کیا تھا ۔ وہ لکھتے ھیں کہ تعلیم ۔ دفتری کاروبار اور دربار سرکار کی زبان بنانے سے ھی قومی زبان کا وقار قائم رہ سکتا ھے ۔ یہ اس کتابچہ کا عنوان ھے ۔ جناب والا ۔ اس کے اندر جو کچھ اس کتابچہ میں انہوں نے بعض مشکلات کا بھی ذکر کیا ھے جن پر میری ذاتی رائے کے مطابق کہ مکمل طور پر ان پر قابو پایا جا سکتا ھے اگر ھم اس میدان میں کودیں گے تو وہ مشکلات ھمارے سامنے سے بالکل نابود ھو جائیں گی ناپید ھو جائیں گی ڈاکٹر صاحب نے ارشاد فرمایا ۔ ''زندگی میں عقل اور معقولیت کا مقام تسلیم شدہ ھے مگر جو معقولیت ھمارے قومی جذبے اور ملی وحدت کی احساس کو کمزور کرے وہ معقولیت مشکوک ھے قومی زندگی میں قومی جذبے کی اھمیت بنیاد اور اساس کی حیثیت رکھتی ھے ھماری تازہ ترین جنگ نے اس اھمیت کا اور بھی یقین دلا دیا ھے ۔ ھندوؤں کی نظر میں اردو پاکستان ایک ھی مفہوم رکھتے ھیں پھر کیا پاکستان کا فرض نہیں کہ بھارت کے اس چیلنج کو اسی مردانگی سے قبول کرے جس سے اس کے فوجی چیلنج کو قبول کیا اور اسے شکست دی ''

جناب والا ۔ ڈاکٹر صاحب نے جو کچھ ارشاد فرمایا بڑا واضح ھے تو جناب والا سن ۱۹۶۳ سے سن ۱۹۶۷ء تک یعنی چار سالوں میں کون سے راستے میں روکاوٹیں تھیں جن کو ھم عبور نہ کر سکے اور اس بل کو پاس نہ کر سکے اور اردو کو دفتری زبان کا درجہ نہ دے سکے محض یہی

کہ ہمارے سٹینوگرافرز یا چند ٹائپ کرنے والے اردو ٹائپ کرنا سیکھ نہیں سکتے تھے یا یہ کہ چند سو یا چند ہزار اردو ٹائپ رائٹرز خریدے نہیں جا سکتے تھے ۔ جناب والا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ جہاں اربوں روپیہ ہم مختلف قسم کے سامان تعیش پر صرف کرتے ہیں اگر ہم اس قسم کے سامان کو درآمد کر سکتے ہیں تو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ چند صد ٹائپ رائٹر بھی خریدے جا سکتے ہیں یہ چند لاکھ روپے کی بات تھی اور سیلیکٹ کمیٹی نے بھی اس موضوع پر کچھ اظہار خیال کیا تھا کہ ہمیں کس قدر مشنیری درکار ہوگی اور وہ ہم کس طرح اسے مہیا کر سکتے ہیں اور کس طرح انگریزی ٹائپ رائٹرز کے حروف کو اردو میں تبدیل کیا جا سکتا ہے پاکستان کی کسی فرم نے کمیٹی کو اطلاع دی تھی کہ انگریزی ٹائپ رائٹرز کو اردو میں تبدیل کیا جا سکتا ہے میرا خیال ہے کہ چار سال قبل اس مشکل پر عبور حاصل کیا جا سکتا تھا ۔ میرا اس وقت مقصد یہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں چاہتا ہوں کہ اردو کو جولائی ۱۹۶۸ء تک ہماری دفتری زبان کا درجہ دیا جائے ۔ اس کو دفتری زبان شمار کیا جائے تعلیم کے لئے اس کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے اور ہماری عدالتوں کو خواہ وہ ہائی کورٹ ہو ۔ یا سپریم کورٹ اردو میں اپنا کاروبار چلانا چاہیئے ۔ جناب والا ۔ آخر میں جناب قائد ایوان سے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس میں شک نہیں کہ صدر مملکت نہایت عمدہ انگریزی بولتے ہیں ۔ ان کا لب و لہجہ انگریزی کے ماہرین بھی تسلیم کرتے ہیں کہ نہایت عمدہ ہے ۔ سینٹرسٹ کا ان کا تلفظ ہے مگر اردو کا اپنا اچھا

تلفظ نہیں اور اگر شائد یہ بھی میں کہوں تو وہ درست ہو کہ وہ اپنے جذبات اور خیالات کا شائد انگریزی میں مقابلتاً اردو کے زیادہ بہتر طور پر اظہار کر سکتے ہیں لیکن ۱۹۶۵ء میں جب ہندوستان نے ہم پر جنگ مسلط کی تو کیا میں قائد ایوان سے پوچھ سکتا ہوں کہ صدر پاکستان نے کتنی تقریریں اردو میں کیں اور کتنی انگریزی میں کیں ۔ پاکستان ریڈیو نے کتنے نغمے اردو میں گائے اور کتنے انگریزی میں گائے ۔ اس وقت ریجنل زبانوں کا سوال نہیں ہے اور نہ ہی میں اس بحث میں جانا چاہتا ہوں اور نہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اردو کو پشتو کے مقابلہ میں کھڑا کیا جاوے ۔ ہم نے تو انگریزی کے مقابلے میں اردو کو کھڑا کرنا ہے ۔ یہ سوال نہیں ہے کہ سندھی پشتو علاقائی زبانیں نہیں ہیں ۔ وہ علاقائی زبانیں ہیں اور ان کو ان کی حیثیت سے پھلنا پھولنا چاہیئے ۔ گورنمنٹ کو ان کی امداد کرنی چاہیئے تاکہ ان کی ترقی ہو ۔ یہ امر اپنی جگہ پرنہایت ضروری ہے ورنہ اگر علاقائی زبانوں کو مار ڈالا جائے گا تو فائدے کی بجائے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوگا ۔ جناب والا ۔ میرا سوال اس وقت یہ ہے کہ جناب صدر مملکت سے لے کر ہمارے چھوٹے بڑے شاعر نے اردو کو قوم کے جذبات ابھارنے کا ذریعہ بنایا ۔ قومی عصمت کو ابھارنے کے لئے قومی جذبہ بیدار کرنے کے لئے تاکہ ہم سب مل کر تن من کی بازی لگا کر ہندوستان کے جارحانہ حملے کا منہہ توڑ جواب دیں ۔ روزمرہ کی زندگی میں ہمیں انگریزی میں کام کاج کرتے ہوئے دقت محسوس ہوتی ہے ہم سمجھتے ہیں کہ انگریزی پڑھنا ہمارے لئے لازم ہے محض زبان کے اعتبار سے ہم کیوں نہ مار دو کو روزمرہ

کی زندگی میں استعمال کریں ۔ اگر ہم تمام کاروبار انگریزی میں کر سکتے ہیں تو ہم اردو میں اس سے بہتر کر سکتے ہیں ۔

اس قانون کے آخر میں میں نے ایک proviso درج کی ہوئی ہے کہ اس وقت جہاں جہاں علاقائی زبانیں استعمال ہو رہی ہیں ان کا استعمال جاری رہے ۔ میرے مہربانوں نے کہا ہے کہ یہ اردو دشمنی ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے ان سے حد درجہ اختلاف ہے میں ان لوگوں میں سے ہوں جو علاقائی زبانوں کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں ۔ ان کو مردہ نہیں بنانا چاہتے ۔ اگر اس وقت کسی پٹوار خانہ کی زبان سندھی ہے تو اس کی جگہ اردو کو رائج کرنا مناسب نہیں ۔ وقت آ جائے کہ شاید وہاں بھی ہمیں اردو رائج کرنی پڑے ۔ لیکن فوری طور پر یہ تبدیلی ہمارے لئے مناسب نہیں ہوگی ۔ میں نے اس کو وقتی طور پر اس لئے اپنایا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک گورنمنٹ کا یہ خیال ہے کہ ایک سال کم کا عرصہ اردو کو دفتری زبان بنانے کے لئے کم ہے ۔ انتظامی مشینری میں ضروری تبدیلی سٹینوگرافروں کی تعلیم و تربیت ٹائپ رائٹر خریدنے کے لئے — تو اگر وہ سمجھتے ہیں کہ ایک سال کم ہے تو وہ اس مدت کو دو سال تک بڑھا لیں ۔ میں ایسی ترمیم قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ اگر دو سال میں اردو کو دفتری بنا سکتے ہیں تو مجھے قبول ہے ۔ مگر جس گورنمنٹ کی پالیسی گذشتہ پانچ سال میں یہ رہی ہے کہ ایک نہ ایک بہانے سے اس بل کو ٹالنا ہے وہ مجھے یہ الزام نہیں دے سکتی کہ میں نے اس کام کے لئے

ایک سال مقرر کیا ہے - جب میں نے یہ بل پیش کیا تھا تو میں نے دو سال کی مدت مقرر کی تھی یعنی دو سال میں یہ انتظام تدریجی طور پر کر لیا جائے مجھے افسوس ہے کہ ایک سال گذرنے کے بعد جب یہ بل اس ایوان میں پیش ہوا تو یہاں کورم توڑا گیا تاکہ ایوان اس پر اپنی رائے نہ دے سکے - پھر آج مجھے یہ طعنہ دیا جا رہا ہے اور مجھ پر الزام لگایا جا رہا ہے کہ میں نے وقت کم مقرر کیا ہے تاکہ ان کی مشکلات میں اضافہ ہو - میں نے جب یہ بل پیش کیا تھا اس وقت میں نے ان کی مشکلات کو کم کرنے لئے دو سال کی مدت دی تھی - آج پھر میں انہیں یہ دعوت دیتا ہوں کہ آیئے اصولی طور پر اس بات کو قبول کر لیجئے جہاں تک مدت کا تعلق ہے اس میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے - آپ اس کی مخالفت میں جو کچھ کہتے ہیں وہ محض بہانہ سازی ہے کہ ٹائپ رائٹر کہاں ہیں - ٹائپسٹ کہاں ہیں—ہائی کورٹ میں کیسے کام چلے گا ؟ آپ قانون نافذ کریں قانون بنانا لیجسلیچر کا کام ہے - ہائی کورٹ کا کام ہے کہ خود بھی اس قانون کی تعمیل کرے اور لوگوں سے بھی کرائے - اگر آج ہم اس قانون کو نافذ کریں تو ہائی کورٹ اس کا پابند ہوگا — سیکریٹریٹ اس کا پابند ہوگا کہ اردو میں دفتری کاروبار ہو - ہم ہائی کورٹ کے پابند نہیں ہیں - جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے اس صوبے میں یہ ایوان بااختیار ہے - اسے اختیار ہے کہ جس قسم کا قانون چاہے بنائے اور اسے نافذ کرے - باقی محکمے خواہ وہ ہائی کورٹ ہو یا دوسرے ادارے ہوں ان کا فرض ہے کہ وہ اس پر عملدرآمد کریں - اس لئے جناب والا - میں ان سے نہایت

ادب سے یہ درخواست کروں گا کہ ان پر یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی قومی زبان کو وہ درجہ دیں جو آج تک انہوں نے اسے نہیں دیا ۔ کیونکہ یہ ان کا فرض ہے آج مجھے یہ کہا جاتا ہے کہ وقت کم ہے اور ان مشکلات پر جو محض ان کے دماغوں میں ہیں اتنے تھوڑے وقت میں عبور حاصل نہیں کیا جا سکتا ۔ اگر وہ یہ ترمیم لے آئیں کہ اس بل کے نفاذ کی مدت ۱۹۶۹ء تک بڑھا دی جائے تو میں اسے قبول کرنے کے لئے تیار ہوں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں پھر نہایت درد مندی سے ان سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ اپنے قومی فرض کو پہچانیں اور اپنی قومی زبان کو اس کا جائز رتبہ اور مرتبہ دیں ۔ جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں نے اپنے دوستوں کے جواب میں جو کچھ میری سمجھ میں آیا میں نے ان کی خدمت میں عرض کر دیا ۔ اب یہ ان کی مرضی پر ہے ان کی صوابدید پر ہے کہ وہ اسے منظور کرتے ہیں یا نامنظور ۔ یہ بل ان کی رائے سے پاس ہوتا ہے ۔ اگر ہماری رائے سے پاس ہوتا تو آج ضرور پاس ہو جاتا ۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

Haji Gul Hassan Manghi : I have to make a speech.

Mr. Speaker : The Member may please take his seat. He has concluded his speech.

Haji Gul Hassan Manghi : I may be given five minutes.

Mr. Speaker : It has been laid down under the rules that when the debate is concluded by the mover then the question is put.

I will now put the question.

The question is—

> That the West Pakistan National Language Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be taken into consideration at once.

Those who are in favour of the motion may say 'Aye'.

(*Voices-Aye*)

Those who are against it may say 'Noe'.

(*Voices-Noe*)

I think the Noes have it, the Naes have it .....

Khawaja Muhammad Safdar : The Ayes have it. I challenge. Sir, it is a very important Bill and I request a division in the lobbies.

Mr. Speaker : Alright. Let the division bells be rung. (*bells were rung*)

Two minutes are over. Let the doors of the lobbies be closed. Now, Ayes to the right and Noes to the left.

(*The Assembly then divided*)

Mr. Speaker : Now here is the result of the Division.

Ayes : 5*

Noes : 63*

The motion was lost.

---

*Please see Appendix V at the end.

THE WEST PAKISTAN ARMS (AMENDMENT) BILL, 1966

Mr. Speaker : We will now pass on to part III of the Order of the Day. First motion is by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I do not want to move my motion.

Mr. Speaker . The motion is not moved.

THE PUNJAB PRE-EMPTION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967

Mr. Speaker : Next motion is from Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That leave be granted to introduce the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir I beg to introduce the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN ADULT EDUCATION BILL, 1966

Mr. Speaker : Next motion is from Chaudhri Anwar Aziz.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Adult Education Bill, 1966

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Adult Education Bill, 1966.

The motion was carried.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Adult Education Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Adult Education Bill, 1966, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF HOTELS AND RESTAURANTS BILL, 1966

Mr. Speaker : Next motion please.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move.

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Control of Hotels and Restaurants Bill, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Control of Hotels and Restaurants Bill, 1966.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I beg to introduce the West Pakistan Control of Hotels and Restaurants Bill, 1966.

Mr. Speaker : The West Pakistan Control of Hotels and Restaurants Bill, 1966, stands introduced.

THE NORTHERN INDIA CANAL AND DRAINAGE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1966

Mr. Speaker : Next motion is from Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Northern India Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That leave be granted to introduce the Northern India Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Minister of Irrigation & Power : Opposed Sir.

چودھری محمد ادریس (جھنگ-۱) ۔ جناب والا ۔ یہ کینال اینڈ ڈرینیج ایکٹ ۱۸۷۳ میں enact ہوا تھا ۔ اس وقت سے آج کے حالات اس قدر تبدیل ہو چکے ہیں کہ اس قانون میں بے شمار ترامیم کی ضرورت ہے ۔ میں نے جس ترمیم کے لیے بل پیش کیا ہے اس کی ضرورت ہائی کورٹ کے دو فیصلوں سے ہوئی ۔ ۱۹۶۱ سے پیشتر ہائی کورٹ نے ایک رولنگ دیا تھا جس کے تحت اگر divisional canal officer کے کسی فیصلہ کو سول کورٹ میں چیلنج کیا جاتا تھا تو وہ اسے suspend کر سکتے تھے اور حکم امتناعی جاری کر سکتے تھے ۔ لیکن بعد میں ہائی کورٹ نے ڈویژنل کینال

افسر کے فیصلہ کو uphold کیا جس سے سول کورٹ کو حکم امتناعی دینے کا حق نہ رہا اس لیے اب اگر ڈویژنل کینال افسر وارہ بندی کے لیے کوئی فیصلہ کرتا ہے تو اس کو کوئی سول کورٹ set aside نہیں کرسکتی اور اس کے خلاف کوئی اپیل نہیں ہو سکتی ۔ چونکہ کوئی سول کورٹ اس فیصلہ کی operation کو stay نہیں کر سکتی اور اسے set aside نہیں کرسکتی ہے اس لیے زمینداروں کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے ۔

اس بل کا مقصد صرف اس قدر ہے کہ جب کوئی ڈویژنل کینال افسر فیصلہ کرے تو اس کے خلاف اپیل کمشنر کے پاس کی جا سکے ۔ نیز سول کورٹ میں اسے چیلنج کیا جا سکے اور اسے حکم امتناعی جاری کرنے کا اختیار حاصل ہو ۔ ان حالات کے تحت یہ دونوں ترامیم نہایت ضروری ہیں جب یہ قانون بنایا گیا تھا اس وقت اس کی ضرورت نہ ہوگی ۔ لیکن آج جب کہ پانی کے rights اور وارہ بندی کے لیے زمینداروں میں چھوٹے چھوٹے بیشمار جھگڑے ہو رہے ہیں اور وارہ بندی کی اہمیت بڑھ گئی ہے ۔ یہ ترمیم نہایت ضروری ہو گئی ہے اس لیے میں استدعا کرتا ہوں کہ اس بل کو introduce کرنے کی اجازت دی جائے ۔

Minister of Irrigation & Power (Makhdum Hamid-ud-din): Mr. Speaker Sir, my opposition to the grant of leave to the Member is based on the ground that this amendment is, as such, infructuous ; I have not so far pronounced upon the merits of the bill. The amendment, the Act on which this amendment is sought, *i.e.*.....

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے محترم

وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ چونکہ اس بل کا تعلق ہم جیسے دیہاتی اور زمینداروں سے ہے اور ہم انگریزی نہیں سمجھ سکتے۔ اس لیے اردو میں ارشاد فرمائیں۔

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب اگر آپ اردو میں ارشاد فرمائیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

Minister of Irrigation : As you command Sir.

خواجہ محمد صفدر ۔ رانا صاحب اس وقت تو آپ نے اردو کے حق میں ووٹ نہیں دیا تھا اور اب آپ کہتے ہیں کہ اردو میں تقریر کریں۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ووٹنگ آزادانہ نہیں ہوئی۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ جس ایکٹ کی ترمیم یہاں چاہی گئی ہے میری عرض یہ ہے کہ وہ ایکٹ مغربی پاکستان کی statuate book پر نہیں ہے۔

آوازیں ۔ repeal ہو گیا ہے۔

وزیر آبپاشی ۔ Northern Canal and Drainage Act اس وقت statuate book پر نہیں ہے وہ ۱۹۵۲ء میں ترمیم ہو کر Canal and Drainage Act ۱۸۷۳ ہو چکا ہے اور اس amending bill کے ذریعہ نارتھرن انڈیا کینال

اینڈ ڈرینیج ایکٹ کی جو ترمیم چاہی جا رہی ہے جو نہیں ہو سکتی نمبر ۲۔ اس کے آپریشن سے مجھے اختلاف ہے ۔ جناب والا ۔ اس سے جو دوسرا اعتراض ہے وہ اس کے حدود اختیار سے برآمد ہوگا جو اس میں mention کئے گئے ہیں ۔

Whereby this amendment would be presumed to be operative in the whole of West Pakistan. This is only operative in Punjab, former Bahawalpur, etc.

جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ اگر تصور کر ہی لیا جائے کہ یہ Drainage ایکٹ ہے تو پھر اس کا آپریشن ویسٹ پاکستان پر نہیں ہے یہ آپریٹو ایکٹ نہیں ہے ۔

This amendment shall be deemed to be infructuous and in-operative.

اس کا آپریشن انھوں نے ویسٹ پاکستان basis پر کیا ہے مگر اس ایکٹ کا آپریشن restricted ایریا میں ہے ۔

This amendment should be rejected.

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب موشن move ہو چکا ہے اور بحث کی جا چکی ہے ۔ اب leave کے لیے question put کیا جائے گا ۔ اگر ہاؤس leave نہ دے تو introduce نہیں ہوگا ۔

The question is—

That leave be granted to introduce the Northern India Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

The motion was lost.

THE WEST PAKISTAN PRESS AND PUBLICATIONS ORDINANCE (REPEAL) BILL, 1967

Mr. Speaker : Next motion, Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications Ordinance (Repeal) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications Ordinance (Repeal) Bill, 1967.

Minister of Information : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - مجھے جناب وزیر خزانہ اور اطلاعات سے توقع تھی کہ وہ اس بل کی مخالفت نہیں فرمائیں گے - صرف اس لیے نہیں کہ وہ اپنی سیاسی زندگی میں ہمیشہ پریس کی آزادی کے لیے کوشاں رہے اور ایک نہیں بیسوں نہیں سینکڑوں ان کی تقاریر اس ضمن میں پیش کی جا سکتی ہیں لیکن اس لیے بھی کہ انھوں نے اس بل کے اغراض و مقاصد میں دیکھا ہوگا کہ ہم نے اس بل کو اس لیے اس ایوان میں پیش کرنے کی جسارت کی ہے کہ صدر مملکت جو کہ کنونشن مسلم لیگ کے صدر بھی ہیں انھوں نے اپنے صدارتی منشور میں عوام سے ایک وعدہ فرمایا تھا - میرے محترم دوست جناب وزیر خزانہ اور اطلاعات اس جماعت کی صوبائی شاخ کے صدر ہیں لہذا دو لحاظ سے ان پر فرض عائد ہوتا ہے کہ جو کچھ صدر مملکت نے ارشاد فرمایا ہے - اس کی تابع داری کریں

اس کے مطابق عمل کریں اور دیکھیں کہ ان کے ملفوظات اور ان کے ارشادات کی خلاف ورزی نہ ہو۔ ان سے بہتر کون جان سکتا ہے کہ جناب صدر مملکت کے صداوتی منشور میں کیا لکھا ہوا ہے یہ تو ان کے فرائض منصبی میں صدر مملکت کے منشور کو یاد رکھنا بھی ہے۔ بہر حال اس وقت میرا بھی فرض ہے کہ میں ان کے سامنے پھر صدر مملکت کا منشور پڑھ دوں۔

Undertakings undertaken.

President Muhammad Ayub Khan's election manifesto.

اس منشور کی کئی رنگوں میں کتابت ہو کر اشاعت ہوئی ہے۔ اور یہ undertaking یعنی وعدہ نمبر ۱۶ - پڑھتا ہوں۔

"I undertake to work-out a code of ethics for the Press and to establish a voluntary machinery within the Press itself to regulate effectively its conduct according to the code."

جناب صدر مملکت نے اپنا وعدہ اپنے انتخاب کے بعد میرے خیال میں تقریباً ایک سال کے اندر اندر ایفا کر دیا اور وہ کوڈ آف کنڈکٹ جو کہ اخبار نویسوں نے اپنے لئے تجویز کیا تھا اور جس کو جناب صدر مملکت نے قبول فرمایا اور اس مشینری کو جو کہ اس ضابطہ کار کے لئے لازمی تھی اسے معرض وجود میں لے آئے۔ صدر مملکت کے اس واضح وعدے کی موجودگی میں میری یہ رائے تھی اگرچہ مجھے جناب وزیر اطلاعات کی اس مخالفت اور مخاصمت کے بعد اس کو تبدیل کرنا پڑا ہے کہ اس بل کی مخالفت نہیں کی جائے گی۔ کیونکہ یہ ان کے اپنے ہی صدر اور رہنما اس ملک کے صدر کے منشور کے عین مطابق میں نے بل پیش کیا ہے۔ میں نے اس میں اپنی

جانب سے کوئی اضافہ نہیں کیا ہے اور اسی لئے میں نے واضح طور پر statement of object and reason میں یہ لکھا تھا کہ صدر مملکت کے منشور کے مطابق یہ بل پیش کیا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ اس ضمن میں پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس نے اس صوبے میں جو حالات پیدا کر دئے ہیں ان کو میں مختصراً بیان کروں گا ۔ چونکہ میں پارلیمنٹری روایات سے واقف ہوں اس لئے اس سٹیج پر کوئی تقریر کرنا مناسب نہیں ہے ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ۔ دس منٹ تو آپ تقریر کر چکے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے محترم دوست ارشاد فرماتے ہیں کہ وقت زیادہ نہ لیا جائے ۔ میرا خیال ہے دس منٹ چھوٹے ہو گئے ہیں اور وقت کا پیمانہ ذرا کم ہو گیا ہے پھر تو میں دس منٹ سے زیادہ نہیں لوں گا ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ صوبے کے اخبارات کا جس طرح گلہ گھونٹا اور جس طرح ان کی قلم کی عصمت چھینی گئی ہے اور جس طرح قلم کی زبان کاٹ دی گئی ہے اس کا اندازہ آپ خود ہی لگا سکتے ہیں ۔ اخبارات کے ذہنوں پر جو پہرہ بٹھا دیا گیا ۔ اس کا اندازہ اس ایک واقعہ سے لگائیے ۔ پچھلے دنوں یہ حکومت چند علما کرام سے کچھ ناراض ہو گئی بات کیا تھی سرکاری طور پر اعلان کیا گیا کہ عید فلاں دن ہے علمائے کرام نے سوچا کہ یہ فریضہ ان کا ہی ہے تو انھوں نے کہا کہ

عید فلاں دن نہیں فلاں دن ہو گی ۔ اب دینی کاموں میں وزرا کو کون پوچھتا ہے ۔ علما کرام کا فتوے قبول کیا جاتا ہے ۔ تو نتیجہ یہ ہوا کہ ملت کے عظیم ترین حصے نے اس روز عید منائی جس روز کے لئے علما کرام نے ارشاد فرمایا تھا ۔ بہر حال اس کو چھوڑئیے کیونکہ یہ مسئلہ اس وقت زیر بحث نہیں ہے ۔

Minister of Information : Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ تو یہ بات جناب والا ۔ گورنمنٹ کی طبع نازک پر گراں گزری اور پانچ علما کرام کو گرفتار کر لیا گیا ۔ چلئے ٹھیک ہے علمائے کرام گرفتار ہو گئے کئی لوگ گرفتار ہوتے ہیں ۔ پانچ رہا بھی کر لئے گئے ۔ بات تو اس وقت میں پریس کی کر رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے تحریری طور پر یہ ہدایات اخبارات کو دی گئیں اور وزیر اطلاعات اس سے انکار نہیں کریں گے کہ تحریری طور پر یہ ہدایات دی گئیں کہ ان علما کرام کے نام کے ساتھ مولانا کا لفظ نہیں لکھنا بلکہ لفظ مسٹر لکھا جائے ۔ مثلاً مسٹر فلاں فلاں ۔ مسٹر احتشام الحق ، مسٹر ابوالامودودی ۔ تو اس ہدایت کے تحت اس خبر کی تشہیر کی گئی ۔ مزید ہدایات اور پابندیاں یہ تھیں کہ یہ خبر باہر کے صفحہ پر نہ چھاپی جائے بلکہ اندر کے کالم میں چھاپی جائے اور یہ کہ کسی عالم کی تصویر شائع نہ کی جائے اور اس خبر کے متعلق اگر کسی صاحب نے کوئی بیان شائع کرانا ہو تو اس کو بھی نہ شائع کیا جائے ۔

وزیر محنت ۔ تصویر تو شرعی لحاظ سے کہا گیا تھا کہ نہ شائع کی جائے۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرا خیال ہے کہ آپ کی شرع میں تصویر ناجائز تھی تو باقی پابندیاں کیوں لگائی گئی تھیں ۔ جناب والا ۔ میں یہاں پر ادنیٰ سی مثال پیش کر رہا ہوں کہ پریس کا گلا کس طرح گھونٹا گیا ۔ ہر روز ٹیلی فون اٹھاتے ہیں اور اخبارات کے نام حکم دے دیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ مغربی پاکستان کے اکثر و بیشتر اخبارات نیم سرکاری ٹرسٹ کے ہیں ۔ ایک اخبار سرکاری پارٹی کا ہے پھر بھی یہ پابندیاں کن کے لئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ایک آدھا اخبار آزاد رہ گیا ہے ۔ اس کا گلا بھی مدت سے گھونٹا جا رہا ہے ۔ لیکن وہ بڑا سخت جان واقع ہوا ہے ۔ ۳۵—۴۰ ہزار روپیہ ماہوار کے اشتہارات جن کو حاصل کرنے کا اس اخبار کو پورا پورا حق حاصل ہے اس اخبار کے لئے بند کر دیئے گئے ہیں ۔ میں تو کہوں گا کہ اس اخبار کو ذبح کیا جا رہا ہے لیکن وہ ذرا سخت جان ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب Code of Conduct تیار ہو چکا ہے ۔ یا تو الزام یہ ہو کہ کود آف کنڈیکٹ پر عمل نہیں کیا گیا لہذا عام قانون ضروری ہے ۔ مگر جب فریقین اس ضابطہ کار پر عمل پیرا ہو رہے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ پریس کا گلا گھونٹنے کے لئے اس قسم کے قوانین کے ذریعہ پریس پر طرح طرح کی پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تقریر کو صرف ایک اقتباس پر ختم کرتا ہوں ۔ شیریڈن کا نام پارلیمانی زندگی میں جو لوگ زیادہ یا تھوڑے عرصے کے لئے آئے ۔ انہوں نے

سنا ہوگا اور وہ اس سے واقف ہوں گے ۔ انگلستان میں ان سے بڑا پارلیمنٹرین ابھی تک کوئی نہیں ہوا ۔ میں جناب والا اقتباس پڑھتا ہوں ۔ The Fine Art of Political Wit کے صفحہ ۵ پر اور رچرڈ ونسلے شیریڈن پورا نام ہے ۔

It is from "Fine Art of Political Wit" by Richard Brinseley Sheridan, page 5.

> "Give them a corrupt House Lords; give them a venal House of Commons; give them a tyrannical Prince; give them a truckling court and let me have an unfettered press ; I will defy them to encroach a hair's breadth upon the liberties of England."

جناب والا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انتظامیہ کو جس طرح چاہیں خراب کر لیں عدلیہ کو جس طرح چاہیں خراب کر لیں اسمبلی کو جس طرح چاہیں corrupt کر لیں ۔

وزیر اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ آپ ذرا ریکارڈ سے دیکھئے کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I am quoting Sheridan's remarks. I again repeat those remarks :

> "Give them a corrupt House of Lords ; gi ve them a venal House of Commons ; give them a tyrannical Prince ; give them a truckling court and let me have an unfettered press ; I will defy them to encroach a hair's breadth upon the liberties of England."

میں اس اقتباس میں لفظ انگلینڈ کو لفظ پاکستان تبدیل کرکے یہ اقتباس میں وزرا صاحبان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

وزیر اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ جناب والا ۔ حزب اختلاف کے قائد نے اس موقعہ پر بہت سی غیر متعلقہ باتیں اٹھائی ہیں میں کوشش کروں گا کہ ان باتوں کی طرف کم سے کم اشارہ کروں اور جو بنیادی باتیں ہیں صرف انہیں تک اپنی توجہ مرکوز رکھوں ۔ بہر نوع کچھ باتیں انہوں نے ایسی کہی ہیں کہ جن کا میں تذکرہ کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ اس بل کی اصل غرض و غایت یہ ہے کہ صدر ایوب کے منشور کے مطابق اس ایکٹ کو منسوخ کر دیا جائے ۔ کیوں کہ صدر ایوب نے اپنے انتخابی منشور میں قوم سے وعدہ کیا تھا کہ وہ ایک Code of Conduct پریس کے لئے مرتب فرمائیں گے اور وہ کوڈ آف کنڈکٹ انہوں نے قوم کو دے دیا اور اس پر پریس عمل کر رہا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ صوبہ میں ایسے قانون کو برقرار رکھا جائے جو ان کے اس وعدے کے منافی ہو ۔ حضور والا ۔ میں آپ کے توسل سے اپنے فاضل اور قابل احترام دوست کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ دونوں باتوں میں کوئی ٹکراؤ نہیں ۔ یہ مقام باعث مسرت اور افتخار ہے کہ صدر ایوب نے جو وعدہ قوم سے اپنے انتخابی منشور میں کیا تھا اس کو کماحقہ ، انہوں نے پورا کیا ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

وزیر اطلاعات ۔ لیکن صدر ایوب نے یہ کوئی وعدہ نہیں کیا تھا اور نہ کیا جا سکتا ہے کہ اس ملک میں اس قسم کی آزادی ہو جس سے ملک اور قوم کا وجود خطرے میں پڑ جائے آزادی کو regulate کرنے کے لئے کسی نہ کسی قانون کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اگر آزادی کو کھلا

چھوڑ دیا جائے تو وہ ایسے نتائج پیدا کر دیتی ہے جن سے خود آزادی کو خطرہ لاحق ہو جاتا ہے ۔ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ ویسٹ پاکستان پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس ۱۹۶۳ء کا اصل مقصد نہ صرف پریس کی آزادی کو برقرار رکھنا ہے بلکہ اس آزادی کو مناسب خطوط پر منضبط کرنا بھی ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

وزیر اطلاعات ۔ حکومت کا یہ ہمیشہ نقطہ نظر رہا ہے کہ جن لوگوں کے پاس اختیارات ہوں وہ ان اختیارات کے استعمال میں تجاوز سے کام نہ لیں اور ہر مہذب حکومت کا یہ رویہ رہا ہے اور یہی نصب العین ہونا چاہیے آپ جانتے ہیں کہ پریس ایک بہت بڑی طاقت ہے میں ارادتاً اس موقع پر اس صوبہ کے نامور اخبار کا نام لینا نہیں چاہتا جس نے پچھلے سال اپنے کالموں میں پاکستان کے معزز شہریوں کے بارے میں نہایت نا مناسب الفاظ استعمال کئے تھے ۔ لیکن اگر اس رجحان کو روکا نہ جائے اور اس ملک کے شہریوں کو ان تمام طاقتوں سے محفوظ نہ کیا جائے جو اپنے اختیارات کو آزادی کے نام پر آزادی کے خلاف استعمال کرتے ہیں ۔ تو جناب والا آپ خود فیصلہ فرمائیں کہ حکومت کے بارہ میں عوام کی اس ملک میں بسنے والوں کی کیا رائے ہوگی ۔ اس قانون کا جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ایک ہی بنیادی مقصد ہے اور وہ یہ کہ جہاں ایک طرف پریس کی آزادی کو صحیح خطوط پر بھی چلایا جائے تاکہ آزادی کا مقصد فوت نہ ہو جائے ۔ آزادی ختم نہ ہو جائے ۔ بلکہ آزادی کے برقرار رہتے

ہوئے ملک کے شہری صوبہ کے شہری امن اور سلامتی کے ساتھ اپنی زندگی بسر کر سکیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ دوسرے لفظوں میں آپ انہیں کنٹرولڈ آزادی دے رہے ہیں۔

وزیر اطلاعات ۔ میرے فاضل دوست نے کہا ہے کہ اخبارات کا گلا گھونٹ دیا گیا ہے ان کی زبان پر پہرے بٹھا دیے گئے ہیں۔ خدارا انصاف سے کام لیں ۔ جتنا مواد پچھلے چند سالوں میں پاکستان کے اخبارات نے حکومت اور حکومت کے قائدین کے خلاف کھلے بندوں چھاپا ہے اس کی مثال ہند و پاکستان بلکہ جنوب مشرقی ایشیا کے کسی ملک میں پیش نہیں کی جا سکتی (ہیئر ۔ ہیئر) آج بھی بغیر کسی خوف کے بغیر کسی روک ٹوک کے حکومت کی پالیسی پر غیر حقیقت پسندانہ اور بے رحمدلانہ انداز سے تنقید کی جاتی ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا مغربی پاکستان میں حکومت نے ایک بھی اخبار کو بند کیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ضرورت ہی نہیں ۔ اخبارات ٹرسٹ کے پاس ہیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ ٹرسٹ کے اخبار آپ کی نگاہ میں حکومت کے ہوں تو ہوں لیکن وہ ایک ٹرسٹ کے اخبارات ہیں۔ ایک آزاد ایجنسی کے اخبارات میں وہ از خود بغیر کسی دباؤ کے اور بغیر کسی لالچ اور خوف کے حکومت کی مفید اور کار آمد پالیسی کی تائید کرتے ہیں اور حکومت کی مفید اور کارآمد

پالیسی کی تائید کرنا کوئی جرم نہیں ہے ۔ اس لیے یہ کہنا کہ وہ اخبارات کیونکہ حکومت کی پالیسی کی حمایت کرتے ہیں اس لیے سماج یا ان کی نگاہ میں ان کے کوئی معنی نہیں ہیں مجھے اس سے اختلاف ہے ۔

میں جناب والا پھر ایک بار عرض کروں گا کہ ہر قانون کے متعلق بنیادی بات یہ ہوتی ہے کہ اس کا غلط استعمال نہ کیا جائے ۔ ایک اچھے سے اچھا قانون بھی اگر کسی کے ہاتھ میں آ کر غلط استعمال ہونے لگے تو پھر اس قانون کے خلاف بھی بات کی جا سکتی ہے ۔ خواہ وہ قانون فی نفسہ کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں جب سے یہ قانون رائج ہوا ہے کتنی بار یہ قانون اخبارات کے خلاف غلط استعمال ہوا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ضرورت ہی نہیں پڑتی ۔ ٹیلیفون پر ہی کہہ دیا جاتا ہے ۔

وزیر اطلاعات ۔ یہ تو آپ کی رائے ہے مگر واقعات آپ کی اس رائے کو جھٹلاتے ہیں ۔ جیسا کہ میں نے آغاز میں عرض کیا تھا میں ان باتوں کی طرف جو میرے فاضل دوست نے زیب داستان کی خاطر بڑھا کر بیان کی ہیں اشارہ کرنا مناسب نہیں سمجھتا ۔ کیونکہ مجھے احساس ہے کہ اس ایوان کا وقت بڑا قیمتی ہے ۔ لیکن میں ایک بات پھر دہراتا ہوں کہ صدر کے منشور میں جو باتیں کہی گئی ہیں وہ اس پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈر سے ٹکراتی نہیں ہیں ۔ آزادی بڑی قیمتی شے ہے آزادی کے لئے قومیں

اپنی جانیں بھی دے دیتی ہیں ۔ لیکن ہر وہ قدم ضرور اٹھانا چاہیئے جو اس آزادی کو پامال ہونے سے بچا سکے جو آزادی کو محفوظ کر سکے (تالیاں) پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس کا اصل مقصد پریس کی آزادی کو برباد کرنا نہیں ہے ۔ بلکہ اس کی آزادی کو برقرار رکھنا ہے اور ملک کو ایسے حالات کے پیدا ہونے سے بچانا ہے جن سے خود ملک میں بسنے والے پریس کے ہاتھوں نالاں ہو جائیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پریس کی غالب اکثریت ان مقاصد کے خلاف کام کر رہی ہے جن مقاصد کے لیے یہ آرڈیننس نافذ کیا گیا ہے ۔ الحمد اللہ ہمارے پریس کی غالب اکثریت محب وطن ہے اور وہ اپنی آزادی کا غلط استعمال نہیں کرتی ۔ لیکن اس خدشہ کے پیش نظر کہ شاید کوئی اخبار اس آزادی کا غلط استعمال کر بیٹھے یا کرنے کی نیت کرے ہر مہذب حکومت کے لیے لازم ہے کہ اس کے پاس ایسا قانون ہو جو اس غلط استعمال کو بروقت روک سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications Ordinance (Repeal) Bill, 1967.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next motion. Khan Ajoon Khan Jadoon.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Not moving.

Mr. Speaker : Begum Ashraf Burney.

Begum Ashraf Burney : I don't wish to move the Motion.

THE WEST PAKISTAN PURE FOOD (AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Speaker : Next motion. Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Health : Opposed.

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ—۳) ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ بل اس مقصد کے لئے پیش کیا ہے کہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ شہروں میں قصبات میں ۔ دیہاتوں میں جو لوگ اشیا خوردنی بیچتے ہیں وہ اشیا پیکٹ میں بند ہوتی ہیں اور جن سے خراب چیزیں پکڑی جاتی ہیں ان کا چالان کر دیا جاتا ہے حالانکہ اصل میں جو مینوفیکچرز ہیں جو ان چیزوں کے بنانے والے ہیں ان کا چالان ہونا چاہئے اور سزا بھی ان کو ہونی چاہیے ۔ اس چیز کے پیش نظر اور اس اصول کے پیش نظر کہ بےگناہوں کو سزا مل جاتی ہے اور وہ لوگ غریب لوگ ہوتے ہیں اور ان کے پاس جرمانہ ادا کرنے کے لئے پیسے بھی نہیں ہوتے ۔ اس بات کے پیش نظر اور اس سختی سے بچنے کے لئے میں نے اس ہاؤس کے سامنے یہ بل پیش کیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا اچھا مقصد ہے ۔ اگر

اس بات پر غور کر لیا جائے اور اس بل کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیا جائے تو وہاں بات واضح ہو جائے گی اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اس سے متفق ہوگی ۔

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق‌الزمان) ۔ جناب والا ۔ اس بل میں مغربی پاکستان پیور فوڈ آرڈی نینس ۱۹۶۰ کی دفعہ ۲۳ کی ضمنی دفعہ ۴ میں یہ ترمیم پیش کی گئی ہے کہ اس دفعہ کے نیچے مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے ۔

"(4) Nothing in this section shall apply to a person who keeps for retail sale and sells in retail fod contained in pre-packed sealed packages if the seal of the manufactured thereof is in tact."

اس ترمیم میں یہ خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ اگر کوئی خوردہ فروش بند ڈبہ فروخت کرتا ہے یا فروخت کے لئے پاس رکھتا ہے اور یہ ڈبہ اگر لیبارٹری میں تجزیہ کے بعد ملاوٹ شدہ ثابت ہو تو خوردہ فروش کے خلاف قانونی کارروائی نہ کی جائے بلکہ کارخانہ دار پر مقدمہ چلایا جائے ۔

جناب والا ۔ اس محکمہ نے محکمہ قانون سے مشورہ کے بعد یہ رائے قائم کی ہے کہ چوں کہ خوردہ فروش کے لئے دفعہ ۲۸ ضمنی دفعہ (۲) (ج) ، (۳)،(۴) کے تحت یہ تحفظ پہلے ہی موجود ہے کہ اگر خودرہ فروش یہ ثابت کرے اور اس کے پاس کارخانہ دار کی وارنٹی موجود ہو کہ اس نے بند ڈبہ اسی حالت میں فروخت کیا ہے یا فروخت کے لئے رکھا ہے جس حالت میں اسے کارخانہ دار سے ملا تھا تو وہ بری‌الذمہ ہوگا اس لئے اس

ترمیم کی ضرورت نہیں ہے اگر یہ ترمیم منظور ہوگئی تو خوردہ فروش کو ملاوٹ کرنے کا موقع مل جائے گا مثلاً آج کل معروف مشروبات مثلاً کوکاکولا خوردہ فروش جعلی تیار کر رہے ہیں ۔ اس ترمیم کی رو سے وہ قابل مواخذہ نہیں ہوں گے اور ایسا عمل کرتے رہیں گے ۔

جناب والا ۔ دفعہ ۲۸ کے تحت تحفظ برائے خوردہ فروش موجود ہے لیکن ساتھ ہی اس پر بھی کچھ ذمہ‌داری عائد کی گئی ہے کہ وہ ''وارنٹی'' حاصل کرے اور ثابت کرے کہ اس نے ملاوٹ نہیں کی ہے بلکہ ملاوٹ کارخانہ دار نے کی ہے اس لئے اس کے دل میں کچھ ڈر ہوگا اور ملاوٹ نہیں کرے گا نیز خوردہ فروش کو اسی صورت میں وارنٹی کے ذریعے تحفظ حاصل ہوگا جب کہ کارخانہ وہ دار کا مقرر شدہ ایجنٹ ہوگا ۔

اس کے علاوہ ضمنی دفعہ (۳) کے تحت کارخانہ دار کی یہ ذمہ‌داری ہے کہ وہ خوردہ فروش کو اس کے طلب کرنے پر تحریری وارنٹی دے ۔ اس لئے میں اس ترمیمی بل کی مخالفت کرتی ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir I introduce the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

THE CRIMINAL LAW (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1966

Mr. Speaker : Next motion is by Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : Sir I beg to move—

That leave be granted to introduce the Criminal Law (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the Criminal Law (West Pakistan Amendment) Bill, 1966

Minister of Law : I oppose it Sir.

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان - ۱) - جناب سپیکر - اس بل کا مقصد یہ ہے کہ رشوت کی بدعت جس شدت سے اس ملک میں اور ہمارے معاشرے میں پیدا ہو گئی ہے اس کے انسداد کے لئے میں نے یہ بل ایوان میں پیش کیا تھا یہ تسلیم شدہ امر ہے اور ہر سوسائٹی میں اور ہر مقام پر اس کا تذکرہ ہے اور اس سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ رشوت نہیں ہے - جب تک اس کے انسداد کے لئے اس قسم کے شدید اقدامات نہ کئے جائیں اس وقت تک ملک سے یہ برائی قطعاً دور نہیں ہو سکتی - میں متوقع ہوں کہ آپ اس پر دوبارہ غور کریں اور اس کو ہاؤس میں پیش کرنے کی اجازت دے دیں - اگر سٹینڈنگ کمیٹی اس کو رد کر دے تو یہ دوسری بات ہے - اس وقت اس کو پیش کرنے کی اجازت بخشی جائے -

Minister of Law : (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker, Sir, this bill seeks to amend two law, i.e. the Pakistan Penal Code and the Prevention of Corruption Act, 1947. The first Act, i.e. the Pakistan Penal Code, is a major Act, and for purposes of uniformity, it is desirable that on this subject there should be uniform law, which will affect both the wings of West Pakistan and East Pakistan, and consequently this is a matter, which could easily be left for the Centre to legislate upon. I don't say that the Provincial Legislature has no right. I stand by the right of the Provincial Assembly, but I am only submitting that at the present moment when the Law Commission is about to start functioning and collect data, it will not be proper that this law should be formulated at this time.

So far as punishments are concerned, I don't think any punishment is going to reform and crimidal. The power of punishment is not enough. There are other ways of reforming the criminals; there are other ways of creating deterrents, and even on principle the forfeiture of property standing in the name of wife and children is also a very great hardship. Therefore, it is opposed.

With these remarks, I request the Member to withdraw the bill, to be left for the Central Assembly to legislate upon it after the Report of the Commission is submitted.

Mr. Speaker : The question is—

> The leave be granted to introduce the Criminal Law (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

The motion was carried.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : Sir I introduce the Criminal Law (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : The Criminal Law (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN CRIMINAL LAW (AMENDMENT) (REPEAL) BILL, 1967

Mr. Speaker : Next motion is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.

Minister of Law : I oppose it Sir.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ عرض یہ ہے کہ بعینہ اسی قسم کا ایک مسودہ قانون میں نے اسمبلی میں دیا ہوا ہے جو آج کے ایجنڈا پر ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ علیحدہ نمبر ہے اور اس کا علیحدہ نمبر ہے اور اسے علیحدہ ہی take up کیا جائے گا اگر اس کی بھی اجازت مل گئی تو وہ بھی سٹینڈنگ کمیٹی میں چلا جائے گا۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ۔ ۔ ۔ صرف دو چار منٹ جب آپ بلوں کی مخالفت کرتے تو ہم آپ کا ساتھ دیتے ہیں اور آپ کے بل introduce ہو جاتے ہیں ۔ اب میرے بل کی مخالفت ہو رہی ہے آپ میرا ساتھ دیجئے تاکہ یہ introduce ہو جائے۔

وزیر قانون ۔ وہ ہمارا فیصلہ تھا کہ وہ introduce ہونا ہی ہے۔

خواجہ محمد صفدر - یہ اور بات ہے لیکن اس صورت میں وزرا صاحبان نے فیصلہ سے انحراف کیا ہے -

Mr. Speaker : No more cross talks.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱)- جناب والا- میں نے بدنام جرگہ قانون کو منسوخ کرنے کے لئے اس جرگہ کے قانون پر خط تنسیخ کھینچنے کے لئے یہ بل ایوان کی اجازت حاصل کرنے کے لئے پیش کیا ہے - اس کی وجہ میں نے بل کے اغراض و مقاصد میں درج کی ہوئی ہے - صرف میں ان کو پڑھے دیتا ہوں - جب اصل جرگہ کا قانون اس ایوان میں پیش کیا گیا تھا تو اس کے مقاصد یہ بیان کئے گئے تھے -

inter alia state that at the same time it is desired to provide for more speady trial.

اول یہ کہ اس سے مقدمات کا فیصلہ جلد ہوگا اور نمبر ۲ یہ کہ

"... and more effective punishment of certain heinous offences."

یعنی دوئم یہ ہے کہ بعض بڑے ہی مذموم قسم کے اور گھناؤنے جرائم کے لئے سخت سزا تجویز کی جا رہی ہے اور نمبر ۳ یہ ہے کہ

"...and also provide for more effective steps for the eradication of smuggling and corruption."

یعنی رشوت اور سمگلنگ کا قلع قمع کرنے کے لئے بھی یہ قانون ضروری سمجھا گیا یعنی اس بدنام زمانہ جرگہ قانون کو جب اس ایوان میں پیش کیا گیا تو ہمیں یہ بتایا گیا کہ اس کے تین مقاصد ہیں - اول یہ کہ

مقدمات کا فیصلہ جلد ہو سکے گا ۔ دوم یہ کہ بعض گوناگوں جرائم کی سزا اس لئے زیادہ کی گئی ہے تاکہ ان جرائم کی روک تھام ہو سکے اور سوم یہ کہ رشوت اور سمگلنگ کا خاتمہ کرنا اس قانون سے مقصود تھا ۔ لیکن جناب والا ۔ اس قانون کے ذریعے نہ صرف ہم یہ تینوں برائیاں روکنے میں ہی ناکام رہے ہیں بلکہ انہیں کم کرنے میں بھی ناکام رہے ہیں ۔ اس قانون کے نافذ کرنے کا پہلا مقصد یہ تھا کہ مقدمات کا جلد فیصلہ ہو سکے پچھلے اجلاس میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ہمیں یہ بتایا گیا تھا کہ بعض اضلاع میں جرگے کے تحت جو مقدمات دائر ہوئے ہیں وہ تین سال سے دائر ہیں اور ابھی تک ان مقدمات کا فیصلہ نہیں ہو سکا ۔ ایک دو مقدمات نہیں بلکہ اکثر و بیشتر ایسے مقدمات ہیں اور اس حکومت کے عمائدین کے یہ اعلانات بار بار اخباروں میں آئے ہیں کہ چونکہ جرگے کے ممبران حاضر نہیں ہوتے اس لئے بعض مقدمات التوا میں پڑے رہتے ہیں اور اس لئے مقدمات کا جلد فیصلہ نہیں ہوتا ۔ انہوں نے خود یہ شکایت کی ہے ۔ میں ان کو ان کی ہی یہ شکایت یاد دلاتا ہوں کہ جنگل کے اس قانون کو اس ملک میں نافذ کرنے سے ان کا یہ مقصد کہ مقدمات کا فیصلہ جلد ہو ، وہ پورا نہیں ہوا ۔ دوئم یہ کہ انہوں نے بعض جرائم کے لئے سزا میں اس قانون کے ذریعے اضافہ کیا ہے تاکہ وہ جرائم کم ہو جائیں ۔ لیکن آپ کو معلوم ہے کہ جرائم کی رفتار میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہو رہی ہے یعنی اس صوبے کی ترقیات میں سے اگر سب سے اوپر کسی کا نمبر رکھا جا سکتا ہے تو

جرائم کی رفتار میں ترقی کو ہی رکھا جا سکتا ہے یعنی جرائم میں انقلاب آفرین ترقی ہوئی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : Question !

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے افسوس ہے کہ میرے پاس وقت کم ہے ورنہ میں اس question کا جواب بھی عرض کر دیتا ۔ بہرحال ابھی چند ہی دنوں میں اس کے متعلق بحث ہو گی تو پھر اس پر اظہار خیال کیا جائے گا ۔

جناب والا ۔ انہوں نے اس کا تیسرا مقصد یہ ارشاد فرمایا تھا ۔ کہ اس سے رشوت ستانی کا انسداد کیا جائے گا اور یہ کہ اس سے سمگلنگ کی روک تھام کی جائے گی ۔ اس کے متعلق میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ اس حکومت کی جانب سے بار بار اعلان کیا گیا ہے کہ افسروں کے مقدمات جرگے کے سپرد نہیں کئے جائیں گے ۔ اگر رشوت کے مقدمات جرگے کے سپرد نہیں کئے جائے اور جیسا کہ ابتداً انہوں نے اس ایوان میں اعلان کیا تھا ۔ اگر انہوں نے اپنی اس پالیسی میں تبدیلی کر دی ہے اگر رشوت خوار ملازمین اور افسران اور اہلکاران کو وہ اس قانون سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں جو صرف عوام‌الناس کے لئے بنایا گیا ہے ' اگر حکومت نے اس قسم کے گھناؤنے جرائم کے ارتکاب کنندگان کو اس قانون سے محفوظ رکھنا ہے ، تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ عوام‌الناس کو اس قانون کے ذریعے پریشان کیا جائے اور انہیں تباہ و برباد کیا جائے اور سمگلنگ کے کاروبار کے متعلق میں

اتنا عرض کروں گا کہ ابھی پچھلے دنوں ہی قاسم بھٹی پکڑا گیا اور سمندر کی تہ سے ہزاروں من سونا اور چاندی برآمد کی گئی ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرے پاس ایک نہایت افسوس ناک خبر ہے جس کو اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا ضروری ہے ۔ اے ۔ پی ۔ پی ۔ کی خبر ہے کہ ۔

Egypt said today that Israel had launched land and air attacks on her territory including air raids on Cairo and other parts of the country.

میں چاہتا ہوں کہ اگر اس ایوان میں قائد ایوان کی جانب سے بھی ایک قرارداد پیش کی جائے جس میں اسرائیل کے اس حملے کی مذمت کی جائے ، تو ہماری طرف سے یہ نہایت مناسب ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے لیکن آپ اس سلسلے میں ایوان اور قائد حزب مخالف سے بات کر سکتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مارشل لاء کے وقت شہ سرخیوں کے ساتھ جو خبریں اخبارات میں سمگلنگ کے متعلق آتی تھیں اب آٹھ سال کی ترقی اور اصلاح کے بعد اسی مقدار میں سمندر سے سونا اور چاندی نکل رہی ہے اور اس سے زیادہ مقدار میں گھیوں اور اجناس خوردنی باہر کے ملکوں کو سمگلنگ کیا جا رہا ہے ۔ تو ان حالات میں جب کہ اس قانون کی افادیت صفر سے بھی کم ثابت ہو چکی ہے ، جب کہ اس قانون کا محض یہ مقصد رہ گیا ہے کہ بعض افراد کو ہی اس کا ہدف

بتایا جائے ، اس کی اور کوئی افادیت نہیں ہے تو میں چاہتا ہوں کہ اسے Statute Book سے ہٹا دیا جائے۔

Minister of Law (Mr. A. B. Akhund) : I will only refer to the reasons mentioned in this law.

(1) speedy trial.

Before I go over to this, I will make a brief submission that West Pakistan is not a small area. It does not consist of one community. It consists of various communities and various communities have got their own ways, their own customs and their own traditions. In certain areas this law is very much desirable and this is the only law which can function there. So far as other areas are concerned to which my friends belong, I would only remind them that the laws as they are today, in which the standard of proof is required beyond reasonable doubt, are such that it is very difficult to secure conviction in heinous offences. When criminals are acquitted it creates great frustration in the community and also it creates great disappointment. Therefore, it was necessary to bring about a law where the procedure would be different from the one which has been laid down by the Britishers. Therefore, it was thought necessary that a new law should be brought into being so that speedy trial and effective punishment could be awarded. My friend has referred to certain statement, alleged to have been issued by government whereby government servents are held to be immune. I do not know whether the Member has missed my statement which I had issued and in which I had contradicted the news. I had said that grovenment servants could also be tried under the Jirga Law and there was no intention of granting any kind of immunity to them. However it is necessary that this law should continue and the repeal of it is not conducive to the control of heinous offences. It is necessary to up-

root the evil. With these words I oppose it and request that leave may not be granted.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.

The motion was lost.

ATTACK BY ISRAEL ON THE UNITED ARAB REPUBLIC

Minister of Food and Agriculture : Sir before you proceed further may I have the permission to say something ?

Mr. Speaker : Yes, please.

وزیر زراعت و خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ اس وقت اے ۔ بی ۔ پی ۔ کا تار موجود ھے ۔ جس سے یہ ظاھر ھوتا ھے کہ اسرائیل نے مصر یا متحدہ عرب جمہوریہ پر آج فضائی اور بری حملہ کر دیا ھے ۔ میں آپ کی اجازت سے اس سلسلے میں ایوان کے جذبات کا خیال رکھتے ھوئے یہ اعلان کر دینا چاھتا ھوں کہ پاکستان کا ھر فرد عرب ممالک کے ساتھ صرف ھمدردی ھی نہیں کرتا بلکہ انہیں اپنی پوری حمایت کا یقین دلاتا ھے ۔ کیوں کہ یہ ھماری سوچی سمجھی پالیسی ھے کہ اس وقت جو عرب ممالک میں مغربی ملکوں کی ریشہ دوانیاں ھیں وہ نا انصافی پر مبنی ھیں ۔ واقعات شاھد ھیں کہ اسرائیل کو عرب ممالک پر مسلط کیا گیا ۔ ان کے سینے میں خنجر رکھ دیا تھا ۔ آج وہ اتنا طاقتور ھو گیا ھے اور اس

کو اتنی جرأت ہو رہی ہے کہ عرب ممالک کے خلاف پیش قدمی کر سکے۔ جناب والا ۔ ہمارے یہ جذبات اس وجہ سے بھی ہیں کیوں کہ ہمارا ان کے ساتھ اخوت کا رشتہ بھی ہے ہم ان سے ایسے بندھنوں میں بندھے ہوئے ہیں جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ حق و انصاف پر ہیں اس لئے وہ ہر طاقت جو اسرائیل کی امداد کر رہی ہے اس کو معلوم ہونا چاہئے کہ فتح ہمیشہ حق کی ہو گی ۔ اور باطل کی ریشہ دوانیاں جو جلوہ گر ہوئی ہیں صرف چند روز رہیں گی اور بالاخر فتح عرب ممالک کی ہو گی ۔ میں اپنے دوستوں اور عربوں کے بھی خواہوں کو یقین دلاتا ہوں کہ عرب والے جو اس وقت نازک دور سے گزر رہے ہیں ہماری امداد اور ہمارے وسائل حتیٰ المقدور ان کے ساتھ ہیں ۔ پریذیڈنٹ ایوب نے اس بات کی توقع کی تھی کہ یہ مسئلہ جو اسرائیل نے حق کے خلاف شروع کیا ہوا ہے خوش اسلوبی سے طے ہو جائے گا اور اسرائیل کے ناپاک عزائم پورے نہ ہو سکیں گے ۔ مجھے نہایت درد اور رنج ہوا ہے کہ بیسویں صدی میں بعض طاقتیں اس قسم کے اقدامات کو جائز سمجھتی ہیں ۔ چونکہ مصر اور عرب ممالک اپنی صوابدید کے مطابق حق پر ہیں لہذا ہم ان کے ساتھ ہیں اور اس دور ابتلا میں ہماری پوری ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں ۔ اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ثابت قدمی عطا فرمائے اور کامرانی سے ہم کنار کرے ۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ باطل کی طاغوتی طاقتوں کی اپنی غیبی طاقتوں سے سرکوبی کرے ۔ عرب طاقتوں میں اتحاد ہو اور وہ جرات اور جہاد کے جذبہ سے سرشار ہو کر اسرائیل کے ناپاک ارادوں

اور عزائم کو خاک میں ملا دیں ۔ اللہ تعالیٰ کو جو کچھ منظور ہوگا وہی ہوگا ۔ چند روز سے اخبارات میں جو کچھ دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس حد تک پہنچ چکے ہیں اور یہ کہ عرب ممالک کا نظریہ درست ہے ۔ الحمدللہ اس وقت فرانس ، روس ، چین اور یورپ کے مشرقی ممالک نے عرب ممالک کو حمایت کا یقین دلایا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی دنیا میں اکثر لوگوں کے ضمیر مردہ نہیں ہوئے ۔ ہم ان کے ساتھ ہیں ۔ ہمارے ان کے ساتھ ایسے بندھن ہیں کہ ان کی تکلیف ہماری تکلیف ہو گی ۔ ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامرانی سے ہم کنار کرے ۔ مجھے امید ہے کہ اس معزز ایوان کے ممبران ان خیالات میں مجھ سے اتفاق کریں گے اور میں ان کی خدمت میں اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے ہم ان کے ساتھ ہیں اور انشاءاللہ اس وقت تک ساتھ رہیں گے جب تک دشمن کی سرکوبی نہیں ہو جاتی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس اہم موقع پر جو کہ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ چونکہ یہ نہایت ہی اہم خبر ہے اس کے متعلق ہاؤس کے تمام ارکان کے دلوں میں ہمدردی کے جذبات ہیں اور کچھ حضرات اس واقعہ کے متعلق عرض کرنا چاہتے ہیں اس لئے میری گذارش ہے اسمبلی کا وقت نصف گھنٹہ بڑھا دیا جائے ۔ یعنی دو بجے تک کر دیا جائے ۔

وزیر خوراک ۔ مجھے اس سے اتفاق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب اس تجویز کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The time of the House is extended by half-an-hour.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں اس نہایت ہی اہم مرحلہ پر اپنے محترم دوست اور قائد ایوان سے ہمنوا ہوں اور میں اس ملک کی ایک سیاسی پارٹی کا ایک نہایت ہی ادنیٰ کارکن ہوں جس کا تعلق حزب اختلاف سے ہے ۔ میں اس ایوان میں اور ایوان کے باہر پاکستان بھر کے عوام کو اور اس ملک سے باہر دنیائے عرب کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے عوام اور جیسا کہ پاکستان حکومت کی جانب سے دو تین بار اور آج قائد ایوان نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ اس ملک کے عوام اور اس حکومت کی تمام تر ہمدردیاں دنیائے عرب کے ساتھ ہیں ۔

گذشتہ بیس برس سے متواتر یہ ہماری یہی پالیسی رہی ہے اور ہم اپنے عرب بھائیوں کے دکھ اور سکھ میں برابر کے شریک ہوتے رہے ہیں ۔ اسی پالیسی کے تتبع ہم سب اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم اپنے عرب بھائیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے مشکل وقت میں ان کا پورا پورا ساتھ دیں گے ۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو

محض زبانی ہمدردی پر اکتفا کرنا نہیں چاہتے بلکہ میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ ہم ان کو مادی امداد دینے کا انتظام کریں خواہ کسی شکل میں ہو ۔ ولنیٹئر کی شکل میں ہو یا توپوں اور ہوائی جہازوں کی شکل میں ہو یا روپیہ اور پیسہ سے ہو ۔ کسی پاکستانی کو اس سے انکار نہیں ہو گا ۔ ہم پر ان کا احسان ابھی تازہ ہے ۔ تمام عرب ممالک کی حمایت کا احسان ابھی ہماری گردن پر ہے انہوں نے ہماری مشکلات میں ہماری امداد کی ہے ۔ ہم رب‌العزت کے حضور دعا مانگتے ہیں کہ اللہ پاک انہیں کامیابی عطا فرمائے گذشتہ جنگ میں جب ہم پر جارحانہ حملہ کیا گیا تھا تو انہوں نے روپیہ پیسہ سے ہماری امداد کی اور ہمارا ساتھ دیا ۔ آج میں بھی چاہتا ہوں کہ ہمارا ملک اور ہماری حکومت صرف اخلاقی ہمدردی کے اظہار پر اکتفا نہ کرے بلکہ عرب ممالک کو جو کہ ہمارے بھائی ہیں ہر لحاظ سے مادی امداد دیں کیوں کہ اسرائیل کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ عربوں کی سرزمین میں اس کا قیام باقی رہے ۔ یہ انگریزوں اور امریکی سامراج کی بدترین مثال ہے ۔ کہ انہوں نے سر زمین عرب کو عربوں سے چھین کر دوسرے ملکوں سے یہودیوں کو لاکر آباد کیا ۔ تاکہ وہ عربوں کی سرزمین میں ناسور کی طرح رستے رہیں ۔ ہم انگریزوں اور امریکہ کی سامراجی ریشہ دوانیوں کے خلاف ہیں ۔ ہمیں کوئی نہ کوئی عملی کارروائی کرنی چاہئے اور اسرائیل کے جارحانہ اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے میں معزز ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس reference کو نتیجہ خیز بنائیں اور عربوں کی مادی امداد کریں ۔

جناب سپیکر ۔ میں اسرائیل کے اس اقدام کی سخت مذمت کرتا ہوں ۔ اس کے ساتھ ہی ان طاقتوں کی بھی شدید مذمت کرتا ہوں ۔ جن کی شہ پر اسرائیل نے نہایت ہی احمقانہ قدم اٹھایا ہے ۔ اور انہیں کون نہیں جانتا کہ کون کون سی طاقتیں اسرائیل کی شہ پر ہیں ۔ یہ امریکہ اور برطانیہ ہیں اور کون ہیں ؟ جن کی شہ پر ایک نہایت ہی مختصر سا ملک اس قدر دیدہ دلیری سے ایسا قدم اٹھا رہا ہے کہ وہ تمام متحدہ عرب ممالک کی متحدہ طاقت کے خلاف بجائے اس کے کہ وہ اپنی فوجوں کو مدافعت کے طور پر استعمال کرے اس نے جارحانہ انداز میں متحدہ عرب جمہوریہ پر ہوائی اور بری فوج کے ذریعہ حملہ کر دیا ہے اور اس کے شہروں کو اپنے بموں کا نشانہ بنانے کی کوشش کی ہے ۔ ہم انتہائی مختصر الفاظ میں لیکن نہایت ہی دردمندانہ جذبات کے ساتھ درخواست کریں گے کہ قائد ایوان ہماری آواز کو حکومت کے سربراہ تک پہنچا دیں کہ اگر ضرورت پڑے تو ہم اپنے عرب بھائیوں کی ہر مدد کریں گے اور اگر ہم نے اپنے بھائیوں کی مدد نہ کی تو کل ہماری کوئی مدد نہیں کرے گا ۔

Mr. Zain Noorani (Karachi-I) : Mr. Speaker, Sir, while supporting wholeheartedly the Resolution moved by the Leader of the House and so ably supported by the Leader of the Opposition I feel that this news of the aerial as well as land attack by Israel on Egypt will move and has moved every Pakistani no matter what political opinion he may hold. Israel is a cancer not only for the Arab world but for the entire Islamic world and no Mussalman wherever he may live in this world can now, after this dastardly attack on Egypt, call himself a Muslim till such time as Israel is completely liquidated and removed from the map of the world.

Sir, what is the cause for which Egypt is fighting? What is the cause for which the other Arab countries are fighting? An impartial study of it-leaving aside our sentiments as Muslims, if we make an impartial study of it, we will find that reason is on the side of the Arab world, that justice is on the side of the Arab world and that God is on the side of the Arab world, Insha Allah, and just as when Bharat attacked Pakistan and lost the battle similarly the forces of Israel will be vanquished and the Muslim world will triumph.

Then, Sir, what is the reason that we see that two of the countries who claim to be the champions of democracy, fair-play and freedom are on the side of Israel. The only reason I can think of is a very old saying that when God wants to destroy some nations it makes them power mad. The only reason why these mighty nations are now trying to pull their weight against Israel is that they have gone either politically bankrupt or politically mad. Mr. Speaker, Sir, the Arab world stood by us in our time of need, shoulder to shoulder, as brothers, and we should go a step further. I most humbly request the Leader of the House that on behalf of this House and on behalf of the people of West Pakistan, singling out not a single individual, he should request the Government of Pakistan to declare immediately that Pakistan is at war with Israel and that within the next twenty-four hours our forces should move towards Egypt to help our brothren in their time of need.

ملک محمد اختر (لاہور—۲) ۔ جناب سپیکر !

آگ ہے اولاد ابراہیم ہے نمرود ہے

کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

میں اس ایوان کی جانب سے حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ

فوری طور پر اسرائیل کے خلاف اور اسرائیل کے ان حلیف ملکوں کے خلاف جن کی شہ پر اس نے یہ جرأت کی ہے اپنے سفارتی تعلقات توڑ لے۔

جناب سپیکر۔ آج پھر وہی صلیبی دور اور صلیبی جنگوں کے دور کا زمانہ آ گیا ہے۔ جب ساری قوتیں ایک طرف ہیں اور صلاح الدین ایوبی تن تنہا ایک طرف تھا اس طرح میں ناصر کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اس نے اسلام کی لاج رکھی ہے۔

جناب سپیکر۔ نہ صرف اس لئے کہ ہم اسلامی رشتہ میں منسلک ہیں بلکہ اس لئے کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں جو بے پناہ امداد مسلم ممالک نے پاکستان کو دی تھی اور یہ ثابت کر دیا تھا کہ ہم سب مسلم ممالک ایک ہیں۔ ہماری اس وقت ساری ہمدردیاں انکے ساتھ ہیں لہذا میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بھی اسوقت جبکہ برطانیہ کے جہاز blocade کو توڑنے کیلئے روانہ ہو چکے ہیں۔ برطانیہ سے اپنے تعلقات کو منقطع کر لینا چاہئیے۔ اب وقت آ چکا ہے کہ محض باتوں سے کام نہیں چلے گا۔ ہمیں اس وقت دو بڑی طاقتیں اپنا آلہ کار بنانا چاہتی ہیں اور ہم ایسا آلہ کار بننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ میں اس ہاؤس کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ہوں میرا یہ جذبہ ہے اور اس ایوان کا یہ جذبہ ہے کہ ناصر نے نہ صرف اسرائیل کے خلاف بلکہ ان قوتوں کے خلاف اعلان جنگ کیا ہے جن کے اشارہ پر اسرائیل ناچ رہا ہے تو یہ ان پر ثابت کر دیا

جائے کہ اگر کربلا کے واقعہ کو دھرانا پڑا تو ہم اس کو دھرانے کے لیے تیار ہیں۔

خان اجون خان جدون (مردان۔۳) ۔ جناب والا ۔ ابھی ابھی جو خبر آئی ہے اور جس مسئلہ پر ایوان میں بحث ہو رہی ہے کہ اسرائیل نے مصر پر حملہ کر دیا تو مسلمانوں کو دوبارہ ایک امتحان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

جناب والا ۔ پاکستان کے مسلمان ویسے بھی اپنے بھائیوں کے ساتھ نہ صرف ہمدردی رکھتے ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ جان و مال کے ساتھ ان کے ساتھ ہیں اور ان کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ پچھلی ستمبر کی جنگ میں عرب ممالک اور بیشتر عرب ممالک نے جو ہمارے ساتھ عملی اور دوسری امداد کی اس کے لئے پاکستان کا بچہ بچہ ممنون ہے اور اس لحاظ سے بھی ہمارے اوپر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم سے جو کچھ ہو سکتا ہے وہ ہم کریں ۔ جناب والا ۔ اس وقت ہمارے سامنے صرف جذبات ہی نہیں ہیں ہم نے ٹھوس طریقہ سے کام کرنا ہے ۔ یہ مسئلہ حکومت اور ایک عوام کا ہے ۔ ہمیں عوامی سطح پر والنٹیرز تیار کرنے چاہئیں اور عوامی سطح پر ڈاکٹر اور نرسیں اور ادویات فراہم کرنی چاہئیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کفر اور اسلام کی جنگ شروع ہو چکی ہے اور ہمیں امید ہے کہ خدا کے فضل و کرم سے اسلام کی فتح ہوگی جو کہ ہمیں نظر آ رہا ہے ۔ جناب والا ۔ ہم حکومت سے یہ مطالبہ کر سکتے ہیں کہ وہ مناسب وقت پر ان کے ساتھ رابطہ رکھتے ہوئے اپنی

افواج اور جو کچھ بھی ہم ہمدردی کر سکتے ہیں ہم وہ کریں اور ہمارے عوام کا فرض ہے کہ ہم اپنی طرف سے رقوم جمع کریں ۔ والنٹیئرز مہیا کریں اور صرف دعاؤں پر ہی انحصار نہ کریں بلکہ کچھ عملی مدد کرکے دکھائیں بحیثیت مسلمان ہونے کے ہمارا ایمان دعاؤں پر بھی ہے اور اس کے ساتھ میں اس معزز ایوان کی طرف سے یہ استدعا کرتا ہوں کہ ایک کمیٹی مقرر ہونی چاہئیے جو کہ اس کام میں دلچسپی لے وہ عوام میں جائیں اور مادی امداد کے لئے آگے بڑھیں ۔ والنٹیئرز کو آگے لے جانے کا پروگرام بنائیں اور جس قدر رقوم جمع کی جائیں وہ ان کی امداد کے لیے بھیجی جائیں ۔ مگر آگے لے جانے کا پروگرام اس کمیٹی کا جو یہ ایوان مقرر کرے ہونا چاہئیے اور میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ ہمارے پاکستان کا بچہ بچہ اپنے جان و مال سے عرب دنیا کے ساتھ ہے اور ضرورت پڑنے پر نہ صرف ہماری فوجیں بلکہ شہری لوگ بھی جانے کے لئے تیار ہیں اور جہاد میں حصہ لینے کے لئے تیار ہیں ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور—۷) ۔ جناب سپیکر ۔ اسرائیل کا جارحانہ حملہ میں سمجھتا ہوں ۔ مصر پر ہی نہیں عرب ممالک پر ہی نہیں بلکہ پاکستان کا بچہ بچہ اس حملے کو ایسا ہی سمجھتا ہے جیسے کہ وہ حملہ پاکستان پر ہوا ہو ۔ جناب والا ۔ عربوں نے دنیا پر یہ ثابت کر دیا ہوا ہے کہ وہ اپنی حفاظت کرنا جانتے ہیں اس لئے مجھے باری تعالیٰ کی ذات پاک سے قوی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا میں صرف اس لئے ہی بھیجا ہے کہ دنیا کے نقشے سے اسرائیلیوں کا نام و نشان تک مٹ

جائے اور مجھے امید ہے اور قوی امید ہے کہ اسرائیلیوں کا نام جلد ہی دنیا کے نقشے سے مٹ جائے گا اور سامراجی طاقتیں جو دولت اور ہتھیاروں کے ذریعے ان کو تباہ کرنا چاہتی ہیں وہ خود تباہ و برباد ہو جائیں گی جناب والا ۔ میں اپنی حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ان کو چاہئیے کہ جو ملک اسرائیلیوں کی مدد کر رہے ہیں ان سے فوری طور پر اپنے خارجی تعلقات ختم کر دے اور پاکستان کی طرف سے جس قدر بھی ہو سکے جان و مال اور ہر قسم کی مدد ہم مصر اور عرب ممالک کو دیں اور دینی چاہئیے اگر ہم نے اس مرحلہ پر عربوں کی پوری امداد نہ کی تو یہ سمجھا جائے گا کہ ہم نے انسانیت کے ساتھ ظلم کیا ہے اس لئے ہم ان کی مدد چاہتے ہیں اور حق و انصاف پر ہم خود لڑے تھے جبکہ عرب ممالک نے ہماری پوری پوری امداد کی تھی ، حمایت کی تھی جس کی وجہ سے ہم ان کے شکر گزار ہیں ۔ اس لئے مجھے قوی توقع ہے کہ آخر فتح حق و انصاف کی ہوگی اور انشا اللہ پاکستان کا بچہ بچہ اسرائیلیوں کے خلاف اور ان کے جارحانہ حملے کے خلاف آگے جانے کو تیار ہے اور ہماری قوم اپنے رضاکار پیش کرنے کے لئے تیار ہے اور مجھے امید قوی ہے کہ ہماری حکومت اپنے تمام ذرائع ان کی امداد کے لئے استعمال کرے گی ۔ ہم سب ملک دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ عرب ممالک کو اسی طرح فتح عطا فرمائے جس طرح کہ سن ۶۵ کی جنگ میں پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی تھی ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ-۱) ۔ جناب والا ۔ میں اس ریزولیوشن کی پر زور تائید کرتے ہوئے یہ عرض کرتا ہوں کہ ہمیں اس

خبر سے جو رنج اور دکھ ہوا ہے وہ عیاں ہے مگر اس سے ہم اپنے اندر ایک نیا جوش اور ولولہ محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ جب اسرائیلیوں کا وجود طاقت کے ذریعے عمل میں آیا تو اس حملے کے بعد ہمیں موقع مل گیا کہ طاقت کے ہی زور سے اُن کا وجود دنیا سے مٹا دیں ۔ جہاں ہم نے اپنے جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے اپنے رنج و غصہ کا اظہار کیا ہے ۔ وہاں ہمیں حکومت پر اثر ڈالنا ہے کہ وہ اسرائیلیوں کا وجود اس دنیا سے مٹا دیں اور عربوں کی امداد کریں ۔ یہودیوں کو عربوں کے ہاتھوں اس سے قبل بے درپے شکستیں ہوئی ہیں ۔ آج پاکستان میں ایوبی دور ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی قیادت میں سب کے سب اسرائیلیوں کا وجود اس دنیا سے مٹ جائیگا ۔

ڈاکٹر بیگم مسز اشرف عباسی (پی ۔ ڈبلیو ۔ ۱۵۲ زون—۲) ۔ جناب والا ۔ ٹائم بہت تھوڑا ہے اس لئے میں پاکستان کی خواتین کی نمائندگی کرتے ہوئے جن بھائیوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے خود کو میں اپنی بہنوں کی طرف سے ان سے وابستہ کرتی ہوں اور ہمارے پاکستان کی خواتین ہر حالت میں عربوں کے ساتھ ہیں جو بھی مدد ہو سکے چاہے ہمیں وہاں جانا ہی کیوں نہ پڑے تو ہم اس کے لئے تیار ہیں اور جو جو مسلمانوں سے وعدہ کیا گیا تھا کہ پھر ان کا ایک بار عروج ہونیوالا ہے ایسا لگتا ہے کہ وہ وقت نزدیک آن پہنچا ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور—۶) ۔ جناب سپیکر ۔ اسرائیلیوں کا مصر پر یہ

حملہ امریکی اسلام دشمنی کا ایک مظہر ہے - ۱۹۶۵ء میں پاکستان پر جو حملہ ہوا اور متحدہ عرب جمہوریہ پر یہ حملہ اس کا بین ثبوت ہے اور جیسے کہ عام اردو میں کہا جاتا ہے کہ کیا پدی کیا پدی کا شوربہ - آپ یقین کیجئے اور اگر آپ اس تمام ڈرامہ کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ امریکہ اور برطانیہ کی امداد اور اعانت اور حوصلہ افزائی کافی عرصہ سے کی جاتی رہی ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ اسرائیلیوں کا وجود امریکہ اور برطانیہ کی سازشوں اور سامراجی کارروائیوں کا مرہون منت ہے - جناب سپیکر - اسرائیلیوں کا حملہ اس امر کا بین ثبوت ہے کہ امریکہ محض پاکستان کا ہی نہیں بلکہ دنیائے اسلام کا بد ترین دشمن ہے - مجھے اپنی حکومت سے یہ کہنا ہے کہ ہماری طرف سے ہمیشہ یہ دعویٰ کیا جاتا رہا ہے کہ پاکستان دنیائے اسلام کا سب سے بڑا ملک ہے - بحیثیت سب سے بڑا اسلامی ملک ہونے کے ہم پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ آج ہم مصر کی امداد کے لئے باہر نکلیں اور محض باتوں پر اکتفا نہ کریں بلکہ عملی امداد فوری امداد کریں - جناب سپیکر - جب وہ ہمارے اسلامی بھائی ہیں جیسا کہ قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے تو وقت آ گیا ہے کہ ہم دنیائے عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوں - کافی عرصہ سے دنیائے اسلام میں رخنہ ڈالنے کے لئے اور انہیں پریشان کرنے کے لئے فلسطین کے مسلمانوں کو ان کے گھروں میں سے نکالا گیا اور اس سلسلہ میں برطانیہ کی سامراجی کارروائیاں جاری رہیں - آج دنیا کا کوئی ملک الگ تھلگ نہیں رہ سکتا - پاکستان کا مقابلہ اپنے سے کئی گنا

زیادہ طاقتور ملک کے ساتھ رہا ہے جس کے ساتھ امریکہ بھی پورے طور پر شامل تھا میرے نزدیک ہندوستان نے پاکستان پر جو حملہ کیا تھا وہ بھی امریکہ ۔ کرایا تھا اور آج دو سال بعد ایک دوسرے اسلامی ملک پر جو حملہ کیا گیا ہے وہ بھی امریکہ اور برطانیہ نے کرایا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دور میں چھوٹے ملک علیحدہ علیحدہ نہیں رہ سکتے ۔ وہ دور بیت گیا آج اگر اس دنیا میں ہم نے آزاد رہنا ہے ، باعزت رہنا ہے اپنی آزادی کی حفاظت کرنی ہے ۔ بالخصوص جب یہ ثابت ہوگیا ہے کہ سامراجی اپنے مقاصد پورے کرنے کے لئے انسانیت کو ذبح کرتے ہیں بچوں اور جوانوں کو تباہ و برباد کرتے ہیں انسانی جانوں کو ختم کر دینا چاہتے ہیں جیسا کہ ویت نام میں کیا جا رہا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ آج جب انہوں نے اسلامی ملک پر ، ہمارے بھائیوں پر اسی قسم کی جنگ ٹھونسی ہے جیسی پاکستان پر ٹھونسی گئی تھی تو ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم فوری طور پر ہر وہ اقدام کریں جس کا موقع کی نزاکت ہم سے تقاضا کرتی ہے ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری حکومت واشگاف الفاظ میں یہ اعلان کرے کہ یہ جو برطانیہ اور امریکہ کی ریشہ دوانیوں سے اسرائیل نے ہمارے بھائی ملکوں پر حملہ کیا ہے ۔ سر زمین مصر پر یہ حملہ بعینہ ایسے ہے جیسے اسرائیل نے پاکستان پر حملہ کیا ہو ۔ ۔ ۔ اور ہم اس موقع پر عرب ممالک کے ساتھ ان کی لڑائی میں برابر کے شریک ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (تالیاں)

خان ملنگ خان (ہزارہ—۵) ۔ جناب سپیکر ۔ اس خبر کو سن کر

مجھے ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ کا وہ وقت یاد آیا ہے جب کہ اردن نے واشگاف الفاظ میں پاکستان کی حمایت اور امداد کا اعلان کیا تھا ۔ اس وقت عراق اور اردن اور مصر کا مشترکہ دفاع ہے اور اسرائیل کا مصر پر حملہ ان سب پرحملہ ہے ۔ وہ سب ہمارے بھائی ہیں لیکن اردن کے ساتھ ہمارے تعلقات اور نوعیت کے ہیں انہوں نے ان دنوں ہماری امداد کی تھی جب کہ ہمیں امداد کی ضرورت تھی ۔ اس لحاظ سے بھی ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اس ملک کی حکومت اور عوام اپنے بھائی کی خاطر اپنی اسلامی اخوت کی خاطر اپنے مذہب کی خاطر ان ممالک کے عوام کی امداد کے لئے جیسا کہ میرے کسی بھائی نے فرمایا تھا والینٹئر جمع کریں ۔ رقومات جمع کریں اور نرسوں اور ڈاکٹروں کو بھیجنے کے انتظامات کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جنگ عالمگیر جنگ کی صورت اختیار کرے گی ۔ روس کے جہاز آبنائے باسفورس سے گذر چکے ہیں اور برطانیہ اور امریکہ جیسا کہ اس خبر سے ظاہر ہے جنگ میں حصہ لیں گے ۔ میں جس علاقے کا نمائندہ ہوں وہاں ہزاروں کی تعداد میں مسلح لوگ موجود ہیں جیسے ستمبر کی جنگ میں وہ ہندوستان کے خلاف میدان عمل میں کودنے کے لئے نکل آئے تھے ۔ میں آج ان لوگوں کی طرف سے یہ اعلان کرنے میں فخر محسوس کرتا ہوں کہ وہ ہزاروں کی تعداد میں مصر جانے کے لئے بھی تیار ہوں گے (تالیاں) میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ڈیورنڈ لائن پر رہنے والے مسلح پٹھان لوگوں کی بیشتر تعداد اپنے مسلمان بھائیوں کی امداد کے لئے جانے کے لئے ہر وقت تیار ہوگی ۔ میں حکومت سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ ان کے جانے

کے لئے انتظامات کرے اور انہیں سہولتیں فراہم کرے ۔ میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ میں خود ذاتی طور پر بھی وہاں جانے کے لئے تیار ہوں (تالیاں) اور میرا یہ ایمان ہے کہ اگر میں اسلامی ممالک پر حملہ کرنے والے ان کفار کے ساتھ لڑائی میں شہید ہو جاؤں تو یہ میرے لئے بڑا اعزاز ہے (تالیاں) ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی حکومت سے درخواست کروں گا کہ وہ اگر فی الحال اپنے طور پر امداد نہیں بھیجنا چاہتی تو ہمارے جانے کے لئے سہولتیں فراہم کرے ہم جانے کے لئے تیار ہیں ۔

ملک معراج خالد (لاہور-۵) ۔ جناب والا ۔ میں دونوں قائدین اور ایوان کے دوسرے فاضل دوستوں کے ایک ایک لفظ سے اتفاق کرتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں اور کسی لمبی چوڑی تقریر کی بجائے اس سلسلہ میں دو تجاویز پیش کرتا ہوں ۔ پہلی تجویز یہ ہے کہ یہ فیصلہ کرتے ہوئے کہ اسرائیل کو برطانوی اور امریکی سامراج نے پیدا کیا تھا اور آج اسرائیل کا یہ حملہ انہی کی شہ پر ہوا ہے ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ امریکی اور برطانوی سامراج کو ان کے عزائم میں کیسے شکست دی جا سکتی ہے ۔ اس وقت پاکستان میں کئی ایک امریکی اور برطانوی ادارے سازشوں میں مصروف ہیں ۔ ان کا قلع قمع کرنے کے لئے اور ان کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لئے ہمیں پوری طرح برسر عمل ہونا چاہیئے ۔ ان کی وہ تمام پراپیگنڈا مشینری جس سے وہ ہمارے نوجوانوں کو شہر بہ شہر گمراہ کرتے ہیں پوری طرح بند کر دینی چاہیئے ۔ اگر ہم ایسا کر سکیں تو یہ ہمارے عرب بھائیوں کی امداد کا کافی ثبوت ہوگا جو ان سامراجی طاقتوں

کے خلاف لڑ رہے ہیں ۔

دوسرے جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ ہم اپنے عرب بھائیوں کی محض اس لئے امداد نہیں کر رہے کہ انہوں نے ضرورت کے وقت ہماری امداد کی تھی بلکہ جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ ہم اس لئے ان کی حمایت کر رہے ہیں کہ وہ حق پر ہیں ۔ اور جو قومیں اس وقت ان سامراجی قوتوں کے خلاف اپنی آزادی کے لئے لڑ رہی ہیں وہ حق پر ہیں اور ہمیں تمام ایسی قوموں کی حمایت اسی طرح کرنی چاہیئے جیسے ہم آج اسرائیل کی جارحیت کے مقابلہ میں اپنے عرب بھائیوں کی مدد کے لئے کہہ رہے ہیں ۔ آزادی کے لئے لڑنے والی تمام افریشیائی قوموں کا اتحاد سامراج کی شکست کو قریب لائے گا ۔ ویت نام ، انگولا ، روڈیشیا ، عدن اور تمام دوسرے ممالک کے لئے جہاں کے لوگ سامراج کے خلاف آزادی کی لڑائی لڑ رہے ہیں ہمیں ان کی حمایت کو اپنے سامنے رکھنا چاہیئے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب ان تمام محاذوں پر سامراجیوں کی مخالفت ہوگی تو وہ اسرائیل کو پوری طرح شہ نہیں دے سکیں گے اور اسے اپنے عزائم میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا ۔

اس لئے ان تمام جذبات سے جن کا یہاں اظہار کیا گیا ہے پوری طرح اتفاق کرتے ہوئے میں یہ گذارش کروں گا کہ ہم ان دو چیزوں کو سامنے رکھیں ۔ ایک تو اپنے ملک کے اندر ان تمام سامراجی ہتکنڈوں کو ناکام بنا دیں جو ہماری ان تمام کوششوں کی راہ میں حائل ہوں جو عرب

ملکوں کی امداد کے لئے ہم اس وقت کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ ہمارے ان عزائم کی راہ میں حائل ہونے کے لئے ہر وہ طریقہ جو استعمال کر سکتے ہیں کریں گے تاکہ ہم کسی طرح ان کی پوری امداد نہ کریں ۔ جیسا کہ کسی نے یہاں تجویز پیش کی ہے کہ اس وقت جب کہ مختلف تنظیمیں والینٹئز بھرتی کر رہی ہیں ہمیں اس ہاؤس کی طرف سے ایک کمیٹی مقرر کر دینی چاہئیے جو ان تنظیموں کے ساتھ مل کر عرب ممالک کی امداد کے لئے تجاویز پر غور کرے ۔ تاکہ ہم ان تنظیموں کے ساتھ مل کر عوام کے جذبات کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی بھر پور اور ٹھوس اقدام کر سکیں ۔ یہ نہایت ہی قابل تعریف تجویز ہے ۔

نوابزادہ رحمدل خان (پنوں۔۲)۔ جناب سپیکر ۔ قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کے خیالات کے اظہار کے بعد ہمارے لئے بہت کم گنجائش رکھی گئی ہے کہ ہم بھی اس کے متعلق کچھ معروضات عرض کر سکیں لیکن میں پھر بھی چند ایک معروضات اپنے جذبات کی تسکین کے لئے اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنی چاہتا ہوں ۔ میں سب سے پہلے یہ عرض کروں گا کہ قطع نظر اس بات کے کہ عربوں نے ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں ہماری امداد کی ہے یا نہیں کی ہے ۔ قطع نظر اس بات کے کہ وہ حق پر ہیں یا نہیں ہیں میں حضور اکرم صلی اللہ و سلم کی اس حدیث کو پیش کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ مسلمان آپس میں ایک دوسرے کے لئے ایسے ہیں جیسے ایک جسم کے عضو ۔ اگر ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو تمام جسم کو تکلیف ہوتی ہے ۔ اگر ایک مسلمان پر مصیبت آتی ہے تو

تمام مسلمانوں کے تمام وجود کے لئے وہ باعث تکلیف ہوتی ہے لہذا میں عرض کروں گا کہ ہم نے اپنا فرض ادا کرنا ہے خواہ کسی دیگر نے احسان کیا ہے یا نہیں کیا ہے ۔ اس نے ہمارے ساتھ ہمدردی کی ہے یا نہیں کی لیکن ہم اپنے فعل کے اللہ تعالے اور اس کے رسول کے سامنے جواب دہ ہیں ۔ اگر ایک مسلمان قوم کو تکلیف ہوتی ہے تو ہم نے بحیثیت مسلمان اس کی کیا امداد کی ۔ کیا ہمدردی کی ۔ کیا عمل کیا ۔ کیا فعل کیا ۔ لہذا میں عرض کروں گا کہ اسی حدیث پر عمل پیرا ہوتے ہوئے چونکہ یہ نہ صرف عرب ممالک پر حملہ ہوا ہے نہ صرف پاکستان پر حملہ ہوا ہے بلکہ تمام عالم اسلام پر حملہ ہوا ہے اس لئے تمام دنیا کے مسلمان ایک جسم ہو کر قوم ایک بدن ہو کر اس کا مقابلہ کریں ۔ میں اس ایوان کی طرف سے اپنے محترم قائد ایوان کے ذریعہ صدر مملکت سے اپیل کروں گا کہ نہ صرف پاکستان اسرائیل کے ساتھ برسرپیکار ہو جائے بلکہ اپنا ذاتی اثر و رسوخ بھی استعمال کریں ۔ ہمیں یقین ہے کہ مسلمان ممالک کے ساتھ انکے گہرے تعلقات ہیں ان کو اس بات پر آمادہ کریں کہ وہ بھی اسرائیل کے خلاف عربوں کی حمایت کریں ۔ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ قائد ایوان فوری طور پر ایک ایسا فنڈ آج سے ہی جاری کر دیں جس میں لوگ چندہ دیں تاکہ اس جہاد کے ثواب سے لوگ فائدہ اٹھائیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو ۱۵۳—زون ۳) ۔ صدر محترم اسرائیل کے حملے کی خبر سے جیسا کہ تقاریر سے ظاہر ہوتا ہے پاکستان

کے ہر فرد بشر نے ایوان کے ہر معزز ممبر نے ایسا محسوس کیا ہے کہ جیسے اسرائیل نے پاکستان پر حملہ کیا ہے ۔ صدر محترم ۔ دنیائے اسلام میں ہمیشہ مسلمانوں کو امتحانات سے واسطہ پڑتا رہا ہے ۔ یہ مسلمان کی شان ہے کہ جب اس کے امتحان کا وقت ہوتا ہے وہ ایک مرد مجاہد کی طرح اس کا مقابلہ کرتا ہے ۔ میں اس کے متعلق کوئی زیادہ لمبی تقریر نہیں کروں گی اس لئے کہ بہت سے معزز ممبر صاحبان نے ابھی اس پر تقاریر کرنی ہیں ۔ میں صرف لیڈی ہیلتھ منسٹر صاحبہ کی خدمت میں عرض کرنی چاہتی ہوں کہ جب جنگ لڑی جاتی ہے تو انسانیت کا مسئلہ سب سے زیادہ اہم ہوتا ہے ۔ لیڈی ہیلتھ منسٹر صاحبہ ۔ حکومت اور گورنر صاحب فوراً ان سے رابطہ قائم کریں اور سب سے پہلے ڈاکٹر ۔ لیڈی ڈاکٹر اور نرسسز بھجوائیں جب جنگ لڑی جاتی ہے تو سب سے پہلے زخمیوں کی امداد کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے ۔ مصریوں کو آپ اس کے متعلق امداد پہنچائیں ۔ میں اس معزز ایوان کی وساطت سے اور سپیکر صاحب کی وساطت سے آپ کی خدمت میں عرض کرتی ہوں کہ آپ حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائیں تاکہ لیڈی ڈاکٹر ۔ ڈاکٹر اور نرسسز فوراً مصر بھجوائی جائیں ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی (ملتان-۱) ۔ جناب سپیکر ۔ اس خبر کے سننے کے بعد جس طرح عالم اسلام میں بالعموم اور اس معزز ہاؤس کے اراکین اور پاکستان کے عوام میں بالخصوص غم و غصہ پیدا ہوا ہے وہ حد سے زیادہ ہے ۔ مگر میں بیٹھے بیٹھے سوچ رہا تھا کہ کیا یہ مشیت ایزدی نہیں ہے ۔ کہ اسی طرح پاکستان پر ۱۹۶۵ء میں جب

ھندوستان کے جارحانہ حملے کا آغاز ھوا تو پاکستان کو بھی اللہ تبارک تعالیٰ نے امتحان میں دیکھتے ھوئے جس امتحان میں ھم پورے اترے جس طرح ھماری غیبی امداد کی اسی طرح آج مصر پر جو حملہ ھوا ھے تو میں یہ سمجھتا ھوں کہ اس مصیبت سے بھی ھمیں ایک فائدہ ھو سکتا ھے اور اس فائدے کو پیش نظر رکھتے ھوئے میں یہ واضح کر دینا چاھتا ھوں کہ ھمارا مذھب یہ بتاتا ھے ۔ ھمارا قرآن یہ بتاتا ھے کہ یہودیوں کو اللہ تبارک تعالیٰ نے کبھی متفق نہیں کیا ۔ نہ ان کا کوئی مقام ھے نہ ان کا کوئی ملک ھے ۔ ھمارے قرآن میں بھی یہ بات واضح ھے کہ یہودیوں کو نہ تو کوئی مقام حاصل ھے اور نہ کبھی ان کا کوئی ملک ھوگا ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ اب وہ وقت آ گیا ھے جیسے گیدڑ کو اپنی موت کے وقت شہر یاد آتا ھے اسی طرح یہودیوں نے اسرائیل نے جس ناپاک عزائم سے یہ حملہ کیا ھے تو اللہ تبارک تعالیٰ کی یہ رضا ھے کہ ان کو اس دنیا سے نیست و نابود کر دیا جائے ۔ ان کا وہ مقام جو سامراجیوں نے ان کو دیا ھے اور وہ مقام عرب ممالک کے لئے تھا اس کو ختم کرکے رکھ دیا جائے ۔

جناب والا ۔ دوسری وجہ جس سے میں مطمئن ھوں یہ ھے کہ ھمارے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب نے چند مہینے پہلے اپنی ایک تقریر میں فرمایا تھا کہ وہ کوشش کر رھے ھیں کہ اسلامی بلاک قائم ھو جائے اور انھوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ وہ مایوس نہیں ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں اب وہ وقت آ گیا ھے کہ ھمیں اسلامی بلاک قائم کرنے کے

لئے ایک بڑی اسلامی مملکت کی حیثیت سے اس موقع پر پیش قدمی کرنی چاہئے اور اپنی تمام قوت ۔ اپنے تمام وسائل اس موقع پر صرف کرکے عرب ممالک کی حمایت کرکے تمام دنیا میں یہ ثابت کر دیا جائے کہ مسلمان اکٹھے ہیں اور عالم اسلام کا وجود الگ نہیں ہو سکتا ۔ اور تمام ممالک یک جا ہو کر ان کی امداد کر رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت ایسا ہے کہ اس وقت ہم اس نظریہ سے اسلامی بلاک کا خواب دیکھ رہے تھے آج اس خواب کو شرمندہ تعبیر کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اس دنیا میں عالم اسلام کا وجود باقی تمام طاقتوں کو ایک ناسور کی طرح چبھتا ہے کیوں کہ ہمارا مذہب ایسا ہے جو ہمیں قیامت تک ایک دوسرے سے جدا نہیں کر سکتا ۔ ہمارے اصول ایسے ہیں ۔ ہماری کتاب ایسی ہے جس کے ذریعے ہم ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح وابستہ اور منسلک ہیں جس طرح کہ ابھی ابھی یہاں پر خان صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم ایک دوسرے کے عضو ہیں اور جب ایک عضو کو تکلیف ہو تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہمیں اپنے پورے عزم کے ساتھ آگے بڑھنا چاہئے اور ہمیں ایک اسلامی بلاک کے قیام کے لئے کچھ تعمیری کام کرنا چاہئے اور ہمیں اسلامی ممالک کو مکمل امداد دینی چاہئے اور اپنے قرآنی آیات کو ثابت کرنے کے لئے یہودیوں کے ملک کو ختم کرکے انہیں اس دنیا سے نیست و نابود کر دینا چاہئیے ۔

مسٹر محمد اکبر خان کانجو (رحیم یار خان ــ ۴) ۔ جناب سپیکر ۔

امریکہ اور برطانیہ کے حرامی بچے اسرائیل نے بالآخر ملت اسلامیہ کی غیرت کو چیلنج کر ہی دیا جس کی کہ اس سے پہلے ہی توقع تھی ۔ اس نے ملت اسلامیہ پر آج حملہ کر ہی دیا ۔ صدر ناصر اور شاہ اردن کے فرمان کے مطابق یہ حملہ غیر متوقع نہیں تھا اور اس حملے کی امید پہلے سے ہی تھی ۔

جناب والا ۔ ملت اسلامیہ نے جس طرح اس چیلنج کو قبول کیا ہے اور اپنے ذاتی اختلافات بھول کر اور اپنی ذاتی دشمنیاں پس پشت ڈال کر جس طرح وہ متحد ہو گئے ہیں وہ قابل مبارک باد ہے ۔ میں حکومت پاکستان کو بھی اس کی آزادانہ خارجہ پالیسی پر مبارک باد پیش کرتا ہوں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ صدر مملکت ، ہمارے وزیر خارجہ اور ہمارے قائد ایوان نے آج سے کئی دن پہلے واشگاف الفاظ میں یہ اعلان کیا تھا کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں ملت اسلامیہ کے ساتھ ہیں ۔

جناب والا ۔ اس قسم کا واقعہ اس سے پیشتر ۱۹۵۶ء میں بھی رونما ہو چکا ہے ۔ اس وقت پاکستان کے وزیر اعظم وہ تھے جو اپنے آپ کو برصغیر میں شہنشاہ جمہوریت کہلواتے تھے ۔ اس وقت وزیر اعظم کی حیثیت سے پاکستان پر وہ حکمران تھے ۔ مجھے افسوس ہے کہ ہم اس وقت اس قدر جرأت سے کوئی قدم نہ اٹھا سکے جس کی سزا ہمیں کافی عرصے تک بھگتنی پڑی ۔ اب اس موقعہ پر پاکستان نے جس طریقے سے اپنے عرب بھائیوں اور ملت اسلامیہ کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے ، یہ نہایت خوش آئند امر ہے ۔

میں آپ کی وساطت سے صدر مملکت اور اپنی حکومت سے یہ استدعا کروں گا کہ ہمیں صرف اعلانات پر ہی اکتفاء نہیں کرنا چاہئیے بلکہ ہمیں چاہئیے کہ ہم کوئی ٹھوس مالی عملی اور ہر قسم کی امداد کریں ۔ قرآن پاک میں واضح طور پر یہ حکم ہے کہ جب مسلمانوں پر جہاد فرض ہو جائے ۔ اور میں یہاں پر یہ بھی کہہ دینا مناسب خیال کرتا ہوں کہ اسرائیل کے اس ناپاک حملے کے خلاف اقدام کو مصر ، سعودی عرب اور دیگر ملت اسلامیہ کے تمام علماء نے جہاد قرار دیا ہے ۔ ۔ ۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس وقت جہاد فرض ہو جائے تو پھر حکم ہوتا ہے کہ تم جہاد کرو اور تم قلیل اور کثیر کو مت دیکھو ، اللہ تمہاری مدد کرے گا اور یہ بشارت دی جاتی ہے کہ بالآخر فتح مسلمانوں ہی کی ہو گی ۔ انشاءاللہ فتح حق کی ہو گی اور مسلمان حق پر ہی ہیں ۔ اور اسرائیل کا جو ناسور ہے وہ انشاءاللہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ملت اسلامیہ کے جسم سے کاٹ کر پھینک دیا جائے گا ۔ آخر میں میں پھر حکومت سے استدعا کروں گا کہ وہ اس معاملے میں بلا جھجھک اور بلا تاخیر ، فوری طور پر اگر وہ مناسب سمجھیں تو اپنا ایک نمائندہ متحدہ عرب جمہوریہ کے پاس بھیجیں تاکہ وہ یہ معلوم کر سکے کہ ان کو کس قسم کی امداد کی ضرورت ہے اور ہمیں سود و زیاں سے بے نیاز ہو کر ملت اسلامیہ کی امداد نیک نیتی اور خلوص دل کے ساتھ کرنی چاہئیے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ پاکستان نے ہمیشہ حق و انصاف کی حمایت کی ہے وہ کشمیر کے حق آزادی

کا معاملہ ہو یا قبرص کے مسلمانوں کا معاملہ ہو یا چاہے فلسطین کے مسلمانوں کا معاملہ ہو ،جہاں بھی حق و انصاف نظر آیا ، پاکستان نے ہمیشہ حق و انصاف کی حمایت کی ہے اور اگر آپ خود ہمارے اپنے ہی معاملے میں ہماری گزشتہ جنگ کو دیکھیں تو جب حق و انصاف کے لئے جرات سے میدان میں آنے کی ضرورت پڑی تو اس وقت پاکستان نے اس میدان میں بھی ثابت کر دیا ہے کہ ہم حق و انصاف کے جھنڈے کو ہر قیمت پر سر بلند رکھیں گے اور خدا کے فضل سے ہم نے اس جھنڈے کو سر بلند رکھا ہے

جناب والا ۔ جہاں تک اسرائیل کا تعلق ہے ۔ پاکستان نے کبھی بھی اس کو تسلیم نہیں کیا اس لئے کہ اس ملک کا وجود حق و انصاف کے خلاف ہے ۔ یہ عجیب بات ہے کہ ایک علاقے کے باشندوں کو اس علاقے سے نکال کر انہیں مہاجر بنا کر غیروں کو اس علاقے میں مسلط کر دینا اور ان لوگوں کو حالات اور حوادث کے سپرد کر دینا جو وہاں سے نکالے گئے ہیں ۔ آج تک فلسطین کے لاکھوں عرب مہاجر مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اور اس پر ستزاد ایک اور عجیب بات یہ ہے کہ جب سے اسرائیل کا ملک معرض وجود میں آیا ہے ، عربوں کو اور تمام عرب ممالک کو تمام مقامات پر جارحیت کا مقابلہ کرنا پڑا ہے۔ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ جب ہمارے صدر مملکت محمد ایوب خان اردن کے دورے پر تشریف لے گئے تو عین اسی رات اسرائیل نے اردن کے شہریوں پر حملہ کیا اور پھر اس کے بعد شام کے خلاف ان کے جارحانہ اقدامات کی خبریں روزانہ آتی رہیں اور اب جب کہ اس اطلاع کے مطابق مصر اسرائیل سے برسر پیکار ہے ، شام میں

بھی جنگ شروع ہو چکی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسرائیل کے عزائم عرب ملکوں کے خلاف کیا ہے پاکستان کی پالیسی اس سلسلے میں بالکل واضح ہے۔ صدر ایوب خان نے اس سلسلے میں ایک واضح بیان دیا ہے اور ہمارے وزیر خارجہ بھی اس سلسلے میں بغیر کسی ابہام کے، واضح طور پر پاکستان کی پالیسی کا اعلان کر چکے ہیں۔ اور خوشی کی بات یہ ہے کہ عرب ممالک کے سربراہ اور عوام پاکستان کی اس تائید کو نہ صرف یہ کہ تسلیم کر چکے ہیں بلکہ وہ اس سے خوش بھی ہیں اور آپ نے متحدہ عرب جمہوریہ کے نمائندے کا بیان آج ہی پڑھا ہوگا جنہوں نے یہ فرمایا ہے۔ کہ پاکستان کی تائید ہمیں پہلے ہی حاصل ہے اور ہمیں مزید تائید حاصل کرنے نہیں آیا۔ پاکستانیوں سے جس چیز کی توقع تھی وہ پہلے ہی اس کے لئے تیار اور اس کا واضح اعلان کر دیا گیا ہے۔

جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ پاکستان نہ صرف حق و انصاف کا علمبردار ہے بلکہ وہ دوستوں کا دوست بھی ہے اور جس دوست نے بھی مصیبت کے وقت ہمارا ساتھ دیا ہے ہم انشاءاللہ دنیا میں ہر وقت یہ ثابت کر دیں گے کہ پاکستان ایک اچھا دوست ہے۔ عرب ممالک ہمارے دوست ہیں۔ ہمارے بھائی ہیں۔ عرب ممالک حق و صداقت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ہم اچھے دوست کے اچھے دوست ہیں۔ ہم اچھے بھائی کے اچھے بھائی ہیں۔ ہم حق و صداقت کے علمبردار ہیں اس لئے ہم یقین اور وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے عرب بھائی اپنے پاکستانیوں کی تائید اور حمایت پر، جس کو نبھانے کے لئے ہم ہر ممکن کوشش کریں گے،

پوری طرح اور مکمل طور پر انحصار کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے عرض کروں گا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہم سمجھتے ہیں وٹو صاحب بڑی فصاحت و بلاغت سے تقریریں کرتے ہیں ان سے فائدہ اٹھانا چاہئے لیکن میں چاہتا ہوں کہ میں بھی کچھ عرض کروں اور اس میں شریک ہو جاؤں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ تمام عربوں کے اس امتحان میں تمام پاکستانی پورے طور پر متحد ہو کر ان کے ساتھ ہیں ۔ یہاں جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے میں استدعا کروں گا کہ چونکہ بین الاقوامی طور پر ہماری مرکزی حکومت نے سارے مسائل کی وضاحت کرنا ہے ایوان کے مختلف اطراف سے جن جذبات کا اظہار کیا گیا ہے ان جذبات کو آپ ایوان کی جانب سے مرکزی حکومت تک پہنچا دیں تا کہ وہ اس پر مناسب اقدامات کر کے جس جس مقام پر جس جس طریقہ سے کوئی مناسب کارروائی کرنا چاہیں کریں ۔

ایوان کی اطلاع کے لئے میں عرض کروں گا کہ خدا کے فضل و کرم سے جب بھی مسلمانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے اور جب بھی مسلمانوں نے مشکلات کا پورے عزم کے ساتھ مقابلہ کیا ہے تو خدا تعالی

نے ہمیشہ کامیابی عطا فرمائی ہے۔ اصل میں ہماری مشکلات کا عظیم ترین حل یہ ہے کہ ان کا مقابلہ جوش جذبہ اور عزم کے ساتھ کیا جائے۔ مجھے یہ اعلان کرکے مسرت محسوس ہو رہی ہے کہ ابھی ابھی مجھے اطلاع ملی ہے کہ اس وقت تک اسرائیل کے ۲۳ ہوائی جہاز گرائے جا چکے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین) ہماری دعا ہے اور اس میں ایوان کے تمام ممبران میرے ساتھ شامل ہیں کہ خدا تعالی حق و انصاف کو اور عرب بھائیوں کے عزم اور جدوجہد کو کامیاب بنائے۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور—۲) ۔ جناب سپیکر صاحب۔ میں اس معزز ایوان میں ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں سندھی بھائیوں کی طرف سے اور پاکستانی بھائیوں کی طرف سے عرض کرتا ہوں کہ ہمارا سندھ کا علاقہ چھوٹا سا علاقہ ہے۔ یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ ۱۹۶۵ء کی لڑائی میں ہر قوم نے بہت مدد کی۔ اس طرح اب بھی ان میں زیادہ جوہر ہیں ان کی طرف سے میں خدمات پیش کر دیتا ہوں اور جب کبھی کسی خدمت کا موقع آئے تو ان کو نہ بھولا جائے۔

یہ گردش ہوتی رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ اب ڈولے ہوئے مسلمانوں کو امتحان کے طور پر اور ہوشیار کرنے کے لئے یہ موقع دیا ہے اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کہتے ہیں۔

و تلک الایام نداولہا بین الناس

(فتح و شکست کے دن ہم پھراتے ہیں)

تو ہم اسی اللہ تعالیٰ کے سپاہی ہیں اور اسی سر زمین پر اللہ کا نام بلند کرنا ہے ۔ اس لئے ہمیں متحد ہو کر استقلال سے جرأت سے لڑنا چاہئے اس میں امریکہ آئے تو کیا اس میں برطانیہ آئے تو کیا اور بھی کوئی ملک آ جائے تو ہمیں نہ کسی ملک کی مدد کی ضرورت ہے اور نہ کسی کا ڈر ہے ۔ ہماری امداد کے لئے اللہ تعالیٰ صرف ایک شرط لگاتا ہے ۔

و لا تہنو ولا تحزنو ان کنتم مومنین
(تم مت ڈرو تم مت نیچے آؤ تم سب سے بڑی قوم ہو)

ہم پر یہ تو نہیں ڈال دیا کہ تم ایٹم بم بناؤ لیکن ایک شرط لگا دی ہے کہ تم مومن بنو ۔ ہمیں مومن بننا چاہئے پھر اللہ تعالیٰ ہماری امداد کے لئے فرشتے بھیج دیتا ہے ۔ پرندے بھی بھیج دیتا ہے چھوٹے سے مچھر سے بھی فتح دے دیتا ہے ۔ اس سے ہمیں گھبرانا نہیں چاہئے ۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ عرب ممالک کے لئے ہمارے دلوں میں بڑی عزت ہے ۔ نبی کریم عربی تھے ان کے ذریعہ ہمارے پاس اسلام پہنچا ہے ان کے ذریعہ روشنی پہنچی ہے ۔ اس لئے ان کی بڑی عزت ہے ۔ قرآن بتاتا ہے :

انما المومنون اخوۃ

تم سب مومن بھائی بھائی ہو ، مشرق ہو یا مغرب ہو ۔ سیاہ ہو یا سفید ہو سب برابر ہیں ۔ اس وجہ سے ان کے ہم پر فرائض ہیں کہ ان کا ہاتھ بٹائیں ۔ اس کے علاوہ قرآن میں اللہ تعالیٰ یہ بھی فرماتا ہے ۔

الا ان نصر اللہ قریب

(جان لو کہ اللہ کی مدد قریب ہے)

پھر اس کے بعد ایک جگہ فرماتے ہیں :

''وھو خیر الناصرین''

(اور وہ اللہ بہترین مددگار ہے)

اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ روس بھی ہماری امداد کے لئے آ گیا ہے ، چین بھی آ گیا ہے ۔ دوسرے ممالک بھی آ گئے ہیں ۔ لیکن خدا سب سے زیادہ مددگار ہے ۔ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو فرماتا ہے :

آذا ارادا شئیاً ان یقول لہ کن فیکون

(جب اللہ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے لئے کہتا ہے ۔ ہو جا پس وہ ہو جاتا ہے) ۔

پھر ایک لفظ سے (فیکون) ہو جاتا ہے ۔ اس لئے کوئی گھبراہٹ نہیں ہونی چاہیے ۔

ان ینصر کم اللہ فلا غالب لکم

(اللہ تعالیٰ جس کو مدد دے تو اس پر کوئی غالب نہیں ہو سکتا)

اس کے بعد میں نبی کریم کی حدیث پیش کروں گا ۔ اس سے پہلے میں نے قرآنی آیات بتائی ہیں اب میں نبی کریم نے جو دعا سکھائی ہے اور جس کا ہمیں ورد کرنا چاہیے ۔ دل سے اور نیت سے ۔ میں اس کا ترجمہ

سناتا ہوں ۔ حضرت ابو سعید کہتے ہیں کہ ہم نے خندق کے دن کہا کہ یا رسول اللہ کیا کوئی ایسی دعا ہے جسے ہم پڑھیں ۔ اب تو ہمارے دل گلے تک آ گئے ہیں ۔ تو آپ نے فرمایا کہ ہاں اور کہا کہ اے اللہ ہمارے عیوب چھپا لے اور ہمیں گھبراہٹ اور خوف سے امن میں رکھ ۔

حضرت ابو سعید فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آندھی بھیجی اور انہیں شکست دی ۔ ہم نے یہ تحفہ آپ کو بتا دیا ہے ۔

انشاءاللہ ہم کامیاب رہیں گے ۔

وزیر خزانہ و اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ جناب والا ۔ جن جذبات کا اظہار قائد ایوان اور قائد حزب مخالف نے کیا ہے میں اپنے آپ کو ان جذبات اور خیالات میں پورے طور پر شریک کرتا ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کا شاید ہی کوئی شہری ہو جس نے اس افسوسناک واقعہ پر مصر کی حکومت اور مصر کے عوام سے ہمدردی کا اظہار نہ کیا ہو ۔ جیسا کہ ابھی مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمیں پژمردہ نہیں ہونا چاہئے اور نہ خوفزدہ ہونے کی ضرورت ہے ۔ خداوند کریم کے فضل و کرم سے ہم مسلمان ہیں اور ہماری تمام مشکلات اور مصائب اللہ تعالیٰ دور کرے گا اور ہمیں آزمائش کے اس دور میں خدا تعالیٰ کی مدد حاصل رہے گی ۔ جیسا کہ ماضی میں تھی ۔

ایک بات جو اس تمام جھگڑے میں اور مصیبت میں ہمارے سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ اسلامی ممالک میں پہلے سے کہیں زیادہ اتحاد پیدا

ہو گیا ہے ۔ آپ جانتے ہیں کہ ماضی میں ترکیہ اور دوسرے اسلامی ممالک عرب ممالک کے بعض مسائل سے اختلاف رکھتے تھے ۔ لیکن آج دنیا دیکھ رہی ہے کہ دنیا کے تمام اسلامی ممالک پوری ہمت کے ساتھ پورے جذبات کے ساتھ پورے ولولہ کے ساتھ حکومت مصر اور اس کے عوام کے ساتھ ہیں ۔ لیکن واقعہ ہے کہ جہاں ہم اپنے بھائیوں کا ساتھ دیں وہاں ہمیں چاہیے کہ ہم یو ۔ این ۔ پر دباؤ ڈالیں کہ وہ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کرمانی صاحب کی تقریر کے اختتام تک ایوان کی کارروائی بڑھائی جاتی ہے ۔

وزیر اطلاعات ۔ یو ۔ این ۔ او ۔ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے اور اسرائیل کو جارحیت سے روکے اور دنیا میں اپنے وقار کو قائم رکھنے کے لئے انصاف اور حق کا ساتھ دے ۔

مقام مسرت ہے کہ آج سے چند روز قبل صدر مملکت جناب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے پاکستان کے عوام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے واشگاف الفاظ میں کہدیا تھا کہ پاکستان کی حکومت اور پاکستان کے عوام اس معاملہ میں اپنے عرب بھائیوں کے ساتھ ہیں ۔ کیونکہ عرب بھائی انصاف کے ساتھ ہیں اور وہ حق کے لئے لڑ رہے ہیں وہ صداقت کے ساتھ ہیں اور پاکستان اپنی روایات کی وجہ سے اپنے اس اصول کی بنیاد پر جس کی بنیاد پر پاکستان وجود میں آیا مجبور ہے کہ دنیا میں ظلم کا مقابلہ

کرے اور سچائی اور حق کا ساتھ دے ۔ جیسا کہ وزیر لوکل سیلف گورنمنٹ نے فرمایا ہے کہ صدر مملکت کے علاوہ مرکزی حکومت کے وزراء میری مراد وزیر خارجہ سے ہے انھوں نے بھی ایک سے زیادہ بار واضح الفاظ میں پاکستان کی حکومت کے موقف کی وضاحت کردی ہے اور یہ دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ مسلمان خواہ کسی خطہ سے تعلق رکھتا ہوں کسی نسل سے یا کسی رنگ کا ہو وہ اسلام کے تحفظ کے لئے انصاف کے تحفظ کے لئے انسانی اقدار کے تحفظ کے لئے ایک ہے ۔ آج ہم ان ہی اقدار اور اصولوں کی خاطر جن کی خاطر ہم نے پچھلے سالوں میں کشمیر کے مسلمانوں کی حمایت کی تھی Cyprus سے مسلمانوں کی حمایت کی تھی ان اصولوں کی وجہ سے آج ہم اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ ہم عرب ممالک کے موقف کی پرزور حمایت کریں ۔ ہمارے قومی شاعر نے ہمارے قومی جذبات کو ابھارنے کی خاطر نہیں بلکہ اس میں توازن اور مضبوطی پیدا کرنے کے لئے کہا تھا ۔

اگر عثمانیوں پر کوہ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے
کہ خون صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا

یہ سحر پیدا ہونے والی ہے اور اس سحر میں اگر کوئی ملک زندہ ہوگا تو وہ مصر ہوگا اگر کوئی طاقت ابھرے گی تو وہ عربوں کی طاقت ہے اور جو طاقت نیست و نابود ہو جائیگی وہ اسرائیل کی طاقت ہوگی ۔

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet again tomorrow, the 6th June, 1967, at 8.00 A.M.

The Assembly then adjourned (at 2.03 p.m.) till 8.00 a.m. on Tuesday, the 6th June, 1967.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 3647)

FORM OF MEMORANDUM OF SETTLEMENT

Name of Parties :—	1. W.P.I.D.C.
	2. WPIDC Qaidabad Woollen Mills Employees Union (Regd).
Representing Employer.	Representing Employees.
Mr. Riaz-ud-Din Qureshi	(1) Mr. Umer Din, General Secretary.
Manager, Qaidabad Woollen Mills Ltd. Qaidabad, (District Sargodha).	(2) Mr. Imam-ud-Din Office Secretary.
	(3) Mr. Ahmad Khan, Vice President.
	(4) Mr. Mohd Nazir, Cashier of WPIDC, Qaidabad Woollen Mills Qaidabad Employees Union (Regd).

SHORT RECITAL OF THE CASE.

The WPIDC, Qaidabad Woollen Mills, Qaidabad Employees Union (hereinafter referred to as the said Union) raised several Industrial Disputes against the Management of the Qaidabad Woollen Mills. Some of the cases have already been decided by the Court. Whereas presently Industrial Dispute Nos. 31/65 and 41/65 are still pending for adjudication in the West Pakistan Industrial Court, Lahore. The Management has also filed an Appeal in the High Court aggrieved with Industrial court Award published in the Gazette in Industrial Dispute Case No. 2/65.

In the meantime, the Office Bearers and the workers of the Mills

approach the Mill Management and W.P.I.D.C. Head Office, Karachi vide their letter Nos. 313/WM/EU, dated 8-9-1965 and 314/WM/EU dated 13-9-1965 etc. etc. requesting the Mill Management to amicably settle all the pending Disputes.

The Mill Management in consultation with the Union Representatives and Workers in general as a gesture of goodwill on the request of workers agreed to settle all pending disputes and accordingly the parties have arrived at the following settlement on the following terms and conditions :—

TERMS OF THE SETTLEMENT

(1) The Union have agreed to withdraw unconditionally all the following Industrial Disputes and application cases and accordingly the necessary Applications for the withdrawal of cases will be filed in the Industrial Court within 10 days of the signing date of this settlement :—

(*i*) INDUSTRIAL DISPUTE CASE NOS :

(1) 31/65

(2) 41/65

(*ii*) APPLICATION CASE NOS :—

(1) 154/65-Mr. Haji Ahmed, Carpenter Helper.

(2) 90/65-Recognition of Union.

(3) 586/64-Mr. Mohd Sharif, Fireman.

(4) 187/65-)

(5) 188/65)Mr. Niaz Mohd. Helper.

(6) 138/65-Mr. Imam-ud-Din.

(2) It is also agreed that the proceedings will also be withdrawn by the Management by Industrial Dispute Case No. 2/65 and Application Case No. 136/65. In view of the financial benefits given to the Workers under

the present settlement, the Employees Union and the Workers agree to forego the award in full of the Industrial Court in respect of Industrial Dispute No. 2/65 published in the Gazette notification dated 1-9-1965.

(3) The Management also agrees to re-instate workers as under as a gesture of goodwill. The following Retrenched/Suspended Workmen are re-instated from the date of their retrenchment, but payment of arrears will be made subject the approval of Head Office. Any decision of Head Office in this respect will be acceptable to the Union :—

1. Mr. Umer Din, Asst : Weaver.
2. Mr. Imam-ud-Din, Stores Clerk.
3. Mr. Mohd Sharif, Fireman.
4. Mr. Niaz Mohd, Helper.
5. Mr. Gul Mir Khan, Weaver.

In regard to employees Suspended on disciplinary grounds their re-instatement will be considered on the assurance given by them for good conduct and satisfactory and efficient performance of their duties, they will however be granted conditional pardon by the Management and re-instated and created as on Duty and Benefits given to them.

The persons in question are directed to report for duty on or before 25th November, 1965. If any such workmen does not join by the said date without showing any good reason or cause will be deemed that he does not wish to avail of the facility and accordingly his termination will stand.

(4) It is also agreed that :

(i) INCREASE IN PAY AT THE RATE OF Rs. 10—Subject to Minimum of Rs. 10 and Maximum of Rs. 25 per month will be given from 2-11-65 to the Monthly Rated Permanent Workers on Basic Pay. Proportionate increase will also be made in the Wages of Daily Paid Adult Permanent Workers. The employees already receiving the above benefit will not be entitled to this under this agreement.

(*ii*) LOCAL COMPENSATORY ALLOWANCES :—The Management agrees to pay Rs. 10 per month to the Permanent Employees as well as Daily Permanent Adult Workers with effect from 2-11-1965.

(5) In regard to Leave ; Medical Facilities ; Gratuity ; Provident Fund Maternity Charges and re-imbursement of Medical Bills of the Daily Paid Workers decision of the Head Office will be followed which will be fully acceptable to the Union.

(6) Consolidated Scales of Office Staff presently given in other concerns is left to the decision of Head Office for introducing in Qaidabad Woollen Mill.

(7) It is also agreed that the Management shall have no objection in recognizing Qaidabad Woollen Mills Employees Union provided that apply for recognition qualifying under the law.

PERIOD OF THE SETTLEMENT

(8) This settlement shall come into force from the date of execution hereof and shall remain in force and full effect for period of three years during which period the Union agrees and under takes not to raise any demands involving financial implications either directly or indirectly and not to go on strike of any kind and that any changes in the office bearers of the Union or creation of other body or Union would not in any manner effect the operation and binding nature of any or all of the terms of settlement specified in this Agreement and that the Union declares that it is no more interested in contesting any cases or appeals filed by the Management in the High Court of West Pakistan Supreme Court of Pakistan against the judgement of the Industrial Courts or High Courts as the case may be and the Management will have no objection if in view of this settlement the Union moves the appropriate authorities for the withdrawal of the proceedings.

9. During the period of the operation of this settlement no amenities at present being enjoyed by the workmen will be altered to the detriment of the workmen, except as provided for above in this agreement and in so far as such withdrawal or alternation may arise or be occasioned by reason of any new legislation.

———

APPENDIX

(Ref : Starred Question

ANNEXURE

Year	Total number of licences granted	Total value of licences	Licences granted to coal concessionaires	Total value of licences granted to concessionaires of coal	Licences granted chromite concessionaires
1962 (July-Dec.)	15	10 Lakhs	9	5,37,000	2
1963	55	30 Lakhs	31	12,22,000	4
1964	49	30 Lakhs	21	12,40,000	4
1965	30	(*i*) 12 Lakhs	17	10,57,700	3
		(*ii*) 6·36 Lakhs from Polish credit.	13	6,56,000	Nil

II

No. 5099)

A.

Total value of licences of chromite concession aires	Licences granted to other minerals concessionaires	Total value of licences of other minerals concessionaires	General Remarks
1,85,000	6	4,63,000	Two firms held concessions of chromite as well as coal, so their names have been included under both sub-heads.
2,50,000	21	15,04,000	One firm held concessions both of chromite and coal so it has been included under both sub-heads.
4,15,400	27	16,98,600	Three firms held concessions of both chromite and coal so they have been included under both sub-heads.
4,41,000	11	8,01,250	One firm held concessions both of chromite and coal so it has been included under both sub-heads.
—	Nil	—	Allocation in the barter was Rs. one million but Rs. 3,44,000 were not utilised by the companies because the machinery and the appliances they wanted were either not available from Poland or the Polish prices were not competitive.

ANNEXURE B.

STATEMENT SHOWING NAMES OF LICENCEES.

S. No.	Names of Licencees.	No. of licencees.
1.	A. Majid & Co. Murree Road, Rawalpindi	2
2.	Dalmia Cement Ltd. Dandot.	4
3.	Amin Agencies Ltd. Wood Street, Karachi.	3
4.	A.M. Habibullah Co. Marriot Road, Karachi.	6
5.	Mir. Qadir Bux & Brothers. 5 Jail Road, Quetta.	7
6.	United Mineral Co. Shahrah-i-Adalat, Quetta.	1
7.	Gilani Co. Ltd. Burnas Road, Quetta.	4
8.	Mining Industries of Pakistan Ltd. Quetta.	3
9.	Ch. Abdul Karim, Karachi.	6
10.	Hafeezyan Coal Co. Quetta.	1
11.	Continental Rubber Products Ltd. Karachi	1
12.	Shah Nawaz Ltd. Victoria Road, Karachi.	1
13.	Daud Mines Ltd. Mcleod Road, Karachi.	5
14.	Zia Mining Corporation, Rawalpindi.	3
15.	Mr. K.M. Latif, Karachi.	4
16.	National Marble Industries, Karachi.	1
17.	Pakistan Industrial & Mining Syndicate Ltd. Karachi.	5
18.	Amir Amam Bux & Sons, Quetta.	4
19.	Punjab Marble Factory Westridge, Rawalpindi.	5

20.	Pakistan Industries Ltd. Mcleod Road, Karachi.	1
21.	Kalat Coal Co. Jinnah Road, Quetta.	2
22.	Syed Abdul Jalil, Abbotabad.	1
23.	Marble Crafts, Begum Road, Karachi.	2
24.	United Minerals, Lahore.	1
25.	Sardar Ishaq Khan & Co. Quetta.	1
26.	Commercial Mining Co. Jinnah Road Quetta.	2
27.	Magnum Trading Corporation, Abbotabad.	1
28.	Coal Mining Corporation, Mcleod Road, Karachi.	4
29.	Pakistan Cromine Ltd. Mcleod Road, Karachi.	3
30.	Crown Mining Corporation, Garden West Karachi.	4
31.	Ghulam Sarwar Khan & Sons Murree Road, Rawalpindi.	2
32.	Sardar Gohar Khan & Co. Quetta.	3
33.	The Samee and Samee Mining Industries, Karachi.	1
34.	Modern Mining Industrial Sundicate, Bunder Road, Karachi.	1
35.	M. Fazal Haq & Co. Khushab Distt. Sargodha.	2
36.	Katha Collieries (Pak) Ltd. Lahore.	4
37.	Crescent Mining Industries, Karachi.	1
38.	Malik Mir Hussain & Co. Karachi.	2
39.	M. Jan Muhammad & Sons, Quetta.	
40.	M. Abaid Khan, Mineowner, Khewara.	1

41.	Khuber Marble Ltd. Peshawar.	1
42.	Wah Stone and Lime Quarry Ltd. Attock.	2
43.	Baluchistan Coal Co. Barnes Road, Quetta.	1
44.	S. Mohammad Usman Khan & Co. Quetta.	1
45.	Muhammad Feroz-ud-Din Khan & Bros. Abbotabad	1
46.	Aliani Coal & Industrial Co. Jinnah Road, Quetta.	1
47.	Mohammadi Industries Ltd. Peshawar City.	1
48.	Pir Azim Shah, Hyderabad.	2
49.	United Mining Corporation.	1
50.	Kalat Ittehad Co. Barnis Road, Quetta.	1
51.	Malik Walayat Hussain & Sons, Quetta.	4
52.	Razvi Mining Ltd. Abbotabad.	1
53.	Mohammadi Coal Co. Quetta.	1
54.	Nawaz Mineral Traders, Murree Road. Rawalpindi.	3
55.	Nazar & Co. Ltd. Khewra Distt. Jhelum.	1
56.	Pak Building Industries, Lyallpur.	3
57.	M/s. New Rattan Jem Mineral, Lahore.	1
58.	Marble Industries, Karachi.	1

59.	Pak Marble Industries, Peshawar.	1
60.	Pir Ghulam Nabi Shah & Co. Sargodha.	1
61.	Mohammad Irfan Distt. Hazara.	1
62.	Mubrik Industries Ltd. Sargodha.	1
63.	Kohistan Minerals, Sargodha.	1
64.	Sardar Mining Co. Rawalpindi.	2
65.	M. Muhammad Ismail & Sons, Quetta.	1
66.	General Marble Co. Peshawar.	1
67.	Aga Safdar Ali Khan, Lahore.	1

APPENDIX III

(Ref : Starred Question No. 6091)

Annexure 'A'

STATEMENT SHOWING THE NAMES OF PERSONS OR PARTIES BELONGING TO KARACHI WHO HAVE BEEN SPONSORED TO FINANCING AGENCY CONCERNED IN 19 5-66 AND 1966-67 FOR LOAN FINANCING TO SET UP TEXTILE MILLS IN OTHER PARTS OF THE PROVINCE

S.No.	Name of Party	Location
1.	M/s. Annoor Taxtile Mills Ltd., 57/5-S.M. Sayyed Road, New Town, Karachi.	Gharo
2.	M/s. Yusuf Textile Mills Ltd., Lakshmi Building, Bunder Road, Karachi.	Kotri
3.	M/s. Dadu Textile Mills (Public) Ltd., 29-31, Court Chambers, Opposite City Magistrate's Court, Karachi.	Kotri.
4.	M/s. Sapphire Textile Mills, Lakshmi Building, Bunder Road, Karachi.	Kotri.
5.	M/s. Lawrencepur Woollen & Textile Mills Ltd., Habib Square, Karachi.	Campbellpur.
6.	M/s. Anwar Textile Mills Ltd., 91-Mehta House, Saleh Muhammad Street, Karachi.	Thatta District.
7.	M/s. Madina Textile Mills Ltd., 19-Kutchery Road, Karachi.	Gharo

Annexure 'B'

STATEMENT SHOWING THE NAMES OF PARTIES NOT BELONGING KARACHI SPONSORED TO THE FINANCING AGENCY CONCERNED FOR LOAN FINANCING TO SET UP TEXTILE MILLS IN THE PROVINCE

	Name of Party	Location
1.	M/s. Talib-ul-Maula Textile Mills Ltd., Amin Manzil, Katcha West, Hyderabad.	Hala
2.	M/s. Liaqat Textile Mills, Kohat.	Kohat
3.	M/s. Kamran Khan, Mingora, Swat.	Dargai (Malakand Agency)
4.	Malik Khizar Hayat Khan Tiwana, 47 Willington Mall, Lahore Cantt :	Sargodha.
5.	M/s. Noor Textile Mills Ltd; Memon Mohallah, Hyderabad.	Kotri.
6.	M/s. Globe Textile Mills Ltd., (Quetta).	Kotri.
7.	M/s. Mir Textile Mills Ltd., Kotri.	Kotri.
8.	M/s. Sunshine Cotton Mills, Daroghawala, G.T. Road, Lahore.	Sheikhupura.
9.	M/s. Ayesha Textile Mills Ltd., 97-B. Gulberg, Lahore.	Sheikhupura.
10.	M/s. Gharo Textile Mills Ltd., Habib Square, Wood Street, Karachi.	Gharo.
11.	M/s. Fazal Cotton Mills Ltd., Muzaffargarh.	Muzaffargarh.

12.	M/s. Ittefaq Foundry & Workshop Ltd., 90-Railway Road, Lahore.	Montgomery.
13.	M/s. Punjab Textile Mills, C/o 17-C/1, Gulberg, Lahore.	Sheikhupura
14.	M/s. Arshad Tanweer & Co., Shafiq Anis Building, Pamudalal Street, Karachi.	Chiniot
15.	M/s. Usmania Textile Mills. Serai Road, Karachi.	Kotri.
16.	Mr. A.R. Sardar Hussain, 72-C.2, Gulberg-III, Lahore.	Sheikhupura
17.	M/s. Al-Tehmas & Co., Mohallah Gulab Khan, Peshawar.	Peshawar.
18.	M/s. Mahmood Textile Mills Ltd., C/o M/s. Mahmood Cotton Ginning, Pressing & Oils Mills Ltd., Tatipur-Multan.	Multan district.
19.	M/s. Fatehsons, 24 Income Tax Road, Sargodha.	Sargodha.
20.	M/s. Al-Hamra Textile Mills Ltd., 4-Malik Road, Lyallpur.	Sheikhupura.
	Talpur, Tando Muhammad Khan.	
21.	Mir Aijaz Ali Talpur S/o Mir Ghulam Ali	Kotri.
22.	M/s. Safina Textile Mills Ltd., 14-A, Dyal Singh Mansion, The Mall, Lahore.	Campbellpur.

23.	M/s. Kotri Textile Mills, 142-N, P.E.C.H.S., Karachi.	Kotri.
24.	M/s. Central Cotton Mills, Habib Square, Wood Street, Karachi.	Thatta district.
25.	M/s. Mukhtar Textile Mills Ltd., C/o Calcutta Ginning and Pressing Factory, Nawabshah.	Gharo
26.	Ch : Muhammad Hussain, Vice-Chairman, Lahore Corporation.	Sheikhupura.
27.	Farmers Textile Mills, Lyallpur.	Tandiianwa'a Tehsil Sumundri District Lyallpur
28.	M/s. Kohat Textile Mills Ltd., 1-Michene Lane, Peshawar Cantt.	Kohat Bannu.
29.	M's. Nagina Textile Mills Ltd., 4th Floor, Muhammadi House, Karachi.	Kotri.
30.	M/s. Mustafa Textile Mills, C/o Green Marble Works Ltd., Elphinston Street, Karachi	Thatta district
31.	Nawab Jam Sadiq Ali, M.N.A.,	Tando Adam.

APPENDIX

(Ref : Unstarred Question

Annexure

W.P.I.D.C.

STATEMENT SHOWING THE DETAILS OF MACHINERY AND EQUIPMENT

S. No.	Description of Machinery.
1.	Pick Hammers
2.	Rock Drills
3.	Motor Electric F/Proof 20 H.P.
4.	Ventilation Fan 3 K.V.
5.	" " 7.5 K.V.
6.	Compressed Air Driven Hoist capaicty of drum 120 Meter.
7.	Haulage Engine Dia of drum 550 mm with motor 400/440 Volts K.V.
8.	Controlling Switches (Flame Proof) 600 V 04 Amp.
9.	" " " 600 V 25 Amp.
10.	" " " 600 V 200 Amp.
11.	" " " 600 V 120 Amp.
12.	Flame Proof Electric Stationery Lamp 50-60 V
13.	Limit Switch
14.	Lath Machine Beco Modle CL-200

IV

No. 288)

'A'

DEGARI MINES

LYING UNUSED WITH DATES OF RECEIPT THEREOF.

Date of receipt	Qty received	Qty consumed	Balances Qty
5-10-64	60	56	4
5-10-64	40	12	40
7-10-64	2	1	1
5- 5-65	10	8	2
5- 5-65	6	4	2
28- 9-64	4	3	1
10-11-64	2	1	1
28- 9-64	14	3	11
28- 9-64	10	6	4
28- 9-64	2	1	1
28- 9-64	5	4	1
28- 9-64	40	11	29
28- 9-64	4	—	4
23- 3-66	1	—	1

15. Sharpning Machine Beco

16. CH.4 Gas Indicator Complete

17. Multi Stage Centrifugal Pumps 20 HP

18. Multi Stage Turbine Pumps complete with Diesel Engine water quantity O.5 m/3mm

19. Centrifugal water Pumps complete with Flame Proof Electric Motor 400/440 V. 21 H.P. total head 100 M.

20. Boring Machine with equipment

21. CO Gas Indicator with equipment

22. Rails 30 Pounds with equipment

23. Skip Car with equipment

24. Mining Tube with equipment

25. Flate Car with equipment

26. 50 HP Single Drum Portable Winches

27. 20 Kw Single Drum Portable Winches

28. Haulage 300 KW

29. Turbine Pumps

30. 25 KW Ventilation Fan

23- 3-66	1	—	1
23- 3-66	60	5	55
21-10-64	1	—	1
28- 9-64	5	4	1
5- 5-65	8	7	1
29- 6-66	3	-8	3
29- 6-66	4	1	3
30- 6-65	1798	1763	35
1- 7-64 & 29- 6-66	8	1	7
29- 6-66	125	15	110
"	12	12	—
"	6	1	5
29- 6-66	12	4	8
"	1	—	1
"	8	—	8
"	1	—	1
"	2	—	2

31. 15 Kw ,, ,,

32. Air Compresser with 220 KW 10 Pole dustproof wond rotor Type, rated voltage 3000

33. Ait Receiver

34. Dozer Shavels

35. Guide Roller for Skip Incline

36. Wire Rope 18 mm Dia

37. " " 20 mm "

38. " " 28 mm "

39. Wall Crane

40. Sharpner

41. Chain Block for lifting

42. Blower for forging furnace

43. Gass Welding Set

44. A. C. Ars Welder 400 V

45. Grinder, 1.5 KW Motor

46. Knife Switch Box

47. Magnatic Switch Box

48. Nitrogen Gass cealing equipment

"	1	1	—
"	1	—	1
"	3	3	—
"	117	10	107
"	1800m	—	1800m
"	900m	—	900m
"	2000m	—	2000m
"	1	—	1
"	1	—	1
"	1	—	1
"	1	—	1
"	1	1	—
"	1	1	—
"	1	—	1
"	3	—	3
"	1	—	1
"	1	—	1

49. Disconnecting Switch 23 KV 800 A

50. 500 KVA Single Phase Power Transformet

51. Disconnecting Switch for Lightning Affrester 23 KV 400 A

TRANSFORMER INSTRUMENTS

52. 2 Phase Potential Transformer with Tertiary winding

53. Single Phase Current Transformers for 11KV incumming line

54. Transformers 3 KV A

55. Transformers 20 KV A

56. Transformers 15 KV A

57. Telephone Set

58. Telephone Exchange Box

59. Earth Relay

"	1	—	1
"	3	—	3
"	3	—	3
"	1	—	1
"	3	—	3
"	9	3	6
"	9	6	3
"	9	6	3
"	20	15	5
"	—	1	—
"	9	3	6

Annexure

WPIDC MAKERWAL

LIST OF MACHINERY &

Sr. No.	Description
1.	Mine Exhaust Fan Type 48 G-12 Volts.
2.	Compressed Air Auxilary Fan type TLG/53 Propeller dia 400mm
3.	Portable Diesel Driven Air Compressor Modle RV-73 76 HP
4.	Pump Centrifugal Horizental Noself Priming High Pressure.
5.	Pump Centrifugal Beco Type PC-100-H-280
6.	Auto Transformer 25 KVA Flame Proof.
7.	Motor Electric Flame Proof.
8.	———do——— Wounded for AC 3 Phase 50 C/s 20 H.P.
Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to raise a question of the privilege of the Assembly on the ground that a breach of privilege of the Assembly has occurred due to incorrect answer to my Starred Question No. 4565 relating to the failure of Malik Ghulam Nabi Ex-MLA former Punjab in setting up Industrial Plant for fruit preservation and canning. The relevant portion of the answer referred above is reproduced below :

"A show-cause notice is being served on Malik Ghulam Nabi for not installing the sanctioned Industrial unit so far, and further action will be considered on receipt of his reply."

It is necessary to reproduce below the answer to part (a) of my Starred Question 6409 laid on the floor of the House on 5th June 1967 I mean yesterday which has revealed that an incorrect answer was given by the Parliamentary Secretary, Industries on 12-12-1966 of Question No. 4565 :—

Question

(a) Whether a show cause notice has since been served on Malik Gulam Nabi Ex-MLA, for not installing the Industrial Units ;

Answer

Yes. A show cause notice was served on him by the Director of Industries, We t Pakistan on 17-2-1967.

The show-cause notice has been served on him on 17-2-1967 and it is incorrect that a show-cause notice was under issue on 12-12-66 at the time of answering my Question No. 4565. In order to cover their negligence the Industries Department submitted incorrect answer to the Parliamentary Secretary, Industries whereby a breach of the Privilege of the House occurred.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ یہ فرمائیں کہ ان دو سوالوں کے جوابات میں تضاد کیسے ہے ۔ پہلے انہوں نے کہا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

"show-cause notice is being served."

اس کے بعد موجودہ سوال میں ہے ۔ ۔ ۔ ۔

"show-cause was served on 17th February, 1967."

یہ آپس میں متضاد کیسے ہیں ۔

Malik Mohammad Akhtar : Sir, that is my privilege motion.

دیکھئے جناب یہ ذرا interpretation کا مسئلہ ہے ۔ شاید میں بیان کر سکوں ۔ دسمبر میں انہوں نے سوال نمبر ۵۶۵ کے جواب میں کہا ہے ۔

> "...show-cause notice is being served on Malik Ghulam Nabi....."

یہ نہیں کہا ۔

"will be served."

کہا ہے ۔

"is being served."

Mr. Speaker : What is meant by "is being served" ?

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to that. It means that it is under issue. It is at the last stage of issue.

دوسرے سوال کے جواب میں آپ یہ کہتے ہیں ۔

> "Yes. A show-cause notice was served on him by the Director of Industries, West Pakistan on 17th February, 1967."

Mr. Speaker : There is no inconsistency between the answers. Prima facie there is no breach of privilege. The motion is ruled out of order.

RE: DEROGATORY REMARKS MADE BY MR. G. YAZDANI MALIK ABOUT THE PRIVILEGES COMMITTEE OF THE ASSEMBLY.

Mr. Speaker : Next motion. Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Mr. Speaker, Sir, I hereby raise a question involving breach of privilege of this august House and its Honourable Members in so far as Mr. G. Yazdani Malik CSP., during the proceedings of the inquiry being conducted against him under the Government Servants efficiency and Conduct Rules, 1960 by Mr. Justice Sajjad Ahmed Jan, Inquiry Officer, has made most derogatory, abusive, false and malicious remarks about the Privileges Committee set up by this august House to inquire and report into the allegations made by Makhdum Shams-ud-Din Gilani, MPA, in a privilege motion moved by him on 1st December, 1966. The remarks as reported in the daily Pakistan Times dated 4-6-1967 are as under :

> "The Members of the Committee had subjected him to a lengthy cross-examination and he had felt as if he was a "rabit in a den of wolves". The statement had not been read over to him and when he had got a copy of his statement, he had found many typographical errors in it and, on further scrutiny, had even found some textual mistakes and factual corruptions."

From the statement it is crystal clear that he has intentionally breached the privileges of this august House and its honourable Members.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I have seen the newspaper in which this version has been given. It is a very long statement and I would like to get a copy of it from the Court. If you could kindly extend the time till Friday I shall be in a position to inform this House.

Mr. Speaker : Has Mr. Hamza any objection ?

مسٹر حمزہ - مجھے کوئی اعتراض نہیں -

Mr. Speaker : We will take up this privilege motion on Friday.

ADJOURNMENT MOTIONS

NON-SUPPLY OF MEDICINES TO PATIENTS IN MAYO HOSPITAL, LAHORE.

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions. The first motion is No : 166 by Malik Muhammad Akhtar. It was deferred for today. Yes, the Minister of Health.

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ میں اس کی مخالفت کرتی ہوں ۔ میو ہسپتال لاہور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے سو سال پہلے قائم ہوا تھا ساتھ ہی وقتاً فوقتاً اس میں توسیع ہوتی رہی ۔ اب وہ اس حالت میں ہے کہ اس میں کسی مزید توسیع کی گنجائش نہیں ۔ جس وقت یہ قائم ہوا تھا اس وقت یہاں کی آبادی چار ساڑھے چار لاکھ کے قریب تھی اب ماشاء اللہ بیس لاکھ ہے ۔ یہاں جو مریضوں کی ضروریات کا انتظام اور بستر وغیرہ ہیں وہ موجودہ حالات کے مطابق کم ہیں ۔ مگر چونکہ وہاں پر مزید توسیع نہیں ہو سکتی اس لئے ہم مریضوں کو برآمدوں میں رکھتے ہیں اور انہیں گرمی اور تپش میں بہت تکلیف ہوتی ہے ۔ ہم مریضوں کو داخل کرنے سے انکار بھی نہیں کرتے کیونکہ جب کوئی بیمار ہوتا ہے ، یا مرض کا شکار ہوتا ہے تو اگر ہم اس کو داخل نہ کریں تو اسے مزید تکلیف ہوتی ہے ۔ اس لئے ہم انہیں داخل تو کر لیتے ہیں مگر اتنی آسائش اور آرام نہیں پہنچا سکتے ۔ یہ ایسی صورت حال ہے جس پر ہمارا کنٹرول نہیں ۔ ہم پنکھے بھی مہیا کرتے ہیں مگر دھوپ اور تپش کی وجہ سے وہ بھی گرم ہوا دیتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ اس میں مریضوں کو تکلیف ہوتی ہے ۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ زمین حاصل کریں تاکہ وہاں ایک اور ہسپتال بنا دیں جو یہاں کی آبادی کے مطابق مریضوں کو آسانیاں بہم پہنچا سکے ۔ ہم بہت کوشش کر رہے ہیں کہ جگہ جلد حاصل کر لیں بہت سی جگہوں کے متعلق کچھ لوگوں نے

یقین بھی دلایا ہے ہمیں امید ہے کہ ہم جلد از جلد کوئی جگہ حاصل کر لیں گے اور پھر انشاء اللہ یہ تکلیف رفع ہو جائے گی ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) پھر ہم وہاں اچھے اچھے وارڈز بنائیں گے اور لاہور کے باشندگان کو مزید تکلیف برداشت نہیں کرنی پڑے گی ۔ یہ ضرور ہے کہ میو ہسپتال میں جگہ نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو بہت تکلیف ہے لیکن میں کوشش کروں گی کہ ان کی جو تکالیف ہیں وہ جلد سے جلد دور ہو جائیں ۔

جناب والا ۔ اب دوائیوں کے متعلق عرض کرتی ہوں ۔ اس سے پہلے بھی میں نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ دوائیاں میو ہسپتال میں بیشک کم ہیں بلکہ بہت سی دوائیاں موجود ہی نہیں ہیں لیکن ہم نے یہ کبھی نہیں کیا کہ اس سے عوام کو بے خبر رکھنے کی کوشش کی ہو ۔ بلکہ ہم نے عوام کو اعتماد میں لیا اور انہیں یہ بتایا کہ بہت سی ایسی دوائیاں ہیں جو کم ہیں لیکن یہاں ایک معزز رکن نے فرمایا ہے کہ میو ہسپتال میں Aspirin کی کمی ہے Luminol نہیں ہے ۔ اس وقت بھی ہمارے پاس تقریباً Luminol کی ۲۰ ہزار گولیاں سٹور میں موجود ہیں اور Aspirin کی ۱۷ ہزار گولیاں سٹور میں موجود ہیں ۔ میں رجسٹر اپنے ساتھ لے آئی ہو تاکہ آپ لوگ اس کو خود ملاحظہ کر لیں کہ وہاں کون سی دوائی موجود ہے اور کونسی دوائی موجود نہیں ہے ۔ میں ملک اختر صاحب کی خدمت میں آپ کے توسل سے عرض کرتی ہوں کہ اگر وہ دیکھنا چاہیں تو رجسٹر میں لے آئی ہوں میو ہسپتال کی دوائیاں اس میں ملاحظہ فرما لیں کہ وہاں کون سی دوائی موجود ہے اور کون سی دوائی وہاں موجود نہیں ہے ۔ یہ ضرور ہے کہ اس کے لئے ہمیں کچھ دقتیں ہوتی ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ کیا آپ یہ تسلیم کرتی ہیں کہ جو عام دوائیاں ہیں وہ ۴۰ سے ۶۰ فیصد تک نہیں ملتی ہیں جیسا کہ انہوں نے کہا ہے کہ جب indent کیا جاتا ہے تو دوائی نہیں ملتی ہے ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ بہت سی جو باہر کی دوائیاں ہیں وہ نہیں ملتی ہیں ۔ اور موجودہ مالی سال کے بجٹ میں ہمارے پاس ساڑھے آٹھ لاکھ روپیہ تھا اور ہم اس سے کہیں زیادہ رقم خرچ کر چکے ہیں ۔ اور جو انہوں نے کہا ہے کہ زندگی کو بچانے کی ادویات موجود نہیں ہیں اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ وہ ادویات ہمارے پاس موجود ہیں لیکن بہت سی قیمتی دوائیاں جیسے (پیٹنٹ دوائیاں) وہ اکثر ہمارے پاس موجود نہیں ہوتیں ۔ ہم مریض یا اس کے اقربا کو کہہ دیتے ہیں کہ وہ دوائی ہمیں لا کر دیں اس صورت میں جبکہ ہمارے ہسپتال میں وہ دوائی موجود نہ ہو ۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اس سال ہمیں کچھ پیسے دیئے ہیں ہم جلد سے جلد کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے پاس سب ضروری ادویات آ جائیں ۔ میرے پاس تمام تفصیلات موجود ہیں اگر آپ اجازت دیں تو میں اسے پڑھ کر سنا دوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے آپ کیا اقدامات کر رہی ہیں ۔

وزیر صحت ۔ میں نے میو ہسپتال کے سلسلہ میں ایک کمیٹی بنائی ہے جو ان سب چیزوں کے متعلق غور کرے گی اور یہ بھی دیکھے گی کہ بلڈنگ کیسے بنانی چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ دوائیوں کے متعلق آپ فرمائیں ۔

وزیر صحت ۔ جناب والا ۔ محکمہ مالیات اور ہم لوگوں نے مل کر ایک میٹنگ کی ہے ۔ اور اس میں انہوں نے ۵ لاکھ روپیہ ہمیں زیادہ دیا ہے تاکہ ہم ضروری ادویات خرید کر سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ اس رقم کے بعد آپ کا خیال ہے کہ یہ تکلیف رفع ہو جائے گی ۔

وزیر صحت ۔ میرا خیال ہے کہ تھوڑی بہت تکلیف رفع ہو جائے گی ۔ اور ہم مزید کوشش کر رہے ہیں کہ ہم اور رقم حاصل کریں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Haji Gul Hassan Mangi : I am on a point of personal explanation. So far as medicines are concerned, it is a public question, and I am on a point of personal explanation. I have experience of the Mayo Hospital.

Mr. Speaker : Then you can say : I am on a point of personal experience, although that is not recognised by the rules.

Haji Gul Hassan Mangi : Sir, one day my servant had some trouble and he had gone to the Mayo Hospital. There they gave him a chit to bring the penicillin injection from outside. When the pencillin injection, which is an ordinary medicine, is not available in the hospital, what other medicines you expect from the hospital.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ پنسلین ایسی دوائی ہے جو پاکستان میں تیار ہوتی ہے ۔

وزیر صحت ۔ جناب سپیکر ۔ اگر اجازت ہو تو پاکستان ٹائمز نے جو اداریہ لکھا ہے اس کے متعلق تھوڑا بہت عرض کر دوں تاکہ وہ لوگ مطمئن ہو جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک اختر صاحب کیا آپ اور تفاصیل چاہتے ہیں ؟

ملک محمد اختر ۔ میں وزیر صحت صاحبہ کے پوائنٹ کو contradict کرتا ہوں ۔ میں جناب محترمہ وزیر صحت صاحبہ کا انتہائی مشکور و ممنون ہوں ۔ انہوں نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ ۲۰ لاکھ آبادی کو cater کرنے کے لئے جو انتظامات ہیں وہ ہونے چاہئیں میو ہسپتال میں ناکافی ہیں ۔ مریضوں کو ورانڈوں میں لٹایا جاتا ہے جو ان کو پنکھے مہیا کئے جاتے ہیں ان کی ہوا بھی گرم ہوتی ہے ۔ میں جناب وزیر صحت صاحبہ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ میو ہسپتال لاہور کی ۲۰ لاکھ آبادی کو ہی cater نہیں کرتا سابقہ پنجاب سے ہی نہیں بلکہ جو افغانستان سے مریض آتے ہیں ان کا بھی علاج و معالجہ کرتا ہے ۔ میری تحریک التوا کا اصل موضوع یہ تھا کہ ۴۰ سے ۶۰ فیصد ایسی ضروری ادویات ہیں جو عام طور پر مارکیٹ میں مل سکتی ہیں اور ان کو مہیا نہیں کیا جا رہا ہے اور مریضوں کو کہا جا رہا ہے کہ وہ قیمتی دوائی اپنے خرچ سے خریدیں ۔ جو غریب مریض ہیں اور اتنی قیمتی دوائی نہیں خرید سکتے ۔ اس وجہ سے موت واقع ہو جاتی ہے ۔ اب میں ان کی میٹنگ کے متعلق پڑھے دیتا ہوں جو بیگم صاحبہ نے hold کی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب میٹنگ کا اس تحریک التوا سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس میٹنگ میں دوائیوں کا مسئلہ discuss ہوا ہے ۔

"A high level meeting to discuss these problems (problem means problem of medicines) was held

recently, and it is believed that steps were initiated to provide Mayo Hospital with more medicines. But so far as the actual receipts of drugs in the Wards for their patients is concerned, the situation remains untouched."

جناب والا ۔ یہ ٹھیک ہے کہ بیگم صاحبہ نے کوشش کی ہے اور یہ کوشش کر بھی رہی ہیں لیکن ابھی تک مسئلہ وہیں کا وہیں ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ انتھک کوشش کرتی ہیں (ہیئر ۔ ہیئر) ان کے پاس سیکرٹری بھی اچھا ہے لیکن اس سے نیچے کا جو عملہ ہے میں اس سے مطمئن نہیں ہوں ۔ ان کا جو طریق کار ہے وہ ناقص ہے ۔ یہ دیکھیں انسانی جانوں سے کھیلنا اچھا نہیں ۔ میں نے محض تحریک التوا میں ادویات کی کمی پر ہی اکتفا کیا ہے اگر میں پوری خبر کو لیتا تو اس پر ۱۰ تحریک التوا آ سکتیں ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر صحت ۔ جناب سپیکر ۔ میں احتجاج کرتی ہوں کہ ہمارے ڈاکٹر انسانی جانوں سے نہیں کھیلتے ۔ وہ انسانی جان بچانے کے لئے کوشش کرتے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ وہ جان لینے کی کوشش کرتے ہیں ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کرتی ہوں کہ مشکلات ضرور ہیں اور بہت سی ادویات ہمارے پاس اس لئے نہیں ہیں کہ ہمارے پاس زر مبادلہ نہیں ہے ۔ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ جو ادویات ہمارے پاس نہیں ہوتیں اس کے متعلق ہم بیان دے دیتے ہیں لیکن کوئی ایسی چیز یا کوئی ایسی دوائی جس سے خدا نخواستہ کسی مریض کی جان ضائع ہوتی ہو ہمارے پاس نہ ہو ۔ اس کے متعلق میں عرض کرتی ہوں کہ "یہ حقیقت نہیں ہے کہ کوئی مریض کسی خاص دوائی کے نہ ملنے کی وجہ سے فوت ہو گیا ہو" اختر صاحب نے کہا ہے وہاں Aspirin اور Luminol جیسی ادویات مریض کو فراہم

نہیں ہوتی ہیں یہ چیز حقیقت پر مبنی نہیں ہے - ہسپتال کے ریکارڈ سے ظاہر ہے کہ وہاں ۱۷ ہزار گولیاں Aspirin کی اور ۲۰ ہزار گولیاں Luminol کی موجود ہیں - میں یہ بات صرف زبانی نہیں کہہ رہی ہوں بلکہ میں رجسٹر ساتھ لے آئی ہوں اگر آپ لوگ اس کو ملاحظہ فرمانا چاہیں تو دیکھ سکتے ہیں (ہیئر - ہیئر) نہ صرف اختر صاحب اس کو دیکھ سکتے ہیں بلکہ سب ممبر صاحبان کو دیکھنے کی اجازت ہے -

مسٹر سپیکر - بیگم صاحبہ ۵ لاکھ روپیہ ابھی آپ کو ملا ہے اس سے آپ کا خیال ہے کہ یہ دوائیوں کی کمی پوری ہو جائے گی اور جلد تکالیف رفع ہو جائیں گی -

وزیر صحت - جتنی یہاں سے ادویات ملتی ہیں وہ ہم خرید لیں گے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ زر مبادلہ کی ضرورت ہوتی ہے پھر وہاں سے آنے میں دیر ہو گی - اس کے لئے میں یقین دہانی نہیں کرا سکتی کیوں کہ میں جھوٹ نہیں بولا کرتی - جو صورت حال ہے وہ میں پیش کرتی ہوں ہمیں خوشی نہیں ہوتی کہ آپ کو تکلیف ہو - ہم تو چاہتے ہیں کہ آپ کو آرام و آسائش بہم پہنچا سکیں - ہم کوئی آپ کے دشمن نہیں ہیں - ہم چاہتے ہیں جتنی آسانیاں مہیا ہو سکیں وہ آپ کو مہیا کی جائیں اور ہم آپ کی تکالیف کو دور کرنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں -

Haji Gul Hassan Manghi : Point of order. Sir, Dr. Mrs. Abbasi is a doctor and she must not remain silent.

Dr. Mrs. Ashraf Abbassi : On the contrary I should speak more and you should not interrupt.

Haji Gul Hassan Manghi : But the Speaker has already allowed me.

Mr. Speaker : And I am waiting for the point of order.

Haji Gul Hassan Manghi : Sir, Begum Sahiba has just now said that a Committee has been appointed; may I inquire whether any MPA or any public representative has been taken up on that Committee. The doctors sell these medicines and pocket the money.

وزیر صحت ۔ میں احتجاج کرتی ہوں یہ بات غلط ہے ۔

Haji Gul Hassan Manghi : I want to know whether any MPA or public representative has been taken up on that Committee.

وزیر صحت ۔ دیکھئے یہ تو ہماری انتظامی کمیٹی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Mr. Akhtar, are you satisfied with the statement of the Health Minister? All the three persons who are standing simultaneously should decide between themselves (*laughter*)

Parliamentary Secretary (Education) (Sardar Muhammad Ashraf Khan): You will recall Sir, that in the past, I have always been drawing your attention to the fact regarding the privilege of Parliamentary Secretaries to ask questions in the House and at one instance I also quoted an example when the Speaker of the National Assembly allowed one of the Parliamentary Secretaries to ask supplementary questions with regard to different departments. On every occasion your honour ruled that the Parliamentary Secretaries, being part and parcel of the Government, were deprived of this privilege of asking questions. Since the day before yesterday we are noting that Mr. Manghi having a privileged position. He is the Parliamentary Secretary for Revenue and, at the same time, he is having the full facility of asking supplementary questions, especially on point of orders, and getting explanations from the Ministers. He is having all the facilites of a Member. I would request for a ruling and clarification on the matter for future guidance.

Parliamentary Secretary (Revenue) (Haji Gul Hassan Manghi) : It is my duty as a Member of the House and even as a Parliamentary

Secretary to bring the defects, that are there, to the notice of the Ministers and I am doing it in the public interest. It is within my privilege and would request my colleague not to object to it.

Mr. Speaker : As stated by the Minister of Health action is already being taken in this matter. The Finance Department has already allocated rupees five lakhs for the purchase of medicines and the Government is taking action in this regard. The motion is, therefore, ruled out of order.

STOPPAGE OF WATER BY THE IRRIGATION DEPARTMENT IN THE CANAL IRRIGATING PIRMAHAL, KAMALIA, TOBA TEK SINGH AND GOJRA

Mr. Speaker : Next motion by Malik Muhammad Akhtar. This was also deferred for today. Yes, the Minister for Irrigation.

Malik Muhammad Akhtar : It was to be replied by the Leader of the House.

Minister of Irrigation & Power : I had requested the Leader of the House to get it postponed. I now oppose it.

جناب سپیکر ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ محکمہ آبپاشی نے کسی طور پر بھی پانی کی سپلائی نہیں روکی کہ جس سے ٹوبہ ٹیک سنگھ ، ماموں کانجن اور پیر محل کمالیہ وغیرہ کے علاقے متاثر ہوئے ہوں اصل میں اس کی وجہ یہ ہے کہ دریائے چناب کا discharge خاص طور پر low ہو جانے کی وجہ سے چونکہ دریا میں پانی کی کمی تھی اس لیے ہمیں مجبوراً پانی کی وارہ بندی شروع کرنا پڑی ۔ تو جب ان علاقہ جات کی باری نہیں تھی تو انہوں نے یہ محسوس کیا کہ شاید اس پانی کو بند کر دیا گیا ہے ۔ حالانکہ یہ پانی بند نہیں کیا گیا تھا بلکہ پانی کی کمی

کی وجہ سے وارہ بندی کرکے ان نہروں کا پانی تقسیم کرنا پڑا تھا لیکن یہ تاثر کچھ زیادہ دیر تک قائم نہیں رہا تھا ۔ اور میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لیے عرض کروں گا کہ حسن اتفاق یہ ہے کہ چونکہ دریاؤں کا پانی چڑھنا شروع ہو چکا ہے بلکہ ہو گیا ہے تو اس کے پیش نظر یہ تمام نہریں پرسوں سے ان علاقوں میں چلا دی گئی ہیں اور ان علاقوں میں اس وقت نہریں جاری ہیں اور یہ rotational closure کی وجہ سے چار پانچ دن کے لیے بند رہیں لیکن اس سے وہاں کی فصلات پر کسی قسم کا کوئی برا اثر نہیں پڑا ۔ ان واقعات کے پیش نظر میں آپ کی وساطت سے درخواست کروں گا کہ فاضل ممبر اس تحریک التوا کو واپس لے لیں کیونکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ یہ نہریں اس وقت چل رہی ہیں اور پانی کی سپلائی ہو رہی ہے اور فصلات کو بھی چونکہ کوئی نقصان نہیں پہنچا اس لیے یا تو اس تحریک التوا کو معزز رکن واپس لے لیں یا پھر جناب سپیکر آپ ہی اسے out of order قرار دیں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ چونکہ مجھے ذاتی تجربہ ہے اس لیے اگر آپ اجازت دیں تو مختصر الفاظ میں میں بھی اس کے متعلق کچھ عرض کر دوں ۔

جناب سپیکر ۔ جناب وزیر آبپاشی نے یہ فرمایا ہے کہ چند دن کے لیے پانی کی کمی تھی ۔ اس لیے پانی کی وارہ بندی کر دی گئی تھی ۔ مجھے ذاتی طور پر اس علاقے کے لوگ ملے اور انہوں نے مجھے بتایا کہ نہ صرف یہ کہ آبپاشی کے لیے پانی نایاب تھا بلکہ جوہڑوں میں مویشیوں کو پلانے کے لیے بھی پانی نہیں تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ چند دن ہوئے میں نے ایک

تحریک التوا کے سلسلے میں یہ عرض کیا تھا کہ کمالیہ اور ماموں کانجن کے علاقے میں بجلی چوبیس گھنٹوں کی بجائے صرف چھ چھ گھنٹے مہیا کرتے ہیں اور اتفاق سے برقیات کا قلمدان بھی وزیر موصوف کے پاس ہی ہے۔ انہوں نے حسن اتفاق کا لفظ استعمال کیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے کہ چونکہ دریاؤں میں پانی کم تھا اس لیے یہ حالات پیش آئے ۔ میں اس کی تردید کرتا ہوں اور خاص طور پر ان کے اس بیان کی تردید کرتا ہوں جو انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ وہاں صرف چار پانچ دن کے لیے ہی پانی کی کمی رہی تھی ۔ لیکن مجھے ذاتی طور پر اس بات کا علم ہے کہ اس علاقے کے عوام اور کاشت کاروں کو پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑا تھا ۔ افسوس یہ ہے کہ آپ کے پاس جس محکمے کا بھی قلمدان ہو اسی محکمے میں یہ صورت نمودار ہوتی ہے ۔

Mr. Speaker : Is the Member satisfied with the statement of the Minister ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly not, Sir.

وزیر آبپاشی ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے حمزہ صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا ان کا مقصد یہ ہے کہ دریاؤں میں پانی کی وجہ سے نہیں بلکہ کسی اور وجہ سے ان نہروں کا پانی بند کر دیا گیا تھا ۔ اور جہاں تک جوہڑوں کے پانی کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ جوہڑوں میں تو مقامی لوگ ہی پانی بھرا کرتے ہیں چونکہ اتفاق سے نہریں بند ہو گئیں اور شاید ان کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ وہ ان میں اپنی سپلائی نہیں رکھ سکیں گے تو اس وجہ سے انہیں ضرور تکلیف پہنچی ہو گی اگر ایسا ہوا ہو تو ۔ لیکن جہاں تک نہروں کو

بند کرنے کا سوال ہے اس کے متعلق میں عرض کر چکا ہوں کہ وارہ بندی کی وجہ سے نہریں بند کی گئی تھیں اور یہ ریکارڈ پر موجود ہے کہ چناب میں پانی کی مقدار نصف تھی اس لیے ان ایام میں ہمیں وارہ بندی کرنی پڑی اور ان نہروں کو بند کرنا پڑا تاکہ equitable distribution ہو سکے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان میں دو بیانات دیئے گئے ہیں ۔ ایک بیان جناب وزیر برقیات نے دیا ہے اور دوسرا میرے فاضل دوست نے جو کہ اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ میں یقیناً جناب وزیر صاحب کے بیان کو زیادہ اہمیت دیتا اگر انہوں نے ذاتی طور پر اس معاملہ کی تحقیقات کی ہوتیں ۔ اس لیے میں بحالت مجبوری حمزہ صاحب کے بیان کو ترجیح دوں گا کہ اس پانی کی کمی میں حکومت کی غفلت بھی ہے اور اس میں سیاسی factors بھی کار فرما ہیں ۔

Mr. Speaker : As has been told by the Minister for Irrigation and Power, the water is running in the canals in the areas of Kamalia, Toba Tek Sing, Pirmahal and Gojra, the matter has lost its urgency, the motion is ruled out of order.

REPEATED DISCONTINUANCE OF THE SUPPLY OF ELECTRICITY IN LAHORE

Mr. Speaker : Next motion, No. 168. This again, was deferred for today. Yes, Makhdum Sahib.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ اس قسم کی break

downs ہوتی ہیں ۔ جن سے اہالیان لاہور کو ضرور تکلیف پہنچی ہو گی ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ اس قسم کا تساہل نہیں ہوا ۔ اور جو کچھ ہوا ہے وہ unavoidable circumstances کے تحت ہوا ہے ۔ اس کے علاوہ mechanical defects بھی ہو سکتے ہیں ۔ لیکن حتمی طور پر بند نہیں کیا گیا ۔ اور نہ ہی inaction اختیار کیا گیا ہے ۔ چونکہ اس میں ایک زائد سسٹم involved تھے اس لیے موثر طریقہ پر اس پر قابو نہیں پایا جا سکا ۔ میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لیے عرض کرتا ہوں کہ اس کے لیے ایک انکوائری کمیٹی appoint کر دی گئی ہے ۔

An Enquiry Committee is already working on this. The Committee was appointed on 4.5.67. Immediate efforts were made to correct the faults but since three control stations were involved in the indiscriminate tripping of the station Circuit Breakers, the situation could not be brought under control for some time and there were about six breaks in about 2 hours time. The causes for this can only be known after the report of the Enquiry Committee is received.

میں دوبارہ عرض کروں گا کہ اس میں ہم نے inaction نہیں برتا اور جو کمیٹی تجویز کی گئی ہے وہ اس lengthy system کے بارے میں پوری طرح تحقیقات کر رہی ہے وہ یہ دیکھے گی کہ کیا وجہ ہے اس پر کنٹرول نہیں کیا جا سکا ۔

Mr. Speaker : Who is responsible for this break-down ?

Minister for Irrigation & Power : Sir, may be the people associated with the Department.

Mr. Speaker : Then I hold the motion in order.

Malik Muhammad Akhtar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite

matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, as reported in daily Imroze dated 3rd June, 1967, the supply of electricity repeatedly discontinued and the public of Lahore is suffering a great hardship. The students who are taking the examinations are seriously affected. The publication of the news has perturbed the minds of the public of West Pakistan".

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

STRICTURES PASSED BY THE COMMISSIONER, KHAIRPUR DIVISION AGAINST DIRECTOR HEALTH SERVICES FOR SUPPLYING INCORRECT FIGURES OF DEATHS CAUSED BY SMALL-POX

Mr. Speaker : Next motion, No. 169. This motion was also deferred for today. Yes Begum Sahiba.

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) ۔ جناب والا ۔ میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ اس میں جو یہ کہا گیا ہے کہ ہمارے ڈائرکٹر نے اموات کے اعداد و شمار غلط دیئے ہیں ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ اموات کے اعداد و شمار جمع کرنا ڈائریکٹوریٹ کا کام نہیں ہے ۔ یہ بنیادی جمہوریت اور یونین کونسلوں کا کام ہے ۔ جو ایسے اعداد و شمار رکھتے ہیں ۔ ان کو ہی پوری طرح معلوم ہوتا ہے کہ کتنے لوگ چیچک وغیرہ سے مرے ۔ یہ کام یونین کونسلوں کا ہے ۔

ایک معزز ممبر ۔ کیا آپ کا مطلب یہ ہے کہ یہ وٹو صاحب کا کام ہے۔

وزیر صحت ۔ نہیں میں نے تو صرف یہ کہا ہے کہ یہ کام یونین کونسلوں کا ہے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ کیبنٹ کے منسٹر اپنی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال دیتے ہیں ۔

وزیر صحت ۔ نہیں ایسا نہیں میں نے صرف یہ کہا ہے ۔ کہ یہ کام یونین کونسلوں کا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سے ذمہ داری تو شفٹ نہیں ہوئی ۔

وزیر صحت ۔ جی نہیں ۔ آپ پہلے میرا پورا بیان سن لیں میں نے یہ عرض کیا ہے کہ جہاں تک اموات کے متعلق اعداد و شمار کا تعلق ہے وہ بنیادی جمہوریتوں اور یونین کونسلوں کی ذمہ داری ہے اس میں ڈائرکٹر کا بھی فرض ہے کہ صحیح تعداد معلوم کرے ۔ جس وقت چیچک کی وبا پھیلتی ہے ان کا کام ہے کہ دورہ کریں اور کوشش کریں کہ بیماری ختم ہو ۔ جو لوگ بیماری کا شکار ہوں اور ان کی اموات واقع ہو جائیں تو ان کی صحیح تعداد معلوم کریں ۔ معزز ممبر کی اطلاع کے لیے میں عرض کر دینا چاہتی ہوں کہ میں نے کل ہی آرڈر دے دیا ہے کہ ڈائرکٹر کے خلاف انکوائری کی جائے اور اگر اس کا قصور ثابت ہو تو اسے قرار واقعی سزا دی جائے ۔

Mr. Speaker : Is the Member satisfied with the statement?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مجھے وزیر صاحب کی statement کے پہلے حصہ سے اتفاق نہیں کہ یہ بات یونین کونسل کے فرائض میں داخل ہے ۔

Mr. Speaker : Does the Member press this motion?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I press it.

میرے پاس جو documents ہیں وہ یہ کہتے ہیں - - -

Mr. Speaker : In view of the statement made by the Minister for Health that the Inquiry would be conducted into the affairs against the Director, Health Services, Khairpur, I think no intervention of the Assembly is needed. The motion is ruled out of order.

Next motion 173.

KILLING OF TEN PERSONS IN A FREE FIGHT BY AFRIDI TRIBES IN KHYBER AGENCY.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance namely, as reported in the Daily Imroze dated 6th June, 1967, that Afridi Tribes in a free fight by use of machine guns, rifles and hand generade, have killed ten persons of the either party in the suburb of Peshawar in Khyber Agency. All the traffic has been suspended and educational institutions are closed. The failure of the executive to control the situation has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I oppose it. As has been gathered from the Political Agent, Khyber Agency, the facts are that some dispute over some piece of land has been going on between the two tribes Kumberkhel and Malik Din Khel of Khyber Agency, for sime time. So far as the facts alleged in this adjournment motion are concerned, there has been no close-down of the schools etc; and suspension of the traffic whatsoever. The schools are not being attended by the students presently because some of them are attending to some other work. The traffic is quite in order and has not been

suspended. The Political Agent is taking all possible steps to see that the dispute is amicably settled between the two tribes. Therefore, on these grounds, I would submit that factually the matter, as alleged in the adjournment motion, is not correct; the urgency is not there. This dispute between the two tribes has been going on for the last several years and this is not a matter of immediate and urgent public importance or of recent occurrence.

Mr. Speaker : Has any death taken place?

Minister of Law : Yes Sir, 2 persons have been killed.

Malik Muhammad Akhtar : Ten persons, Sir.

Minister of Law : No, that is denied. Only two persons have been killed due to the dispute between the parties. However, action is being taken to see that there is no further loss of life and the whole situation is brought under control.

Mr. Speaker : Has any case been registered?

Minister of Law : I am not able to say that but I think that it is tribal area.

Over there the best possible method is that the Political Agent has to call the parties and settle the matter and the Political Agent has taken steps to bring about a settlement.

So far as the normal life is concerned it has not been disrupted. It is in existence.

Mr. Speaker : As the Political Agent is taking action in the matter, and moreover the facts have been denied by the Minister of Law, the motion is ruled out of order.

Mr. Speaker : Now, there is an announcement.

Haji Gul Hasan Mangi (Sukkur-III) : On a point of order. Mr. Speaker, Sir, two adjournment motions have been given notice of by

Haji Sardar Atta Muhammad in which I have been insulted and they are.....

Mr. Speaker : I have witheld my consent so far as the adjournment motions of Haji Sardar Atta Muhammad are concerned.

Haji Gul Hasan Mangi : You will please hear me.

Mr. Speaker : I am not taking the adjournment motions on the floor of the House. I have withheld my consent.

Haji Gul Hasan Mangi : You may give any ruling but please hear me. Mr. Speaker, Sir, on a previous occasion a Deputy Speaker was insulted. Now, I have been insulted and some other day some Minister will be insulted. You could have consulted me before giving your ruling. It is a matter of recent occurrence.

Mr. Speaker : There is no mention of the Member in the motion.

Haji Gul Hasan Mangi : Yes, it is mentioned.

Mr. Speaker : The Member may please take his seat. Let me see.

(*a short pause*)

منگی صاحب جو موشن پیش کیا گیا ہے اس میں آپ کا حوالہ نہیں ہے -

حاجی گل حسن منگی - ہے صاحب !

مسٹر سپیکر - جو موشن دیا ہے اس میں حوالہ نہیں ہے اور یہ موشن جو ہے میں نے اس کی اجازت نہیں دی ہے اور نہ یہ move ہوا ہے -

Haji Gul Hasan Mangi : You will please give me two minutes and then you may give any ruling. Please hear me with a cool mind.

On the 29th of last month, with the permission of the Leader of the House I went to Larkana to attend the Court as some false case of

dacoity has been filed against me and I had to get a bail before arrest, which was fixed on the 30th. There I came to know that my cousin who was to stand surety for me had not come I was told that the other party was there. So I asked my driver to go to my village and bring my cousin. He drove to my village and he found that near the bungalow of the Deputy Collector Larkana some Police Checking Party was standing. The Party consisted of Mr. Wali Muhammad Moorani, a Magistrate and the D.S.P. Kambar whose name I do not know. About fifty vehicles were detained there and some nve to six hundred persons were there. My driver enquired what was the matter. He was asked to stand in a line. The Party had a printed form saying among other things-there was no route permit, no fitness, no registration, there was no driving licence. When my driver was brought there he showed all the documents to them. But Mr. Wali Muhammad Moorani, Magistrate, fined him eight hundred rupees. He was forced to plead guilty and his signatures were obtained. My driver told him that he had got all the documents and that the car belonged to Haji Gul Hasan Mangi, Parliamentary Secretary. He said that he did not care for anybody. Then, Sir, when this report reached me I went on the spot. There I saw that five or six hundred people were standing and they were being harassed. I asked the SDM what offence my driver had committed. Mr. Moorani said that he had not got the documents. In fact the documents were in the hands of the driver. I took the documents from him and told Mr. Moorani that here were the documents. No offence has been committed. But all the persons were compelled to sign the form and, Sir, if any man requested the SDM to take a lenient view he was fined Rs. 500/- If he again asked that a lenient view be taken he was fined Rs. 1000/- and if again he asked that a lenient view be taken he was fined Rs 1,500/- The public was very much harassed, so much so that Qazi Fazlullah did not move out in his jeep. He was moving out in a tonga.

Not only this. One jeep of SDO passed by and a Police jeep consisting of officers rushed from behind and knocked down a boy named Rafiq. The boy fell unconscious and his bone was broken. He bled profusely and lay unconscious for half an hour. Then the DSP said :

"اس کتے کو ہسپتال لے جاؤ"

This report has been lodged with the Police and upto this time no action has been taken in the matter.

I had applied for copies of the judgement to prefer an appeal on 30th May. Up-to-date the copies have not been supplied. I have written a D.O. to the Commissioner in this connection and also to Mr. Moorani and he said that the copies will be supplied.

Mr. Speaker, Sir, I may say that the high-handedness of Officers in Sind is at its height. The Government machinery there is not working satisfactorily now-a-days. Sir, this is a matter of very important nature wherein a Parliamentary Secretary has been insulted, without any fault. The documents are there and upto this time no decision has been given. I have a right to get a copy of the judgement. I have no other way but to approach you in this matter.

Mr. Speaker : I have full sympathy with Mr. Mangi and I would request the Law Minister. . . .

Haji Gul Hasan Mangi : You may also consider it. I have requested the Law Minister that he may call for an explanation from the Department and find out-whether any vehicles were fined on the 29th of last month, how many persons were sent to jail, and how many are still in jail, the maximum amount of fine imposed on vehicles and the total amount recovered.

As I have no other way to get my grievances redressed I am appealing to you in this matter.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھئے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ میں کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا ہوں بلکہ میری گذارش یہ ہے کہ منگی صاحب کے لب و لہجہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کوئی اہم معاملہ ہے ۔ اور ہم انگریزی نہیں جانتے ہیں اور بہت سے معزز ممبر انگریزی نہیں جانتے ہیں اس لیے میں صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے کیا فرمایا ہے ؟

حاجی گل حسن منگی ۔ ہم نے فرمایا ہے کہ ہمارے ساتھ بہت زیادتی ہوئی ہے ۔

Mr. Speaker : In view of the statement by Mr. Mangi I will request the learned Law Minister to hold a probe into this matter and then at the proper moment make a statement on the floor of the House. But so far as these two adjournment motions are concerned, as I have already withheld my consent, I am sorry I can't take up these adjournment motions on the floor of the House.

Minister of Law : Sir, Mr. Mangi yesterday gave me a letter stating some of these allegations and on that I have called an immediate report from the authorities. As soon as it is available, I will inform Mr. Mangi and also this House.

میجر محمد اسلم جان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ایک چیز جس کی طرف توجہ نہیں کی گئی وہ یہ کہ منگی صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے اس کے وجوہات معلوم کرنا چاہیئے کہ کیا ہیں اور ان کے خلاف کیوں جھوٹے الزامات لگائے جا رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ اس چیز کا پتہ ہونا چاہیئے کہ آخر ان کی وجوہات کیا ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order. I think we will have the full facts before us when the learned Law Minister makes a statement on the floor of the House.

ANNOUNCEMENT

RE: ELECTION OF PIR ALI GOHAR CHISHTI, M.P.A. TO THE STANDING COMMITTEE ON INDUSTRIES AND COMMERCE

Mr. Speaker : Now there is an announcement. In pursuance of a notice dated 31st May, 1967, three nomination papers of Begum Ashraf Burney MPA Raja Ghulam Sarwar MPA and Pir Ali Gohar Chishti, MPA., for filling the vacancy on the Standing Committee on Industries & Commerce, were received by 12.00 noon on 2nd of June, 1967. As Begum Ashraf Burney, MPA., and Raja Ghulam Sarwar MPA., have withdrawn their candidature before noon on 5th June, 1967, there remains only one duly nominated candidate, i.e. Pir Ali Gohar Chishti As there is only one candidate, Pir Ali Gohar Chishti, MPA, is nominated to the Standing Committee on Industries and Commerce.

(At this stage Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmedmian Soomro, took the Chair).

ORDINANCES

THE KARACHI CONTROL OF DISORDERLY PERSONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1967 (*resumption of discussion*)

Mr. Deputy Speaker : I will now take up the Orders of the Day. First item is a motion by Khawaja Muhammad Safdar. Since Khawaja Muhammad Safdar is not present, the motion lapses.

Now the House will resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - پچھلے جمعہ کے روز میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان ہنگامی قوانین کا نفاذ حکومت کے اپنے اعلانات اور

دعووں کے بالکل خلاف ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ جب تک حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ وہ تمام مغربی پاکستان کے قوانین کو یکجا کرے تو کیا وجہ ہے کہ ملک کے چھوٹے چھوٹے حصوں میں مختلف قوانین جو کہ پہلے ہی رائج تھے اور اگر وہ عارضی تھے تو اس پالیسی کے ہوتے ہوئے انہیں کیوں مستقل کیا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ اگلے دن ایک قانونی نکتہ پر بحث کرتے ہوئے حکومتی پارٹی کے وزراء نے فرمایا تھا کہ جب بھی کوئی قانون بنایا جاتا ہے تو اس کے لئے لازمی ہے بلکہ حکومت کے لئے لازمی ہے کہ اس کی پورے طور پر مشتہری کرے تاکہ ان قوانین کے بارے میں عوام کو آگاہی ہو ۔

جناب سپیکر ۔ میں حیران ہوں کہ بعض قوانین سرحدی علاقوں میں نافذ ہیں لیکن دوسرے علاقے ایسے ہیں جن کو کہ settled areas کہتے ہیں وہاں دوسرے قوانین نافذ ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ایک یونٹ بننے کے بعد حکومت کی یہ پالیسی رہی ہے کہ تمام مغربی پاکستان میں ایک قسم کے قوانین نافذ کئے جائیں ۔ پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ بعض علاقوں میں جنہیں آپ قبائلی علاقے کہتے ہیں وہاں ایک قانون ہے سابقہ سرحد کی پرانی آبادی میں دوسرا قانون ہے اور پنجاب میں مختلف قانون نافذ یا رائج ہے اور اب یہ قانون جو صرف کراچی کے لئے بنایا گیا تھا اور سال بہ سال اس کی مدت میں اضافہ کیا جاتا رہا ہے حکومت اسے مستقل کر رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ حکومت کی جیسا کہ وزراء صاحبان نے اس ایوان میں بتایا ہے یہ پالیسی ہے کہ وہ جب بھی کسی قانون

کو بناتے ہیں قانون سازی کرتے ہیں تو اس کی مشتہری کو انتہائی لازمی سمجھتے ہیں ۔ ورنہ پبلک کو کس طرح پتہ چلے کہ جو قانون حکومت نے نافذ کیا ہے وہ کس کس علاقے تک محدود ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو مختلف علاقوں میں مختلف قوانین چلائے جا رہے ہیں یہ رویہ ایک یونٹ کی روح کے بالکل منافی ہے ۔ حکومت کو چاہیے تھا کہ یا تو وہ اس قانون کو بالکل ختم کر دیتی اور یا سارے مغربی پاکستان میں نافذ کرتی ۔

جناب سپیکر ۔ ایک بہت ہی عجیب و غریب قانون ہے ایف سی آر جب کبھی ہم اس کے خلاف کوئی بات کہتے ہیں تو حکومت اس کے حق میں یہ دلیل پیش کرتی ہے کہ بعض علاقوں کے حالات اس قسم کے ہیں کہ اس قسم کے قوانین ان علاقوں میں نافذ کرنا انتہائی ضروری ہیں ۔ میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا کہ ایف سی آر کا نفاذ ان علاقوں کے خصوصی حالات کے پیش نظر مناسب نہیں سمجھا گیا تھا بلکہ انگریز نے اسے اپنے سیاسی مقاصد کے لئے نافذ کیا تھا اور اب ہماری حکومت بھی اپنے سیاسی مقاصد کے لئے ان کا بے دریغ استعمال کر رہی ہے ۔

Minister of Law : F. C. R. is not in existence now.

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب وزیر قانون سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اگر آج ایف سی آر موجود نہیں تو کریمنل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی تھی ۔ ایک طرف تو آپ کا فرمانا یہ ہے کہ ملکی حالات اس قسم کے ہیں کہ بعض علاقوں میں ایسے مقدمات میں مجرموں کو سزا دلانے کے لئے ضروری ثبوت مہیا نہیں ہوتے کیونکہ وہ علاقے پس ماندہ ہیں ۔ لیکن میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ کراچی جو کہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے اور صنعتی لحاظ سے سارے پاکستان میں سر فہرست ہے جہاں سارے

پاکستان میں سب سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد رہتے ہیں وہاں آپ یہ قانون کیوں نافذ کر رہے ہیں جو کسی لحاظ سے بھی ایک مہذب ملک کا قانون کہلانے کا حقدار نہیں ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی حکومت کو ترقی کے دعوؤں کے باوجود کیوں اس قانون کو کراچی میں مستقل کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت نے جو یہ فیصلہ کیا ہے اور یہ آرڈیننس نافذ کیا ہے اپنے منہ پر خود ہی طمانچہ مارا ہے حکومت کو یہ زیب نہیں دیتا کہ اہالیان کراچی پر ایسا قانون نافذ کرے جو مہذب دنیا میں کہیں دیکھنے میں نہیں آتا اگر ہم اس قانون کو شروع سے لے کر آخیر تک پڑھیں تو ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ اس میں تمام کے تمام اختیارات پولیس یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو دئیے گئے اور میں یہ عرض کرنے میں قطعاً خوشی محسوس نہیں کرتا کہ میں نے بھی انتظامیہ کے بعض ذمہ دار افسران کے خلاف سنگین الزامات لگائے ہیں ۔ لیکن حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ یہ ایوان کے اندر اور ایوان کے باہر پبلک کی شکایات کو کوئی وقعت نہیں دیتی ۔ ہمارے ملک کے اندر انتظامیہ میں دیانت داری کا معیار بہت تیزی سے گر رہا ہے ۔ دیانت داری کا معیار ہی نہیں بلکہ ان کی اخلاقی اقدار کا معیار بہت تیزی سے پستی کی طرف جا رہا ہے مگر اس قانون کے تحت آپ نے تمام کے تمام اختیارات ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا کلکٹر کی صوابدید پر چھوڑے ہیں ۔ میں آپ کے سامنے ایک زندہ مثال پیش کر سکتا ہوں ۔ آج سے تقریباً سال ڈیڑھ سال پہلے کراچی کے ایک ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایسے حالات میں لاہور کے ایک ہوٹل میں پکڑے گئے تھے کہ اگر وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نہ ہوتے اور اس ملک میں تمام لوگوں کے لئے ایک ہی قسم کا قانون نافذ کیا گیا ہوتا تو وہ لازمی طور پر موجودہ قانون کے تحت غنڈہ قرار دیئے جاتے ۔

میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہ اس قسم کے اتنے وسیع اختیارات ایسے افسروں کو کیوں دے رہی ہے جن کی بڑی تعداد اس قسم کے گناہوں میں ملوث ہے اور جن کے اپنے ہاتھ صاف نہیں ۔ جن کے بارے میں عام لوگوں کی رائے ہے کہ ان کا اخلاق تیزی سے گر رہا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اگر حکومت نے اپنے کردار سے یہ ظاہر کیا ہوتا کہ وہ ان کالی بھیڑوں کو جو انتظامیہ میں ہیں اور جن کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے پورے طور پر کنٹرول کر رہی ہے یا کرنا چاہتی ہے تو بھی میں یہ پسند نہ کرتا کہ حکومت ان افسران کو اس قسم کے انتہائی وسیع اختیارات دے ۔ لیکن جب حکومت نے اپنے عمل سے یہ ظاہر کیا ہے کہ آج تک نہ ان افسران کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی ہے اور نہ کنٹرول کرنے کی ان کی نیت ہے اور نہ ہی ان کو کنٹرول کرنے کی ان کی کوئی پالیسی ہے ۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے میں کس طرح اس چیز کو پسند کروں کہ اس قسم کے وسیع اختیارات افسران کو دے دیئے جائیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ آج کی وقفہ سوالات کی کارروائی کا جائزہ لے لیجئے ۔ اگر ایک افسر کے بارے میں یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ اس نے اپنے اختیارات کو ناجائز استعمال کرکے خود اپنے لئے ۵۰ ہزار روپیہ کی رقم بطور قرض وصول کرنا پسند کیا یا ایک افسر کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی نے کوئی تحقیقات کی ہے تو حکومت کی طرف سے یہ دلیل پیش کی گئی ہے کہ یہ چیز مفاد عامہ کے خلاف ہے اس لئے ایوان کو اس سے مطلع نہ کیا جائے ۔ حکومت کا یہ رویہ ہے کہ آج جو کالی بھیڑیں ہیں ان کی محض یہ پرورش ہی نہیں کرتے بلکہ اپنے عمل سے ظاہر کر رہے ہیں کہ ان کی مسلسل اور مستقل کوشش ہے کہ ان کالی بھیڑوں کی تعداد جو انتظامیہ میں بڑھ رہی ہے اس کو مزید تیزی سے بڑھایا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے امید

ہے کہ جناب وزیر قانون صاحب کو اس مقولہ کا علم ہو گا ۔ انگریزی میں کہتے ہیں ۔

"Power corrupts and absolute power corrupts absolutely."

جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک حکومت کا یہ عمل کہ انہوں نے انتظامیہ کو وسیع اختیارات دیئے ہیں آج ملک میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ رشوت خوری بد اخلاقی ۔ بد عنوانی اور بد انتظامی کا جو دور دورہ ہے اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ انتظامیہ کو انتہائی وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ جس کی مثال دور غلامی میں بھی دیکھنے میں نہیں آتی ۔

جناب سپیکر ۔ اگر میری یہ معروضات جناب وزیر قانون صاحب کو اور حکومت کو ناگوار گزریں تو میں ان کے سامنے جناب قائد اعظم کے فرمودات پیش کرتا ہوں ۔ انہوں نے ۱۹۲۵ء میں اس قسم کے قوانین کے بارے میں تقریر کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ ۔

"I say these are Powers which are always welcomed by the bureaucracy, although my Honourable friend the Home Member may be an exception to that and I am inclined to consider his case on a different footing. But it is common knowledge that these arbitrary powers are always welcome. Why are they welcome ? For the sake of administrative convenience. It is a very nice thing to have. Mr. Moir, if he is angry with me, can lock me up. That is a simple way to get rid of me. I cannot claim a trial."

"Well, if you really keep harping on this point that this Assembly is incapable of appreciating the necessity of maintaining law and order and cannot, therefore, be trusted, we keep on saying that this

bureaucracy wants arbitrary powers for furthering their own ends and that after they have obtained these powers they are going to misuse them as they have misused them in the past and as they are bound in the very nature of things to do - they cannot help doing it."

جناب سپیکر - ان لا محدود اختیارات کے بارے میں جناب قائد اعظم نے آج سے ۵۲ سال پہلے فرمایا تھا اور آج ہم دیکھتے ہیں کہ جو کچھ بھی انہوں نے اس وقت فرمایا تھا وہ لفظ بلفظ پاکستان میں درست ثابت ہو رہا ہے - میں ان لوگوں سے دریافت کرتا ہوں جو اپنے آپ کو پاکستان کے بہترین خادم کہتے ہیں - جو پاکستان میں انقلاب لانے کے دعوے دار ہیں - جو تعمیر و ترقی کا دعویٰ کرتے نہیں تھکتے کیا وجہ ہے کہ آپ ان افسران کو لا محدود اختیارات دے رہے ہیں جن کے لا محدود اختیارات کے بارے میں قائد اعظم نے فرمایا تھا کہ بنیادی طور پر - لازمی طور پر ان کا ناجائز استعمال ہوتا ہے کوئی اچھی حکومت چہ جائیکہ پاکستان کی حکومت جو جمہوریہ اسلامیہ پاکستان کہلاتی ہے اس کو کس طرح حق پہنچتا ہے کہ وہ اس قسم کے وسیع اختیارات افسران کو دے -

میں یہ بھی عرض کروں گا کہ حکومت نے غنڈوں کو کنٹرول کرنے کا جو نسخہ نکالا ہے اس سے ہماری انتظامیہ کے بعض افراد کو غنڈہ بنا دیا ہے - یہ حکومت کی اپنی ذمہ داری ہے کہ ان کو اتنے وسیع اختیارات دے اور عوام کی پرسش یا ان کے سامنے جواب دہی سے بے نیاز ہو جائے یا اپنے اختیارات محض اپنے ذاتی مفادات کے لئے استعمال کرے -

اگلے روز حاجی عطا محمد صاحب نے ایک ترمیم پیش کی تھی اور اس ترمیم کا مقصد یہ تھا کہ ہر وہ قانون جو اس ایوان میں پیش کیا جاتا ہے وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع ہو -

Mr. Deputy Speaker : We will be coming to that afterwards when we take that up.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپ میری معروضات سنیں ۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میری یہ بات انتہائی متعلقہ ہو گی ۔ relevant ہو گی ۔

جناب والا ۔ ساتھ ہی ساتھ انہوں نے یہ ترمیم پیش کی تھی کہ ہمیں یہ واضح الفاظ میں لکھ دینا چاہئے کہ یہ قانون قرآن و سنت کے عین مطابق ہے ۔ لیکن حکومت کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں یہ واضح طور پر دیا گیا ہے کہ ملک کا کوئی بھی قانون قرآن و سنت کے خلاف نہیں بنایا جائے گا ۔ لہذا اس قسم کے حروف یا اس قسم کی ضمانت مسودہ قانون میں لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ اسی قانون کی دفعہ ۱۲ کے تحت ہر اس شخص کے بارے میں جو بر سر عام شراب پیتا ہے ۔ ہر جو کہ جوا خانے میں جاتا ہے یا بر سر عام گندی زبان استعمال کرتا ہے ۔ گالیاں دیتا ہے ۔ جرس پیتا ہے کراچی کے کلکٹر کو یہ اختیارات دیتے ہیں کہ وہ پولیس کی رپورٹ یا انسپکٹر پولیس کی رپورٹ کے بعد اس آدمی کو غنڈہ قرار دے دے تو کیا میں حکومت سے دریافت کر سکتا ہوں کہ جب اس ایوان میں حکومتی پارٹی کے ارکان کی طرف سے آپ سے دریافت کیا گیا کہ آپ ہمیں یہ بتائیں کہ کتنے افسران کرام شراب پیتے ہیں تو آپ نے اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو ان کے نام بتانا پسند نہیں کیا ہے ۔ جب آپ تسلیم کرتے ہیں کہ آپ کے بہت سے افسران جن کو آپ اتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں جنہوں نے کہ دوسروں کے بارے میں یہ فتویٰ دینا ہے کہ آیا وہ غنڈے ہیں یا کہ شریف شہری ۔ اگر آپ تسلیم کرتے ہیں کہ ان میں سے

کافی تعداد ایسے افراد کی ہے جو شراب پیتے ہیں کیا وجہ ہے کہ آپ ن کے نام اس ایوان میں بتانے کے لئے تیار نہیں ۔ کیا آپ کا یہ کردار یا فعل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے مطابق ہے ۔ آپ جب ایسے افسروں کے نام بتانے کے لئے تیار نہیں تو کیا آپ اس قانون کے تحت ان افسران کو اتنے وسیع اختیارات دینے میں حق بجانب ہیں ۔ قطعاً نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ وہ وزیر جن کے پاس محکمہ آبکاری کا قلمدان ہے اور جو کہ اتفاق سے مغربی پاکستان مسلم لیگ کے صدر بھی ہیں ۔ وہ مسلم لیگ جس کا کہ یہ دعویٰ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker : That is not relevant. The Member may please be relevant to the issue.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عین متعلقہ باتیں کر رہا ہوں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : On a point of order. Sir, I have not heard a single sentence so far which is relevant.

Mr. Deputy Speaker : I have already held that Mr. Hamza is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جب ایک ایسا شخص جو شراب پیتا ہو اور بر سر عام پیتا ہو یا جو جوا کھیلتا ہو اور اس کا کیس انسپکٹر پولیس کلکٹر کے سامنے پیش کرے تو اگر وہ شراب پیتا ہو اور بر سر عام پیتا ہو اس کو غنڈہ قرار دیا جا سکتا ہے ۔ تو میں حکومت سے یہ پوچھتا ہوں کہ وہ افسران جو خود شراب پیتے ہیں اور جن کے نام حکومت بتانے کے لئے تیار نہیں یہ حکومت کیسے حق بجانب ہے

کہ وہ ان افسران کو اتنے وسیع اختیارات دے میں آپ کی توجہ اس کی ضمنی دفعہ ۵ کی طرف دلاتا ہوں ۔

"uses obscence or abusive language in public."

اس کے تحت حکومت کسی شخص کو بھی جو کہ کراچی میں رہتا ہو ، غنڈہ قرار دے سکتی ہے ۔ میں آپ کے سامنے حکومت کے اخبار کا ایک حصہ پڑھ کر سناتا ہوں اور حکومت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ گندی زبان استعمال کرنے کی اس سے زیادہ بین مثال اور کیا ہو سکتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ روزنامہ امروز مورخہ ۲۵ مئی میں ایک فرانسیسی اداکارہ کی ایک تصویر تھی اور اس کے ساتھ ہی یہ لکھا ہوا تھا ۔ "خوبصورت نرگسی آنکھوں ، مستواں ناک اور سیب کے قاشوں کی طرح پیارے ہونٹوں والی اداکارہ فرانسس گلینڈے نے پر اثر خوابیدہ لہجے میں کہا ۔ 'اف ! کاش ! مجھے کوئی گرمجوشی سے چوم سکے ' ۔ اتنا سنتے ہی میں اپنی کرسی میں آگے کی طرف جھکا کہ شاید میں فوری طور پر اس کی کوئی مدد کر سکوں ۔"

جناب سپیکر ۔ آپ ہی مجھے بتلائیں کہ اگر ملک میں صحافت کا معیار یہ ہو کہ وہ اخبارات جن کی کہ حکومت بالواسطہ پوری امداد کر رہی ہو ، اگر ان اخبارات میں اس قسم کے مضامین چھپتے ہوں اور پھر اس کے بعد آپ یہ کہیں کہ ہم یہ ہنگامی قانون نافذ کرکے غنڈہ گردی کا قلع قمع کرنا چاہتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ کوئی شخص کراچی میں بر سر عام گالی نہ نکالے ، گندے الفاظ استعمال نہ کرے ۔ جب حکومت خود اس قسم کے عناصر پیدا کرنا چاہتی ہے بلکہ قوم کے اخلاق کو بگاڑنا چاہتی ہے تو

اس کے بعد اس قسم کے قوانین بنانا ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ایوان کے ساتھ ایک مذاق ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک وقت آن پہنچا ہے کہ ہم اس ملک میں اخلاقی اقدار کے بارے میں اپنے سابقہ معیاروں کو بدل ڈالیں ۔ جہاں تک میرا ذاتی تجربہ ہے ۔ میرے خیال میں اس ایوان کے اکثر ممبر مجھ سے اتفاق کریں گے کہ حکومت کی اپنی پالیسی یہی رہی ہے ۔ حکومت جس قسم کے اخبارات کی حوصلہ افزائی کرتی ہے ، ریڈیو پر جو نغمے سننے میں آتے ہیں ، سینما گھروں میں جس قسم کی تصویریں دکھائی جاتی ہیں ، اس سے ظاہر ہے کہ حکومت عوام کے اخلاق کو بلند کرنے کی بجائے اس کو گرانا چاہتی ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں بصد عجز و انکسار جناب حمزہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت ایوان کے سامنے Karachi Disorderly Persons آرڈیننس زیر بحث ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جب حکومت بذات خود اتنی کوششوں کے ساتھ ساری قوم کا اخلاق گرانے پر تلی ہوئی ہے ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ پریس جس کی کہ حکومت حوصلہ افزائی کر رہی ہے، اس کا یہ کردار ہے ، افسران جس کو کہ یہ اختیارات دیتے ہیں ۔ ان میں کچھ لوگ شراب استعمال کرتے ہیں اور اس معاملے میں حکومت اس معزز ایوان کو بھی اعتماد میں لینے کے لئے تیار نہیں ۔ اگر کوئی افسر ناجائز ذریعے سے کوئی آمدنی حاصل کرتا ہے تو اس کی حمایت کرنا حکومت کا فرض اولین

ہے اور سینما میں جو گلچھرے اور کارروائیاں کی جاتی ہیں ۔ وہ بھی آپ کے سامنے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اخلاق کے جو معیار ہیں ۔ اب انہیں بدلنا چاہئے ۔ چونکہ میرے خیال میں جو سب سے بڑا ظلم اس وقت اس قوم کے ساتھ کیا جا رہا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ حکومت محض اپنے مقاصد پورے کرنے کے لئے وہ تمام برائیاں جو کہ disorderly persons کی تعریف میں دی گئی ہیں ۔ چاہتی ہے کہ یہ عوام میں عام ہو جائیں ۔ میں یہ باتیں محض حزب اختلاف والوں سے نہیں کہہ رہا بلکہ میں تمام ممبران اور اراکین اسمبلی سے کہہ رہا ہوں ۔ میں ان کی خدمت میں التجا کرتا ہوں کہ وہ اس بات پر غور فرمائیں کہ یہ برائیاں جو آج Karachi Disorderly Persons Ordinance میں گنائی گئی ہیں ۔ یا جن کا ہونا لازمی ہے یہ کیوں کراچی میں یا مغربی پاکستان میں تیزی سے بڑھ رہی ہیں آپ ہی بتائیں کیا وہ دن بہ دن نہیں بڑھ رہیں اور کیا حکومت اس قسم کی برائیوں پر کنٹرول کرنے میں کامیاب ہوئی ہے ۔ اس کا جواب یقیناً نفی میں ہو گا ۔

مجھے تو ذاتی طور پر ایسے افراد کے بارے میں علم ہے لیکن میں پسند نہیں کرتا کہ اسمبلی میں ان کا نام لوں ۔ ان کو عام لوگ جانتے ہیں ۔ وہ سمگلر ہیں وہ رسہ گیر ہیں شرابی ہیں ۔ جوئے کی آمدنی سے فائدہ حاصل کرتے ہیں ۔ ایک وہ دن بھی تھا کہ وہ آسانی سے بغیر کسی وساطت سے سیدھے گورنر ہاؤس میں جا سکتے تھے اور جونہی ایک شخص کرسی سے اترا دوسرا آیا تو غنڈہ ایکٹ میں ان کا چالان کیا گیا ۔ یہ وہ عناصر تھے چاہے وہ کتنے بدکار ہوں یا بدکاری کریں ۔

Mr. Deputy Speaker : Was that in Karachi ?

مسٹر حمزہ ۔ جی ہاں ۔ وہ کراچی کا تھا اور حکومت کا منظور نظر تھا ۔ لیکن جب ایک شخص کرسی سے ہٹ گیا اس کو غنڈہ ایکٹ کے تحت دھر لیا گیا ۔

Mr. Deputy Speaker : We are not dealing with the Goonda Act. We are dealing with Karachi Disorderly Person. ... ..

مسٹر حمزہ ۔ جی ہاں ۔ Karachi Disorderly Person Ordinance جناب والا ۔ اس کو اردو میں غنڈہ ایکٹ کہتے ہیں ۔ میں یہ کس طرح مان لوں کہ جب حکومت کا یہ کردار رہا ہے کہ وہ بذات خود ایسے افراد کی حوصلہ افزائی نہیں بلکہ ان کی پشت پناہی کرتی رہی ہے ۔ تو اس قانون کو آپ اس مقصد کے لئے استعمال کریں گے جس کا ذکر اس کے preamble میں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جس قسم کی برائیاں ہمارے معاشرہ میں حکومت کی کوتاہ اندیشانہ پالیسی کی وجہ سے جنم لے رہی ہیں ۔ موجودہ نسل تو کیا مجھے آئندہ نسلوں پر رحم آتا ہے ۔ یہ برائیاں اتنی عام ہو رہی ہیں کہ ہم انتہائی کوشش کے باوجود آئندہ نسلوں کو ان کے برے اثرات سے محفوظ نہیں رکھ سکتے ۔ وہ افراد جنہوں نے ایمانی جذبہ کے ساتھ نیکی کی حمایت کے لئے آواز اٹھائی حکومت نے ان کو مختلف پریشانیوں میں ڈال دیا ہے ۔ انہیں جیلوں کی کوٹھریوں میں بند کر دیا گیا ۔ لیکن اس کے برعکس وہ لوگ جن کے بارے میں لوگوں کو علم تھا یا علم رہا ہے کہ وہ سمگلر ہیں یا سمگلنگ کی آمدنی سے فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ جو شراب پیتے ہیں ، جوأ کی آمدنی حاصل کرتے ہیں یا بذات خود جوأ کھیلتے ہیں میں تو یہ کہوں گا کہ ہماری حکومت خود جوئے سے آمدنی حاصل کرتی ہے ۔ ان کو یہ کیسے حق

پہنچتا ہے کہ وہ اس ایوان میں آ کر کہیں کہ ہم جوئے بازی کا قلع قمع کرنا چاہتے ہیں -

اس کے بعد اس حکومت کو یہ بھی دعویٰ ہے کہ یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے اور جتنے قانون اس ملک میں نافذ کئے جاتے ہیں وہ عین اسلام کے مطابق ہیں - میرے نزدیک حکومت کو چاہئے کہ اگر انہوں نے واقعی "کنٹرول آف ڈس آرڈرلی پرسنز" کو مستقل طور پر کراچی میں نافذ کرنا ہے تو ہر disorderly person یا dangerous disorderly person کی جو تعریف ہے اس کو بدل دے کیونکہ میرے نزدیک حکومت کا معیار اس قانون میں دیئے گئے معیار سے بالکل مختلف ہے -

جناب سپیکر - آج ہمیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم یہ تشریح کریں کہ اسلامی لوٹ کھسوٹ کیا ہے - وہ شراب جس کو اسلامیہ جمہوریہ پاکستان جائز قرار دیتی ہے وہ کس قسم کی شراب ہے - کیا وہ شراب طہورا تو نہیں ؟ کیا اب حکومت بتا سکتی ہے کہ اسلامی رشوت کیا ہے ؟ جس سے حکومت کے بیشتر افسران اور دوست اپنے ہاتھ رنگ رہے ہیں - جن کو حکومت اس قانون کے ذریعہ اختیار دینا چاہتی ہے - وہ اسلامی جوا کون سا ہے جو جوا کلبوں میں کھیلا جاتا ہے - یا گھوڑ دوڑ میں لگایا جاتا ہے - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ اسلامی سرمایہ داری کیا ہے جس کے تحت غریبوں کا خون چوسا جاتا ہے اور چند ایک افراد اس سے پھلتے پھولتے ہیں وہ کون سے اسلامی اقدار اور اصول ہیں وہ کون سے اسلامی تقاضے ہیں جو اس قسم کی سرمایہ داری سے پورے ہوتے ہیں - کیا آپ اسلامی ظلم و تشدد کی تعریف میرے سامنے پیش کر سکتے ہیں -

جناب سپیکر - میں یہ کہوں گا کہ حکومت معیار کو بدل دے - اگر

آپ کہتے ہیں کہ آپ اس قسم کی عادات والے انسانوں کو یا اس قسم کے کردار والے انسانوں کو سزا دینا چاہتے ہیں تو یہ ٹھیک نہیں کیونکہ آپ کا عمل یہ بتاتا ہے کہ آپ نے اس قسم کے افراد کی پوری پشت پناہی کی ہے اگر آج کوئی نیک انسان ہے تو آپ اسے اس بات پر آمادہ کرتے ہیں کہ وہ برائی اختیار کرے۔ کیونکہ آپ کے نزدیک تو مقبول نظر تو وہ افراد ہیں جو آپ کی ہمیشہ جائز و نا جائز حمایت کرتے ہیں۔

جناب سپیکر۔ اس میں ایک دفعہ ۱۳ ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ اس قسم کی خصوصی عادات والے افراد اگر پبلک اجتماع میں جائیں تو حکومت ان پر پابندی لگا سکتی ہے۔ میں حکومت سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ کو پابندی لگانے کی کیا ضرورت ہے۔ کیا مغربی پاکستان میں پبلک اجتماعات عام طور پر ہوتے ہیں آپ آج مغربی پاکستان تو کیا صرف کراچی کے بارے میں پتہ کر لیجئے کہ کتنا عرصہ گذرا ہے جب وہاں پبلک اجتماعات ہوئے۔ خصوصی طور پر بڑے شہروں میں اور کراچی تو سر فہرست ہے مستقل طور پر دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ رہتا ہے۔ جب آپ کی حکومت دفعہ ۱۴۴ کے بے دریغ استعمال کو اپنے لئے طرہ امتیاز سمجھتی ہے۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker : You are not relevant now. Please be relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دفعہ ۱۳ کے تحت ایک آدمی جس کو بدمعاش گردانا جائے اگر وہ پبلک اجتماعات میں جاتا ہے اس پر کئی قسم کی پابندیاں لگائی جاتی ہیں ان پابندیوں کے ہوتے ہوئے حکومت کو کیا ضرورت ہے کہ دفعہ ۱۴۴ لگائے ۔ جب پبلک اجتماعات نہیں ہوں گے تو اس پابندی کی قانون میں گنجائش رکھنے کی کیا ضرورت ہے ۔ جب کوئی اور حکومت آئے گی جو پبلک اجتماع کو جمہوریت کا لازمی

جزو قرار دے گی ۔ جن کے نزدیک عوامی رائے کو بیدار کرنا ضروری ہوگا عوام الناس کی ذہنی اور سیاسی تربیت کرنا لازمی ہوگا وہ سیاسی اجتماعات کی حوصلہ افزائی کرے گی اور پبلک اجتماعات پر ان کا ایمان ہوگا ۔ لیکن وہ حکومت جو پبلک اجتماعات سے کوسوں دور بھاگتی ہے جو کہ پبلک سے نفرت کرتی ہے جو پبلک کو بے شعور گردانتی ہے اس کو کیا حق ہے کہ اس قسم کے قانون کو مستقل بنائے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ یقین رکھیں کہ جب تک موجودہ حکومت ہم پر مسلط ہے پبلک اجتماعات ہرگز نہیں ہوں گے ۔ پھر اس قانون میں اس دفعہ کی گنجائش رکھنے کی کیا ضرورت ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ قانون شروع سے آخر تک بنیادی اصولوں کے منافی ہے اس قانون کا بنیادی اصول یہ ہے کہ ایک انسپکٹر پولیس کراچی کے کسی شہری کے بارے میں اگر یہ رپورٹ دے دے کہ اس کی عادات و خصائل ایسی ہیں تو کراچی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا کلکٹر اس کو طلب فرما لیں گے اور طلبی کے لئے بہت ہی وسیع اختیارات ہیں یعنی اس کو بلا ضمانت وارنٹ کے ذریعہ طلب کیا جا سکتا ہے اور محض انسپکٹر پولیس کی رپورٹ پر کہ وہ شخص دیدہ و دانستہ سمن کی تعمیل سے گریز کرتا ہے اور اس حالت میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے جس کو یہ ٹریبونل کہتے ہیں (وہ عدالت نہیں ہے بلکہ اس کو عدالت کہنا عدالت کی توہین ہے) اپنی صفائی بھی نہیں پیش کر سکتا ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو بہت وسیع اختیارات دے دیئے ہیں کہ ایک شخص جب ان کے سامنے پیش ہو اور وہ ان سے اپنے بیانات یا انسپکٹر کے بیانات یا گواہوں کے بیانات کی مصدقہ نقول بھی حاصل نہ کر سکے اور اگر وہ یہ سمجھے کہ مجسٹریٹ صاحب نے ذاتیات کی بنا پر

یا کسی حکمران کے اشارہ کی وجہ سے اسے غنڈہ قرار دیا ہے تو وہ ہائی کورٹ میں قانونی چارہ جوئی بھی نہیں کر سکتا ۔ پھر دیکھئے کہ آپ اس کو ٹریبونل کا نام نہ دیتے ۔ ایک انسپکٹر پولیس اور ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی ایک میٹنگ کا اہتمام کر لیں گے ۔ وہ بیٹھ کر کاغذات کا جائزہ لیتے جس شخص کو بھی وہ مناسب سمجھتے ۔ جس شخص کے گلے میں بھی پھانسی کا پھندا پورا آتا ۔ یا جس کو وہ مناسب سمجھتے اس کو غنڈہ قرار دے دیتے ۔ اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ غنڈوں کو قابو میں رکھنے یا غنڈہ گردی کو ختم کرنے کے لئے یہ قانون انتہائی ضروری ہے ۔ اگر یہ ایسا کہنے میں حق بجانب ہوتے تو اس قانون کی آج حکومت کو ضرورت نہ پڑتی ۔ آئین کے تحت افراد کو جو بنیادی حقوق حاصل ہیں ان کو آپ نے اس قانون کے ذریعے ایک ایک کرکے پامال کر دیا ہے مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ اس معزز ایوان کے معزز ارکان جنہوں نے اس آئین کی حفاظت کی قسم اٹھائی ہوئی ہے اور اس حکومت کے معزز وزرا جو کہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ہمیشہ اس آئین کی حفاظت کریں گے میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی قسمیں کہاں ہیں اور آپ کے دعوے کہاں ہیں اور جب آپ نے دیکھ لیا کہ کہ اتنے وسیع اختیارات کے باوجود حالات میں خوشگوار تبدیلی رونما نہیں ہوئی بلکہ حالات پہلے سے بھی زیادہ بگڑ رہے ہیں ۔ آپ نہ اپنے ساتھ انصاف کرتے ہیں اور نہ آپ کو قوم کے ساتھ ہمدردی ہے وہ آئین جس کی آپ قسم اٹھائے ہوئے ہیں اور جس کو آپ پاکستان کا آئین کہتے ہیں اس آئین کی حفاظت کی قسمیں اٹھا کر آپ ہی اس کو پامال کرتے ہیں خاص طور سے وہ بنیادی حقوق جو مغربی پاکستان یا کراچی کے شہریوں کو حاصل ہیں آپ اپنے عمل سے ان کی نفی کرتے ہیں ۔ آخر آپ کے ان دعووں اور عمل میں اتنا تضاد کیوں ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں وزرائے

کرام سے آپ کی وساطت سے یہ التجا کروں گا کہ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ انتظامیہ کو اتنے وسیع اختیارات دے کر آپ کے ہاتھ باندھ دیئے گئے ہیں بلکہ آپ کی زبانیں کٹی ہوئی ہیں اور آپ انتظامیہ کی بد نظمی کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں کہہ سکتے ۔ آپ کا اولین فرض ہے کہ وہ افراد انتظامیہ جن میں وہ نقائص ہیں اور جن کے کردار سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ جو اس قانون میں disorderly person کی definition کی گئی ہے اس کے تحت ان کا چالان کیا جا سکتا ہے تو آپ نے آج تک ان کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے کی جرأت کیوں نہیں کی ؟ آخر انتظامیہ میں جب اس قسم کے افراد موجود ہیں اور آپ ان کی حمایت کرنے پر مجبور ہیں تو پھر اس قسم کے قوانین آپ اس ایوان میں کیوں لے کر آئے ہیں جب آپ نے اپنے عمل سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ انتظامیہ میں یا انتظامیہ سے باہر آپ نے بڑے افسر کی بذات خود حوصلہ افزائی کی ہے تو آپ کس منہ سے کراچی کے شہریوں پر اس قسم کا قانون ہمیشہ کے لئے مسلط کرنا چاہتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میرے محترم دوست ملک محمد اختر صاحب اور جناب حمزہ صاحب نے زیر بحث قانون پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ میں ان کے اعتراضات میں کچھ اضافہ کر سکوں گا ۔ صرف ان کے دو اعتراضات کی تشریح کرنا چاہتا ہوں جن کا ذکر انہوں نے ضمناً کیا ہے میں اس ضمناً ذکر کو شرح و بسط کے ساتھ آپ کے وسیلہ سے اس معزز ایوان کی خدمت میں اور خصوصیت سے لامنسٹر صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میرے ان نہایت محترم دوستوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ قانون بنیادی حقوق کے خلاف ہے لیکن انہوں نے شاید مجھ پر مہربانی کی غرض سے اس کی خود تشریح

نہ کی ورنہ وہ کر سکتے تھے اور یہ میرے لئے چھوڑ دیا کہ میں اس اعتراض کی تشریح کر دوں۔ میں ابتدا ہی میں یہ تشریح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ شاید لامنسٹر صاحب یا میرے دوست جو اس وقت ایوان میں تشریف فرما ہیں یہ ارشاد فرمائیں کہ جن بنیادی حقوق کا تم ذکر کر رہے ہو وہ تو اس ملک میں ہیں ہی نہیں اس لئے ان کا ذکر کرنے کی ضرورت کیا ہے۔ مجھے جناب والا۔ اچھی طرح معلوم ہے کہ ہنگامی حالات کے متعلق اس صدارتی اعلان کی رو سے جو سن ٦٥ میں جنگ کے پہلے روز شائع ہوا تھا اکثر و بیشتر بنیادی حقوق معطل کر دیئے گئے تھے۔ جو بنیادی حقوق معطل ہو چکے ہوئے ہیں وہ یہ ہیں ۲ - ۳ - ۴ - ۵ - ۷ - ۹ - ۱۳ - ۱۴ اور ۱۵ ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ حقوق جن کے نمبر ابھی میں نے آپ کے سامنے عرض کئے ہیں اس وقت معطل ہیں اور حکومت کی موجودہ پالیسی یہ ہے (جو گاہے گاہے اس حکومت کے عمائدین کی جانب سے ان کے شائع شدہ بیانات سے ظاہر ہوتی ہے) کہ مستقبل قریب میں ان کا ارادہ نہیں کہ وہ ہنگامی حالات کے اعلان کو منسوخ کریں۔ بذات خود یہ مسئلہ حکومت اور حزب اختلاف جس سے میرا تعلق ہے کے مابین وجہ نزاع ہے۔ اور یہ نزاع اس وقت تک ان کے اور ہمارے درمیان جاری رہے گا جب تک کہ بنیادی حقوق واپس نہیں کر دیئے جاتے لیکن اس وقت اس موضوع پر گفتگو کرنے کا موقعہ نہیں ہے۔ اس وقت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ موجودہ قانون جس پر دو روز سے بحث جاری ہے وہ اس غرض سے اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے کہ اس آرڈیننس کی توثیق اور تصدیق کی جاوے جو گورنر صاحب نے Karachi Control of Disorderly Persons Ordinance کو مستقل کرنے کے سلسلے میں جاری کیا ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت معروضات پیش کرنا کہ یہ قانون یا اس کی بعض دفعات بعض

بنیادی حقوق سے متحارب ہیں اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے مہربان دوست جن کے ہاتھ میں اس وقت اس ملک کی اور اس صوبے کی عنان حکومت ہے ہمارے نقطہ نگاہ کو قبول کر لیں میں ان کو ضرور یہ credit دیتا ہوں کہ وہ عقل و فکر کے مالک ہیں اور مجھے امید ہے کہ شاید یہ ضد چھوڑ دیں اور ۲ - ۳ مہینوں تک بنیادی حقوق اس ملک کے عوام کو لوٹا دیئے جاویں - جناب سپیکر - میں خصوصیت سے جناب کے توسل سے جناب لامنسٹر صاحب کی توجہ پی ایل ڈی ۱۹۵۸ء صفحہ ۹۲ کی طرف دلاتا ہوں - جناب والا - یہ Karachi Control of Disorderly Persons Act, 1965 کے تحت ڈی ایم کراچی کے ایک حکم کو مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے کراچی بینچ میں چیلنج کیا گیا تھا اور کراچی بینچ میں یہ writ petition پیش ہوئی تو اس میں یہ طے پایا کہ Karachi Control of Disorderly Persons کی کئی ایک دفعات بنیادی حقوق کے خلاف ہیں - مثال کے طور پر دفعہ ۵ (سی) جن کے الفاظ اس طرح پر ہیں -

> "for reasons to be stated in the order, record the statement of any witness in camera in the absence of the person complained against and his counsel, if the Tribunal is satisfied that the person complained against is deliberately evading appearance ;"

اس کے متعلق فاضل جج صاحبان نے یہ ارشاد فرمایا - یہ پی ایل ڈی ۵۸ ہے جناب والا -

> "Recording a statement in camera does not mean exclusion of the parties and their counsel. It only means to the exclusion of the public or of unconcerned persons.

یہ تو ٹھیک ہے کہ مقدمہ کی سماعت بند کمرہ میں ہو سکتی ہے -

> "But provisions by which proceedings can be conducted in the absence of the counsel of the person complained against on the ground only that such person is deliberately evading appearance is in violation of clause (1) of Article 7 of the Constitution and void."

جناب والا - اس زمانے میں ۱۹۵۶ء کے آئین کا نفاذ تھا اس کی دفعات کا حوالہ دیا گیا کہ یہ دفعہ بنیادی حق نمبر ۷ سے متحارب ہے اور اس لئے ناقابل نفاذ ہے - اور موجودہ آئین میں وہی دفعہ ان الفاظ میں بنیادی حق نمبر ۲ کے طور پر درج ہے - جناب والا - اس سے آگے اسی فیصلہ میں دفعہ ۵ جی ایچ اور دفعہ ۶ ضمنی دفعہ ۲ اور ۲۶ کو بھی اسی طرح خلاف آئین قرار دیا گیا ہے - "جی" اس طور پر ہے -

> "(g) grant immunity from prosecution to any witness appearing in any enquiry under this Act. in respect of ony matter relevant to the enquiry contained in his evidence ; and
>
> (h) direct, with reference to specified portions of the enquiry, that no copies or abstracts shall be made by or furnished to any person including the persons complained of.

اور دفعہ ۶ ضمنی دفعہ ۲ اس طرح ہے -

> 6 (2) The officer laying the information may, if he thinks fit, enclose any of the above particulars in a sealed cover and request that the same be kept secret, and the Tribunal shall order that such particulars shall not be disclosed at any stage of the enquiry,

and that when the said particulars fall under clause (d) of sub-section (1) the name of the witness shall not be disclosed until such time as such witness is produced in evidence ; provided that if the said officer or the person conducting the prosecution before the Tribunal desires that the name of any witness may not be disclosed at all, the Tribunal shall order accordingly."

مزید اس کے متعلق دفعہ ۲۶ میں ہے :-

"The record of the proceedings held by the Tribunal or any portion thereof for which the person laying the information or conducting the prosecution before the Tribunal, has claimed privilege before the Tribunal or which he has requested for being kept a secret shall not be available for inspection by any one during the enquiry before the Tribunal or any revision proceedings, before the High Court hearing the revision, or after the disposal of the case, and such records shall after the disposal of the enquiry be kept in such custody as the Central Government may prescribe."

جناب والا ۔ اس کے متعلق جج صاحبان نے اپنے فیصلہ میں یہ ارشاد فرمایا ہے ۔

"While clauses (3) to (5) of Article 7 of the Constitution deal with preventive detention, clauses (1) and (2) of Article 7 are in a restricted sense the residuary provisions and confer the right of adequate hearing in a specified manner. This is in

a way an extension of the principle of natural justice that nobody shall be condemned without being heard."

"Karachi Control of Disorderly Persons Act, Sections 5(g) (h), 6 (2) and 26 do not provide chance of adequate defence."

Therefore these are "void as contravening Article 7(1) Constitution of Pakistan."

Sir, then again,

"(f) Providing for internment, externment or and reporting by, person proceeded against—Provision (excepting that relating to reporting) void as contravening Article II, Constitution of Pakistan."

I will now refer to your Honour to page 116, PLD, Karachi, 1958.

جناب والا ۔ اس صفحہ پر دو کالم بنا دئے گئے ہیں کہ فلاں دفعہ کس حد تک کس بنیادی حق سے متصادم ہے ۔ پہلے کالم میں ہے :۔

"Section 5 (c) to the extent to which it is permissible that the statement of only witness may be recorded in the absence of the counsel of the person complained against."
"The conclusion is that the following Karachi Act and Sind Act are ultra vires of the Constitution and void."

تو میں سندھ ایکٹ سے متعلقہ کالم نہیں پڑھوں گا ۔ کراچی ایکٹ سے متعلقہ کالم پڑھوں گا :۔

"Section 5 (g) to the extent to which immunity can be granted to witnesses against giving or producing false evidence."

"Section 5 (h) to the extent to which copies or abstracts of record may not be allowed to be made or furnished to the person complained against and his counsel."

"Section 13 (2) (a) The whole of it, except the provision under which a declared dangerous disorderly person may be directed to report himself."

جہاں تک شہر بدر کرنے اور حدود میں پابند کرنے کا تعلق ہے یہ سیکشن بھی نا قابل نفاذ ہے ۔

"Section 26. The whole of it, except secrecy from persons other than the person complained against, his counsel, or the High Court."

تو جناب والا اس فیصلہ کی رو سے زیر بحث قانون کی تقریباً تمام آپرٹیو کلاززز نا قابل عمل ہیں ۔ ناقابل نفاذ ہیں ۔

Mr Deputy Speaker : Does the Member mean to say that they will be void if fundamental rights are restored ?

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر حکومت یہ اعلان کر دے کہ ہم نے بنیادی حقوق ہمیشہ کے لیے معطل کر دیئے ہیں اور ملک پر ہنگامی حالات ہمیشہ کے لئے مسلط رکھتے ہیں پھر یہ void نہیں ۔

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I will now refer you to PLD 1957, Lahore Page 388.

یہ فیصلہ The Punjab Control of Goondas Act کے متعلق ہے ۔

> "Recording statement of witness in camera or dispensing with presence of person complained against—"

is "Repugnant to Article 7. Constitution of Pakistan."

The old Constitution which is now abrogated.

Then again, Sir,

> "The word "arrest" is not confined to arrests other than those effected on a warrant issued by a Court or a judicial Tribunal. Fundamental rights guaranteed by the Constitution cannot be taken away by any enactment of the legislature. The scope of the fundamental rights guaranteed by the Constitution should not, therefore, be cut down by the consideration that similar rights are conferred by the ordinary law."

Then again, Sir,

> "Section 6 (1) (c) and section 6(1) (g) of the Punjab Control of Goondas Act, ... in so far as they permit recording in camera of statement of a witness against the person proceeded against under the Act, or allow dispensing with the presence of such person which would necessarily result in the exclusion of his counsel, were repugnant to Article 7 of the Constitution.
>
> Such secret procedure would not be in consonance with the principles of natural justice, apart from the question of its repugnancy to Article 7 of the Constitution."

پنجاب کنٹرول آف غنڈہ ایکٹ کے متعلق یہ فیصلہ ہے - چونکہ ان

دونوں کی بہت سی دفعات ایک جیسی ہیں ۔ یہ بھی میں آپ کی خدمت میں عرض کر دیتا ہوں ۔ اس کی رو سے in camera کارروائی کرنا درست قرار نہیں دیا گیا ۔

Mr. Hamza : Point of order. There is no quorum.

Mr. Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر۔ جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس judgment کی رو سے بھی یہ فیصلہ کیا گیا ہے جس طرح اس میں یہ دفعہ ہے کہ جو افسر بھی ٹریبونل کے سامنے تحقیقات کریگا وہ متعلقہ کاغذات پیش کرتے ہوئے ٹریبونل کو یہ درخواست کر سکتا ہے کہ ان میں سے فلاں فلاں قسم کے کاغذات کا کسی کے سامنے انکشاف نہیں کرنا ۔ یا ان کو راز میں رکھنا ہے۔ تو اس ٹریبونل پر فرض ہو گا کہ اسے قبول کر لے ۔ تو اس قسم کی دفعہ پنجاب کنٹرول آف غنڈہ ایکٹ میں بھی ہے۔ اس کے متعلق اس judgment میں یہ فیصلہ دیا گیا ۔

> "Held, that section 7(2) which enables the Tribunal at the instance of the officer laying the information to keep part of the evidence secret and to withhold it from the knowledge of the person complained against and his counsel and section 29, which similarly relates to a secret record being maintained, miltiate against Article 7 of the Constitution in so far as they would make it impossible for any proper defence to be made with the help of a counsel."

Sir, then in the end,

> "Held, that the provisions of the Act found to be void e.g. sections 6(1) (c) (g), 7(2) and 29, as violating Article 7 and II of the Constitution, if excised from the Act, left the rest of the Act workable. Shorn of these provisions the Act was not vitiated in its entirety."

تو میری یہ گزارش ہے کہ پیشتر اس کے کہ ہم اسی ایک قانون کو دوام بخشیں ہمیں یہ دیکھ لینا چاہیئے کہ یہ آئین سے متصادم تو نہیں ہے ۔ اگر یہ آئین سے متصادم ہے اور یہ مانتے ہوئے ۔ یہ قبول کرتے ہوئے کہ اگرچہ آئین میں وہ دفعات معطل کر دی گئی ہیں پھر بھی ان کو ایک نہ ایک دن بحال ہونا ہے پھر کیوں نہ اس ایوان سے ایسا قانون منظور کرائیں جن کے متعلق خیال نہ ہو کہ وہ آئین سے کبھی متصادم ہونگے ۔ میں حیران ہوں کہ اتنی مدت سے ہائی کورٹ کا یہ فیصلہ موجود ہے اس کے باوجود یہ قانون ان الفاظ کے ساتھ ان تفاصیل کے ساتھ اس ایوان میں پیش کیا جاتا ہے ۔ میں نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان دفعات میں کہیں تبدیلی ہوئی ہے یا ترمیم ہوئی ہے ۔ مگر مجھے ایسی کوئی ترمیم نہیں ملی جب ترمیم ہوتی ہے تو اس قدر ہوتی ہے کہ اس قانون کو ایک سال کیلئے بڑھا دیا جائے ۔ خصوصی طور پر دیکھنا یہ ہے کہ ۱۹۵۸ کے بعد جب اس ملک میں مارشل لا کا نفاذ ہوا تو اس وقت کوئی آئین نہ تھا ۔ پھر ۱۹۶۲ء کے بعد ہمیں آئین ملا اور اس میں بنیادی حقوق مفقود تھے ۔ جب بنیادی حقوق حاصل ہو گئے تو پھر اس قانون میں ضروری تبدیلی نہ کرنے کا کوئی جواز مجھے معلوم نہیں ہوتا ۔

اب جناب والا ۔ میں وزیر قانون صاحب کی توجہ پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۰ء سپریم کورٹ کی طرف دلاتا ہوں ۔ اس کے صفحہ ۲۶۰ پر ایک

کیس ہے سپریم کورٹ کے فاضل جج صاحبان نے اس امر کو قبول کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ یہ بنیادی حقوق سرے سے موجود نہیں اس لیے یہ قانون قابل نفاذ ہے اور قابل عمل ہے ۔ انہوں نے یہ قبول کیا ہے کہ اگر بنیادی حقوق موجود ہوتے تو یہ قانون ناقابل نفاذ ہوتا ۔ چونکہ کل پھر آپ کو اس کے متعلق زحمت کرنی پڑے گی آج وزیر قانون صاحب اس کے متعلق سوچ لیں کہ اس کی کون کون سی دفعات ہیں جو بنیادی حقوق سے متصادم ہیں اگر متصادم ہیں تو ان میں ضروری ترامیم کر لیں ۔

PLD—1960, Supreme Court, Page 260.

> "Held that with effect from 7th October, 1958, when the Constitution including the Fundamental Rights were abrogated all enactments of date prior to the 7th October 1958, are continued in full force according to their terms, and irrespective of any conflict between their provisions, and the Fundamental Rights formulated in the late Constitution."

وہ سارے کا سارا باب بحال ہو چکا ہے (اگرچہ معطل شدہ ہے) ۔ میری درخواست ہے کہ وزیر قانون صاحب اس امر کی طرف توجہ فرمائیں کہ آئین کے مطابق میری گزارشات کے پیش نظر جو ضروری ترامیم ہیں ان کو اس قانون میں شامل کیا جاوے ۔ جناب والا ۔ میں اسی ایک پوائنٹ کی وضاحت کے لیے کھڑا ہوا تھا ۔ اس کا موقع دیئے جانے کے لیے میں آپ کا اور اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں اس موضوع پر زیادہ بات نہیں کروں گا کیونکہ میرے کافی دوستوں نے اس بحث میں حصہ لیا ہے ۔ میں صرف ان کو داد دینا چاہتا ہوں ۔ میں ان کو مبارک

باد دیتا ہوں ۔ میں ان کے والدین کو ۔ ان کی قوم کو جنہوں نے ان کو چنا ہے مبارک باد دیتا ہوں اور ساتھ ہی ساتھ یہ تسلی بھی دیتا ہوں کہ جیسے اللہ تبارک تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ :-

قال موسیٰ لقومہ استعینو باللہ و الصبر و
ان الارض للہ یورثھا من یشا لعبادہ و
العاقبۃ للمتقین ۔

"حضرت موسیٰ علیہ اسلام نے فرمایا کہ اللہ تبارک تعالیٰ کا سہارا پکڑو اور مستقل رہو ۔ زمین اللہ کی ہے جس کو چاہے اپنے بندوں میں سے اس کا قبضہ دے ۔ آخر کامیاب وہی ہو گے جو اللہ سے ڈرتے ہیں "

اس لیے میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ ان کو خوشخبری دیتا ہوں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Mr. Speaker Sir, certain points have been raised by my friends, particularly the Leader of the Opposition. I think he is conscious, Sir, that the Fundamental Rights do not exist and, therefore, that argument has got no substance.

Khawaja Muhammad Safdar : They are suspended ; they do exist.

Minister of Law : They are suspended and as soon as they are revived or restored, one can always review the statutes and bring them in conformity with the rights guaranteed by the Constitution. But, Sir, a very important point, which needs to be remembered, is that what has been struck down by the courts in these rulings are certain procedural matters. The gist of the whole law is sections

12 and 13. Section 12 deals with five tppes of persons, who may be declared disorderly persons—(1) persons who frequent, for immoral purposes, houses or localities inhabited by prostitutes ; (2) or frequently resorts to places of vice such as drinking, gambling dens or places where opium or other intoxicating drugs are smoked or othewise consumed ; (3) or generally appears in public while drunk ; (4) or is addicted to smoking opium or uses obscene or abusive language in public ; (5) or makes fraudulent collection in the name of charity.

Sir, you will find that clauses 2, 3 and 4 are in conformity with the Principles of Policy laid down in the Constitution. You will kindly see Sir, that Principles 19 and 20 are exactly on all fours as the provisions of this Order :

"19. Prostitution, Gambling and Drug-taking to be discouraged.

As you will see, Sir, a person frequently visiting these places, getting drunk, appearing in public while drunk, addicted to smoking opium, addicted to drinking, all these are quite in conformity.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب وزیر قانون صاحب مجھے بتا سکتے ہیں کہ جو افسران شراب پیتے ہیں آپ ان کے نام نہیں بتاتے ہیں آپ ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں ۔ آپ ان کی حوصلہ شکنی کیوں نہیں کرتے ؟

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order and is ruled out of order.

Minister of Law : So, Sir, I was submitting that this law is exactly on all fours with the Principles of Policy, as have been laid down in the Constitution. Even Principle 20—"Consumption of Alcohol to be Discouraged." supports us inasmuch as here again we are seeking to make the law permanent, which deals with people who are generally drunk in public. Therefore, the law is protected

even by the Constitution. Is is not void or repugnant to the Constitution and it cannot be assaulted on that ground.

So far as the speeches of my friends, Malik Muhammad Akhtar and Mr. Hamza are concerned they are mostly criticism of the Government.

Nothing has been said with regard to the manner in which this law is bad or it ought not to be on the statute book, except saying that the officers are bad, so and so are like that, and so and so like that. I am sure my friends are patriotic and they are against all possible bad elements, and I thought that they would welcome a statement like this that the disorderly persons should be controlled every where. Unfortunately the society is in a very complex state today. There has been industrialization ; there has been urbanization and there might have been so many other factors on account of flow of money into the pockets of people, and with great regret I may say that the society is at its lowest ebb so far as morality is concerned. If this is the state of affairs, then while my friends always guarantee the rights of people, they will surely guarantee the rights of people to be protected from any kind of attack from immorality, from any kind of attack on life and liberty of people.

Karachi, Sir, comprises of five lakhs of people drawn from various places. They are not those people who originally resided in Karachi, nor they were the original residents of the former province of Sind or other provinces of West Pakistan or even of Pakistan, but they comprise people from all over former India and nobody knew who was who. People have come for the purpose of earning their livelihood in the industries which have been set up from various places and nobody knows about their whereabouts, about their antecedents and about their past actions. Therefore, it is necessary that the lives of good people must be protected, the honour of the people be protected and the morals of the people must be protected. Nobody, who is law-abiding, should have any fear of this law. Only those who are bad

elements are the persons who are sought to be controlled. No law abiding person should have any fear of a law of this kind. With these remarks I request the House kindly to consider the complex situation of the society in Karachi and help Government in making this a permanent statute which will be used only for the purpose of controlling disorderly persons in Karachi.

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is —

> That in Section 2 of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, for the words, commas and inverted commas, "the comma appearing after the words, "at once," shall be replaced by a "full stop" and the words appearing thereafter shall be omitted", occurring in lines 2-5, the words, figures and inverted commas "for figures '1967' the figures '1968' be substituted.

The motion was lost.

Mr. Deputy Speaker : Next amendment is ruled out of order as it is not within the scope of the Ordinance.

Next amendment is by Mr. Mahmood Azam Farooqi. The member is not present and the motion lapses.

The next amendment standing in the names of Khawaja Muhammad Safdar and Mr. Hamza is ruled out of order as it is beyond the scope of the Ordinance.

Amendment standing in the name of Haji Ata Muhammad is also ruled out of order as it is not within the scope of the Ordinance.

I will now put the original resolution to the vote of the House.

The question is—

> That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan, on the 27th April, 1966.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : The resolution for disapproval by Mr. Akhtar is ruled out of order.

THE WORKING JOURNALISTS (CONDITIONS OF SERVICE) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1967

Mr. Deyuty Speaker : The next item on the agenda is the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967.

Minister of Information : I beg to move—

> That the Assembly do approve of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan, on the 29th April, 1967.

Mr. Deputy Speaker : The motion moved is—

> That the Assembly do approve of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan, on the 29th April, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : I shall be very brief as I am conscious of the fact that there are dozens of amendments to this Ordinance.

Sir, the brief history of this Bill is that, in the year 1954, the Government of Pakistan set up a Pakistan Press Commission with a view to go into the question of the conditions of service of the working journalists but that Press Commission was subsequently re-constituted in September 1958. Again, it was given a final shape in September 1959. As pointed out to me at the outset, one of the terms of reference of this Commission was to examine and make recommendations on the rates of pay and working conditions of the journalists in Pakistan.

Now, Sir, the Commission made certain recommendations and the President of Pakistan was pleased, on the 27th of April, 1960, to promulgate an Ordinance, namely, Working Journalists (Conditions of Service) Ordinance, 1966, which contained therein provisions which were based on the acceptable recommendations of that Commission. Under this Ordinance a Wage Board was constituted and the representatives of the journalists and the the proprietors of newspapers were associated with that Board. The Board made certain recommendations and it was during the implementation of those recommendations that it came to the notice of the Government that there were difficulties in implementing certain types of recommendations made by the Wage Board. It was then thought a suitable amendment be made in the existing law to set up an effective machinery to implement the decisions of the Wage Board-whenever it was set up.

Sir, the Board was constituted in the year 1960 and the award given by that Board was published in the Gazette of Pakistan on 31st January, 1961 and the duration of the award was five years and it was to expire on the 31st January, 1966. Now, for one reason or the other which I would not like to go into for the time being, a suitable amendment could not be

made and it was on the 29th of April, 1967, that the Governor of West Pakistan was pleased to promulgate the present Ordinance which is under consideration before this House at the moment.

The salient points which are being dealt with under this Ordinance are seven in all. Firstly, this amending Ordinance has widened the scope of the definition of the word "wages" and it has incorporated certain types of payments which were not included therein previously. Secondly, the point which has been dealt with by this amending Ordinance is that previously the individual working journalist was not in a position to make a direct complaint to the Industrial Court but now an amendment has been made and a suitable provision has been provided under which the procedure of individual grievance has been made available to the working journalist, on the same lines, as is available to the working journalists in East Pakistan. Then Sir, again there is an improvement inasmuch as that it has now been made compulsory for a Proprietor of a Newspaper to issue a letter of appointment to its employee, and that too, within three days of his employment. This condition was not available or this facility, I should say, was not available to the Working Journalists previously. This letter of appointment will include the terms and conditions of service of the Working Journalists who are employed by the Proprietor of some Newspaper.

Then Sir, the third point that has been provided in the amending Ordinance is that where a Newspaper management or Proprietor wants to terminate the services of a Working Journalist, it has been made obligatory on the part of the Management or the Proprietor, as the case may be, to give a written notice to the employee, i.e. the Working Journalist,

Then Sir, the 4th point is that elaborate provision has been in the amending Ordinance to see that the medical facilities to the Working Journalists, and some of their dependents, are provided to them. And this was not the position in the original Ordinance.

Fifthly, Sir, there was lot of confusion about the actual status and position of the award but now the award of the Wage Board shall be

deemed to be an award of an Industrial Court and would be implemented as such. The provisions of the Industrial Dispute Ordinance vis-a-vis the implementation of the award made under that Ordinance, have been made applicable under this Ordinance.

And lastly, Sir, in order to see that the provisions of this Ordinance are properly implemented, a provision has been made for the appointment of Inspectors who have been given sufficient powers to inspect the spot, take necessary evidence and hold proper enquiries, and consequently take a decision to the effect whether any violation of the decision of the Wage Board has taken place or not. And in case, the Inspectors come to a conclusion that the implementation of the Wage Board decision is being deliberately avoided, they are empowered to proceed against the Management or the Proprietor, under the law, in a Court of Law. Now Sir, this is, in fact, a great improvement. It is a very helpful attempt on the part of the Government to see that whatever the Proprietors get by the provisions of the Award should be given to them as well. In fact, as I said at the very outset, this Ordinance is a desire on the part of the Government to see that whatever is due to the Working Journalists, is given to them without any further loss of time.

With these few words, I suggest that this Ordinance be approved it is nothing but an attempt to fulfil the longstanding desire of the Journalists about their terms and conditions of service.

Mr. Deputy Speaker : Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

> That in section 2 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the word "Service" occurring in lines 1-2, the word "Services" be substituted.

Mr. Deputy Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 2 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan) Amendment) Ordinance, 1967, for the word "Service" occurring in lines 1-2, the word "Services" be substituted.

Minister of Finance & Information : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - میرا خیال ہے کہ آپ کو oppose کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی -

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

اس لیے کہ آپ اصل آرڈیننس کو دیکھیں اس میں "Services" کا لفظ استعمال ہوا ہے -

آپ ۱۹۶۰ء کی printed copy میں ملاحظہ فرمائیں کہ اس کا title کیا ہے - اور متن میں کیا درج ہے -

Minister of Information : I have got the copies. Only the word "Service" is there.

Khawaja Muhammad Safdar : It must be a typed copy which is not dependable. Please get the Notification.

Minister of Information : It is official record. It cannot be like this.

خواجہ محمد صفدر - یہ تو ایسی بات ہے کہ کوئی لفظ غلط درج ہو سکتا ہے - گورنمنٹ پرنٹنگ پریس کی چھپی ہوئی کتابیں دیکھ لیں - اور اس

کے بعد فیصلہ کریں ۔ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ صحت ہو جائے خواہ یہ ٹائپ کی غلطی ہو یا پرنٹنگ کی غلطی ہو۔

Minister of Information : As I have submitted Sir, the copy which I have. ....

Khawaja Muhammad Safdar : It is not dependable.

Minister of Information : It is neither here not there. I think you are basing your argument on the words ' Service" and "Serviees" but unfortunately the copy which I have, there the word is "Service", which is correct.

Khawaja Muhammad Safdar : But in law, you know, sometime 'singular' and 'plural' make a lot of difference.

Minister of Information : Sir, this is just in the 'Title'.

Khawaja Muhammad Safdar : But you cannot change even the title without bringing an Amending Bill or an Ordinance.

یہاں واحد یا جمع کا سوال نہیں یہ تو سادہ سی بات ہے ۔ میرے پاس جو کاپی ہے وہ چھپی ہوئی ہے آپ کی ٹائپ شدہ ہے ۔

Minister of Information : I think the proper word is conditions of "Service". That is understandable. But to say conditions of "Services", that is not possible.

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر آپ چاہیں تو اسے درست کرنے کے لیے ایک ترمیمی بل اور لے آئیں ۔ اس وقت ہمارے پاس جو آرڈیننس موجود ہے اس کو جو خاص نام دیا گیا ہے اس اعتبار سے اگر زبان کے اعتبار سے درست نہیں

یا گرامر کے اعتبار سے درست نہیں تو آپ ایک نیا قانون لے آئیں ۔ اس کو ہم ترمیمی بل کا نام دے دیں گے ۔

Minister of Information : Sir, let me just examine it.

خواجہ محمد صفدر ۔ جب تک اس کی ترمیم نہیں ہو جاتی ۔ میرا یہ سیدھا سا نکتہ ہے ۔

Minister of Information : I am thankful to the Leader of the Opposition that he has strengthened my position. In the printed book here in Section 1(1), Short title extent and commencement it reads :

> "This Ordinance may be called the Working Journalists (Conditions of Service). . . ."

and not services. So, this is the correct copy. The Short title is defined in the body of the Ordinance and there they have used the expression "conditions of service" and not services. Moreover it is the correct idiom to say "conditions of service".

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اس میں جھگڑا نہیں کرتا میں اس کو قبول کرتا ہوں ۔

Minister of Information : Then, are you withdrawing the amendment?

Khawaja Muhammad Safdar : No. Here is something in my hand. This is a printed book.

(At this stage the Member handed over a book to the Minister)

Minister of Information : At the top I agree that the word "Services" has been written but if you refer to the body of the Ordinance the words used are :

"This Ordinance may be called the Working Journalists (Conditions of Service). . . ."

and not Services. It may be in his book, Sir. (*interruptions*).

خواجہ محمد صفدر ۔ نہیں نہیں ۔ یہ کتاب میری نہیں یہ بھی لائبریری کی ہے ۔ پہلے پھر غلط چھپا ہے ۔

Minister of Information : I am glad that my Deptt. supplied me with a true copy of the Ordinance.

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اسپر اصرار کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ title کے متعلق کیا کہتے ہیں ۔ وہ درست ہے یا نہیں ؟

Minister of Information : Let us concede that the title is not correct. But then your amendment is also not correct.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت خود تسلیم کرتی ہے کہ ہم باہر کچھ ہوتے ہیں اور اندر کچھ ہوتے ہیں ۔

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : I would like to be enlightened by the Leader of the Opposition whether the bare title is part of the Act?

Minister of Information : It is not.

Minister for Agriculture : If it is not then it is alright.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, the original Ordinance of 1960 begins with these words :

"An Ordinance to regulate the. . . . .conditions of service of working journalists. . ."

The title given in the first two lines is not a part of the Ordinance. It is the printer's addition.

Then again if you see Section 1(1), Short title, extent and commencement :

"This Ordinance may be called the Working Journalists (Conditions of Service). . ."

Throughout it has been "conditions of service". The first two lines are not part of the Ordinance itself. Therefore it has got to be ignored and the proper phraseology is the "conditions of service".

Chaudhri Anwar Aziz : I would like to know from Khawaja Muhammad Safdar, what is the correct phraseology-trees of mango or trees of mangoes? When the word 'conditions' is used the word 'service' becomes plural.

A Member : The amendment is not pressed Sir.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں withdraw نہیں کرتا ۔ یہ سیدھی سی بات ہے کہ interpretation کا جھگڑا ہے ۔ اس کتاب کا title آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے اس میں جو کچھ لکھا ہے اس کو پڑھ کر آپ نے accept کر لیا ہے ۔ کہتے ہیں کہ عنوان اس قانون کا حصہ نہیں ہے اور اس کی ضرورت نہیں ہے خواہ کچھ لکھ دیا جائے وہ درست ہوگا لیکن میرا یہ contention نہیں ہے ۔ میرا contention یہ ہے کہ ہر لفظ درست لکھنا چاہیے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے اس کا اعتراف ہے کہ وزیر اطلاعات ایک مشہور قانون دان ہیں لیکن میں آپ کے توسط سے یہ

عرض کروں گا کہ اگر قانون کی باڈی میں جو کچھ دیا گیا ہے وہ صحیح ہے اور جو title میں دیا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہے تو پھر title میں جو کچھ ہے اس کے چھاپنے کی کیا ضرورت ہے ۔

Minister of Information : That is a different issue. You can say that the printer has made a mistake and he should not have printed it like that. But to urge and suggest that the title which is given by the printer is part of the Ordinance is not correct. As a matter of fact..... ..

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میرا خیال ہے کہ یہ بحث چل رہی ہے تو اس پر Chair کی طرف سے رولنگ آنی چاہیے کہ آیا title آرڈیننس کے باہر ہوتا ہے یا نہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ میرے خیال میں اس پر کافی بحث ہو چکی ہے میں اس کو put کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس بحث سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ "سید احمد سید کرمانی" کہنے کے بعد جب تک آپ ان کی طرف نہ دیکھیں تو اس کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ کیا یہ چھپے ہوئے سے صرف یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ ایک نام اس کا محض یونہی رکھ دیا گیا ہے۔ یا کسی کا نام اس لئے رکھا جاتا ہے کہ کسی شخصیت کے بارے میں ایک خاص تصور پیدا ہوتا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ایک آرڈیننس ہے اور اگر اس کے title میں کچھ لکھا ہوا ہے تو کیا اس کا اس کی باڈی سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اگر تعلق نہیں ہے تو کیا آپ لوگوں کو misguide کرتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the amendment to the House.

The question is :

> That in section 2 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the word "Service" occurring in lines, 1-2, the word "Services" be substituted.

The motion was lost.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں ہاؤس سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ یہ نہایت سنجیدہ معاملہ ہے اور اس پر سنجیدگی سے بحث ہو جائے ۔ تاکہ شاید آپ میری بات مان لیں یا ہم آپ کی بات مان لیں ۔

مسٹر ڈپٹی سینئر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اپنی امنڈمنٹ move کریں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir I move—

> That for para (g) of section 2 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "(g) 'Wages' means all remuneration, capable of being expressed in terms of money, which would, if the terms of the contract of employment, express or implied, were fulfilled, be payable, whether conditionally upon the regular attendance, good work or conduct or other behaviour of the person employed, or otherwise, to a person employed in respect of his employment or of work done in such employment, and includes any bonus or other additional remuneration of the nature aforesaid which would be so payable and any sum payable to such person by reason of the termin-

ation of his employment, and includes any gratuity, other sum or payment declared as wages by the Board in its decision published under section 10, and whether due or payable before or after the coming into force of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967."

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That for para, (g) of section 2 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"(g) 'Wages' means all remuneration, capable of being expressed in terms of money, which would, if the terms of the contract of employment, express or implied, were fulfilled, be payable, whether conditionally upon the regular attendance, good work or conduct or other behaviour of the person employed, or therwise, to a person employed in respect of his employment or of work done in such employment, and includes any bonus or other additional remuneration of the nature aforesaid which would be so payable and any sum payable to such person by reason of the termination of his employment, and includes any gratuity, other sum or payment declared as wages by the Board in its decision published under section 10, and whether due or paybale before or after the coming into force of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967."

Minister of Information : Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - سب سے پہلے تو میں

جناب وزیر اطلاعات کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بہت بھلا قانون پیش کیا ہے اگرچہ انہوں نے حاتم کی قبر پر لات نہیں ماری ۔ بہرحال اس قانون کو اس ایوان میں پیش کرنے کا شرف ان کو ضرور حاصل ہوا ہے میں ان کی تقریر کے پہلے یا دوسرے جملے سے اپنی تقریر کا آغاز کرتا ہوں ۔ اس ترمیم کے متعلق انہوں نے فرمایا تھا کہ ایک پریس کمشن کا قیام کیا گیا تھا اور اس کی رپورٹ مارچ سن ۱۹۵۹ میں پیش کی گئی اور اس کے مطابق ورکنگ جرنلسٹس کا جو آرڈیننس تھا اس کا نفاذ سن ۱۹۶۰ میں صدر مملکت نے کیا ۔

جناب سپیکر ۔ wages کے الفاظ کو واضح کرنے کے لئے میرے پاس terms of reference جو ہیں ان سے میری مراد ان terms of reference سے ہے جن کو ۳۱-۱-۶۰ میں شائع کیا گیا ۔ ان کی جو terms of reference تھیں وہ صفحہ ۵۷۲ پر واضح ہیں آرڈیننس کی دفعہ ۹ کے تحت یہ ہیں ۔

> "FIXATION OF WAGES - (1) In fixing rates of wages in respect of working journalists, the Board shall have regard to the cost of living, the prevalent rates of wages for comparable employees, the circumstances relating to the news-paper industry in different regions of the country, and to any other circumstances which to the Board may seem relevant.
>
> (2) The Board may fix rates of wages for time work and for piece work."

اس سے آگے رول ۱۲ ہے ۔

Rule 12 of the Working Journalists (Wage Board) Rules, 1960, framed by the Central Government under section 19 of the Ordinance requires—

"The Board shall fix the rates of wages separately for each description of working journalists referred to in clause (f) of section 2 of the Ordinance."

Rule 13 entitles the Board to fix rates of additional wages for overtime.

Clause (f) of section 2 of the Ordinance: Definition "working journalist". This is not relevent.

جناب والا ۔ پریس کمشن کی رپورٹ پر اس قانون کے تحت جو ورکنگ جرنلسٹس آرڈیننس تھا یہ ایک بورڈ refer کو کیا گیا ۔ اس کا سکوپ کافی تھا اور سب سے پہلی چیز جرناسٹس کی wages کے متعلق تھی ۔

Minister of Law: What are you reading now ?

ملک محمد اختر ۔ پہلے میں نے جناب والا ۔

What was the term of reference of the First Wages Board Award ?

کے متعلق صفحہ نمبر ۵۷۲ سے پڑھا ہے یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ لفظ wage جو ہے اس ترمیمی آرڈیننس میں وہ قابل غور ہے ۔ اس لئے میں نے اپنی اہم ترمیم ایوان میں پیش کی ہے جو کہ میرے نظریہ کے مطابق wages کے متعلق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے فراخدلی سے جناب وزیر اطلاعات کو مبارک باد پیش کی ہے کہ ان کو یہ شرف حاصل ہوا ہے کہ وہ اس کی implementation کے لئے کم و بیش ۶ سال کے بعد ایک مشینری لائے ہیں گذشتہ مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے اس کا نفاذ نہیں کیا تھا ۔ مجھے وہاں بھی شکایت ہے کہ انہوں نے جو definition آرڈیننس میں دی ہے وہ

definition نہیں ہے۔ مثال کے طور پر comprehensive and exhaustive
کے سیکشن ۲ میں وہ اس طرح پر ہے ۔

> "(g) 'wages' means wages as defined in the Payment of Wages Act, 1936 (IV of 1936), and includes any gratuity, other sum or payment declared as wages by the Board in its decision published under section 10, and whether due or payable or after the coming into force of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967."

تو جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ wage کا جو طریقہ کار ہے وہ
یہ ہے کہ ایک Wage Board بنا ۔ اس نے wages fix کر دیں اور جناب
کرمانی نے اس award کو جو ۳۱-۱-۶۱ کو دیا گیا اس کو لاگو کرنے کے
لئے ایک آرڈیننس کا نفاذ فرمایا ہے ۔ اس آرڈیننس میں اگر wage کی
definition مکمل اور واضح نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ سن ۵۹ کے کمشن
کی رپورٹ اور Wage Board کا award یہ سب چیزیں بے سود ہو کر رہ
جائیں گی۔ جناب والا۔ مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ میں نے اپنی definition
میں الفاظ wages کے ۵ حصے کر دئیے ہیں ۔
"including step-sons and step-daughters."

آپ کی ترمیم اگر منظور ہو جائے ۔ تو یہ بن جائے گا ۔

"including step-sons and step-daughters and old father or widow mother"

لیکن یہ grammatically غلط ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ انہوں نے "and" کا لفظ استعمال کیا ہے ۔
اس سے کیا فرق پڑتا ہے ؟

Mr. Speaker : This is un-grammatical and is ruled out of order.

Next amendment Mr. Mahmood Azam Farooqi ; he is not present, the amendment is not moved. Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : That has been disposed of Sir.

Mr. Speaker : Next amendment No. 18.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 6 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, after the brackets and figure "I", a colon be inserted and the following proviso be added thereafter, namely :—

"Provided that the Provincial Government shall immediately on enforcement of this Ordinance constitute a wage board for revising out-dated Rates of wages in respect of Working Journalists fixed by award of the wage board published in Extraordinary issue of the *Gazette of Pakistan*, dated 31st January, 1961 :

Provided further that on expiry of a period of five years from the date of publication of an award by a wage board the Government shall constitute a new wage board to revise the existing Rate of wages after giving due regard to the cost of being the prevalent rates of wages for comparable employment, the circumstances relating to the Newspaper industry in different regions of the country and to any other circumstances which to the board seem relevant."

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب اس سے آپ کا کیا مطلب ہے ؟

".....new wage board to revise the existing Rate of wages after giving due regard to the cost of being the prevalent rates of wages for comparable employment,....."

ملک محمد اختر - یعنی وہ جو انہوں نے ویج بورڈ بنایا ہے - comparable employment کا

Mr. Speaker :. Has the Minister followed this amendment ?

Minister for Information : No Sir, I do not know ; I admit my inability.

ملک محمد اختر - یہ دیکھئے جناب اگر اس میں سے آپ ویج بورڈ اوارڈ کو نکالیں تو انہوں نے لکھا ہوا ہے جب سمن کیا ہو .....

مسٹر سپیکر - ملک صاحب آپ نے یہ جو الفاظ استعمال کئے ہیں -

".....the existing Rate of wages after giving due regard to the cost of being the prevalent rates of wages for comparable employment,....."

Malik Muhammad Akhtar : This is Sir, the heading of the Gazette of Pakistan of Jan. 31, 1961, at page 579 which is 'Comparable Employment.'

مسٹر سپیکر - ایک اور بات فرمائیے آپ کی ترمیم کے مطابق (۱) کے آگے کوان ڈالنے کے بعد اس ترمیم کو add کرکے اس کے بعد یہ الفاظ آئیں گے :- shall be added

ملک محمد اختر - اس کا جواب تو میں دے چکا ہوں -

Mr. Speaker :

"In section 10 of the said Ordinance. in sub-section (2), the full-stop at the end shall be replaced by a comma and thereafter the words, figure and brackets "and shall remain in force until it is modified or varied by a later decision of the Board published in the manner provided in sub-section (1)" shall be added."

یہ original ہے

"shall be added" سے پہلے اور (1) کے بعد آپ provisos لینا چاہتے ہیں ۔ لیکن اس کے بعد "shall be added" تو رہ گیا ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ کہہ رہا ہوں ۔

That in section 6 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, after the brackets and figure "1", a colon be inserted and the following proviso be added thereafter,"

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اس کے بعد 'shall be added' کے الفاظ رہ جاتے ہیں ۔ point تو یہ ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں دیکھ کر عرض کرتا ہوں ۔ shall be کے الفاظ کس جگہ پر ہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ original section میں ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر shall be رہ بھی جائے تو آگے proviso لگ جاتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے جو ترمیم دی ہے وہ proviso کے بعد آتی ہے یا پہلے ۔ آپ نے یہ نہیں کہا ہے کہ یہ الفاظ حذف کر دیئے جائیں ۔ shall be بعد میں آئے گا ۔ اگر آپ کی ترمیم منظور ہو جائے تو کیا اس میں کوئی significance رہ جائے گی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کو اتنا minutely دیکھنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ کوئی defect نہیں رہتا جس سے shall be نہ لگے ۔

Mr. Speaker : This amendment is un-grammatical and is ruled out of order. Next amendment. Malik Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ اس ترمیم کو dispose of کیا گیا ہے ۔

Mr. Speaker : Section 7. Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر - سیکشن ۷ یہ ترمیم بھی dispose of ہو چکی ہے -

Mr. Speaker : No. 20

میرے خیال میں یہ بھی وہی ہے -

Next amendment. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That in section 8 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for clause (a) the following be substituted, namely :—

(a) between the word and comma "being" and the word "shall", the words, figures and comma "other than those contained in Standing Orders 2,12 and 13" shall be inserted."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is:

That in section 8 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for clause (a) the following be substituted, namely :—

(a) between the word and comma "being" and the word "shall", the words, figures and comma "other than those contained in Standing Orders 2,12 and 13" shall be inserted.".

Minister of Information : Opposed.

(interruptions)

ملک محمد اختر - جناب والا - یہ Standing Order مجھے نہیں مل سکا - لائبریری سے جناب کرمانی صاحب لے آئے ہیں -

وزیر اطلاعات - میرے پاس Standing Order لاء ڈیپارٹمنٹ کا ہے -

(قطع کلامیاں)

ملک محمد اختر - جناب والا - جو ترمیم اب زیر بحث ہے

اس کے مطابق حکومت یہ چاہتی ہے کہ

"Standing Orders under Section 14 of the said Ordinance, between the words "weighing" and the word "shall" the words, figure and commas "other than those Standing Orders other than 2,12,14 and 16 shall be inserted."

یعنی وہ Standing Orders کا نفاذ کرنا چاہتے ہیں اور میں کہتا ہوں کہ نمبر ۲ اور نمبر ۱۲ کو exclude کرنا چاہیئے اور نمبر ۱۳ کو رہنے دیا جائے اور نمبر ۱۶ کو نکال دیں ۔ جو Standing Order نمبر ۱۳ ہے اس میں workers کو کچھ سہولتیں دی گئی ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ وہ سہولتیں ورکنگ جرنلسٹوں کو بھی اس وقت دی جائیں اور ان سہولتوں کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے اس کو substitute کر دیا ہے ۔ وہ سہولتیں یہ ہیں کہ جن کے تحت کچھ تحفظات ہیں ۔ ان تحفظات کی بڑی لمبی چوڑی فہرست ہے جو نمبر ۱۳ کے تحت workers کو دی جائیں اور نمبر ۱۶ کو میں چاہتا ہوں کہ حذف کر دیا جائے ۔

Liability of Managers: The managers of the establishment shall be personally held responsible for the proper and faithful observance of the Standing Orders."

جناب والا ۔ آپ مینیجروں کو کیوں ذمہ دار قرار دیتے ہیں ۔ labourers کے متعلق جو Standing Order ہے اس کے لئے تو مالک کو ذمہ دار ہونا چاہئے ۔ اگر مالک اپنے اختیارات کا نا جائز استعمال کرتا ہے تو اس کے لئے مالک کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے نہ کہ منیجر کو ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ لیکن یہ تو اس provision کو apply نہیں کرتا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں چاہتا ہوں کہ نمبر ۱۶ کو apply کرے اور اس کو ذمہ دار ٹھہرائیں کیونکہ ان اختیارات میں

منیجر زیادہ تر خود مالک ہی ہوتے ہیں ۔ جو مالکان منیجنگ ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرتے ہیں میری مراد یہ ہے کہ ان کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے ۔ جیسا کہ ٹرسٹ کے اخبارات ہیں ۔ اگر اس آرڈیننس کے تحت سزا دینا مطلوب ہو یا Industrial Disputes Ordinance, 1959 کے تحت اگر کسی کو سزا دینی ہے تو جو directly responsible ہوں ان کو سزا دی جائے ۔ اس دفعہ کی ترمیم کرنی ہو گی جس سے کہ سزا اسی شخص کو دی جا سکے جو براہ راست ذمہ دار ہو ان کے احکامات کو comply کرانے کا ۔ اور جہاں تک آرڈر نمبر ۱۴ کا تعلق ہے ۔ ۔ ۔ ۔

I am sorry that I could not express myself.

Minister of Information (Syed Ahmed Saeed Kirmani): Sir, my learned friend wants that Orders 2, 12 and 13 should not be made applicable. We have already said that 2 and 12 will not be made applicable. So, two/third of his amendment is already conceded by the present wording of the section. Now, the dispute arises with regard to Order 13 of the Standing Orders. Sir, I need not emphasise this well-known fact that repetition is never permissible while drafting a law. The one already provided in the body of the Ordinance should not be provided again. This is exactly what we have been doing. We have excluded those orders of the Standing Orders which have already been covered, or whose benefits have already been covered in the body of the Ordinance. Why to repeat it.

Sir, this is all what we have done and I really wonder why he is asking for it.

Mr. Speaker: The question is-

> That in section 8 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for clause (*a*) the following be substituted, namely :—
>
> (*a*) between the word and comma "being, " and the word "shall", the words, figures and comma "other than those contained in Standing Orders 2,12 and 13" shall be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Mr Mahmood Azam Farooqi. He is not present and it is not moved. We pass on to section 9.

First amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : This is not moved Sir.

Mr. Speaker : It is not moved. Next is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move:

> That in section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in, section (3), of new section 5-A the brackets and letter "(a)" and para (b) deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

> That in section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in, section (3) of new section 5-A the brackets and letter "(a)" and para (b) deleted.

Minister of Information : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ پیرا (بی) میں جو اختیارات انسپکٹر صاحبان کو دیئے گئے ہیں ۔ وہ اس قسم کے ہیں کہ اگر میں ان کے متعلق یہ کہوں کہ ان کو لا محدود اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ تو یہ مبالغہ نہ ہو گا ۔ ان کے ان اختیارات کی کوئی تعریف نہیں کی گئی ہے ان کی تعریف کرنے کی قطعی طور ضرورت محسوس نہیں کی گئی ۔ بلکہ یہ ایک blanket clause ہے جس کی رو سے انسپکٹر صاحبان کو ہر قسم کے اختیارات جو کہ ان کی صوابدید کے مطابق ضروری ہوں بخش دیئے گئے ہیں یہ کلاز اس طرح سے ہے ۔

> An Inspector may exercise such other powers of inspection, as he may deem necessary for carrying out the purposes of this Ordinance.

جناب والا ۔ یہ ملاحظہ فرمائیں 'As he may deem necessary' کے

معنی یہ ہوئے کہ انسپکٹر کی صوابدید پر ہی چھوڑ دیا گیا ہے کہ وہ کون سے اختیارات استعمال کرے اور کون سے اختیارات استعمال نہ کرے ۔ یہ وزیر صاحب کے اختیار میں بھی نہیں ہے کہ وہ اس کو ہدایات دیں یا اس قسم کے قواعد بنائے جا سکیں ۔ کہ جن کے اندر رہ کر وہ ان اختیارات کا استعمال کریں گے ۔ اور جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ یہ انسپکٹر ایک چھوٹے سکیل پر ڈکٹیٹر بنے ہوں گے اور ملی اخبارات یا قومی پریس جو کہ پہلے ہی طرح طرح کی پابندیاں میں جکڑا ہوا ہے جن پر کئی طرح کی قانونی پابندیاں ہی نہیں ہیں بلکہ اس کو اس ڈھنگ سے جکڑ دیا گیا ہے (نیشنل پریس ٹرسٹ میں) کہ وہ ہلنے جلنے کے قابل ہی نہیں رہا ۔ تو اس پر ایک چھوٹے سے افسر جس کا rank ایک انسپکٹر سے زیادہ نہیں ہے ، کو اس قدر اختیارات دینا کسی طرح بھی جائز نہیں ہے ۔ بہتر تھا کہ ان کے پاس جو اختیارات پہلے سے موجود تھے ۔ ان ہی پر اکتفا کیا جاتا ۔ پہلے یہ اختیارات تھے ۔ کہ

An Inspector may—

(a) at all reasonable hours enter on the premises of any newspaper establishment and make such examination of any register or document relating to the implementation of the decision of the Board published under section 10 and take on the spot or otherwise evidence of any person relevant to such implementation as he may deem necessary.

جناب والا ۔ حصہ (اے) میں پہلے ہی بڑے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ تاکہ وہ اپنے فرائض کما حقہ ادا کر سکیں ۔ فرائض کی تکمیل کے لئے جو قدم وہ اٹھانا چاہیں ۔ اٹھائیں ۔ اور حصہ (بی) میں جو اختیارات دیئے گئے ہیں وہ غیر ضروری اور حد درجہ وسیع ہیں ۔ میں اپنے فرض سے کوتاہی کروں گا ۔ اگر میں یہ نہ کہوں کہ نیشنل پریس پر اس کلاز کی رو سے ظلم کیا گیا ہے اگر ہم ایک Petty Officer

کو اس قسم کے اختیارات دے دیتے ہیں ۔ تو وہ اخبارات کا مزید گلا گھونٹنے میں حکومت کا ممد و معاون ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں وزیر اطلاعات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ پریس کو فورتھ سٹیٹ کہا جاتا ہے پہلے انتظامیہ ۔ پھر مقننہ اور پھر عدلیہ ۔ اس کے بعد چوتھا ستون اخبارات کو کہا جاتا ہے ۔ لیکن مختلف طریقوں سے ہماری حکومت اس چوتھے ستون کو کھوکھلا کر رہی ہے اور اب تو اسے ایک انسپکٹر کے حوالے کر دیا گیا ہے ۔ کہ وہ اس ستون کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر ۔ وہ اخبارات جن کا ذکر ضمنی دفعہ (اے) میں کیا جا چکا ہے میرے خیال میں کافی ہے جس سے اس ہنگامی قانون کے تحت اخبارات کے مالکان کو جن امور کے لئے پابند کرنا چاہتے ہیں اس سے حکومت کا مقصد پورا ہو سکتا ہے مجھے امید ہے کہ جناب وزیر موصوف کو بھی ذاتی تجربہ ہوگا کہ انسپکٹر لیبر جو ایک بہت ہی معمولی سا سرکاری اہل کار ہوتا ہے ۔ اس کو اتنے وسیع اختیارات دئیے جا رہے ہیں کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ۔ ہمارے ہاں تو بہت ہی بڑے بڑے افسران کو جب لا محدود اختیارات دئے گئے ہمارا تجربہ ہے کہ ان لامحدود اختیارات سے ان افسران نے وہ مقاصد جن کے لئے یہ اختیارات دئے گئے قطعاً پورے نہیں کئے ۔ اگر کوئی مقاصد پورے ہوئے ہیں تو محض ان کے ذاتی مقاصد تھے ۔

مجھے اس امر کا خدشہ ہے کہ جناب وزیر اطلاعات نے انسپکٹر صاحبان کو اتنے وسیع اختیارات دے کر یہ موقع مہیا کیا ہے کہ وہ ان اختیارات کو ذاتی مفادات کے لئے استعمال کریں حکومت نے ان اہل

کاروں کی وساطت سے اس ہنگامی قانون میں دئے ہوئے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے آسان طریقہ ایجاد کیا ہے ایک اخبار کے مالک کو یا اخبار کے چلانے والے لوگوں کو قابو کرنے کے لئے ایک نسخہ مل جائے گا۔ تاکہ ان چھوٹے اہل کاروں کے ذریعہ اخبارات کے مالکوں کو پریشان کیا جائے۔ اور جب وہ تابع ہو جائیں۔ حکومت اپنی من مانی کرتی رہے۔

جناب سپیکر۔ اس مسودہ قانون پر بحث کے اختتام پر میں کچھ معروضات پیش کروں گا اور یہ واضح کرنے کی کوشش کروں گا کہ صورت حال کیا ہے اور بتاؤں گا اس حکومت نے ہمارے قومی پریس کے ساتھ جو سلوک روا رکھا ہے حکومت نے کو پریس کو کٹھ پتلی پریس بنانے میں کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کیا تا کہ پریس وہی خبریں چھاپے جو حکومت پسند کرے۔ پریس وہ مشورہ دے جو حکومت کی طبع نازک پر گراں نہ گزرے۔ پہلے طریقے خطرناک ہونے کے باوجود ذرا چھپے ہوئے تھے۔ اب انسپکٹر کو اتنے وسیع اختیارات دے دئے گئے ہیں کہ اس کو یہ ہدایت دی جا سکتی ہے۔ کہ یہ کام کرنا ہے چاہے وہ قانون کے تحت اس کا پابند نہ ہو۔ تو وہ بیچارہ اس بات پر مجبور ہوگا کہ اخبارات کے مالکان کو جس طرح حکومت کہے گی پریشان کرے گا۔ یہ تو معمولی اہل کار ہیں جو حکومت کے فرمان کے مطابق پریشان کر سکتے ہیں۔ اگر ہم سیکرٹری محکمہ اطلاعات کو دیکھیں حالانکہ وہ تو بڑا افسر ہوتا ہے حکومت کے احکامات کی بجا آوری میں خواہ وہ قانون کے خلاف ہوں بلکہ جرم کی تعریف میں آتے ہوں وہ اپنے فرائض منصبی کو نظر انداز کر کے ان کو بجا لانے پر مجبور ہوتا ہے چہ جائے کہ ایک انسپکٹر جو ادنےٰ ملازم ہوتا ہے وہ باآسانی ناجائز کام کرنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے۔ وزیر صاحب کا فرمان

کہ وہ کارکن صحافی کے حقوق اور شرائط ملازمت کے تحت معقول معاوضہ دلوانے کی ضمانت دیتے ہیں قطعاً کامیاب نہیں ہوں گے ۔ جہاں ٹرسٹ کے اخبارات کے وسائل لامحدود ہوں ۔ خصوصیت سے ٹرسٹ والوں کے اخبارات کو جنہیں روپیہ چوروں کے طور پر استعمال کرنا آتا ہے ان کے لئے اسے ناجائز مقاصد کے لئے استعمال کرنا بہت آسان ہوگا ۔

وزیر اطلاعات - آج آپ کا holiday mood ہے ۔

مسٹر حمزہ - مجھے تو بڑی خوشی ہوئی ہے کہ آپ نے اتنی سچی بات کو ناپسند نہیں کیا ۔

جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس سے یہ کارکن صحافی کے حقوق کی حفاظت تو نہیں کر سکتے ٹرسٹ کے اخبارات کی انتظامیہ کے لئے کسی انسپکٹر کو خریدنا بہت آسان اور معمولی کام ہے ۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حکومت محض برائے نام کارکن صحافیوں سے ہمدردی کر رہی ہے ۔ حالانکہ جب کہ میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ حکومت کے رویہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ قانون پاس کروا کر عوام کی آنکھوں میں دھول ڈالنا چاہتی ہے ۔ اس کا یہ بین ثبوت ہے ۔

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر ۔ میں خواجہ صاحب کی - - - -

چودھری محمد سرور خان - پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ملک صاحب جناب سپیکر کی اجازت کے بغیر ہو تقریر شروع کر دیتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر - میں نے ان کو اجازت دی ہے اور انہوں نے مجھ سے اجازت حاصل کرکے تقریر شروع کی ہے ۔

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - در اصل یہ ایک ہتھیار ہے۔

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - اگر ممبران نے میری تقریر نہیں سنی تو کوئی بات نہیں لیکن ملک صاحب کی تو تقریر سنیں - جناب کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*).

The point of order is ruled out of order. The House is in quorum.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - خواجہ صفدر صاحب نے ایک نہایت ہی اہم ترمیم دی ہے کہ حکومت آزاد صحافت میں کم از کم دخل نہ دے - جناب سپیکر - آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس وقت بیشتر اخبارات نیشنل پریس ٹرسٹ کے ہیں اس کے علاوہ جو اخبارات ہیں ان سب پر پابندیاں لگ جائیں گی جیسا کہ اس میں موجود ہے خواجہ صاحب کہتے ہیں کہ اس دفعہ ۳ کی کیا ضرورت ہے -

"(b) exercise such other powers of inspection, as he may deem necessary for carrying out the purposes of this Ordinance."

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب نے اس کلاز پر کوئی امنڈمنٹ نہیں دی ہے -

ملک محمد اختر - (ڈی) کو delete کیا ہے کہ وہ کوئی بھی پاورز exercise کر سکتے ہیں جو وہ مناسب سمجھیں "deem necessary" یہ دو الفاظ ان کی محبوبہ ہیں یہ ہر جگہ - - -

چودھری محمد سرور خان - پوائنٹ آف آرڈر - کیا "محبوبہ" پارلیمنٹری لفظ ہے -

ملک محمد اختر - ہاں میں آپ کو اپنی محبوبہ کہہ سکتا ہوں - (قہقہہ)

مسٹر سپیکر - آرڈر - آرڈر

چودھری انور عزیز - جناب والا - ذرا ان کا ذوق ملاحظہ فرمالیے -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ کہہ رہا ہوں کہ

"exercise such other powers of inspection as he may deem necessary."

یعنی کوئی بھی اختیارات جنہیں وہ ضروری تصور کریں بروئے کار لا سکتے ہیں۔

جناب والا - اب مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ حکومت کے پاس پہلے ہی یہ اختیارات ہیں کہ وہ تمام مقامی اخبارات کے سرکولیشن کو audit کرتی ہے اس نے ایک لیٹر آف آڈٹ جاری کر رکھا ہے جس سے ہر ایک اخبار کا audit check ہوا کرتا ہے -

Certificate of Audit of a Newspaper

"Certified that the daily average circulation of the Daily Nawa-i-Waqt, Lahore, for the period January to June, 1966 was 25,376, and the average rate of commission allowed to the agents was 35.7 per cent."

اس کے بعد اس دفعہ کو رکھنا کہ کوئی بھی انسپکٹر کسی بھی اخبار کی رجسٹرڈ documents کو examine کرے میں سمجھتا ہوں کہ یہ غیر ضروری ہے اور صحیح نہیں اور جیسا کہ خواجہ صفدر صاحب نے صحیح طور پر point out کیا ہے کہ exercise su h other powers یعنی such powers کا مطلب تو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی proprietor صاحب جو انتہائی غریب نواز ہوں وہ کسی ورکنگ جرنلسٹ سے کہدیں کہ آپ کو رات کے گیارہ بجے تک بیٹھنا ہے اور میں اس کو necessary سمجھتا ہوں ایسی حالت میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ بالکل غیر ضروری ہے اور غیر صحیح ہے یا پھر وہ انسپکٹر صاحب جن کو آپ مقرر کرنا چاہتے ہیں وہ کسی اخبار کے متعلق یہ کہدیں کہ تمہارا اتنا سرکولیشن نہیں ہے اور

تم کو advertisement نہیں ملے گا ۔ میری مراد اس سے "نوائے وقت" ہے جس کے سر کولیشن کی میرے پاس photo-stet کاپی موجود ہے اور یہ آڈٹ سرٹیفیکٹ پر base کرتی ہے ۔ آپ اس سے یہ کہکر ۵۰ ہزار کی الکم بند کر دیں کہ تمہارا اتنا سرکولیشن نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس طرح abuse of power کرنے کے عادی ہو چکے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح سارے مغربی پاکستان میں تین چار ممبر آپوزیشن کے رہ گئے ہیں اسی طرح یہ سارے اخبارات کا تو گلا گھونٹ چکے ہیں اب صرف "نوائے وقت" باقی رہ گیا ہے اس کا بھی گلا گھونٹنا چاہتے ہیں ۔ ورنہ مجھے بتایا جائے کہ صرف نیشنل پریس ٹرسٹ کے لئے اس دفعہ کی کیا ضرورت تھی ۔

جناب والا ۔ میں مودبانہ اپیل کروں گا جناب انفارمیشن منسٹر صاحب سے کہ وہ ان حقائق کے پیش نظر کم از کم میری تقریر کا جواب دیتے وقت "نوائے وقت" کی سرکولیشن کو جھوٹا قرار دیں جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ ۲۵ ہزار ہو گئی ہے اور اگر یہ درست ہے تو اسے ۵۰ ہزار جرمانہ کرنا حکومت کا مجرمانہ فعل ہے اور آزاد صحافت پر ایک حملہ ہے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی-۱) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ کلاز انسپکٹران کے متعلق ہے جو اس ہنگامی قانون میں دی گئی ہے ۔ یہ ایک مدت سے صحافیوں کی آرزو تھی جس کے لئے وزیر موصوف مبارک کے مستحق ہیں ۔ جناب والا ۔ Fact Finding Committee کی جو رپورٹ تھی اس کے باب ۵ سیکشن ۵ میں بھی اس کا ذکر تھا جو یہ اب یہاں پر لے آئے ہیں ۔

"A team of inspectors to check, implement and ensure ..... to the letter and spirit of the Award with ample powers to take cognizance of offences and institute prosecution."

جناب والا ۔ یہ مسرت کا مقام ہے کہ اس ہنگامی قانون میں جو ترمیم کی گئی ہے اس میں انسپکٹران کے متعلق کچھ نہ کچھ کہا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ جب سن ۶۰ء کا آرڈیننس منظور ہوا تو Wage Board Award کے قائم ہونے سے قبل کچھ مراعات صحافیوں کو مل گیئں لیکن مشکل یہ ہوئی کہ بہت سے اخبارات نے وہ جو مراعات Wage Board Award کی تھیں انہیں طاق نسیان میں رکھ دیا اور اس پر کچھ ایکشن نہ لیا گیا اور یہ جو صحافی بیچارے ان اداروں میں کام کرتے تھے ان سے ویسے ہی کام لیا جا رہا تھا جیسے کہ بیگار کیمپوں میں غلاموں سے لیا جاتا ہے ۔ Wage Board بننے کے بعد جناب والا ۔ حکام بالا نے یہ سوچنے کی ضرورت محسوس نہ کی ۔

Mr. Speaker : The Member sholud be relevant to the amnedment.

Major Muhammad Aslam Jan : I am relevant.

جناب ۔ میں سمجھتا ہوں میں relevant ہوں سیکشن کے حصہ ''اے'' اور ''بی'' پر۔۔۔

Mr. Speaker : There is no amendment in Part (a) of that Section...

Major Muhammad Aslam Jan : Allow me to give a bit of its background.

Mr. Speaker : Is the Member speaking in favour of Khawaja Sahib's amendment or against it ?

Major Muhammad Aslam Jan : Yes, Sir, I am in favour of that.

جناب والا ۔ سیکشن ''بی'' میں انہوں نے کہا ہے کہ delete کر دیا جائے تو اس کے متعلق جب اس کا کوئی پس منظر ہو تو بیان کر دونگا اگر آپ اجازت دیں تو ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ پارٹ ''بی'' جو خواجہ صاحب delete کرنا چاہتے ہیں اس کے متعلق فرمائیں ۔

میجر محمد اسلم جان - جناب والا - میں اس کے حق میں ہوں۔ تو جناب والا - پوزیشن یہ تھی کہ اس کی حکام بالا نے فکر نہیں کی لیکن وہ کم از کم دیکھتے کہ ان صحافیوں کے لئے جو Fact Finding Committee اور Wage Board نے Award دیا اس کے متعلق یہ تسلی کرتے کہ یہ فی الحقیقت دیا بھی جا رہا ہے یا نہیں - محکمہ انفارمیشن اور Broadcasting نے بیان دیا کہ فی الحال کوئی Wage Board نہیں بنایا جا سکتا - تو سات سال تک ان اکثر صحافیوں کے متعلق جو ان کی بہتری کے لئے کیا جانے والا تھا ان پر کچھ عمل نہ کیا گیا اور اس کی implementation نہ ہوئی - افسوس کا مقام ہے کہ صحافیوں کو ان کے گریڈز کے مطابق تنخواہیں نہیں دی جا رہیں مثلاً اگر کسی صحافی کو ۶۰۰ روپیہ ماہوار پر نیوز ایڈیٹر رکھا جاتا ہے تو اس کا جو designation ہے وہ سب ایڈیٹر کر دیا جاتا ہے اور یہ انسپکٹران دیکھ سکتے ہیں کہ یہ کام درست ہو رہا ہے یا نہیں - میری انفارمیشن کے مطابق پریس ٹرسٹ کے ایک اخبار کے لئے ایک صحافی کو چیف رپورٹر رکھا گیا لیکن Wage Board Award کے مطابق اس کو وہ گریڈ دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی - Wage Board Award پر عمل در آمد کرنے کے لئے چونکہ مشینری نہیں ہے اس لئے صحافی لوگ مالکان کے ہتھکنڈوں کا شکار ہوکر رہ گئے ہیں - جناب والا - بہت سے اخبارات ایسے ہیں جنہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ زیادہ اشتہار دے اور ان کو اجرت زیادہ دیں۔ کیونکہ ان کو اوارڈ کے مطابق اپنے صحافیوں کو زیادہ تنخواہیں دینی پڑ رہی ہیں لیکن کوئی مراعات اخبارات کے صحافیوں کو نہیں دیں - اسی طرح بہت سے اخبارات ہیں جو کہ کیٹیگری "اے" کے اخبارات ہیں وہ اشتہارات لیتے ہیں اور وہ کیٹیگری بی کی تنخواہ اپنے صحافیوں کو دیتے ہیں اور ایسے بھی اخبارات ہیں جو ایک سے زائد شہروں میں

شائع ہو رہے ہیں تاکہ ان کو اشتہارات ملیں ۔

Mr. Speaker : I am sorry the Member is not relevant.

Major Muhammad Aslam Jan : Very well Sir.

جناب والا ۔ یہ صحافی انسپکٹران کے نہ ہونے کی وجہ سے مختلف اقسام کی دھاندلیوں کا شکار ہو رہے ہیں اس لئے جو زیر بحث آرڈیننس میں کہا گیا ہے کہ ایسے انسپکٹران کا تقرر کیا جائے جو ان اداروں کو ہر وقت منع کرنے کے مجاز ہوں گے تاکہ صحافیوں کو جو مراعات دی گئی ہیں آیا ان پر عمل بھی ہو رہا ہے یا نہیں ۔ مگر جناب والا یہ جو شق ہے وہ بھی مبہم ہے اس میں یہ نہیں کہا گیا کہ وہ کب جائیں گے ۔ تین چار یا چھ مہینے میں جائیں گے یا یہ کہ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ وہ اپنے دفتر میں بیٹھے رہیں اور جائیں ہی نہیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ وہ انسپکٹران کہیں باہر چلے جائیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ یہ بھی ممکن ہے آپ نے اگر چہ اس چیز کو تسلیم کر لیا ہے کہ وہ لوگ وہاں نہیں جاتے ویسے انسپکٹران کی رپورٹ داخل ہوتی رہتی ہے ۔ وہ کسی جگہ پر جانے کا پروگرام بناتے ہیں لیکن وہاں جاتے نہیں ہیں ۔ بعض دفعہ یہ بھی ہوتا ہے جیسے کہ انٹیلیجنس یا سی ۔ آئی ۔ ڈی والے یہ کہہ دیں کہ فلاں آدمی فلاں جگہ موجود ہے حالانکہ یہ بات غلط ہوتی ہے تو جناب والا ایسی ایسی بھی چیزیں ہیں ۔ ہمارے پنڈی میں ایک ایڈووکیٹ تھا جو کسی زمانے میں کمیونسٹ تھا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker: The Member won't be relevant to the ameadment.

Major Muhammad Aslam Jan : Yes, but this point was raised by the Minister and so I wanted to clarify the position. These are the things which are happening everyday.

جناب والا ۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہوا تھا کہ میں موجود نہیں تھا لیکن کاغذات میں موجود تھا ۔

Mr. Speaker : That is also not relevant.

Major Muhammad Aslam Jan : Very well Sir.

Malik Muhammad Akhtar: But, Sir, there can be a personal explanation.

Mr. Speaker : Provided somebody makes an allegation against the Member.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ کارکن صحافیوں کو آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اگر کوئی انسپکٹر وہاں نہ جائیں تو وہ بتائیں کہ جناب کوئی انسپکٹر نہیں آیا اور یہ کہ انہوں نے ان کو نہیں دیکھا اور اخلاقاً جو جو ان کو مراعات دی گئی ہیں ان پر عمل ہو رہا ہے یا نہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ اس میں کیا کارلئی ہے کہ مالکان ان کے خلاف action لیں گے یا نہیں لیں گے ۔

وزیر اطلاعات ۔ وہ بھی ہم کر دیں گے ۔

Mr. Speaker : Yes, the Minister of Information.

Minister of Information (Mr. Ahmad Saeed Kirmani): Sir, you very rightly interrupted the speaker because he has now nothing to say.

Mr. Hamza : A lot about this Ordinance but not about the Convention Muslim League.

Minister of Information : He has objection to the retention of clause (b) of sub-section (2). In other words, he agrees in principle that there should be some officer who should be made responsible to see whether the implementation of the recommendation of the Wage Board takes place are not. He agrees. The necessity of such an agency is there. Now, Sir, once he agrees that an agency must be there and must be settled, then strangely enough he says that that agency must be impotent ; that agency should be given no powers. I can't imagine of an officer entrusted with the task of implementing a particular decision and yet he may be given no powers.

Khawaja Muhammad Safdar ; What about those powers given in

(a) ; that is what I say.

Minister of Information : I do not object to...

Mr. Hamza : The officer is potent and he is allowed to examine the documents at night.

Minister of Information : For saying that not only the Inspector should be appointed to see that the recommendations are implemented but also he should be armed with sufficient powers, I am thankful to him. Now the question is what are we giving to the Inspector in clause (b). It says "exercise such other powers of inspection,...". Kindly appreciate they are objecting to the powers of inspection. If an Inspector can't inspect the spot and can't come to the conclusion whether the implementation is taking place.....

Khawaja Muhammad Safdar : This inspection is already there in (a).

Minister of Information : I will come to that ; just allow me to speak. Now, Sir, if he is not allowed to see what is happening in the premises, how will he take proper steps to see that the decisions of the Wage Board are implemented ? The inspection is a must before an officer can take any further step in the matter of implementation of a decision.

Now, Sir, it is said : "exercise such other powers of inspection as he may deem necessary for carrying out the purposes of this Ordinance." The purpose of this Ordinance, as you are well aware, is very laudable. They are to provide them protection, to confer on them certain privileges, to save the working journalists from the excesses of the newspaper management. The purposes, as I have submitted, are well known. Sir, he has to inspect ; what for ? To see that the purposes of the Ordinance are carried out. I don't know what is wrong with it. What has occurred to the Leader of the Opposition that he was prompted to oppose this.

Sir, during this discussion, certain observations were made that this officer is an ordinary officer and he should not be given wide powers to deal with the newspapermen. Sir, the mere fact that the word 'Inspector' has been used doesn't mean that the Inspector is a small officer. Don't we know that we have an officer by the name of the Railway Inspector. An officer of high calibre and sufficient seniority is ordinarily appointed as a Railway Inspector. Then we have an Electrical Inspector drawing the salary of a senior most officer in his department. The very fact that the word 'Inspector' has been used should not be understood.....

Khawaja Muhammad Safdar : Sorry to interrupt the Minister.

انسپکٹر کی ذات پر کسی کو اعتراض نہیں ہے - یہ اختیارات تو ہم کسی وزیر کو بھی دینے کے لئے تیار نہیں ہیں ایسے unlimited and undefined اختیارات -

Minister of Information : I am replying at the moment to the observations made by his fellow travellers. I have at no stage stated that these observations were made by the Leader of the Opposition. I am only replying to the charges levelled by his friends sitting on the other side along with him. They tried to ridicule the office of Inspector by saying that he is a small man and it will be unwise to give him wide powers. I think you should not be misled by the word 'Inspector'. Inspectors in various departments enjoy huge powers, wide powers, and, therefore, Sir, to say that the word 'Inspector' used herein would mean that he is bound to misuse power because some man of low integrity will be appointed is far from the truth.

Then, Sir, some of the gentlemen sitting on the other side have said certain things about some newspapers. Well, Sir, I have tried hard to find out how these observations were relevant to the amendment under discussion. Nawa-i-Waqt or no Nawa-i-Waqt. It has nothing to do with it. We are only trying to see that the working journalists, who have in the past not been given proper treatment at the hands of the news papermen should now be dealt with fairly. If he has some influence with the Nawa-i-Waqt, we urge him that he should use his good offices to prevail upon that paper that they should also extend fair treatment to their employees. I think that will be a service to the working journalists, who work in that paper also.

مسٹر حمزہ - سہگلوں جتنی تنخواہ کون دے -

Minister of Information : Then he has no sympathy with the journalists. The working journalists, who are employed in one paper or the other should be given all the privileges which are being contemplated by this Ordinance. This is the desire of the Government.

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order Sir.

Mr. Speaker: Will the Member please quote the rule which has been breached at the moment.

Malik Muhammad Akhtar ; Then I will sit down Sir.

Minister of Information: Lastly, Sir, so far as the legislation dealing with the conditions of service of men employed in industrial concerns and commercial concerns is concerned, I mean the Industrial and Commercial Employment, under the Standing Orders Ordinance, 1960, a provision has been made for the appointment of an Inspector and the powers given to that Inspector in that Ordinance are similar to the powers being given under this Ordinance. We are not introducing any new thing. We are introducing in this Ordinance an Inspector, who will enjoy the powers to come to the rescue of the working journalists. Sir, as was rightly pointed out by Major Aslam Jan, this provision has been made on the recommendation of the working journalists themselves, and it is no service to them that what they demand, should be opposed by our friends of the Opposition. The Government would do its best to see that their conditions of service improve, that they are helped as far as possible so that they lead a happy, prosperous and contented life.

Mr. Speaker: What would be such other powers of inspection which have not been defined in (a) earlier ?

Minister of Information: Pardon Sir ?

Mr. Speaker: The Minister has used the words in (2) (b) "exercise such other powers of inspection," which have not been defined earlier.

Minister of Information: Sir, you are aware—you—have been adorning this Chair for the last several years—that it is always safe to incorporate such type of clauses in the bills and the laws for the simple reason of unforeseen situations. We cannot say now but there may be a situation where an Inspector has to act for purposes of inspecting the spot, and yet that power may not be available to him under clause (a) of sub-section (2). Sir, it is just as we have the contingency item in the budget. It is in order to deal with such uncertain type of situations, and again he has been told very clearly and firmly that he is to exercise these powers in carrying out the purposes of this Ordinance.

Mr. Speaker: I will now put the question.

The question is—

> That in section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in section (3) of new section 5-A, the brackets and letter "(*a*)" and para (*b*) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move-

That after section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1957, the following new section be added, namely:—

"9-A. After para. (*g*) of sub-section (2) of section 19 of the said Ordinance, the following new paras. be inserted, namely:—

(*gg*) the procedure to be followed by the inspectors for implementations of the decisions of the board ;

(*ggg*) the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That after section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following new section be added, namely:—

"9-A. After para. (*g*) of sub-section (2) of section 19 of the said Ordinance, the following new paras. be inserted, namely:—

(*gg*) the procedure to be followed by the inspectors for implementations of the decisions of the board ;

(*ggg*) the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute.".

Minister of Information : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور ۲) - جناب سپیکر - میں نے یہ گزارش کرنی ہے کہ ۷ سال کے بعد آج ایک مظلوم کلاس کے لئے جس کو ورکنگ جرنلسٹ کی کلاس کہتے ہیں اس کی حق رسی کے لئے ایک implementation مشنری بنائی جا رہی ہے - - - -

Mr. Ahmed Mian Soomro : The Section under reference is 18 whereas this amendment would refer to section 19. I think, Khawaja Sahib's amendment should be taken up first because that pertains to section 18.

Malik Muhammad Akhtar : I want insertion of section 19.

Minister of Information : Is there any section 19 in the Ordinance?

Mr. Speaker : The position is that the Member has given notice to move this amendment and at another section it will be known as 9-A and that would find place after section 9.

Mr. Ahmed Mian Soomro : My submission is that 9-A seeks to bre

ing an amendment to Sectson 19 of the Ordinance whereas Khawaja Sahib's amendment is speaking about section 18. Therefore, we should first take up the earlier section of the original Ordinance, if it is to be amended at all, and they proceed on to other sections.

Minister of Informatian : But there is no section 19 in the original Ordinance.

Mr. Speaker : There is section 19 in the original Ordinance.

Minister of Informatiou : Of 1960?

Mr. Speaker : Yes. That is your "the said Ordinance".

Minister of Information : I would most respectfully urge you kindly to check it because in my copy it is No. 18.

Mr. Speaker : Section 19 is the last section of the original Ordinance.

Minister of Information : Yes, they have omitted the last section in my copy. It relates to "Power to make rules". Sorry, my copy is wrong.

Mr. Speaker : We will take up this amendment after the amendment given notice of by Khawaja Muhammad Safdar is disposed of.

There is no amendment in Section 10. Next amendment is by Khawaja Muhammad Safdar. The Member is not present and the motion lapses. Next amendment is by Malik Muhammad Akhtar and it has already been moved.

Malik Muhammad Akhtar : Yes, Sir, I have already moved it.

جناب والا - در اصل میں حکومت کا اس حد تک مداح ہوں کہ وہ ورکنگ جرنلسٹ آرڈیننس لے آئی ہے لیکن اس میں چند غلطیاں تھیں وہ یہاں اگر باہمی افہام و تفہیم سے دور کی جا سکتی ہیں تو میں سمجھتا ہوں یہ operative ہو سکتا ہے۔ دفعہ ۱۹ میں Rule making powers ہیں - ۱۹۶۰ میں جو ہنگامی قانون نافذ کیا گیا تھا اس وقت کوئی ایسی پروویژن نہ تھی کہ کوئی عدالت بنائی جائے گی - اب implementation مشنری ہوگی - انسپکٹر ہوں گے - اب جب کہ جناب کرمانی صاحب نے implementation مشنری کے وجود کو لانا

گوارا فرمایا ہے ۔ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ جہاں "جی" ان کا ختم ہوتا ہے یعنی "اے" تا "جی" Rule making powers ہیں ۔

(*a*) hours of work of working journalists;

(*b*) holidays ;

(*c*) the constitution of Provident Fund;

(*d*) the constitution of Board of Trustees for the administration of Provident Fund ;

(*e*) the procedure for regulating the management and administration of Provident Fund and the conditions subject to which such Fund shall operate;

(*f*) the procedure to be followed by the Board in fixing rates of wages ;

(*g*) the manner in which the decision of the Board may be published."

But it has nowhere been mentioned—

"the procedure to be followed by the Inspectors for implementation of the decisions of the Board ;

the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute."

میں ان کے ساتھ (gg) اور (ggg) کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں ۔ یعنی انہیں Rule making powers دینا چاہتا ہوں ۔ اس omission کو دور کریں ۔ یا میری ترمیم مان لیں یا اپنی طرف سے ترمیم لئے آئیں ۔

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) I would first deal with (ggg). The Member says that the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute (*interruptions*)

Sir, I was dealing with the latter portion of the proposed amendment that is, (ggg) ; it reas as follows :

"(ggg) the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute; " .

Now in the body of the Ordinance, it has been stated that the Industrial Dispute Ordinance, 1959, is applicable to the proceedings before the Industrial Court. Of course, it has also been stated that it will be subject to the provisions of this Ordinance. There is elaborate machinery provided

in that Industrial Ordinance which governs the procedure of the Court. Now to say that there is no procedure provided for the conducting of the business of the Court, *i e.* the Industrial Court, is not true. So the procedure which is made applicable to the Industrial Court has, to some extent or to the extent to which it is necessary, already been provided by section 3 of the original Ordinance. So Sir, this part needs no further reply.

Then the Member referred to the procedure to be followed by the Inspectors for implementation of the decisions of the Board. With regard to that, Board decisions again will be the decisions of the Industrial Court and, once the decisions of the Board are brought within the mischief of the words 'decision of the Industrial Court', then again a machinery has been provided in that Ordinance to deal with it. If we admit this amendment, the position would be that there is already a procedure laid down and there is no need for further procedure, and he wants to give powers to the Government to frame another procedure which is not needed. In other words, whatever the Member says already been provided in the body of the original Ordinance and also in the Industrial Dispute Ordinance of 1959.

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

> That after section 9 of the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following new section be added, namely:—
>
> "9-A. After para. (*g*) of sub-section (2) of section 19 of the said Ordinance, the following new paras be inserted, namely :—
>
> (*gg*) the procedure to be followed by the inspectors for implementations of the decisions of the board;
>
> (*ggg*) the procedure to be followed by the Court in determining the matter under dispute;".

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That in the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, after section 10, the following new section be added, namely :—
>
> " 11. After section 19 of the Working Journalists (Conditions of Service) Ordinance, 1960, the following new sections be added, namely :—

"20. All the Government Departments and Autonomous Bodies shall maintain an approved list of English, Urdu and other Oriental Language dailies and Evening dailies; English, Urdu and other Oriental Weeklies, Fortnightlies and Monthlies and shall irrespective of any political consideration allot official advertisement to aforementioned Papers in accordance with their circulation.

22. A Working Journalist shall be entitled to be paid pension or gratuity after a service of fifteen years.

23. The Working Journalist be compulsorily covered by insurance."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is:

That in the Working Journalists (Conditions of Service) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, after section 10, the following new section be added, namely :—

"11. After section 19 of the Working Journalists (Conditions of Service) Ordinance, 1960, the following new sections be added, namely :—

"20. All the Government Departments and Autonomous Bodies shall maintain an approved list of English, Urdu and other Oriental Language dailies and Evening dailies; English, Urdu and other Oriental Weeklies, Fortnightlies and Monthlies and shall irrespective of any political consideration allot official advertisement to aforementioned Papers in accordance with their circulation.

22. A Working Journalist shall be entitled to be paid pension or gratuity after a service of fifteen years.

23. The Working Journalist be compulsorily covered by insurance."

Minister for Information : Opposed.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ جب ہم اپنے صوبے کا نظام چلانے کے لئے بیٹھتے ہیں تو ہم اس کے لئے ہر سال ایک بجٹ تیار کرتے ہیں جس میں کہ آمدنی اور خرچ کا حساب رکھا جاتا ہے - یہاں پر جو اخراجات کا سلسلہ تھا - وہ تو حکومت نے کر دیا ہے کہ تمام کے تمام اخبارات یعنی اردو یا انگریزی زبان کے یا Oriental Languages کے مثلاً سندھی یا پشتو زبان کے تمام اخبارات یا

Evening issues یا ہفتہ وار ، پندرہ روزہ یا ماہوار جرائد اور رسائل ، یہ تمام کے تمام اپنے اپنے ملازمین کو مراعات بہم پہنچائیں گے اور ان ملازمین کو سہولتیں دی جائینگی ۔ جب کہ انہوں نے طبی سہولت بھی ان کے لئے مقرر کر دی ہے ۔ لیکن حکومت نے اس کے لئے جو طریق کار اختیار کیا ہے یہ طریقہ قدرے مختلف ہے یعنی ان کے ان اخراجات کے ساتھ ساتھ ان کی آمدنی کا بھی کوئی ذریعہ ہونا چاہئے ۔ حکومت یہ تو چاہتی ہے کہ ان ورکنگ جرنلسٹوں کو روزناموں ، ہفتہ وار ، ماہوار رسائل اور جرائد سے جوکہ انگریزی، اردو اور دوسری زبانوں میں شائع ہوتے ہیں، ان سے یہ مراعات مل جائیں ۔ یعنی حکومت نے ان اخبارات وغیرہ کے لئے خرچ کا ایک سسٹم تو رکھ لیا ہے لیکن انہوں نے ان کی آمدنی کا کوئی سسٹم نہیں رکھا ۔ اس لئے میری گذارش یہ ہے کہ اخبارات کے لئے اس قسم کے ذرائع بھی مہیا کرنے چاہئیں کہ اخبارات کے پاس ان اخراجات کی ادائیگی کے لئے رقم موجود ہو تا کہ وہ ان اخراجات کے متحمل ہو سکیں اور میں نے اس کے لئے جو باضابطہ تجویز کی ہے وہ یہ ہے کہ حکومت کے تمام محکمے اور خود مختار ادارے اپنے پاس ایک منظور شدہ فہرست رکھیں ۔ میں یہ پابندی نہیں لگاتا کہ ہر اخبار کو اس میں شامل کیا جائے ۔ یہ جو فہرست تیار کریں ۔ وہ ایک درجہ وار فہرست ہو اور اس درجہ وار فہرست میں ہر اخبار کی اشاعت درج ہو ۔ اور تمام اخبارات کو اس کی اشاعت کے مطابق ۔ ۔ ۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ کسی کے ساتھ سختی یا زیادتی کی جائے ۔ آخر یہ منظور شدہ ٹھیکیداروں کی فہرست بھی تو رکھتے ہیں ۔ یہ اسی طرح کی ایک فہرست بنائیں جس میں اخبارات کی اشاعت درج ہو اور اخبارات کی اشاعت وغیرہ کے حساب رکھنے کا طریقہ پہلے سے موجود ہے جسے audit بھی کیا جاتا ہے اور اس کے مطابق ان کو اشتہارات بھی دیئے جاتے ہیں ۔ میں "نوائے وقت" کا نام نہیں لینا

چاھتا کیونکہ وہ تو ایک کانٹا ھے جس کی خلش ان کے سینے میں باقی ھے -

کھٹکتا ھوں دل یزداں میں - - -

میں آگے نہیں کہنا چاھتا -

وزیر اطلاعات - آپ کو اس سے آگے آتا بھی نہیں ھے -

ملک محمد اختر - مجھے تسلیم ھے - میں آپ سے سیکھونگا - جناب والا - مجھے اجازت دیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ جب میں صوبائی اسمبلی کا ممبر منتخب ھوا تھا تو میں نے سب سے پہلے کرمانی صاحب کو ھی ٹیلیفون کرکے پوچھا تھا کہ اسمبلی کی کارروائی کا طریق کار کیا ھوتا ھے - تو جناب سپیکر - ان کی تقاریر جو ۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۵ء تک کی گئیں - -

Mr. Speaker : He was not so lengthy.

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani): I was a man of few words. The lengthiest speeches were delivered by the Leader of the Opposition and Mr. Hamza.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - اخبارات کے لئے یہ mandatory اور compulsory provisions ھیں کہ وہ ایسی مراعات ورکنگ جرنلسٹوں کو دیں - لیکن حکومت نے بجٹ کو mandatory کر دیا ھے اور ان کی آمدنی میں جو حکومت کا حصہ ھے اس سے ان کو محروم کر دیا ھے -

جناب سپیکر - میرے پاس اشتہارات کی ۱۵ دن کی figures ھیں - جو حسب ذیل ھیں -

نام اخبار	مدت	تعداد اشتہارات
مشرق	یکم مئی سے ۱۷ مئی ۱۹۶۷ء تک	۱۵۲۹
کوھستان	,,	۹۶۳
نوائے وقت	,,	[illegible]

باقی کا میں موازنہ نہیں کرتا ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت کے نیشنل پریس کے اخبارات کی ۱۵ دن کی اوسط لی جائے تو ۳۰۰۰ اشتہارات ہوتی ہے اور نوائے وقت کو صرف ۴۶ اشتہارات دئے گئے ۔ اس سے بڑی اور کیا زیادتی ہو سکتی ہے یہ قومی Exchequer کیا کسی کی جاگیر ہے ، کسی کے ورثہ میں آیا ہے کیا یہ قوم کا ٹیکس نہیں کیا یہ قوم کا روپیہ نہیں جابر سلطان کے سامنے نعرہ حق کہنے والے اخبار کے ساتھ یہ سلوک ۔ یہ تو صحافت کا گلا کاٹنے کے برابر ہے ۔ کوہستان کے ساتھ یہی سلوک کیا ۔

چودھری محمد نواز ۔ شیر نے پھر گرجنا شروع کیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ سابقہ بارہ ماہ سے اس کے ساتھ یہی سلوک کیا جا رہا تھا تا کہ کوہستان گھٹنے ٹیک دے اور وہ خرید لیں ۔ بالآخر جو قندیل روشن تھی اسے حاصل کر لیا گیا ۔ میں اسے بد دیانتی پر محمول کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ جب کسی کے پاس اخراجات ادا کرنے کے لئے سرمایہ نہ ہو تو اخراجات کو مرتب کر کے mandatory قرار دینا کہاں واجب ہے ۔

اس سلسلہ میں باقی باتیں میں خواجہ صاحب پر چھوڑ کر item 21 پر آتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ملکی صحافت کا موڑ اب کہاں پہنچ چکا ہے تمام اخبارات ٹرسٹ کے ہیں ہم ان کی ملازمت کو مستقل ملازمت نہیں گردانتے ہیں ۔ ۱۵ سال ایک زندگی ہوتی ہے نو عمر کو بطور صحافی نہیں لیتے اس لئے ان کے لئے کوئی گریچوایٹی یا کوئی پنشن ہونی چاہئے اس میں

کوئی زیادتی نہیں ہو گی ۔ اس کے بعد پھر وہی بات ہے میں آپ سے ڈرتا ہوں لیکن کہنے پر مجبور ہوں ۔

The working journalist shall be entitled to be paid allowance or gratuity after a service of fifteen years.

اگر ضمیر قریشی کی انشورنس ہوئی ہوتی ۔ تو آج اس کے لواحقین در بدر نہ پھرتے ہوتے ۔ وہ اپنی ڈیوٹی کی performance میں مارا گیا وہ اس ہاؤس کے ایک ممبر کے ساتھ معلومات حاصل کرنے کے لئے گیا تھا ۔ اس سیاسی قتل سے جو کہ اب بے نقاب ہونے والا ہے اس چیز سے میرے دلائل کو تقویت ملتی ہے ۔ کہ compulsory insurance ہونی چاہئیے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ جب کبھی کوئی demonstration ہوتی ہے صحافی اس میں ہوتے ہیں ۔ جب ۱۹۶۵ء کی جنگ ہوئی تو صحافی ہراول دستے کے ساتھ تھے اگر وہ صحیح خبریں مہیا نہ کرتے تو خیال فرمائیے لاہور میں کس قدر ابتری پھیل چکی ہوتی ۔ آج اسرائیل کی جنگ میں عرب فوجوں کے ساتھ عرب صحافی اور اسرائیل کی فوج میں عیسائی صحافی بلکہ International Agencies کے صحافی ہوں گے ۔ اب ان کے لئے compulsory insurance نہ رکھنا ایسی چیز ہے جیسے کسی کو موت کے منہ میں دھکیل دینا ہے ۔ اب میں زیادہ کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ مجھ میں سکت باقی نہیں رہی ۔ میں صرف کرمانی صاحب سے اتنا کہوں گا کہ آئیے جہاں آپ کو یہ شرف حاصل ہوا ہے کہ آپ سات سال کے بعد ایک دی ہوئی رعایت کی implementation کے لئے ایک مشینری لائے ہیں وہاں یہ بھی کریں کہ بالکل fair deal کریں ۔ اگر کوئی بوجھ ہے تو حکومت کا کیا بگڑتا ہے یہ بوجھ تو مالکان پر ہو گا ۔ اگر حکومت اس کو مان لے تو صحافیوں کی صحیح خدمت ہو گی ۔ آپ صحافت کو بلند مرتبہ پر لے جائیں گے ۔ جس طرح مولانا محمد علی

جوھر اور مولانا ظفر علی خان لے گئے تھے - جنھوں نے دس دس سال کی قید با مشقت گذاری لیکن کلمہ حق کو بلند رکھا -

یہ وہ صحافی ھیں جن سے آپ وکیل کا کام لیتے ھیں ڈاکٹر کا کام لیتے ھیں سائنسدان کا کام رپورٹنگ میں لیتے ھیں - اگر میں یہ کہوں تو صحیح ھو گا کہ وہ سپاھی کا کام بھی دیتا ھے کیونکہ وہ ھراول دستہ کے ساتھ ھوتا ھے - اس لئے اس کو comulsory insurance سے محروم نہیں کرنا چاھیئے -

وزیر اطلاعات - کیا سپاھی کی compulsory insurance ھوتی ھے -

ملک محمد اختر - بالکل in many cases - پائیلٹ کو دیکھئے

They are paid to get themselves insured.

جناب کرمانی صاحب حکومت ۱۸۸۷ء کا لینڈ ریونیو بل اب ۱۹۶۷ء میں لائی ھے -

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar : Of course I am not relevant.

میری گذارش ھے کہ آپ ان کے ساتھ انصاف کریں ان کو زندہ رکھیں - ان سے کام لیں - اگر وہ زندہ نہ ھوتے تو پانچ اور چھ ستمبر ۱۹۶۵ء کی رات اور صبح کو قومی اخبارات اور پریس اکٹھے نہ ھوتے -

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶) - جناب سپیکر - میں اختر صاحب کی ترمیم سے مکمل طور پر اتفاق کرتا ھوں لیکن مجھے یہ عرض کرتے ھوئے مسرت نہیں بلکہ دکھ ھوتا ھے کہ ھماری حکومت کارکن صحافی کی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے یا ان کے عزیز و اقارب کو زندگی کی عام ضروریات کی بہم رسانی کے سلسلہ میں تو کیا ان کے حقوق کے تحفظ کے لئے قانون اس وقت لائی جب کہ "اتفاق" "سنگ باد" اور

انجام کی لاشیں تو قبروں میں سڑ رہی ہیں اور مغربی پاکستان کے مشہور اخبار کوہستان کو اپنی جان بچانے کے لئے نئے خاوند کی تلاش کرنی پڑی ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہو گا ۔ کہ اس ملک کا قانون ہے کہ اگر کسی شادی شدہ عورت کو دوسرا آدمی اغوا کر لے تو وہ جرم نہیں یا کم از کم قابل دست اندازی جرم نہیں ۔ اور اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ بعض لوگ بیچارے غربت کی بنا پر اس قسم کی قبیح چیز بھی کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ دنیا میں پیٹ کیا کچھ نہیں کرواتا ۔

Minister of Information : And a very relevant speech. I must say.

مسٹر حمزہ ۔ Yes جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک حکومت کا فرض ہے کہ وہ اشتہارات کی تقسیم میں انصاف سے کام لے اس کی وجہ کیا ہے ؟ ۔ اگر حکومت یہ چاہتی ہے کہ وہ تمام ذمہ داریاں جو کہ اس قانون کے ذریعہ اخبارات کے مالکان پر یا ان کے management پر ڈالی گئی ہیں کہ وہ اسے کماحقہ طور پر پورا کریں اور اگر ان کے جو جائز مطالبات ہوں ان کو بھی پورا کریں ۔ تو حکومت پر یہ ذمہ داری اس لئے ڈالی گئی ہے کہ جو اشتہارات کی رقوم ہیں ان کے متعلق یہ کہہ سکتی ہے کہ یہ ہماری صوابدید پر ہے کہ ہم جس کو پسند کریں اس کو دیں اور جس کو پسند نہ کریں اس کو نہ دیں ۔ لیکن میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ حکومت عوام کی ہے ملک عوام کا ہے اور سرمایہ جو حکومت کے پاس ہوتا ہے وہ ان کی ذاتی ملکیت نہیں یہ ان کا فرض ہے کہ یہ امانت میں خیانت نہ کریں اور خود امانت کو جائز طریقہ سے استعمال کریں ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہماری حکومت نے ملک میں اس قسم کے حالات پیدا کئے ہیں کہ جو پریس یا اخبارات

موجود ہیں ان کے منشا کے مطابق خبریں توڑنے مروڑنے پر مجبور ہیں ۔ ٹھیک ہے ان میں بعض دوسری خبریں بھی آتی ہیں لیکن وہ زیادہ تر آپ کی خدمت کرتے ہیں اس لئے آپ کا فرض ہے کہ آپ جب اشتہارات دیں تو اگر آپ ان کو نوازیں نہیں تو کم سے کم ان کے جائز حقوق کی حفاظت تو کریں ۔ میں تو یہ کہوں گا کہ حکومت نے اس قانون کے ذریعہ جو تمام ذمہ داریاں اخبارات پر عائد کی ہیں ان کو چاہئے کہ وہ خود بھی ذمہ داریاں لیں ۔ کیوں ؟

جناب سپیکر ۔ پنجابی میں کہتے ہیں " مرغی دانہ کہیں جا کر کھائے اور انڈے کہیں جا کر دے " ۔ کارکن صحافی خدمت حکومت کی کریں تنخواہ جا کر مجید نظامی سے مانگیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ جی ہاں ہم یہی چاہتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر اطلاعات فرماتے ہیں کہ ہم یہی چاہتے ہیں کہ "نوائے وقت" بھی اپنے کارکن صحافیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے میں جناب کرمانی صاحب سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کی حکومت کی طرف سے پریس کانفرنسیں ہوتی ہیں تو آپ کے محکمہ کے افسران کارکن صحافیوں سے کہتے ہیں کہ اس شخصیت سے یا اس وزیر سے (میں اگلا نام نہیں لینا چاہتا) آپ اس قسم کے سوال نہ کر بیٹھیں جس سے وہ ناراض ہو جائیں اور اس قسم کے سوالات پوچھیں جن سے وہ ناراض نہ ہوں ۔ کرمانی صاحب اگر اس کی تردید کر سکتے ہوں تو کر دیں ۔ لیکن کرمانی صاحب آپ کے محکمہ کی طرف سے اکثر اوقات فون پر ہدایت کی جاتی ہے کہ فلاں خبر کو چھاپو اور فلاں خبر کو نہ چھاپو اور فلاں خبر کو اس شکل میں چھاپو لیکن اب آپ کے محکمہ نے اس تک ہی اکتفا نہیں کی بلکہ آپ کا محکمہ

تحریری طور پر احکام ارسال کرتا ہے کہ فلاں خبر کو ختم کیا جائے اور فلاں خبر کو شائع کیا جائے اور فلاں خبر کو اس شکل میں شائع کیا جائے اور فلاں خبر کو اس شکل میں شائع نہ کیا جائے ۔ میرے سامنے ایک پریس نوٹ ہے جسے میں آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔

With the compliments of the Director,

Press Information, West Pakistan,

Information Department, Lahore.

No. 234-JZ/ar. dt. 29-1-67.

PRESS NOTE

On Sunday morning, the following persons were served with detention orders under Rule 32 of the Defence of Pakistan Rules :—

1. Mr. Ehtishamul Haq Thanvi
2. Mr. Abul Ala Maudoodi
3. Mufti Muhammad Husain Naeemi —
4. Mr. Azhar Hussain Zaidi
5. Mr. Ghulam Ghaus Hazarvi

They have been taken to separate bungalows specially hired for them in various places in West Pakistan. The detention order is for two months.

The car in which Mr. Azhar Hussain Zaidi was travelling along with a police officer met an accident on the road about fifty miles from Lahore. The police officer was seriously injured and was taken to the hospital at Sahiwal. Mr. Zaidi was not hurt but he has been given a thorough check-up in the same hospital and is kept there for further observation as a matter of special care.

PRESS ADVICE

The above press note shall not be published either on the front or back page in any newspaper. It should be published on an inside page in a single column inconspicuously. The head lines should

not be in bold letters and should be confined to single column. The news should be given without any bold marginal lines.

(JAMEEL UZ ZAMAN)
Director Press Information
&
Provincial Press Adviser,
Government of West Pakistan,
Lahore.

Minister of Information : And it is relevant to which section ?

Mr. Hamza : To the amendment that is before the House at the moment.

Minister of Information : I wonder Sir.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب آپ اس قسم کی ہدایات اخبارات کو جاری کریں گے اور جاری کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں اور جب اخبارات آپ کی ان ہدایات پر پوری طرح عمل کرتے ہیں تو کیا آپ پر لازم نہیں ہے کہ ان کو آپ اس قانون کی لا قانونیت کا شکار نہ ہونے دیں اور اشتہارات کی تقسیم اپنی صوابدید پر نہ چھوڑیں اور اس کی تقسیم میں سرکولیشن کو مد نظر رکھیں - میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جب یہ اس قانون کی پابندی کو اپنے اوپر عائدکرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو پھر یہ توقع کرتے ہیں کہ مجید نظامی جس کے اخبار کے اشتہارات یہ اتنے عرصہ سے بند کئے ہوئے ہیں پریس ٹرسٹ کے اخبارات کے ہوتے ہوئے وہ اخبار زندہ رہ سکے گا - اور آپ نے پریس ٹرسٹ کے اخبارات کو صرف اشتہارات ہی سے نہیں نوازا اور صرف مشینری امپورٹ کرنے کے لئے لائسنس ہی نہیں دئے بلکہ آپ نے ان کے لئے بڑے بڑے سرمایہ داروں سے ۵۰ لاکھ روپیہ بھی حاصل کر لیا ہے -

Minister of Information : Do you know that this is the only paper which has got wrongly acquired property worth several lakhs ? Do you know that ? This is the only newspaper which has only benefitted from this Government.

مسٹر حمزہ - آپ اس کو oppose کرتے ہیں -

Minister of Information : We are not concerned with individuals.

Mr. Speaker : No cross talks please.

مسٹر حمزہ - کیا مجید نظامی اتنے دولت مند ہیں کہ پریس ٹرسٹ کے کارکن صحافیوں کے مقابلے میں اپنے صحافیوں کو اتنی رقوم دے سکیں -

وزیر اطلاعات - خدا کرے آپ بھی دولت مند ہو جائیں -

Property worth several lakhs of rupees was taken for only a few thousands.

مسٹر حمزہ - جن لوگوں نے پریس ٹرسٹ کے لئے چندہ دیا ہے وہ یہ ہیں -

۱ داؤد کاٹن ملز لیمیٹڈ

۲ باوانی وائلن ٹیکسٹائل ملز لیمیٹڈ

۳ فینسی انوسٹمنٹ لیمیٹڈ

۴ نیشنل کمرشل بینک لیمیٹڈ

۵ واہ بھائی قمر الدین (سندھ) لیمیٹڈ

۶ گندھارا انڈسٹریز لیمیٹڈ

۷ حئی سنز لیمیٹڈ

۸ سٹینڈرڈ بنک لیمیٹڈ

۹ حبیب بنک لیمیٹڈ

۱۰ سہگل برادرز لیمیٹڈ

۱۱ کوہ نور رے ان لیمیٹڈ

۱۲ امین جوٹ ملز لیمیٹڈ

۱۳ کالونی ٹیکسٹائل ملز لیمیٹڈ

۱۴ آدم جی سنز لیمیٹڈ

۱۵ نیشنل بنک آف پاکستان

Mr. Speaker : The Member may please be relevant.

مسٹر حمزہ - میں نے کل بھی عرض کیا تھا اور آج پھر عرض کرتا ہوں کہ جب حکومت نے اس ہنگامی قانون کے ذریعے اخبارات پر اتنی پابندیاں عائد کیں ہیں تو لازمی طور پر ان کو یاد رکھنا چاہئے ''ہم اس کے حق میں ہیں،، لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ آپ کس طرح ایسے اخبارات جن کی زندگی کے آپ بذات خود دشمن ہیں - جن کو آپ نہیں چاہتے کہ وہ اقتصادی طور پر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں آپ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ وہ نہیں اپنے کارکن صحافیوں کے جائز مطالبات کو پورا کر سکیں گے - اگر وہ پورا نہیں کر سکیں گے تو وہ خود ہی قاتل اور خود ہی منصف بن جائیں تو ایسی صورت میں ہم کیا کر سکتے ہیں - جناب سپیکر - حالت اب یہ ہے کہ اخبارات اور خصوصی طور پر وہ اخبارات جن پر حکومت کی نظر کرم نہیں ہے اور نظر کرم کے لئے لازمی ہے کہ وہ اخبار نام کا اخبار رہے لیکن جہاں تک عوام کی آواز بلند کرنے کا فریضہ ہے وہ ادا نہ کر سکے تو ایسے اخبار کی افادیت کو کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے - لیکن وہ اخبارات جو صحیح معنوں میں عوام کی آواز کو بلند کرتے ہیں اور حکومت کے ناقد ہیں اور حکومت کے اچھے مشیر ہیں اور اس کو اندھیرے میں نہیں رکھتے یہ ہیں وہ اخبارات جو اخبار کہلوانے کے حق دار ہیں

لیکن وہ اخبارات جو وزیروں کی تصویریں ھی نہیں چھاپتے بلکہ ان کے ایسے بیانات جو انہوں نے کبھی نہ دیئے ھوں وہ بھی شائع کرکے شاید ان کے نقطہ نظر سے خدمت کرتے ھوں لیکن وہ قوم کی خدمت قطعاً نہیں کرتے ایسے اخبارات حکومت کے بہت پسندیدہ ھیں - جناب سپیکر - جیسا کہ آپ کو معلوم ھے کہ کاغذ کی گرانی دن بدن بڑھ رھی ھے اور ھمارے ملک میں مشینری کی قیمت میں بھی روز بروز اضافہ ھو رھا ھے اور عام اخبارات اس حالت میں نہیں ھیں کہ صحافیوں کی ذمہ داریاں پوری کر سکیں -

وزیر اطلاعات - یہ کچھ مختلف کہتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں جناب وزیر اطلاعات کی خدمت میں انصاف کے نام پر درخواست کروں گا کہ وہ اشتہارات کی تقسیم کے متعلق ھماری ترمیم کو قبول کر لیں - اس میں ھم نے کسی سے ناانصافی کرنے کو نہیں کہا میں درخواست کرتا ھوں اور انصاف کے نام پر اپیل کرتا ھوں کہ اس کو قبول کر لیا جائے اور کسی اخبار کو پولیٹیکل victimization کا شکار نہ بنایا جا سکے -

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani): Sir, I am at a loss to understand as to what I should say in reply to what has been said.

ملک محمد اختر - * x x x

Minister of Information: I have great respect and regard for every Member sitting on the opposite benches and I feel genuinely that they are serving the cause of the country as patriotically as we sitting on these benches.

Mr. Speaker: The remarks made by Malik Muhammad Akhtar are expunged from the proceedings of the Assembly.

**Expunged as ordered by the Speaker.*

Minister of Information : I was saying that I have the greatest regard for every Member sitting on that side and, therefore, cannot associate myself with these most uncharitable remarks made by Malik Muhammad Akhtar. I am thankful to you, Sir, for having ordered to get them expunged.

The Opposition Members, it appears, are really very privileged people. If the matter before the House is about a particular subject they are at liberty to bring in all other subjects on the face of the aerth.

Now, the purpose of this Ordinance is contained in the Preamble which says—

> "Whereas it is expedient to regulate certain conditions of service....."

Note, Sir, it says "conditions of service".

> ".....of working journalists and other persons employed in newspaper establishments;"

The purpose is to provide some relief to the working journalists in the matter of their conditions of service and to regulate them. I will take them one by one. The first one is to proposed section 20 and it says—

> "All the Government Departments and Autonomouse Bodies shall maintain an approved list of English, Urdu and other Oriental Language dailies and Evening dailies ; English, Urdu and other Oriental Weeklies, Fortnightlies and Monthlies and shall irrespective of any political consideration allot official advertisement to aforementioned papers in accordance with their circulation."

Sir, to begin with, the simple question that arises is as to what this amendment has got to do with the object of this Ordinance.

Khawaja Muhammad Safdar : Is the Minister going to challenge the scope of the amendment that has been discussed ?

مسٹر حمزہ - میرے وہ بزرگ ہیں سابقہ ساتھی بھی - میں ان کی انتہائی قدر کرتا ہوں - فارسی میں ایک کہاوت ہے کہ ہتھیار جو جنگ کے بعد یاد آئے جناب سپیکر - اس کا آخری حصہ میں نہیں کہوں گا -

Minister of Information: But there is no harm in urging and, I feel, I am not debarred under the Rules of Procedure to make this statement. If you permit, Sir, this section to be made part and parcel of the Ordinance, I think, the outside world will have not a good opinion about us. It is a well-established practice of drafting that when you are drafting a Bill or an Ordinance relating to a particular subject, then other subjects should not be introduced in it. True, they can say that the opportune moment when such an objection could have been raised has been missed but, conceding for the sake of argument that that was a lapse on the part of the Member-in-Charge, the fact remains that this argument has its own weight and it will be very very improper to incorporate this section which has nothing to do with the aims and objects of this Ordinance. If they feel so strongly about this amendment, nobody is preventing them from bringing in a fresh Bill before the House.

Malik Muhammad Akhtar: It is coming.

Minister of Information: Then it is on that occasion that you should urge and press such pieces of legislation but not now.

Sir, much has been said about the unfair treatment to a particular newspaper but we are not concerned at the moment as to what treatment that paper is receiving at the hands of the Government. What we are concerned with, at the moment, is that that particular newspaper also extends all facilities, that are contemplated by this Ordinance, to its employees. That is all. I may submit that the Government has the fullest support of all those journalists who are employed in that paper. At the moment, that is the worry of the Government and it is very unfair on the part of some of my friends sitting over there to introduce a most irrelevant matter into this Ordinance.

Dealing with sections 21 and 22 I have only to say that a Fact Finding Committee was appointed by the Government to find out the reasons of the non-implementation of the decisions of the Wage Board. On that Committee there were representatives of the working journalists as its members and they never raised this issue that they should be given pension or that compulsory insurance be provided for them. Sir, kindly appreciate the limitations and the difficulties of the Government. We are only trying to implement the unanimous recommendations of that Committee. This Committee was composed of the representatives of the Newspaper-men and the Working Journalists, the representatives of the East Pakistan Government and the West Pakistan Government and finally the representatives of the Central Government. Sir, we have never discouraged the Journalist to raise as many demands as they like. It is for them to represent all these points and

to prevail upon their employers to accede to their demands and if their demands are acceded to, Government will never stand in their way. But Sir, primarily and essentially it is a matter between the Working Journalists and the Employers. And, Sir, if they succeed tomorrow in prevailing upon the employers to give them all these concessions, this Government will be too glad to know this and then will see that a proper machinery is set up for implementing those decisions. Sir, I am sorry to say that during the course of the discussion on these amendments, an ugly attempt was made to give unpleasent term to the discussion. It is not possible for us to go into the personal affairs of any newspaper. This Government will never do this. But if somebody forces the issue, then it will be considered to bring on record certain facts which will be shocking not only for this House but for the world outside. But Sir, as I am placed, I will observe restraint and will not say things unpleasant. I will conclude with the observation that we stand for the freedom of the Press; we stand for the prosperity of the Working Journalists. Sir, we want this Industry to flourish and,in the past, Government have been very particular in providing all possible facilities to this industry. But any civilised Government cannot afford, and much less this Government, to permit certain persons, certain individuals, in the name of democracy and freedom of the Press, to indulge in activities which, in fact, negate these very conceptions. Sir, you will excuse me if I do not further elaborate my points and I will conclude my submission that the remarks of all these amendments which have been moved by my friend, Malik Muhammad Akhtar, have no bearing at all with the declared objectives of this Ordinance.

Mr. Speaker. I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

> That in the Working Journalists (Conditions of Service) West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, after section 10, the following new section be added, namely :—
>
> "11. After section 19 of the Working Journalists (Conditions of Service) Ordinance, 1960, the following new sections be added, namely :—
>
> "20. All the Government Departments and Autonomous Bodies shall maintain an approved List of English, Urdu and other Oriental Language dailies and Evening dailies; English, Urdu and other Oriental Weeklies, Fortnightlies and Monthlies and shall irrespective of any political consideration allot official advertisement to aforementioned Papers in accordance with their circulation.
>
> 22. A Working Journalist shall be entitled to be paid pension or gratuity after a service of fifteen years.

23. The Working Journalist be compulsorily covered by insurance."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Malik Muhammad Akhtar: That amendment stands disposed of, Sir.

Mr. Speaker : Yes, it is out of order too—(*laughter*).

We now pass on to the "Preamble". There is an amendment by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I do not move Sir.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I am not moving Sir.

Mr. Speaker : Next amendment by Haji Atta Muhammad Lund.

He is not present. The amendment is not moved. Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : That too, Sir, I am not moving.

Mr. Speaker : I will now put the Ordinance for approval.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed. We want to oppose the Ordinance as a whole.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر اسے بروئے کار لانے کے لئے جو مشینری استعمال میں لائی گئی ہے وہ ایسے ہے جیسے کسی مردے کو قبر سے باہر کھینچ لائیں میں گزٹ آف ویسٹ پاکستان مجریہ ۳۱ جنوری ۱۹۶۱ء کے صفحہ ۵۹۱ سے جسٹس سجاد احمد جان ، جوکہ اس بورڈ کے چیئرمین تھے ، کے الفاظ پیش کرتا ہوں - وہ جناب والا یہ ہیں -

58. Duration of Decision.- We have formulated our decision primarily on the present conditions of the newspaper industry in the country and we considered it to be fundamentally wrong that it should not be subject to review after a course of time. Newspaper industry in this country cannot remain stagnant and static and is bound to grow with the impact of the new economic, political, educational and cultural forces that are being put into action and it is quite possible that the newspaper industry and

جناب والا ۔ جنہوں نے اس فیصلہ کو نافذ کیا وہ کہتے ہیں کہ یہ ۱۹۶۶ء میں آؤٹ آف ڈیٹ ہو کر رہ جائیں گے مگر آپ اسے اب لا رہے ہیں ۔ وہ چیز جس کو اس کے خالق نے پانچ سال کے لئے پیدا کیا تھا اور جو دم توڑ چکی ہوئی ہے اسے آپ قبر سے نکال کر آپریٹو بنا رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ ایک ذرا سا اقتباس پیش کرنے کی اجازت دیں میں لمبی کوٹیشن کا قائل نہیں ہوں یہ بھی ان کے ویج بورڈ کے فیصلہ میں ہے ۔

its various units may assume a different pattern and a different shape in the next few years. Under our fitment provision providing gradual adjustment to the new wage structure for the newspapers which are below the mark, our wage scale will assume its full operation in the next two years and we considered it proper that our wage scale should have a run of another three years when its impact on the newspaper industry as a whole will be fully felt and realised. It would be then fitting to re-assess the whole position regarding the wages of the working journalists and rectify the errors and omissions against the background of the experience gained. We have, therefore, provided that our decision shall have a life of five years only, that is to say, it shall be operative till the 1st of January 1966 when a fresh authority may be appointed by the Government to reconsider the whole matter."

یعنی بتا رہے ہیں کہ انہوں نے scale of wages کیسے مقرر کئے ۔

"Our view on this point finds support from a judgment of the Supreme Court of India in Express Newspaper (Private) Ltd. and another V. The Union of India and others (1939 S. C. R. 12). Therefore, in our decision we have proceeded on the basis that the "scale of wages" fringe benefits and allowances which we are providing for the journalist are included in the term "rates of wages" which the working journalists shall be entitled to claim as a matter of right under our "decision".

اب آپ کہیں گے کہ اس کی relevancy کیا ہے ۔ اس کی relevancy یہ ہے کہ حکومت نے حکومت کے سیکرٹریٹ سے لے کر ایک تھرڈ کلاس میونسپل کمیٹی تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں الاؤنسز وغیرہ کو اکٹھا کر دیا ۔ رولنگ بھی یہی کہتی ہے

charges should include all the allowances.

وہ بھی scale of wages پر base کرتے ہیں ۔ یہ جسٹس سجاد احمد جان صاحب کے الفاظ ہیں انہوں نے بھی اسی پر base کیا ہے ۔ میرے argument کو اس سے سپورٹ حاصل ہوتی ہے کہ جبکہ حکومت نے ۲۰ یا ۲۵ فیصد اپنی تنخواہوں میں اضافہ کر دیا یعنی ۱۹۶۳ء - ۱۹۶۴ء یا ۱۹۶۵ء میں تو اس وقت پرانے ویج سکیل کی حکومت کے پاس کوئی ایسی تجویز زیرغور نہ تھی جو کہ موجودہ ویج بورڈ اوارڈ مورخہ ۳۱ جنوری ۱۹۶۱ء میں دی گئی ہے اس سے بڑا ظلم اور ناانصافی کوئی نہ ہوگی ۔ اسکو اب operative قرار دیا جائے ۔ کیا ہمارے وزیر اطلاعات یا حکومت مغربی پاکستان اس چیز سے انکار کر سکتی ہے کہ انہوں نے short اور limited resources کے ہوتے ہوئے ۔ معمولی وسائل جو ان کے پاس ہیں ان کے ہوتے ہوئے اب مہنگائی کو دیکھا اور انہوں نے ایک rate table اس میں increase کیا ۔ اب پہلے مرکزی حکومت نے الاؤنسز کو integrate کر کے الاؤنسز اور تنخواہ کو ایک کر دیا ۔ پھر صوبائی حکومت نے کیا ۔ پھر اٹالمس باڈیز نے کیا ۔ اس کے بعد فوجیوں نے کیا جو سب سے زیادہ میری نظر میں حقدار ہیں ۔ جن کی سب سے زیادہ اعلیٰ سروس ہے ۔ یہ ۱۹۶۳ء یا ۱۹۶۴ء میں ہوا ۔ یہ factor ان کے سامنے نہ تھا پھر بھی سپریم کورٹ نے ہندوستان کی رولنگ پر انحصار کرتے ہوئے کہا کہ جو wage scale ہوگا اس میں تمام الاؤنسز کو شامل کیا جائے گا ۔ تمام مغربی پاکستان کو اور مشرقی پاکستان کے افراد کو الاؤنسز دئے گئے ہیں اور

ان کی تنخواہیں یک لخت بڑھائی گئی ہیں اور یہ تنخواہیں ۴۰ فیصد بڑھا دی گئی ہیں ۔ ۱۹۶۱ء میں اسی ویج سکیل کو اس وقت introduce کرنا میں سمجھتا ہوں انتہائی زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا میں صرف دو references اور عرض کروں گا ۔ ایک reference سابقہ وزیر کی تقریر کا ہے اور وہ سابقہ وزیر جناب غلام نبی میمن صاحب ہیں انہوں نے کہا تھا کہ سیکنڈ ویج بورڈ آ رہا ہے اس کے بعد میرے پاس پی ۔ ایف ۔ یو ۔ جے کی cutting ہے انہوں نے پہلے ویج بورڈ کو condemn کیا کہ یہ ہمیں مناسب مراعات نہیں دلا رہا ہے ۔ اور ایک پریس cutting مسٹر ظفر صاحب کا ہے ۔ جب وہ نئے نئے وزیر ہوئے ۔ دراصل وزراء صاحبان بیان بڑے اچھے دیتے ہیں کاش ان کے عمل اور فعل میں تضاد نہ ہو ۔ انہوں نے بھی سیکنڈ ویج بورڈ کے لئے کہا ۔ میرے پاس جو cuttings ہیں ان کے مطابق حکومت نصف درجن بار کے قریب کہہ چکی ہے کہ سیکنڈ ویج بورڈ بنائیں گے ۔ کرمانی صاحب یقیناً آپ کو یہ کریڈٹ جاتا ہے ۔ کہ آپ نے اپنے ذاتی اثر و رسوخ کو استعمال کیا ہے ۔ ورنہ دو سال اور یہ قانون نہ بنتا ۔ اس کے لئے جتنا آپ کا کریڈٹ ہے I give you full credi. *(hear, hear)* دیکھئے یہ آپ کی داد رسی ہے ۔ یہ آپ کی لاچاری ہے ۔ آپ کو چاہئے تھا کہ آپ ایک چٹان کی طرح اکڑ جاتے اور اپنا نقطہ نظر منوا کر رہتے سیکنڈ ویج بورڈ اوارڈ کے لئے جو پروویژن ہے اسے پورا کرواتے ۔ اس کے بعد میں ذرا سی کوٹیشن اور دوں گا ۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو میں اسے پڑھتا ہوں ۔

میاں محمد شفیع ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں ملک اختر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ جب ان کو وزیر بنا دیا جائے گا تو وہ چٹان کی طرح اکڑیں گے یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : A journalist's onerous and responsible duties were very neatly summed up by Mr. Wickham Steed, the former Editor of the 'Times' in the following words :

> "The ideal journalist would be one who having mastered and assimilated the wisdom of the ancients, the philosophies of the more modern, the knowledge of Scientists, the mechanics of Engineers, the history of his own and of other t mes, and the chief factors in economic, social and political life, should be able to hide all these things in his bosom and to supply as much of them as might be readily digested, to his millions of readers in proportion as he divined their desire for them.".

جناب والا ۔ ان کے کہنے کے مطابق ایک ورکنگ جرنلسٹ ۔ ایک ایڈیٹر ۔ ایک رپورٹر کا سینہ جو ہے وہ ایک سرچشمہ ہے جس سے لاکھوں لوگوں نے فائدہ اٹھانا ہے ۔ آپ اندازہ کیجئے پاکستان بنا لوگوں نے کروڑوں روپے کے فائدے حاصل کئے سب لوگوں نے ترقی کی ایک نئی سوسائٹی ایک نئی کلاس پیدا ہوئی لیکن یہ مظلوم کلاس کہلئے سب سے پہلے صدر مملکت کو کریڈٹ حاصل ہوا کیوں کہ انہوں نے اس کمشن کو appoint کیا ۔ جس کی ۱۹۵۹ ء میں رپورٹ شائع ہوئی اور ۱۹۶۰ ء میں بورڈ قائم کیا گیا اس سے میری مراد ویج بورڈ اوارڈ سے ہے ۔ اس کے بعد ۷ سال کی قیمتوں کے متعلق آپ اندازہ فرمائیں یہ غیر متعلقہ مثال نہیں ہے ۔ آج جب کہ ہم اپنی تنخواہیں بڑھانے کے لئے ایک بل سرکولیٹ کر رہے ہیں کہ ہماری ڈیمانڈ ہے کہ تنخواہ دگنی کی جائے ۔ (قطع کلامیاں)

جناب والا ۔ ورکنگ جرنلسٹ اگر کوئی باہر کے ممالک سے آتا ہے تو وہ دیکھتا ہے کہ آیا پاکستان کے اخبارات true image پیش کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کوئی true image پیش کر کے باہر رہ سکتا ہے وہ جیل میں جائے گا ۔

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

ملک محمد اختر - جناب والا - آپ اندازہ فرمائیں یہ ورکنگ جرنلسٹ کے لئے تمام پابندیاں ہیں - یہ کہتے ہیں کہ ہم نے حاتم کی قبر پر لات ماری ہے - میں ضرور کریڈٹ دیتا ہوں - یہ تاریخ میں لکھا جائے گا کہ کرمانی صاحب نے اس بل کو پیش کیا اور ان کو کریڈٹ بھی حاصل ہوگا - کیا ۷ سال سے حکومت سوئی ہوئی تھی - کیا یہ کریمینل negligence نہیں تھی - انہوں نے اس کو جھنجھوڑا اور ان سے ایک قانون بنوایا لیکن جو قانون بنوایا وہ قانون کیا تھا وہ قانون یہ تھا کہ ایک مردہ جب دم توڑ چکا ہے جس کی میعاد اس کے خالق کے کہنے کے مطابق ۱۹۶۶ ء میں ختم ہو چکی ہے اس کو اب یہ ۱۹۶۷ ء میں enforce کریں گے - آپ بتائیں کیا یہ ورکنگ جرنلسٹ سے انصاف ہے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - پیشے کے اعتبار سے آزاد ملکوں میں صحافت نہایت ارفع اور بلند مقام رکھتی ہے اس سے پیشتر ابھی ابھی بات کرتے ہوئے میں نے عرض کیا تھا کہ اس کو fourth estate کہا جاتا ہے اور صحافت کا مقام اس طور پر واضح اور بلند ہے کہ باقی تین ستونوں سے اس کا کردار کہیں زیادہ اہم ہوتا ہے - اس کی بے لاگ نکتہ چینی اس کی بلا روک ٹوک تنقید آزاد ملکوں میں انتظامیہ کو اپنے حدود کے اندر رہنے پر مجبور کرتی ہے صحافت مقننہ کو guide lines دیتی ہے اور امریکہ جیسے ملک میں عدلیہ بھی اس کی نکتہ چینی سے بالا نہیں سمجھی جاتی - ایسے پیشے سے تعلق رکھنے والے دوستوں کے لئے اگر باوقار زندگی بسر کرنے کا کوئی وسیلہ مہیا کیا جائے - اگر انہیں زندگی کی آسودگیوں سے ہمکنار کرنے

کی کوئی بھی کوشش کی جائے تو میں ان لوگوں میں سے ہوں کہ میں اس کوشش کو ضرور سراہوں گا ۔ اس کوشش کی تائید کروں گا اس اس کوشش کو بہتر تصور کرتے ہوئے اس کی حمایت کروں گا ۔ لیکن کیا صرف یہ ایک معمولی سا قانون بنا دینے سے جس سے کہ کارکن صحافیوں کے کاروباری حالات میں معمولی سی بہتری پیدا کر دینے کی کوشش کی گئی ہے ۔ ہم نے صحافت کو اس معیار پر لانے کی کوئی سعی کی ہے جو کہ آزاد ملکوں کا معیار ہے ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے ۔ اور ہم جہاں اپنے صحافیوں کو معاشی غلامی سے آزاد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اپنے کارکن صحافیوں کو ذہنی غلامی پر مجبور کر رہے ہیں ۔ ایک طرف معاشی طور پر اگر ہم ان کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں توکیا ہمارا یہ فرض نہیں ہے کہ ہم ذہنی طور پر بھی ان کو آزاد دیکھیں ۔ کیا یہ امر واقعہ نہیں ہے کہ ہم نے ان کے گرد و پیش ایسی دیواریں چن رکھی ہیں ان پر ایسی پابندیاں اور قیود عائد کر لی ہیں کہ ان کے ذہن آزاد نہ ہوں ۔ ابھی ابھی میرے دوست نے اس ایوان میں ارشاد فرمایا ہے کہ ہر شام اگر کارکن صحافیوں کو ٹیلیفون پر احکام صادر فرمائے جائیں تو کیا یہ ان کے اذہان کی آزادی ہوگی یا غلامی ہوگی ۔ میں جناب وزیر اطلاعات کی خدمت میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ جہاں انہوں نے یہ کوشش فرمائی ہے کہ کارکن صحافی اپنے بلند پیشے کے اعتبار سے ایک حد تک اپنی مالی پریشانیوں سے نجات حاصل کر لیں ۔ وہاں میں ان سے یہ درخواست بھی کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ وہ یہ کوشش بھی کریں کہ جن جکڑ بندنوں میں آج ہماری صحافت محبوس ہے ۔ پابند ہے ۔ ان کو بھی توڑ دیا جائے ۔ تاکہ کسی کارکن صحافی کو یہ خیال نہ ہو کہ اگر اس نے کوئی

رپورٹ اپنی مرضی سے شائع کر دی اور محکمہ اطلاعات کے احکام کی خلاف ورزی کر دی ۔ تو کل اسے ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت جیل میں تو نہیں جانا ہو گا ۔ اسے اس فکر سے بھی آزاد کیجیئے ۔ اسے اس غم سے بھی نجات دلائیے ۔ وہ ہر وقت محکمے کے حکم اور اپنے ذہن کے درمیان جس کشمکش میں مبتلا رہتا ہے ۔ اسے اس کشمکش سے بھی نجات دلائیے ۔ ابھی ابھی میرے دوست وزیر اطلاعات نے فرمایا تھا کہ وہ ملک میں آزاد صحافت دیکھنا چاہتے ہیں ۔ ان کا یہ فقرہ سن کر مجھے انتہائی مسرت حاصل ہوئی ۔ لیکن کیا وہ اپنے اس فقرے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے تیار ہیں ۔ دو روز ہوئے جب میں نے پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کو repeal کرنے کے لئے ایک بل پیش کیا تھا جس کی انہوں نے مخالفت کی تھی اور اپنی اس مخالفت سے انہوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ اس صوبے میں ایک آزاد پریس دیکھنا ہی نہیں چاہتے ۔ کیا اس میں کوئی شک ہے کہ ہر روز اخبارات میں خبروں کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جاتا ہے ۔ انہیں توڑ مروڑ کر خود کارکن صحافی پیش نہیں کرتے بلکہ حکومت کے جبر کے تحت ' حکومت کے حکم کے تحت ان کو مجبوراً ایسا کرنا پڑتا ہے ۔ مثال کے طور پر ابھی ابھی جیسا کہ ایک press release کا ذکر میرے دوست حمزہ صاحب نے کیا تھا ۔ وہ یہ ہے کہ ایک جیپ کو حادثہ پیش آیا اور جس میں بقول ان کے ایک پولیس انسپکٹر کو شدید ضربات آئیں ۔ اسی جیپ میں اظہر حسین زیدی صاحب بھی سوار تھے press release کے مطابق انہیں کوئی چوٹ نہیں آئی تھی اور وہ بچ گئے تھے لیکن پھر بھی انہیں thorough check up کے لئے ہسپتال بھیجا گیا ۔ حالانکہ یہ امر واقعہ ہے اور حکومت کو بھی یہ معلوم ہے کہ ان کے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی اور وہ ابھی تک بستر پر دراز ہیں اور چل پھر نہیں سکتے

مگر حکومت کا پریس ریلیز کہتا ہے کہ انہیں کوئی چوٹ نہیں آئی اور اس حادثے میں صرف ان کے ایک ملازم زخمی ہو گئے تھے ۔ مگر کسی صحافی کی یہ جرأت نہیں کہ وہ پریس ریلیز کے خلاف درست خبر اپنے اخبار میں شائع کروا سکے ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ ایک آزاد پریس کی زندہ مثال ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا اسی کو آزاد پریس کہتے ہیں ۔ کیا اسی قسم کا آزاد پریس میرے دوست جناب وزیر اطلاعات چاہتے ہیں ۔ انہوں نے کچھ اور بھی اشارات و کنایات میں باتیں کی ہیں ۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ان کا منصب اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ بعض حالات کا انکشاف کریں ۔ جناب والا ۔ کم از کم میں تو آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ ان کا یہ فرض منصبی ہے کہ اگر اس صوبے میں کوئی بڑے سے بڑا فرد بھی کوئی غلط کاری کرے تو وہ اسے اس ایوان میں واشگاف الفاظ میں ننگا کریں ۔ یہ ان کا فرض منصبی ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ ان کا منصب اس بات کی اجازت نہیں دیتا ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ ان کا منصبی فرض ہے کہ وہ ہمیں وہ سب کچھ بتائیں کیونکہ وہ اس حکومت کے وزیر ہیں اور اگر اس صوبے میں کوئی نیک کام کرتا ہے تو یہ ان کا فرض منصبی ہے کہ وہ ان کی تعریف کریں اور اگر کوئی برا کام کرتا ہے تو یہ ان کا فرض منصبی ہے کہ ان کو عوام کے سامنے ننگا کریں کہ یہ آدمی برا ہے اور اس نے یہ کام برا کیا ہے ۔

جناب والا ۔ ہمیں insinuations میں بات کرنے کی ضرورت نہیں

ہے ۔ ہم یہاں اسمبلی میں بیٹھے ہیں اور ہمیں ہر بات پر ملا کہنی چاہیئے اور اس لئے یہ ان کا فرض ہے کہ وہ اس ایوان کو ہر قسم کی اطلاعات بہم پہنچائیں کیونکہ اس صوبے کے عوام اصل حالات معلوم کرنے کے لئے بے تاب ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے محترم دوست جناب وزیر اطلاعات نے ان مختلف ترامیم پر بحث کرتے ہوئے یا بحث کا جواب دیتے ہوئے جو کہ اس جانب سے اس آرڈیننس میں گذشتہ دو روز سے پیش ہوتی رہی ہیں اپنے خیالات اور حکومت کے نقطہ نظر کو یہاں پر بیان فرمایا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ اکثر اوقات میں ان سے اتفاق نہیں کر سکا ۔ اگرچہ وہ بڑے اچھے مقرر ہیں اور اپنے موقف کے لئے دور دور سے دلائل تلاش کر کے بھی لے آتے ہیں لیکن انہوں نے جس طور پر ان کو پیش کیا ہے اس سے ہم ایک ہی تاثر لیتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ جو کچھ ان چار صفحات پر لکھا جا چکا ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی ہے حالانکہ میرے خیال میں کئی ایسی تجاویز جو اس طرف سے پیش کی گئی ہیں بظاہر انہیں پسند کیا گیا ہے اور درست تسلیم کیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ اس سے پہلے میں نے جو ترمیم پیش کی تھی اس کے لئے دلائل دے چکا ہوں ۔ میں جناب وزیر اطلاعات سے دریافت کرتا ہوں کہ یہاں کلاز (بی) کیوں رکھی گئی ہے ۔ پہلے تمام اختیارات inspection کے متعلق تھے یا اوارڈ کو implement کرنے کے متعلق تھے ۔ وہ سب کلاز (اے) میں انسپکٹر کو حاصل تھے پھر کلاز (بی) کو blanket clause کی صورت میں کیوں شامل کیا گیا ہے کہتے ہیں کہ یہ دستور ہے کہ قوانین میں ایسی دفعات رکھ لی جاتی ہیں تاکہ کسی وقت کسی موقع پر اگر ایسے

حالات پیدا ہو جائیں تو ان سے لپٹنے کے لئے blanket clause جس میں اگرچہ کوئی اختیار واضح نہیں ہوتا لیکن ہر قسم کے اختیارات اس میں شامل ہوتے ہیں مگر اس قسم کے دلائل دور از کار ہیں یہ کسی کے ذہن کو appeal نہیں کرتے اور ذہن قبول کرنے کو تیار نہیں ہوتے ۔ بات وہی ہے جو سیدھی ہو ۔ قانون کو defined and explicit ہونا چاہئے اور اس کو قطعی طور پر vague نہیں ہونا چاہئے بلکہ واضح ہونا چاہئے ۔ اگر واضح نہیں ہو گا تو جن صاحب کو وہ اختیارات ملیں گے وہ ان سے ناجائز فائدہ اٹھائیں گے ۔ اپنی ذات کے لئے اور ان افسران کے لئے بھی جن کے ماتحت ملازم ہوں گے ۔

اس کی کئی مثالیں دی جا سکتی ہیں لیکن وقت کم ہے ۔ آخر میں میں وزیر اطلاعات کی خدمت میں عرض کروں گا اور اپنی اسی اپیل کو دہراؤں گا کہ اگر آپ نے چند صفحات پر مشتمل قانون کے ذریعہ ایک کوشش کی ہے اگرچہ وہ وسیع نہیں بلکہ محدود ہے ۔ اس بات کی کہ آپ کارکن صحافیوں کے لئے معاشی حالات کو بہتر بنا رہے ہیں ۔ میں درخواست کروں گا کہ جہاں یہ چھوٹی سی کوشش کی ہے وہاں ایک اور کوشش بھی کریں کہ ان کے ذہنی حالات کو درست کیا جائے ان کو ذہنی طور پر پابند اور مجبور نہ کیا جائے میں نے جو مثالیں دی ہیں ان کا آپ نے نہ تو پہلے جواب دیا ہے اور نہ اب دے سکتے ہیں ۔ ہم نے آپ کے تحریر کردہ حکم نامے آپ کو پڑھ کر سنائے ہیں ۔ آپ انکار نہیں کر سکتے ۔ آپ اخبارات کو ایسے حکم ناموں کے ذریعہ پابند کرتے ہیں ۔ اگر آپ ان اخبارات کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں تو پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کو منسوخ

کیجئے ۔ ڈی پی آر میں جو پریس کے متعلق دفعات ہیں ان سے قطع تعلق کا اظہار کیجئے پھر تو کوئی بات ہے خالی یہ دعویٰ کر دینا کہ ہم پریس کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں یہ کون مان سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر اطلاعات اس ایوان کی تمام اچھی روایات کو زندہ رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں مجھے توقع ہے کہ وہ اچھی روایت میں اضافہ بھی کریں گے ۔ لیکن جب ہماری طرف سے اعتراض کیا گیا کہ انسپکٹر جو کہ اس ہنگامی قانون کے تحت حاصل کئے ہوئے اختیارات کو کارکن صحافی کے حقوق کی حفاظت کے لئے استعمال کرنے کے لئے مقرر کئے گئے ہیں حکومت قومی پریس کی رہی سہی جان بھی لے لے گی ۔ اس کو ختم کرے گی ۔ اور اپنے ذاتی مفاد اور مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کرے گی ۔

جناب وزیر اطلاعات نے فرمایا تھا کہ انسپکٹر ایک افسر ہو گا ہو سکتا ہے بڑا انسپکٹر ہو گا ۔ یا بہت سے اعلیٰ مرتبت سے بھی بلند و بالا یا زیادہ اختیارات رکھنے والا افسر ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ ان کا محض یہ کہہ دینا کہ ایک بہت بڑا افسر ہو گا کافی نہیں ۔ ان کا شاید یہ خیال ہو کہ بحث ہو جانے کے بعد ہم یہ نتیجہ اخذ نہ کریں کہ حکومت کے احکامات قطعاً خلاف قانون ہوں گے ۔

جناب سپیکر ۔ اس ملک میں وہ حکومت جو قوم کو خوشحال دیکھنا چاہتی ہے اور قومی پریس کو پھلتے پھولتے دیکھنا چاہتی ہے اور یہ بھی چاہتی ہے کہ ہمارے کارکن صحافی عزت کی زندگی بسر

کریں اور ملکی حالات بغیر کسی کھٹکے کے اخبارات میں شائع کر دیا کریں ۔ جیسا کہ حکومت نے اعلان کیا ہے ۔ اگر واقعی یہ چاہتی ہے تو از راہ کرم بتا دیں کہ وہ افسر جن کا نام جمیل الزمان ہے یہ پریس نوٹ واقعی ان کی طرف سے تھا ۔ کیا وہ چھوٹا افسر تھا ۔ مجھے یقیناً ان افسران پر رحم آتا ہے ۔ جہاں کوئی برا افسر ہوتا ہے یہ حکومت اس کو کنٹرول کرنے میں تو بے بس اور بے جان ہے لیکن جو تھوڑے بہت اچھے افسر ہیں ان کو اپنے مقاصد کے لئے جو ان کے فرائض منصبی میں شامل نہیں ہیں استعمال کرنے کا کام لیتی ہے ۔ کیا آزادی تحریر و تقریر یا آزادی تحریر ہی کہنے دیں کی یہ اچھی مثال ہے ۔ کیا آپ نے اس افسر کو اس بات پر مجبور نہیں کیا کہ اس قسم کا پریس نوٹ جاری کرے ۔ اگر آپ نے اس کو مجبور کیا ہے تو کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس انسپکٹر کو بھی اسی قسم کے مقاصد کے لئے استعمال نہیں کریں گے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے کرمالی صاحب کی سابقہ بہت اچھی اچھی تقریریں یاد ہیں ۔ آپ یقین کیجئے ۔ جب میں ان کی کسی بات سے اختلاف کرتا ہوں تو مجھے شرم آتی ہے کہ میرا سابقہ ساتھی آج اس قسم کی حکومت کے بارے میں اس قسم کے خیالات کا اظہار کرتا ہے ۔ مجھے تو بعض اوقات اپنی ذات پر بھی شبہ ہونے لگتا ہے کہ یا اللہ کہیں یہ بجلی مجھ پر بھی نہ گر پڑے ۔ (قہقہے)

جناب سپیکر ۔ میں حیران ہوں کہ اس دنیا میں انسانوں کا کیا کچھ ہو جاتا ہے کہ ایک دن وہ کچھ کہتے ہیں اور دوسرے دن کچھ ۔ میں جناب وزیر اطلاعات اور اپنے قابل صد احترام دوست سے التجا کروں گا کہ آپ کیا یہ سمجھتے ہیں کہ آزادی تحریر کی یہ ضمانت ہے ۔ کیا

کسی آزاد مملکت میں کسی آزاد اسلامی مملکت میں یا کسی آزاد اسلامی مملکت میں جس کے پاس ایسا آئین ہو جیسا ہمارا ہے اس قسم کی تحریری کارروائیاں جن کو قطعاً جھٹلایا نہیں جا سکتا وہ قابل نفرین ہیں یا آپ ان کو قابل ستائش سمجھتے ہیں یا قابل فخر ۔ ان معروضات کے ساتھ میں ان سے التجا کرتا ہوں کہ خدارا اس معمولی سی بات معمولی سی اس لئے کہ یہ عام فہم ہے مگر انتہائی اہم معاملہ میں کوئی جواب دینے کی زحمت گوارا کریں ۔

Mr. Speaker : Yes, Minister of Information. The time of the House is extended till the Minister of Information concludes his speech.

Minister for Information (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : Sir, I did not deliberately lend my ears to the utterances of Malik Muhammad Akhtar because he started his speech.....

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو معلوم ہے کہ میں شعر بہت کم جانتا ہوں مجھے ایک شعر کہنے دیں ۔

اے طائر لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب رولز آف پروسیجر کو یاد رکھئے ۔

Minister of Information : So Sir, I was saying that I did not try to hear Malik Muhammad Akhtar, not that it was an act of dis-courtesy on my part vis-a-vis Malik Muhammad Akhtar but because I knew very well before-hand.. ...

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan : X X X X X*

Minister for Information : If it is X X X X, then I have to say that it is a pleasant X X X X.

Mr. Speaker : Just a minute. Chaudhri Muhammad Sarwar, should please get up in his seat and withdraw those remarks made by him.

**Expunged as ordered by the Speaker.*

Chaudhri Mohammad Sarwar : I withdraw Sir.

Mr Speaker : These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

Minister for Information : Sir, I have lost the trend of my arguments. Anyhom, I thought that there was no point in giving serious consideration to what Malik Muhammad Akhtar was saying because he is in the habit of repeating things and whatever he has already said, I have tried, in my own humble way, to answer. Sir, it is very unfortunate that at this stage of the consideration of the Ordinance, the Opposition stalwarts have stated nothing about the salient features of this Ordinance. They have availed of this opportunity to say things which they could very easily say after the presentation of the Budget. I do not know whether they were doing it deliberately or because of the fact that they were over-worked or they could not keep themselves relevant, but the fact remains that they have stated nothing about the provisions of the Ordinance.

As this Ordinance emerged from the second stage, one very helpful addition has been made in the body of the Ordinance. In the amending Ordinance, the medical care was not provided to the dependent widowed mothers of the Journalists but by this amendment, which fell to the lot of Rai Mansab Ali Khan Kharal to move that amendment, the dependent widowed mothers of the Journalists have been included in the list of.....

Mr. Speaker : I think he was Chaudhri Anwar Aziz.

Minister for Information : No Sir. Originally we had an idea that Chaudhri Anwar Aziz would move it but when we traced him he was not available ; hence our choice fell on Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Anyhow Sir, this shows that the Government is more than keen to improve the lot of the Working Journalists. We, Sir, assure you and, through you, the Working Journalists and this august House, that if during the working of this Ordinance, we come across any new idea which, if implemented, would help the Working Journalists, the Government will not hesitate in bringing further legislation to improve the lot of the Working Journalists accordingly. They are our bretheren ; they are patriots and they have done yeo-man services during the 1965 War. We have all sympathies with them if their conditions in the past were not improved.

Sir, a suggestion was thrown by the Opposition that it is his high time that Second Wage Board be set up. The Government is not averse to this idea. The Government is only waiting for the appropriate moment

for setting up the Board and if I am not mistaken, the President of All Pakistan Newspaper Society, who was a Member of the Fact Finding Committee, had agreed in writing, to the proposal for the setting up of this Second Wage Board. But why could it not be set? The reason is not far to seek; the reason was that the Government and the Newspapermen thought, let us work this Award first; let us implement it first and during the implementation whatever experiences we gain, we shall make use of those experiences when the Second Wage Board would be set up. You are, Sir, aware that in the Ordinance, there is ample power resting with the Government to set up a Second Wage Board. We have nowhere stated that this is the first and the last Wage Board set up by Government. The moment conditions permit, the Government will not waste a single moment in setting up the Second Wage Board. It is, however, assured by the Government that the time has not yet reached when we can set up the Second Wage Board.

Now Sir, let us examine what is the contribution of the Opposition Members vis-a-vis those beneficiary measures. Kindly examine all the amendments which they have proposed. They have been trying to narrow down the scope of various sections; they have been trying to see that the benefits which accrue ordinarily to all the Journalists should be made available to a section of the Journalists. It was because of the great vigilence that is being exercised by the Government Party that we suceeeded in helping you, Sir, in throwing away these damaging and harmful amendments.

Now Sir, it has again fell to my lot; I have stated briefly the salient points of this Ordinance which has now emerged after the second stage. Sir, the definition of the word "wages" has been widened to the possible limits. Nobody can quote the definition of the word "wage" which may be more favourable than the one which has been adopted by this House in this Ordinance.

Then Sir, we have enabled the Working Journalists to approach the Industrial Court directly. It is well known to all of us, and particularly to those Members of the House who belong to the learned profession of Law, that in the case of an Industrial worker, first he has to raise the industrial dispute then conciliation of the dispute starts, then he has to get a certificate of the failure of reaching a conciliation, from the Conciliation Officer, and only then comes the stage when he is able to knock the door of the Industrial Court. But in the case of a Working Journalist, we have allowed him, by this legislation, to approach the Industrial Court directly, which, Sir, is a great advancement.

Then Sir, we have made it compulsory for the Employers to issue

letters of authority to the Journalists specifying the terms and conditions of their employment. We have taken pains to see that they get more benefits, under this Ordinance. The Employers will not be permitted to deprive the Journalists of more favourable terms by incorporating, in the letter of appointment, certain disadvantageous types of terms.

Then, Sir we have made it compulsory for the employer to give a notice to the employed where he has to terminate his services in accordance with the letter of his appointment.

Then, Sir, it is a revolutionary step that the journalists have been provided free medical care and to some of the members of their family including dependent widowed mother.

Then, again a great status has been conferred on the award of the Wage Board by treating it as a decision under the Industrial Disputes Ordinance, which saves the journalists from the botheration of litigation. In all humility I will assert that this too, is a revolutionary step.

Lastly, the appointment of inspectors-inspectors who will be entrusted with the task of examining and satisfying themselves whether the newspapermen are implementing faithfully the decision of the Wage Board or not. I am glad, Sir, that during the discussion the able and learned Leader of the Opposition observed that the appointment of inspector is a very favourable clause from the point of view of journalists. But he was worried about the manner in which he was given wide powers. I assure him, through you Sir, that wide powers are being given to these inspectors not in the interest of newspapermen but in the interest of the working journalists.

Then, Sir, certain other things were said by the Leader of the Opposition. I have worked under him and I am not sorry for that. He is a talented, conscientious and a noble person.....

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you.

Minister of Information : ...but, Sir, it is no job of the Opposition Party to refuse to call a spade a spade. All over the country people have welcomed this measure. People have said that this legislation work was overdue and I am proud of the fact that is fell to the lot of this present Cabinet which rose to the occasion and took prompt action despite many hurdles to bring forth this type of useful legislation whose sole aim is to ameliorate the condition of the working journalists. Nobody denies, much less myself, that they are a valuable asset of the country. Nobody denies that under trying circumstances they have been serving the country in the past. And probably that is one reason why

